بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (یونس ۶۴)

اُنھیں خوشخبری ہے دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں

جہانِ امامِ ربّانی

قدس سرہ

مجدّدِ الفِ ثانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ عنہ

تسلیم و فہم

زیرِ سرپرستی: پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

مرتبین

صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد

مولانا جاوید اقبال مظہری

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

نظرِ ثانی

محمد عالم مختار حق

امامِ ربّانی فاؤنڈیشن، کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۷ھ/۲۰۰۶ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (یونس ۶۴)

اُنھیں خوشخبری ہے دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں

جہانِ امامِ ربّانی

قدس سرہ

مجدّدِ الفِ ثانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ عنہ

قلیم مفہم

از سیر پرستی : پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

مرتبین

صاحبزادہ ابو السرور محمد مسرور احمد

مولانا جاوید اقبال مظہری

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

نظرِ ثانی

محمد عالم مختار حق

امامِ ربّانی فاؤنڈیشن کراچی، اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۷ھ / ۲۰۰۶ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (یونس: ۶۴)

اُنھیں خوشخبری ہے دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں

جہانِ امامِ ربّانی

گوشۂ

مجدّدِ الفِ ثانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ عنہ

قلمی مفہم

زیرِ سرپرستی : پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

مرتبین

صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد

مولانا جاوید اقبال مظہری

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

نظرِ ثانی

محمد عالم مختار حق

امامِ ربّانی فاؤنڈیشن، کراچی، اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۷ھ / ۲۰۰۶ء

(جملہ حقوق طباعت بحق ناشر محفوظ ہیں)

نام ..... جہان امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)
مرتبین ..... صاحب زادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد
مولانا جاوید اقبال مظہری
ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری
نظر ثانی ..... محمد عالم مختار حق
اقلیم ..... ہشتم
تصحیح ..... علامہ قاری محمد ظفر احمد نقشبندی، ڈاکٹر حافظ عبدالباری، مولانا علی انور
بگھیو مسعودی، محمد عبداللہ رحاہر مسعودی، ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری
حروف ساز ..... سید شعیب افتخار مسعودی، قاری محمد شریف کمبوہ
طابع ..... مولانا جاوید اقبال مظہری
مطبع ..... برکت پریس، کراچی
طباعت ۱۴۲۷ھ ۲۰۰۶ء
اشاعت ..... اول (بارہ سو)
ناشر ..... امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی
ہدیہ .....

ناشر

امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی

فلیٹ نمبر اے۔۵، پلاٹ نمبری۔۷، اسٹیڈیم لین نمبر ۱، فیز ۷، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی، فون ۵۸۴۰۳۹۵۔۱۲

(اسلامی جمہوریہ پاکستان)

ملنے کے پتے

☆ ادارۂ مسعودیہ.....۵۔ای، ناظم آباد، کراچی۔فون ۶۶۱۴۷۴۷۔۰۲۱

☆ ضیاء الاسلام پبلی کیشنز.....ضیاء منزل (شوگن سینٹر) محمد بن قاسم روڈ آف ایم۔اے۔جناح روڈ، کراچی، فون ۲۲۱۳۹۷۳-۰۲۱

☆ ضیاء القرآن پبلی کیشنز.....اُردو بازار، کراچی۔فون ۲۶۳۰۴۱۱-۰۲۱

☆ مکتبہ غوثیہ ہول سیل.....پرانی سبزی منڈی، یونیورسٹی روڈ، نزد پولیس چوکی محلہ فرقان آباد، کراچی۔فون ۴۹۲۶۱۱۰۔۰۲۱

☆ المختار پبلی کیشنز.....۲۵۔جاپان سینٹر، ریگل، صدر، کراچی۔فون ۷۷۲۵۱۵۰۔۰۲۱

☆ فرید بک اسٹال.....۳۸۔اُردو بازار، لاہور فون ۷۲۲۴۸۹۹-۰۴۲

☆ مکتبہ جامعہ نقشبندیہ بستان العلوم.....کڈہالہ (مجاہد آباد)، براستہ گجرات، آزاد کشمیر، اسلامی جمہوریہ پاکستان

☆ Khalifa Muhammad Yahya, Roza Shareef, Sirhind, District Fatehgarh, Pin code-140406. (INDIA) Ph.01763-30144.

☆ Dr. Mufti Muhammad Mukarram Ahmad, Nusratul Islam Educational Society, Masjid Fatehpuri, Delhi-6, (INDIA)

☆ Mr. Masood Ahmad Ashrafi,Chairman, Global Islamic Mission, 335, Walnut Street # 2, Yonkers New York-10701 (U.S.A)

☆ Mr. Munir Hussain Masoodi, 46-Holly Lane Smethwich, West Midlnds B67 7JD. (U.K)

☆ Mawlana Muhammad Qamaruddin Rizvi, Maktaba-i-Razvia, 423-Matia Mahal, Jama Masjid Delhi -110006. (INDIA) Ph. 23264524

☆ Abdul Aziz Siddiqui, 20 Chatripura, Main Road, Indoor (M.P) INDIA.


بسم الله الرحمن الرحيم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

انتساب

☆☆

محقق علی الاطلاق

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

کے نام

☆.....جو جامع کمالات صوری ومعنوی تھے

☆.....جو عاشق رسول ومحافظ مقام رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) تھے

☆.....جنہوں نے برصغیر میں حدیث کی شمع روشن کی

☆.....جنہوں نے تجدید اسلام، احیاء سنت اور بدعت کی سرکوبی میں اہم کردار ادا کیا

☆.....جو غوث اعظم کے اشارے پر سلسلہء عالیہ نقشبندیہ میں داخل ہوے

☆.....جو حضرت مجدد الف ثانی کے برادر طریقت تھے

☆.....جن کے دل میں اُن کا بڑا وقار تھا

☆.....اکبر بادشاہ اور جہاں گیر بادشاہ کے وزراء وامراء جن سے عقیدت رکھتے تھے

☆..... جو کلمۂ حق کہنے میں جری و بے باک تھے

☆.....جنہوں نے برصغیر کے علمی ذخیرے میں اپنی تصانیف سے اہم اضافہ کیا

☆.....جو حرمین شریفین میں چار سال رہے اور روحانی و علمی فیوض و برکات حاصل کیے

☆.....جنہوں نے جو کام کیا اللہ کے لیے کیا

☆.....جن کی اولاد و احفاد نے حدیث اور علوم دینیہ کی مسلسل خدمت کی

☆.....جن کی خدمات تاریخی اور ناقابل فراموش ہیں

(مرتبین)

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمن الرحیم

جہان امام ربانی

اقلیم ہفتم

ہوا مخمور و بے خود ہر دلِ حق آفریں واللہ!
سرورِ بادۂ عرفاں مجدد الف ثانی ہیں
(فدا حسین فدا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اقلیم ہفتم

☆☆

۞.....نعت شریف — امام احمد رضا محدث بریلوی — ۱۱

۞.....مناقب — خواجہ احمد حسین مجددی، ڈاکٹر اقبال سرہندی، مولانا محمد حسن نوہانی، حمید صدیقی، فیض لدھیانی — ۱۳

۞.....ابتدائیہ — ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری — ۲۳

۞.....تاثرات — جسٹس پیر کرم شاہ، علامہ عبدالحکیم شرف قادری، ڈاکٹر مفتی محمد مکرم، پیر سید عاشق حسین مجددی، محمد خالد مجددی، منیر حسین — ۲۷

کشور اول

۞.....خلیفہء اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ — ڈاکٹر ظہور احمد اظہر — ۳۳

۞.....خواجہ بہاء الدین نقشبند — شیخ محمد شعیب — ۴۹

۞.....تصوف کی ضرورت واہمیت — علامہ رشید احمد مرتضائی — ۵۳

۞.....تبلیغ دین اور اشاعت تصوف میں خواجہ بہاء الدین نقشبند کا کردار — ڈاکٹر محمد شریف سیالوی — ۶۹

۞.....ارشادات شاہِ نقشبند — ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری — ۷۹

۞ .....کراماتِ شاہ نقشبند — ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری — ۱۰۱

کشور دوم

۞ .....خواجہ محمد باقی نقشبندی اویسی — محمد صادق دہلوی کشمیری ہمدانی
مترجم: ڈاکٹر محمد سلیم اختر — ۱۱۹
۞ .....تعارف امام ربانی مجدد الف ثانی — علامہ ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر — ۱۸۳
۞ .....امام ربانی اور فیضانِ کمالاتِ نبوت — ابوالسرور محمد مسرور احمد — ۲۳۷

کشور سوم

۞ .....تفسیر مظہری میں معارف واذکارِ امام ربانی — علامہ مفتی محمد جان نعیمی — ۲۵۱
۞ .....افکار مجدد الف ثانی اور تفسیر روح المعانی — پروفیسر قاری محمد رفیق مسعودی — ۲۷۷

کشور چہارم

۞ .....تخریج احادیث در مکتوبات (فارسی) — ڈاکٹر محمد بابر بیگ مطالی — ۲۹۷
۞ .....تخریج احادیث مکتوبات امام ربانی — ابوکلیم محمد صدیق فانی — ۳۳۹
۞ .....حضرت مجدد اور تحفظ ناموس رسالت — ڈاکٹر سید ریاض الحسن گیلانی — ۴۳۱
۞ .....حضرت مجدد اور عشق رسول (ﷺ) — ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی — ۴۳۵

کشور پنجم

۞ ..... حضرت مجدد اور ترویج شریعت — پروفیسر محمد احسان قادری — ۴۴۳

۞ ..... شریعت، طریقت، حقیقت حضرت مجدد کی نظر میں — پروفیسر قاری مشتاق احمد نقشبندی — ۴۵۳

۞ ..... امام ربانی اور تنفیذ شریعت — علامہ ذاکر اللہ افغانی — ۴۶۹

۞ ..... مرقعات — ۴۸۱

۞ ..... مختصر تعارف اقلیم ہشتم

☆ ..... ☆ ..... ☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

نعتِ رسول مقبول

(صلی اللہ علیہ وسلم)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی

☆☆

لَمْ یَاْتِ نَظِیْرُکَ فِیْ نَظَرٍ ، مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج ترے سر سوہے ، تجھ کو شہِ دوسرا جانا

اَلْبَحْرُ عَلَا وَالْمَوْجُ طَغٰی ، من بے کس وطوفاں ہوش ربا
منجدھار میں ہوں ، بگڑی ہے ہوا ، موری نیا پار لگا جانا

یَا شَمْسُ نَظَرْتِ اِلٰی لَیْلِیْ ، چو بطیبہ رسی عرضے بکنی
توری جوت کی جھلجھل ، جگ میں رچی ، مری شب نے نہ دن ہونا جانا

لَکَ بَدْرٌ فِی الْوَجْہِ الْاَجْمَلْ ، خط ہالہ مہ ، زُلف ابر اجل
تورے چندن چندر پر وکنڈل ، رحمت کی بھرن برسا جانا

اَنَا فِی عَطَشٍ وَّسَحَابُكَ اَتَمّ ، اے گیسوے پاک اے ابرِ کرم
برسن بارے رم جھم رم جھم ، دو بُوند ادھر بھی گرا جانا

یَا قَافِلَتِیْ زِیْدِیْ اَجَلَكْ ، رحمے بر حسرتِ تشنہ لبک
مورا جیرا لرجے ورک ورک ، طیبہ سے ابھی نہ سُنا جانا

وَاھًا لِلْسُّوَیْعَاتِ ذَھَبَتْ ، آں عہد حضور بار گہت
جب یاد آوت موہے کر نہ پرت ، درداوہ مدینہ کا جانا

اَلْقَلْبُ شَجٍ وَّالْھَمُّ شُجُوْنْ ، دل زار چناں ، جاں زیر چنوں
پت اپنی بپت میں کاسے کہوں ، مرا کون ہے تیرے سوا جانا

اَلرُّوْحُ فِدَاكَ فَزِدْ حَرْقًا ، یک شعلہ دگر برزن عشقا
موراتن من دھن سب پھونک دیا ، یہ جان بھی پیارے جلا جانا

بس خامۂ خام نوائے رضا ، نہ یہ طرز مری ، نہ یہ رنگ مرا
ارشادِ احبا ناطق تھا ، ناچار اس راہ پڑا جانا



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

قصیدہ درشانِ مجدد الف ثانی

خواجہ احمد حسین خاں نقشبندی مجددی

☆

تعالی اللہ کسے یارا ہے آں حضرت کی مدحت کا
ہے نامِ پاک شیخ احمد گلِ باغِ ولایت کا

کہ ہے وہ گوہرِ یکتا خدا کی بحرِ قدرت کا
لطیفہ ہے رسول اللہ کی نورِ بشارت کا

وہ ہے قطبِ زماں بل قطبِ اقطابِ زمانہ ہے
ستارہ ہے درخشاں وہ سمائے نورِ وحدت کا

شہِ غوث الوری نے نورِ حضرت پر نظر کر کے
عطا فرما دیا پہلے ہی سے خرقہ خلافت کا

پس انکا دوست مومن ہے عدو اِن کا منافق ہے
ہے یہ قولِ ولی اللہ ولیِ ربِ عزت کا

جہاں پائے مبارک ہیں شہنشاہِ دو عالم کے
وہاں صدیقِ اکبر کا سرِ شاہِ صداقت کا

قدم صدیق اکبر پر نہایت لطف و خوبی سے
جھکا سر ہے مجدد آفتابِ ذی جلالت کا

نسب ملتا ہے ان کا حضرتِ فاروقِ اعظم سے
جہاں کے بادشاہوں پر اثر ہے جن کی دہشت کا

کرے ظاہر میں شرع پاک کی تحقیق اور تصحیح
طریقِ باطنی سے بھی مٹایا رُخ ضلالت کا

ہے نسب آپ کا اقدم سبھی پیروں کی نسبت ہے
یہ درجہ خاص ہے صدیقِ اکبر ذی وجاہت کا

گیا وہ شاہ ہے شمعِ حریمِ کبریائی تک
کہ تھا وہ مقتدا اقطاب اور اہلِ ولایت کا

طریقہ آپ کا نورِ نبوت اور ولایت ہے
صحابہ تابعین کا اور سرکارِ رسالت کا

کیا الحاد وبدعت اور ضلالت کو جدا دیں سے
معاون شرعِ نبوی کا طریقت اور حقیقت کا

تھا جب دینِ نبی گرداب بحرِ علمِ عقلی میں
کیا در بند ملحد گبر و کافر کی شرارت کا

رہے تابان اخیر الف ثانی تک طریقہ یہ
ہے کیونکہ دورِ حق گواس زماں تک ان کی صولت کا

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

منقبت

ڈاکٹر اقبال سرہندی

☆☆

اے مجدد! لاج رکھ لی تھی، ہماری آپ نے
کرکے تجدیدِ وفا کی تاجداری آپ نے

جراتِ ابنِ علی کو پھر سے تازہ کر دیا
دینِ باطل پر لگا کر ضربِ کاری آپ نے

آپڑے تھے منہ کے بل سب اکبری لات و منات
جب سنائی اپنی لے میں حمدِ باری آپ نے

آ گیا تھا کشتِ حق پہ خشک سالی کا سماں
بارشِ توحید سے کی آبیاری آپ نے

دینِ قرآن ہی فقط ہے، دیں رسول اللہ کا
کی یہیں سے ابتدائے حسن کاری آپ نے

کرکے خم سیدھا، جہانگیری کلاہ کا فقر سے
دور کی اہلِ دول کی شرمساری آپ نے

یہ تو اک سادہ سے عشق کا فیضان تھا
زندگی کس سادگی سے تھی گزاری آپ نے

نعرۂ حق و صداقت سے خودی میں ڈھال دی
ملّتِ اسلامیہ ساری کی ساری آپ نے

منتخب کرکے زمیں سر ہند کی اپنے لیے
سر زمینِ ہند کی قسمت سنواری آپ نے

ڈاکٹر اقبال سرہندی کو اپنے فیض سے
حاضری کی دے ہی ڈالی ایک باری آپ نے

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

قصیدہ در مدح

حضرت خواجہ محمد معصوم بن حضرت مجدد الف ثانی

مولانا محمد حسن نوحانی زکوڑی

☆☆

چراغِ نقشبنداں خواجہ معصوم
ملاذِ مستمنداں خواجہ معصوم

سراجِ اولیاء آن قُطبِ عالم
شفیعِ اہلِ عصیاں خواجہ معصوم

غیاث المسلمین آں غوثِ اعظم
معینِ اہلِ ایماں خواجہ معصوم

شرق تا بمغرب گشتہ جاری
فیوضِ بحر احساں خواجہ معصوم

--- والدش حضرت مجدد
جہان را فیض بخشاں خواجہ معصوم

--- شد قواتینِ طریقت
ازاں محبوبِ رحماں خواجہ معصوم

سلوکِ راہ باطن بود مشکل
ولی کردہ است آساں خواجہ معصوم

بُستانِ طریقت گشتہ سرسبز
ازاں قیومِ دوراں خواجہ معصوم

بترویجِ شریعت برتر آمد
ز فوجِ پاک دیناں خواجہ معصوم

قوانینِ ھدٰی را رہنمائ
امامِ پیشوایاں خواجہ معصوم

ز دیدارش منور چشمِ آفاق
انیس عشقبازان خواجہ معصوم

چراغِ سنت و دین و ہدایت
دُرِدریائے ایقاں خواجہ معصوم

زوالِ بدعت و کفر و ضلالت
عیونِ فیضِ سبحاں خواجہ معصوم

سپہ سالارِ فوج دوربیناں
رئیس ارجمنداں خواجہ معصوم

ز بعدِ انبیاء و جملہ اصحاب
خیارِ نوعِ انساں خواجہ معصوم

بزرگانِ طریقت بلبلانند
گل گلزارِ عرفاں خواجہ معصوم

حسن از دردہائے عشقِ رنجور
طبیبِ دردمندان خواجہ معصوم

(سلاسل ستہ: باہتمام رضا خاں مروت، مطبوعہ لاہور، ۱۳۳۳، ص ۳۵۔۳۶)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

دربارِ عالیہ مُجددیہ سرہند شریف

حمید صدیقی لکھنوی

☆☆

سرُور افزا فضا سرہند کی معلوم ہوتی ہے
یہاں کی زندگی میں زندگی معلوم ہوتی ہے

کشش ایسی کہیں کی دیکھنے سننے میں کب آئی
کبھی محسوس ہوتی ہے، کبھی معلوم ہوتی ہے

فضا معمور ہے کیا حُسن کے جلووں کی کثرت سے
ہر اک ذرّے کو جیسے آگہی معلوم ہوتی ہے

تجلّی ضوفگن ہے بالیقیں ماہِ رسالت کا
کہ دِن میں چاندنی چھٹکی ہوئی معلوم ہوتی ہے

تصرّف ہے یہ طینت کا تجلّی ہے یہ سُنّت کی
جھلک بالکل دیارِ پاک کی معلوم ہوتی ہے

وہی جمعیتِ خاطر، وہی انوار کی بارش!
مدینے کی سی جیسے حاضری معلوم ہوتی ہے

مسرّت خیز ہے موجِ ہوا کی گُل بدامانی!!
شگفتہ آج کچھ دِل کی کلی معلوم ہوتی ہے

یہاں راہیں دکھائی جاتی ہیں گم کردہ راہوں کو
یہاں آ کر خودی بھی بے خودی معلوم ہوتی ہے

زمیں سے آسمان تک موجزن ہے نُور کا دریا
فضا میں روشنی ہی روشنی معلوم ہوتی ہے

شعاعیں عکس افگن ہیں کسی کے جلوۂ رُخ کی
زیادہ دل میں کچھ تابندگی معلوم ہوتی ہے

سکونِ قلب مضطر ہے نشاطِ روح پرور ہے
حقیقت میں یہ جنّت کی گلی معلوم ہوتی ہے

سرُور وکیف سے ازخود ہوئی جاتی ہیں بند آنکھیں
پہنچتے ہی یہاں کچھ نیند سی معلوم ہوتی ہے

زبانِ حال سے بھی شرح جس کی ہو نہیں سکتی!
کوئی مخصوص ایسی بات بھی معلوم ہوتی ہے

کچھ ایسا مطمئن ہے جذبۂ بے اختیارِ دل
اسی دَر کی مجھے نسبت قوی معلوم ہوتی ہے

مزارِ حضرت معصوم کے جلووں کا کیا کہنا
اُدھر اک بات کوئی دوسری معلوم ہوتی ہے

حمید اللہ ' اکبر! کس قدر شانِ جلالت ہے
دُعا کرتے ہوے بھی کپکپی معلوم ہوتی ہے

☆.....☆.....☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

شانِ مجدد

فیض لدھیانوی

☆☆

جو آنکھیں ہیں تو پڑھ شیخِ مجدد کی وہ تحریریں
نہاں ہیں جن کے ہر نقطے میں دین و دل کی تفسیریں

اگر تُو ان کے مکتوبات پر کچھ بھی عمل کرلے
تو کٹ سکتی ہیں پھر تیری غلامی کی یہ زنجیریں

یہ وہ اللہ والے ہیں کہ پلکوں کے اشارے سے
بدل دیتے ہیں پل بھر میں ''جہانگیروں'' کی تقدیریں

انہی کے دم سے ہند میں اسلام چمکا ہے!!
انہیں کے نام سے ہیں ملتِ بیضا کی توقیریں

انہیں کے عشق سے یوں جلوہ گر ہے نقش وحدت کا
کہ یکسر محو ہوکر رہ گئیں کثرت کی تصویریں

جہاں مامور حق کا جوشِ ایماں کام کرتا ہو!
وہاں بے کار ہوتی ہیں ستم رانوں کی شمشیریں

اسیری جذبۂ تبلیغ میں حائل نہیں ہوتی!
در و دیوارِ زنداں سے بھی گونج اٹھتی ہیں تکبیریں

حیاتِ جاوداں پاکر وہ اب مرقد میں سوتے ہیں
بشر کے فہم سے بالا ہیں ان خوابوں کی تعبیریں

زیارت گاہ پر ان کی تجلّی کا یہ عالم ہے
کہ اس کے روبرو بے آب ہیں گردوں کی تنویریں

جو اس دنیا میں چاہے سیر جنّت کے مکانوں کی
وہ جاکر دیکھ لے ''سرہند'' کے روضوں کی تعمیریں

الٰہی واسطہ ''معصوم'' کے زہد و تقدّس کا
نظر انداز کردے ہم گنہگاروں کی تقصیریں

چراغِ ''شیخ احمد'' سے ہمارے قلب گرمادے
عطا کر سوز، بھر دے قوم کے نعروں میں تاثیریں

مُحمّد کی بدولت بخش دے پھر عزّتیں ہم کو!
کہ اب دیکھی نہیں جاتیں یہ آئے دن کی تحقیریں

ندا دی ہاتفِ غیبی نے کیا باتیں بناتا ہے
کسی کے درد کا درماں نہیں بے رُوح تقریریں

مسلماں بھول بیٹھا ہے نبی کا اسوۂ حسنہ
اِسی غفلت کے باعث مِل رہی ہیں اس کو تعزیریں

درِ توحید سے ہٹ کر وہ محوِ شرک و بدعت ہے
تعجب کیا اگر اس کے مقدر میں ہوں تشہیریں

بلندی کے تمنائی! مقامِ فقر حاصل کر
لٹادے راہِ مولیٰ میں یہ بے بنیاد جاگیریں

جو بن جائے خدا کا! فیضؔ اس کی سب خدائی ہے
یہ وہ تدبیر ہے قربان جس پہ لاکھ تدبیریں!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ابتدائیہ

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

☆☆

الحمدللہ حضرت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ العالی کی زیر سرپرستی گزشتہ برس امام ربانی فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کراچی کے زیر اہتمام ''جہان امام ربانی مجدد الف ثانی'' کی چھے جلدوں اور ایک جلد ''نورٌ علیٰ نور'' کی اشاعت (کراچی ۲۰۰۵ء) نے مسلمانان عالم کے قلب ونظر کو مسرور ومنور کیا اور بکثرت تہنیتی پیغامات وخطوط موصول ہوے.....

الحمدللہ علیٰ احسانہ..... ہمارا سفر جاری وساری ہے اور ہم مزید پانچ جلدیں پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں اس طرح یہ سلسلہ گیارہ جلدوں پر محیط ہوگا..... مزید جلدوں کے لیے پردۂ غیب سے مواد آتا گیا اور اسباب پیدا ہوتے گئے یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے جو وہ اپنے پسندیدہ بندوں پر فرماتا ہے..... (ھذا من فضل ربی)

چھے جلدوں کے ساتھ ''نورٌ علیٰ نور'' کو بطور ساتویں جلد کے تسلسل میں شائع نہیں کیا گیا تھا بلکہ اس کا نام ہی الگ رکھا گیا کیوں کہ اس کی نوعیت ہی جدا تھی اور چھے جلدوں کے مسلسل نمبر (جو ہر صفحے کے نیچے درج ہیں) بھی اس پر نہیں ڈالے گئے لیکن چونکہ یہ ''جہان امام ربانی'' کی چھے جلدوں کے ساتھ ہی ۲۰۰۵ء میں شائع ہوئی اس لیے اسے ساتویں جلد تصور کیا گیا اور لکھا بھی گیا..... حقیقت میں یہ ایک الگ جلد ہے گو جہان امام ربانی سے متعلق ہے مگر بعض خصوصیات کے سبب منفرد وممتاز ہے، اب اسے بھی بعض اضافات کے ساتھ دوبارہ شائع کرنے کا پروگرام ہے..... ان شاء اللہ تعالیٰ

جہان امام ربانی کی ترتیب وتدوین کے بعد کمپوزنگ کی تصحیح میں کئی حضرات نے حصہ لیا جن کے اسمائے گرامی ہر جلد کے شروع میں درج ہیں، حسب سابق ملک کے ممتاز نقاد و پروف ریڈر مولانا محمد عالم

مختار حق صاحب نے بعض مقالات پر نظر ثانی فرمائی اسی لیے سرورق پر ان کا نام درج ہے مگر اس مرتبہ وہ علالت کی وجہ سے سارا مواد ملاحظہ نہ فرما سکے جس کے سبب دیگر حضرات نے یہ سعادت حاصل کی.....

''جہان امام ربانی'' کی اقلیم ہفتم آپ کے پیش نظر ہے اس میں حسب سابق شروع میں نعت شریف، مناقب، ابتدائیہ اور تاثرات کے علاوہ پانچ کشور ہیں.....جن کی فہرست شروع میں دے دی گئی ہے..... نئے قارئین کی آگاہی کے لیے سابقہ چھے جلدوں کی تفصیلات پیش کی جاتی ہے.....

اس سے قبل پیش کی گئی اقلیم اول میں تقدیم، ابتدائیہ اور افتتاحیہ کے بعد کشور اول میں حمد باری تعالیٰ، نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم، مناقب، احادیث مبارکہ، حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے بارے میں متقدمین و متاخرین علماء وصوفیہ کے تاثرات اور مثنوی در شان حضرت مجدد شامل ہیں.....کشور دوم میں تصوف.....کشور سوم میں اکابر نقشبندیہ پر مقالات ہیں.....کشور چہارم میں حضرت خواجہ باقی باللہ کی حیات اور ان کے تاثرات پر مقالات ہیں.....کشور پنجم میں سرہند شریف کا تعارف، حضرت مجدد کے حالات زندگی، آپ کے امتیازات، خانقاہ شریف کا علمی ماحول، آپ کا لباس وحلیہ شریف کے علاوہ نگار خانہ (بعض مقالہ نگاروں کا مختصر تعارف) اور مرقعات شامل ہیں.....

اقلیم دوم میں نعت ومناقب اور ابتدائیہ و تاثرات کے بعد کشور اول میں ماہ وسال، مکتوبات کی تخریج احادیث، فقہی خدمات، عربی زبان وادب میں خدمات پر مقالات ہیں.....کشور دوم میں سنت، بدعت، ذکر الٰہی، مسلک امام ربانی اور آپ کے معمولات شامل ہیں.....کشور سوم میں علم لدنی، جذبہ وسلوک، تعلیمات تصوف، تزکیہ نفس، صحو وسکر، علم النفسیات، علم الکائنات پر مقالات ہیں..... کشور چہارم میں ''مجدد الف ثانی'' اور ''منصب قیومیت'' پر مقالات ہیں جبکہ کشور پنجم، عرفان کے مجتہد اعظم، نظریہ وحدۃ الشہود، وحدۃ الوجود، ابن عربی اور امام ربانی کے نظریات کا تقابل اور نگار خانہ و مرقعات پر مشتمل ہے.....

اقلیم سوم میں نعت ومناقب اور ابتدائیہ وتاثرات کے بعد کشور اول میں تعارف شیخ احمد سرہندی (اردو دائرہ معارف اسلامیہ، لاہور)، مجدد نامہ، مقامات مجدد، مقام مجدد، مقامات روحانی کی جھلکیاں، ملی اور دینی خدمات پر مقالات ہیں.....کشور دوم میں اثبات نبوت، حضرت مجدد کی اصلاحی وتجدیدی تحریک، عقیدہ ختم نبوت اور وسیلہ خاتم النبیین (ﷺ) پر مقالات ہیں.....کشور سوم میں امام ربانی کا رسالہ

رد روافض، تقلید ائمہ مجتہدین اور رفع سبابہ پر مقالات ہیں..... کشور چہارم میں حضرت مجدد کا طریقہ ایصال ثواب، عقائد و معمولات، تعلیمات و مسلک، طریقہ، نماز وطہارت اور انداز تعلیم و تبلیغ پر مقالات ہیں جبکہ کشور پنجم، علم اور علماء حضرت مجدد کی نظر میں، حضرت مجدد کے تعلیمی افکار، ارشادات، ملفوظات، کرامات امام ربانی اور نگار خانہ و مرقعات پر مشتمل ہے.....

اقلیم چہارم میں نعت و مناقب اور ابتدائیہ و تاثرات کے بعد کشور اول میں آفتاب شرف، تعارف امام ربانی، حضرت مجدد مطلع تاریخ پر اور اکبر و جہانگیر اور حضرت مجدد کے حوالے سے مقالات ہیں..... کشور دوم میں برصغیر میں حق و باطل کے معرکے اور دو قومی نظریہ پر مقالات ہیں..... کشور سوم میں خاندان مجددکا زریں کردار، سلسلہ مجددیہ کا نقطہء آغاز، حضرت مجدد اور محمد علی جناح، سرمایہ ملت کا نگہبان اور امام ربانی دانشوروں کی نظر میں شامل ہیں..... کشور چہارم میں سفر آخرت، اشک باری، تاریخ ہائے وصال، سلسلہ مجددیہ کے حضرات قدسیہ، مشائخ نقشبندیہ مجددیہ، سرمایہ ملت کا نگہبان، خواجہ محمد معصوم مقامات آدمیہ کی روشنی میں، خواجہ محمد معصوم اور اورنگ زیب کے تعلقات، مکتوبات معصومیہ اور مکتوبات سیفیہ بادشاہ، شہزادوں اور شہزادی کے نام، خلفاء مجدد الف ثانی، حضرت مجدد اور علماء عصر اور علماء عصر سے اختلاف کا جائزہ شامل ہیں جبکہ کشور پنجم، حالات مرزا مظہر جان جاناں، شاہ غلام علی دہلوی، ملفوظات شاہ غلام علی، مولانا شیخ خالد کردی اور نگار خانہ و مرقعات پر مشتمل ہے.....

اقلیم پنجم میں نعت و مناقب اور ابتدائیہ و تاثرات کے بعد کشور اول میں امام ربانی کا تعارف، تصانیف کا تحقیقی جائزہ، مکتوبات کی فہم و تفہیم اور حضرات مجددیہ، مکتوبات کا تحقیقی جائزہ، مکتوبات کا عربی ترجمہ، مقدمہ شرح مکتوبات، مکتوبات کا ایک مترجم قاضی عالم الدین نقشبندی شامل ہیں..... کشور دوم میں زبدۃ المقامات اور حضرات القدس کا جائزہ، سلسلہ مجددیہ کا ایک ترک مصنف، مارکسی مؤرخین، حضرت مجدد کے دفاع میں لکھی گئی کتب اور اقوال پر مبنی کتب پر مقالات شامل ہیں..... کشور سوم میں افکار مجدد کا ایک مأخذ، حضرت مجدد مغرب میں اور دو عربی کتب ''الاجابۃ الربانیہ'' اور ''الاشارات السنیہ'' کا تعارف شامل ہیں..... کشور چہارم میں حضرت مجدد اور امام احمد رضا، امام احمد رضا اور حضرات نقشبندیہ، امام ربانی اور امام اہل سنت، حضرت مجدد اور ڈاکٹر اقبال، فلسفہء اقبال پر اثرات مجدد اور تصانیف اقبال میں ذکر مجدد شامل ہیں جبکہ کشور پنجم، حضرت مجدد اور غوث اعظم اور حضرت مجدد اور امام اعظم کے حوالے سے مقالات کے علاوہ

نگارخانہ و مرقعات پر مشتمل ہے.....

اقلیم ششم میں نعت شریف، مناقب، ابتدائیہ اور تاثرات کے بعد کشور اول میں تعارف حضرت مجدد الف ثانی، دنیائے عرب کے نقشبندی مشائخ و علماء، تیرہویں صدی کے عرب مشائخ نقشبندیہ مجددیہ، متحدہ امریکہ، ترکی اور کردستان کے مشائخ نقشبندیہ اور حافظ عمر ضیاء الدین داغستانی و شیخ محمد معصوم ضیائے نقشبندی کے حالات ہیں..... کشور دوم میں افغانستان میں سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ اور افغانستان کے مشائخ نقشبندیہ، شاہان کابل و افغانستان سرہند میں، دہلی کے مشائخ نقشبندیہ، مولانا غلام محی الدین گھوسوی اور مولانا شاہ آل محی الدین ہادی کے حالات ہیں..... کشور سوم میں سندھ کے اولیاء و صوفیائے نقشبندیہ مجددیہ کا ذکر ہے..... کشور چہارم میں بلوچستان، پنجاب اور کشمیر کے مشائخ کے تذکروں کے ساتھ ساتھ مولانا محمد حسین پسروری کے حالات بھی شامل ہیں..... کشور پنجم میں سرحد کے صوفیائے نقشبندیہ مجددیہ، خانقاہ نقشبندیہ موسیٰ زئی، حضرت زندہ پیر گھمگول شریف پر مقالات کے علاوہ نگارخانہ، آئینہء جمال، کتابیات اور مناجات پیش کیے گئے تھے.....

اب اقلیم ہفتم آپ کے پیش نظر ہے اور حسب سابق وہی گذارش کی جاتی ہے کہ دوران مطالعہ جو بھی فروگزاشت نظر سے گذرے تو برائے کرم ہمیں ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی تصحیح کر لی جائے.....

۱۶ر صفر المظفر ۱۴۲۷ھ
۱۷ر مارچ ۲۰۰۶ء

احقر
ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری
کراچی

☆.....☆.....☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تاثرات

جسٹس پیر محمد کرم شاہ ازہری

☆☆

یہ مسئلہ (بشریت مصطفوی) نازک ہے مجھ کم علم کو زیبا نہیں کہ میں اس میں اپنی خیال آرائی کو دخل دوں بہتر یہی ہے کہ ان نفوس قدسیہ کی تحقیقات ہدیہء قارئین کرنے پر اکتفا کروں جن کا علم وتقویٰ اہل شریعت اور اہل طریقت دونوں کے نزدیک مسلم ہے اور جن کا قول ساری امت کے نزدیک حجت ہے۔ اس لیے میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات کا ایک اقتباس نقل کر رہا ہوں شاید جلوہ حسنِ محمدی کی جھلک دیکھ کر کوئی چشم اشکبار مسکرا دے، کسی کے دل بے قرار کو قرار آجائے، آپ لکھتے ہیں:

''جاننا چاہیے کہ پیدائش محمدی تمام افراد انسان کی طرح نہیں بلکہ افراد عالم میں سے کسی فرد کی پیدائش کے ساتھ نسبت نہیں رکھتی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باوجود عنصری پیدائش کے حق تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ''خُلِقْتُ مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ'' کشف صریح سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش اس امکان سے ہوئی ہے، جو صفات اضافیہ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے نہ کہ اس امکان سے جو تمام ممکنات عالم میں ثابت ہے۔ ممکنات عالم کے صحیفہ کا خواہ کتنا ہی باریک نظر سے مطالعہ کیا جائے لیکن آنحضرت کا وجود مشہود نہیں ہوتا بلکہ ان کی خلقت وامکان کا منشاء عالم ممکنات میں ہے ہی نہیں کیونکہ یہ اس عالم سے برتر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا سایہ نہ تھا۔ نیز عالم شہادت میں

ہر ایک شخص کا سایہ اس کے وجود کی نسبت زیادہ لطیف ہوتا ہے اور جب جہان میں ان سے زیادہ لطیف کوئی نہیں تو پھر ان کا سایہ کیسے متصور ہو سکتا ہے"

(ضیاء النبی، جلد ، ص۔۴۴)

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

(سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور)

☆

یہ حقیقت بے نقاب ہو کر سامنے آچکی ہے کہ فتنہ وفساد کے موجودہ دور میں جبکہ لادینی اور طاغوتی قوتیں ملک پاک پر مسلط ہونے اور چھا جانے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہی ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ اولیاء کرام مثلاً حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری، حضور سیدنا غوث اعظم اور حضرت مجدد الف ثانی رحمہم اللہ تعالیٰ کی تعلیمات پر عمل پیرا حضرات کی سرپرستی میں ان حضرات کے ارشادات اور افکار عوام وخواص تک پہنچائے جائیں۔ کون نہیں جانتا کہ ان بزرگوں کے انفاس عالیہ اور مساعی جمیلہ کے طفیل کفر وشرک اور بدعات کی تاریکیاں دور ہوئی تھیں تو آج ان کی تعلیمات اور افکار عالیہ کی اشاعت ہی سے لادینیت کے سیلاب کے آگے بند باندھا جا سکتا ہے۔

امام ربانی اسی قافلہ کے سالار ہیں جن کے بارے میں حدیث شریف میں آیا ہے: **ھم قوم لا یشقی جلیسھم** یہ وہ لوگ ہیں جن کے پاس بیٹھنے والا بدبخت نہیں ہوتا۔

ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد

(شاہی امام وخطیب، مسجد جامع فتحپوری، دہلی)

☆

آپ کا لقب بدرالدین، کنیت ابوالبرکات ہے خزینۃ الرحمۃ اور قیوم الدہر آپ کی شان ہے۔ آپ امام ربانی، محبوب صمدانی، مجدد الف ثانی ہیں جن کا پوری امت پر احسان عظیم ہے..... امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے آپ کو نسبی نسبت ہے اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین سے آپ کو

روحانی نسبت ہے سبحان اللہ، سبحان اللہ۔ دونوں ہی نسبتیں نورٌ علیٰ نور ہیں ۔ دونوں ہی امام الانبیاء اور سید المرسلین، محبوب رب العالمین، رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے منظور نظر ہیں اور روضہ مدینہ منورہ میں آپ ہی کی خدمت میں آرام فرما ہیں۔ گویا حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم سے عظیم الشان انداز میں قایم ہے اور ہمیشہ ہمیشہ قیامت تک کے لیے قایم ہے۔ جو بھی آپ کے دامن رحمت سے وابستہ ہوتا ہے وہ رحمۃ للعالمین کے فضل وکرم کے سایہء آغوش رحمت میں آجاتا ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اکبر بادشاہ کے دین الٰہی کے فتنہ کو فرو فرمایا۔ جہانگیر نے آپ کو قلعہ گوالیار میں محصور تو کر دیا تھا لیکن اس میں مشیت الٰہیہ کارفرما تھی کہ جیل کے ہزاروں بے بس پریشان حال بھی آپ سے فیض یاب ہو سکیں نیز ہمیشہ کے لیے جہانگیر آپ کے دامن رحمت سے وابستہ ہو گیا اور موشگافیاں کرنے والوں کی زبانیں بھی بند ہو گئیں۔ اللہ تعالیٰ کے ہر کام میں حکمت ہے جسے سمجھنے سے عام انسان قاصر ہے۔

پیر سید عاشق حسین مجددی سرہندی
(آستانہ نقشبندیہ مجددیہ، شیخوپورہ)

☆

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کا ظہور عین حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک ہزار سال بعد منشہء شہود پر ہوا۔ اس وقت بے دین بادشاہ اکبر اپنے دین الٰہی کے ساتھ اسلام کی تعلیمات اور مسلمانوں کے اسلامی اعمال کو مٹانے پر تلا ہوا تھا۔ آپ نے رخصت کو چھوڑ کر عزیمت پر عمل کرتے ہوے اس فتنے کی بیخ کنی فرمائی اور بفضل تعالیٰ اس میں کامیاب ہوئے۔ اس وقت دنیا میں بے شمار دین الٰہی اسلامی تعلیمات کی بیخ کنی میں لگے ہوے ہیں اور چونکہ یہ دور امام ربانی کا دور ہے لہٰذا یہ حضرات نقشبندیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی تعلیمات اور اپنے مریدین کی مصلحتوں کو چھوڑ کر خالصتاً اسلام اور سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا فروغ فرمائیں اور رخصت کو ترک کریں عزیمت اختیار کریں۔ اس بات کو خاطر میں نہ لائیں کہ کون اس سے خوش ہے کون نہیں۔ میرے آقا و مولا سرکار مدینہ اور سرکار سرہند کی خوشی کو پیش نظر رکھیں۔

محمد خالد مجددی

(نبیرہ حضرت نور المشائخ کابلی)

☆

حضرت شیخ احمد سرہندی جو مجدد الف ثانی اور امام ربانی کے القاب سے پہچانے جاتے ہیں اس وقت مردِ حق بن کر ظاہر ہوئے کہ جب ہندوستان میں اسلام کو عظیم مشکلات کا سامنا تھا، لادینیت اکبری آئین حکومت کا حصہ تھا جس نے دین الٰہی کی نام نہاد شریعت قایم کر کے اسلام کے راستے کو مسدود کر دیا تھا۔

لادینیت کے اس ماحول میں حضرت مجدد الف ثانی تشریف لائے اور انھوں نے بادشاہوں کے سامنے حق وصداقت کا پرچم بلند فرمایا اور دین اسلام کو اپنے تجدیدی کارناموں سے استحکام بخشا یہاں تک کہ اسلامی حکومت اپنی اصلی صورت میں قایم ہوگئی۔ آپ کی حقیقت پسندانہ اور جراءت مندانہ تحریک احیاء دین کی بدولت اکبر کے دین الٰہی کا خاتمہ ہوا جو ایک تابندہ مثال ہے اور آپ کے یہ تجدیدی کارنامے موجودہ حکمرانوں اور صاحبان طریقت کے لیے ایک مثال ہیں اور ان مسلمانوں کو دعوت فکر وعمل دے رہے ہیں جو دین اسلام کے خلاف ہونے والی سازشوں کے ذریعے علمی وقلمی جہاد میں مصروف ہیں۔

جناب منیر حسین مسعودی

(برمنگھم، انگلستان)

☆

شہنشاہ اکبر کے دور میں لادینی اور غیر سنی عقائد کا اثر ورسوخ تھا حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ نے مذہب اسلام کا دفاع فرمایا اور اسلام کو اس کی اصلی شکل میں پیش فرمایا۔ اور یہ بتایا کہ سچا مذہب صرف اور صرف اسلام ہے۔ انھوں نے نظریہ وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود کی تشریح فرمائی۔ یہاں تک کہ علم تصوف میں جو بگاڑ پیدا ہو چکا تھا اس کو اصلی صورت میں روشناس کرایا اور یہ بتایا کہ تصوف کی روح کیا ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی کے بے شمار فضائل وکمالات ہیں ان کی سیرت طیبہ کا سب سے بڑا کمال اللہ کی طرف کامل توجہ اور اتباع کامل ہے ان کی سیرت طیبہ اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے رنگ میں رنگی ہوئی اور ان کے مکتوبات علوم و معارف کا خزانہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کشورِ اوّل

جمال ذاتِ صدیقی ، جلال ذاتِ فاروقی
کفِ عثماں، یدِ حیدر مجدد الف ثانی ہیں
(ناظم)


إن الله وملائكته يصلون على النبي

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

رمز شناسِ مصطفیٰ خلیفہ اول، ثانی اثنین

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

☆☆

امام حافظ ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی ''حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء'' میں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت وشخصیت کی اپنے لفظوں میں یوں تصویر کھینچتے ہیں [1]:

ابوبکر الصدیق، السابق الی التصدیق، الملقب بالعتیق، المؤید من اللہ بالتوفیق، صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الحضر والاسفار ورفیقہ الشفیق فی جمیع الاطوار و ضجیعہ بعد الموت فی الروضۃ المحفوفۃ بالنوار، المخصوص فی الذکر الحکیم بمفخر فاق بہ کافۃ الاخیار و عامۃ الابرار وبقی لہ شرفہ کرور الاعصار ولم یسم الی ذروتہ ہمم اولی الاید و الابصار، حیث یقول عالم الاسرار (ثانی اثنین اذھما فی الغار) [2] الی غیر ذالک من الایات والآثار و مشہور النصوص الواردۃ فیہ والاخبار، التی غدت کالشمس فی الانتشار.....

''سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ ہستی ہیں جنہیں تصدیق نبوت میں سبقت حاصل ہے، ان کا لقب عتیق ہے، انہیں اللہ تعالیٰ کی

طرف سے قوت توفیق عطا ہوئی' آپ سفر وحضر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے مشرف رہے' آپ ہر لحاظ سے ان کے لیے پُر شفقت رفیق ثابت ہوے وفات کے بعد بھی انہیں روضہ پر نور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم خواب ہونے کا دائمی شرف حاصل ہوا۔ قرآن کریم کی آیات میں آپ کی قابل فخر باتوں کا خصوصی تذکرہ ہے' اس سلسلے میں آپ تمام اخیار وابرار پر برتری رکھتے ہیں۔ آپ کا یہی شرف ہے جس پر زمانے بیت چکے مگر آپ کی ہمتوں کی بلندی تک کسی صاحب قوت وبصیرت کو رسائی نصیب نہیں ہوسکی۔ اسی لیے اسراروں کا جاننے والا رب العزت خود فرماتا ہے کہ ''وہ تو دو میں سے دوسرے تھے' جب وہ دونوں غار میں تھے' اس کے علاوہ بھی آپ کی شان میں آیات واحادیث کی نصوص وارد ہوئی ہیں جواب اظہر من الشمس ہوچکی ہیں''.....

یہ لفظی تصویر ایک ایسے امام حدیث نے پیش کی ہے جو طریقت کی دنیا میں بھی بلند مقام رکھتے ہیں ان الفاظ میں ان تمام ابواب وفصول کی طرف اشارے ملتے ہیں جن سے سیرت صدیقی عبارت ہے اگر ان کی تشریح وتفصیل کا موقع ہو تو یہ ابواب وفصول کے لفظی اشارے اجزاء اور جلدوں میں بھی بدل سکتے ہیں' مگر موقع کا تقاضا صرف اختصار پر قناعت کرتا ہے۔

آپ کا سلسلہ نسب یوں ہے' عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر۔ آپ کی کنیت ابوبکر مشہور تھی' حتیٰ کہ نام کی حیثیت اختیار کرگئی تھی۔ آپ کا لقب عتیق اور صدیق ہے۔ شخصی اوصاف وکردار کے طفیل یہ دونوں لقب آپ کو دربار رسالت سے عطا ہوے تھے۔ آپ نے ان بے بس اور مجبور غلاموں کو آزاد کرایا جو محض قبول اسلام کے سبب اپنے قریشی آقاؤں کے ظلم وتشدد کا شکار ہوگئے تھے' جن میں حضرت بلال' عامر' مسالم اور آل یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے تمام افراد شامل ہیں' حافظ ابن عبدالبر [۳] کے بیان کے مطابق ایسے مظلوم غلاموں کی تعداد سات تھی۔ عتیق کے لفظی معنی ہیں آزاد کردہ' آپ نے ان اسلام کے متوالے غلاموں کو خرید کر آزاد فرمایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو عتیق اللہ من النار (آگ سے اللہ تعالیٰ کا آزاد کیا ہوا) کے لقب سے نوازا تھا۔

یہ بات مسلم ہے اور اس میں کسی کو اختلاف نہیں کہ آزاد اور بالغ مردوں میں سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہی کی' یہ تصدیق بلا تردد و استفسار تھی۔ پھر کفار کی طرف سے تکذیب کے ہر اقدام کے جواب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیشہ ارشادات و اطوار نبوی کی تصدیق فرمائی' اس لیے زبان نبوت نے آپ کو صدیق قرار دیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے:

''میرا صحابی تو ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہے' سب نے مجھے جھٹلایا' مگر اس نے ہمیشہ میری تصدیق کی[۴]''.....

صدیق کا درجہ نبی کے بعد ہوتا ہے' قرآن کریم کی سورہ نساء میں نبیین کے بعد صدیقین کا ذکر ہے' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

''ہر نبی کا ایک صدیق ہوتا ہے اور میری نبوت کے صدیق ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں''.....

طبرانی کی روایت کے مطابق حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم برسر منبر حلفیہ طور پر فرمایا کرتے تھے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب گرامی ''الصدیق'' اللہ تعالیٰ نے آسمان سے نازل فرمایا ہے۔[۵]

امام ابن الجوزی[۶] نے ''صفتہ الصفوۃ'' میں حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حلیہ مبارک بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ آپ دبلے پتلے انسان تھے' آپ کا چہرہ پتلا اور باریک تھا اور رخسار بھی ہلکے ہلکے تھے' پیشانی بلند تھی' منحنی جسم تھا' کندھے سینے پر جھکتے ہوئے دکھائی دیتے تھے' دونوں پہلوؤں سے قمیص کھلی اور ڈھیلی ڈھالی لگتی تھی۔ ہاتھوں کی انگلیاں نازک اور باریک تھیں' داڑھی کو مہندی سے رنگا کرتے تھے آپ کا رنگ سفید تھا۔

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ امتیازی فضائل ایسے ہیں جن میں کسی اور انسان کو شرکت کا شرف حاصل نہیں ہوا۔ سفر و حضر میں ہمیشہ کی طویل ترین صحبت کا شرف آپ ہی کو حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہونے کی شہادت اپنی کتاب میں دی ہے یہی نہیں بلکہ آپ کے لیے جب ''صاحب'' کا لفظ استعمال ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے اور ایمان سے مشرف ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں پہنچنے والے تمام خوش نصیبوں کے لیے بھی یہی لفظ یعنی ''صاحب رسول اللہ'' یا صحابی رسول اللہ'' اور ''صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم'' کے الفاظ ہمیشہ کے لیے مختص

ہو گئے۔ ہجرت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مونس وغم خوار اور سفر میں فدا کار و مددگار ہونے کا شرف بھی آپ کو حاصل ہے تمام اہل اسلام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں پہلی نماز آپ ہی نے ادا فرمائی' مکہ مکرمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اسلام کے اولین مبلغ بھی آپ ہی تھے' اللہ تعالیٰ کی راہ میں تکلیف اٹھانے والوں پر سب سے پہلے اپنی دولت نچھاور کرنے والے آپ ہی تھے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلا امیر حج بھی انہیں ہی مقرر فرمایا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں مسجد نبوی میں امت کی امامت کا شرف بھی آپ ہی کو عطا ہوا' تمام امت میں سے صرف صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اقتداء میں ہی اللہ تعالیٰ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمانا پسند کیا۔ حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چار پشتوں کو صحابی رسول ہونے کا شرف حاصل ہے' آپ کے والد' آپ خود آپ کی اولاد اور آپ کے پوتے نواسے صحبت نبوی سے مشرف ہوئے۔

حافظ ابن عبدالبر ؒ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی تعالیٰ عنہ کو دین حق کی خدمات میں جو شرف اولیت حاصل تھا' اس کی تائید حضرت حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے یہ اشعار بھی ہیں [۸]۔

اذا تذکرت شجوا من اخی ثقة
فاذکر اخاک ابابکر بما فعلا
خیر البریة اتقاها واعدلها
بعد النبی واوفاها بما حملا
وثانی اثنین فی الغار المنیف وقد
طاف العدو به اذ صعدو الجبلا
وکان حب رسول الله قد علموا
من البریة لم یعدل به رجلا

''تم جب کبھی اپنے سچے بھائی کے دکھ درد کو یاد کرنے بیٹھو تو اپنے بھائی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کے کارنامے یاد کر لینا۔''

''آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام مخلوق میں بہتر تھے' سب سے زیادہ متقی' سب سے بڑے عادل اور اپنے فرائض ذمہ داری کو نبھانے میں سب سے زیادہ وفادار تھے۔''

''اس بلند غار میں دو میں سے دوسرے آپ ہی تھے' جب پہاڑی پر چڑھنے کے بعد دشمن غار کے گرد منڈلانے لگے تھے''۔

''آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب تھے' سب جانتے ہیں کہ تمام مخلوق میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں کوئی بھی ان کے برابر نہیں تھا''.....

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔

''جتنا فائدہ مجھے ابوبکر صدیق کے مال اور ان کی ذات سے میسر آیا اور کہیں سے میسر نہیں آسکا''[۹] .....

قبول اسلام کے وقت آپ مکہ مکرمہ کے چند ایک متمول لوگوں میں شمار ہوتے تھے' لیکن اللہ تعالیٰ کے دین میں داخل ہونے کے بعد اپنی جان اور اپنا مال سب کچھ اس دعوت حق کی اشاعت کے لیے وقف کر دیا۔ جس سخاوت اور فراوانی سے آپ نے آغاز اسلام میں اپنی دولت قربان کی' اسی تیزی اور قوت کے ساتھ اس کے نتائج بھی سامنے آئے' خود پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کی حفاظت وحمایت میں آپ نے کبھی بڑے سے بڑے خطرے کی بھی پرواہ نہ کی' چنانچہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتی ہیں کہ کسی فریادی نے آ کر کہا' ابوبکر اپنے ساتھی کی مدد کو پہنچو[۱۰] آپ ننگے سر گھر میں منہمک تھے' آپ یہ کہتے ہوئے مسجد حرام میں داخل ہوئے۔

اتقتلون رجلاً ان یقول ربی اللہ وقد جاء کم بالبینات من ربکم[۱۱] .....

''کیا تم ایک شخص کو محض اس لیے قتل کرنے لگے ہو جس نے صرف یہی

کہا کہ میرا رب تو اللہ ہے' جب کہ وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی
نشانیاں بھی لے کر آیا ہے''.....

لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جھپٹ پڑے۔ آپ کے سر کے بال نوچ ڈالے' مگر آپ کی زبان پر یہی الفاظ جاری رہے۔

تبارکت یا ذالجلال والاکرام.....

''اے جلال والے اور عزت دینے والے رب سراپا برکت تو تو ہی ہے''.....

حافظ ابن الجوزی ''صفۃ الصفوۃ'' میں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب کا یوں تذکرہ فرماتے ہیں[۱۲]

''تاریخ و سیرت سے تعلق رکھنے والے اہل علم کا بیان ہے کہ غزوات نبوی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم سفر و ہم رکاب رہے۔ ان غزوات میں سے کسی غزوہ میں نہ تو آپ کسی سے پیچھے رہے اور نہ کبھی پیٹھ دکھائی' غزوہ احد میں جب کئی لوگ کے پاؤں اکھڑ گئے تھے تو آپ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معرکہ کارزار میں ڈٹے رہے' غزوہ تبوک کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے آپ کو پرچم جہاد عطا ہوا تھا' جب آپ حلقہ بگوش اسلام ہوئے تو دولت آپ نے اسلام قبول کرنے والے غلاموں کو آزاد کرنے اور مسلمانوں کی حالت بہتر بنانے پر صرف کی' قرآن کریم مقدس کتابی شکل میں سب سے پہلے آپ ہی نے ضبط تحریر میں لانے کا حکم فرمایا تھا' اسلام سے پہلے اور اسلام کے بعد ہمیشہ شراب سے پرہیز کیا' تقوی اور پرہیز گاری کی دنیا میں اولیت کا یہ شرف بھی آپ کو ہی حاصل ہے کہ مشکوک اشیاء سے بھی اجتناب فرمایا۔ یہاں تک کہ کھائی ہوئی چیز کے حلال ہونے میں شک ہوا تو قے کے ذریعے کھایا پیا باہر پھینک دیا''.....

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

''ہجرت مدینہ کے موقع پر چند دن کے لیے غار ثور میں روپوش ہونے کے لیے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے سب سے پہلے غار میں داخل ہوئے' مقصد یہ تھا کہ سانپ' بچھو یا حشرات الارض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی گزند نہ پہنچانے پائیں' آپ نے اپنی چادر کے ٹکڑوں سے غار کے تمام سوراخ بند کر دیئے' مگر ایک سوراخ کے لیے کپڑا نہ بچا' تو وہاں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے پاؤں کی ایڑی رکھ دی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گود میں سر رکھ کر محو خواب ہو گئے' رات بھر بچھو ڈستے رہے' مگر عاشق رسول نے اپنے ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند میں خلل مناسب نہ سمجھا' اگلی صبح جب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تمام ماجرا سنا تو ہاتھ اٹھا کر دعا فرمانے لگے۔''

اللّٰھم اجعل ابابکر معی فی درجتی یوم القیامۃ.....

''اے اللہ! قیامت کے دن ابوبکر کو اور مجھے ایک ہی درجہ میں رکھنا''.....

حافظ ابونعیم اصفہانی ''حلیۃ الاولیاء'' میں ذکر کرتے ہیں کہ پروردگار عالم نے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول فرمائی اور اسی وقت وحی ربانی کے ذریعے پیغام پہنچا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کی یہ دعا اللہ تعالیٰ جل وعلا نے قبول فرمالی ہے[۱۳]

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سب کچھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تھا۔ ان کی زندگی اور تمام صلاحیتیں اللہ تعالیٰ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وقف تھیں طلوع اسلام سے پہلے وہ محمد بن عبداللہ کے مخلص اور وفادار دوست تھے' مگر اسلام لانے کے بعد وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جاں نثار صحابی اور وفادار جگری یار تھے۔

مکی زندگی کے دوران پیغمبر اسلام کی حمایت' اسلام کی اشاعت اور مسلمانوں کی دیکھ بھال کے لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بڑھ کر کسی نے کام نہیں کیا' غلامان اسلام کی آزادی کے لیے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی تمام دولت وقف کر دی تھی' آپ کو پتا چلا کہ سیدنا بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبول اسلام کے جرم میں اپنے آقا امیہ بن خلف اور ابوجہل کے ظلم و تشدد کی زد میں ہیں اور کلمہ حق کی پاداش میں وہ ظلم و بربریت کی ہولناک صورت حال سے دوچار ہیں۔ ظالموں نے انہیں تپتی ریت پر لٹا دیا ہے۔ دہکتے ہوئے پتھروں سے انہیں ڈھانپ دیا گیا ہے' مگر بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان ہے کہ احد احد کے ورد سے باز نہیں آتی' تو حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی وقت پانچ اوقیہ کی مقدار کا سونا دے کر انہیں ظالموں کے چنگل سے چھڑا کر آزاد کر دیا۔ وہ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنے لگے کہ اگر ہمیں سونے کی مقدار میں کوئی کمی نظر آئی تو بلال کو نہیں چھوڑیں گے' سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس موقع پر فرمایا کہ اللہ کی قسم! اگر تم پانچ کی بجائے سو اوقیے بھی طلب کرتے تو بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو چھڑائے بغیر یہاں سے نہ جاتا۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کار خیر میں حصہ لینے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں ہمیشہ کوشاں رہتے تھے۔ رومی سلطنت کی طرف سے اسلام کی اٹھتی ہوئی قوت کو للکارا گیا تو غزوہ تبوک پر روانگی کا اعلان ہوا' قحط سالی اور دیگر ناموافق اقتصادی حالات کی وجہ سے اہل مدینہ کی حالت اچھی نہ تھی' اس کے علاوہ قحط سالی کے بعد کھیتوں اور باغات میں پکی فصلیں اور پھل دار درخت اپنی حفاظت اور سنبھالنے کی دعوت دے رہے تھے' ایسے میں جیش عسرت (تنگی کے حالات میں تیار ہونے والا لشکر) کی تیاری کا حکم ہوا' سب لوگ اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے کچھ نہ کچھ لا رہے تھے' حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سبقت لے جانے کے خیال سے اپنے مال و متاع کا آدھا حصہ جہاد فی سبیل اللہ کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نذر کیا تھا مگر جب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنا عطیہ لے کر پہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا۔

ماابقیت لاھلک.....

''اپنے اہل و عیال کے لیے کیا چھوڑ کر آئے ہو؟''.....

تو عرض کرنے لگے:

ابقیت لھم اللہ و رسولہ.....

''ان کے لیے اللہ اور اس کا رسول ہی چھوڑ کر آیا ہوں''.....

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس دن مجھے یہ یقین ہو گیا تھا کہ کار خیر میں میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کبھی بازی نہیں لے جا سکوں گا [۱۴]

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قلبی لگاؤ اتنا گہرا اور اتنا مضبوط تھا کہ کسی انسان سے اتنا گہرا اور مضبوط قلبی لگاؤ کبھی پیدا نہیں ہوا ہوگا۔ قلبی تعلقات کی انتہا بھی یہی ہوتی ہے کہ دوست، دوست کے جسم و جان اور قلب و جگر کا حصہ بن جائے۔ فکر و احسان اور خواہش و آرزو بھی ایک ہو جائے۔

بقول شاعر:

من تو شدم تو من شدی، من تن شدم تو جاں شدی
تا کس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت کو جس قدر سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سمجھا، ان کی ذات کو جس طرح ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پہچانا، ان کے پیغام کو جس بے ساختگی سے انہوں نے اپنایا، اس کی مثال کہیں اور نہیں مل سکتی، پیغمبر حق صلی اللہ علیہ وسلم کے ابرو کا اشارہ اور انداز گفتگو کا پس منظر سمجھنا آپ پر ختم تھا۔

حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان [۱۵] ہے کہ ایک موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا:

''اللہ عزوجل نے ایک بندے کو دنیا پسند کرنے یا اللہ کے حضور حاضر ہونے کا اختیار دیا ہے، بندہ اللہ کے حضور میں حاضر ہونے کو پسند کر چکا ہے۔ اس پر حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ زار و قطار رونے لگے۔ ہمیں ان کی اس بات پر تعجب ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے تو کسی ایسے بندے کا ذکر کیا ہے' جسے اللہ نے اس جہاں میں رہنے یا
اپنے حضور میں آنے کا اختیار دیا ہے مگر سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے
سوا کسی اور کو کیا معلوم تھا کہ گفتار پیغمبر کا اشارہ کیا ہے۔ اس بندے سے
مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی اور نہ تھا مگر اس حقیقت کی
گہرائی تک پہنچنے والے صرف ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی تھے''.....

دیکھنا یہ ہے کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں کیا مقام رکھتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ بیشتر کتب سیرت وحدیث میں الفاظ کے تغیر وتبدل اور تقدیم وتاخیر کے ساتھ نقل ہوے ہیں کہ تمام انسانوں میں سے جس شخص کی رفاقت اور مال نے مجھ پر سب سے زیادہ احسان کیا' وہ ابوبکر صدیق (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں[16] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا:

''اگر میں نے اپنے پروردگار کے علاوہ کسی اور کو خلیل بنانا ہوتا تو میں
اپنا خلیل ابوبکر ہی کو بناتا مگر ان کے ساتھ اسلامی اخوت ومودت کا
رشتہ کیا کم ہے''[17].....

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تھا کہ مسجد نبوی میں کھلنے والے تمام دروازے بند کر دیے جائیں' صرف باب ابی بکر باقی رہے گا' نگاہ حق تلاش آج بھی مسجد نبوی کے ایک دروازے پر ابی بکر کے الفاظ دیکھ کر اس رشتہ محبت وصداقت کا اندازہ کر سکتی ہے' جو ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے انتہائی مخلص وجاں نثار صحابی کے درمیان تھا۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا' حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے' حضور فرمانے لگے' لو یہ تمہارا ساتھی تو کہیں جھگڑے میں پڑ گیا ہے، حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سلام عرض کرتے ہوے کہا کہ ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے میرا جھگڑا ہو گیا تھا۔ میں نے جلدی میں انہیں برا بھلا کہہ دیا ہے، پھر مجھے ندامت محسوس ہوئی' معافی چاہی' مگر انہوں نے انکار کر دیا ہے' اب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہو گیا ہوں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا۔

یغفر اللہ لک یا ابابکر [۱۸] .....

''ابوبکر! تمہیں اللہ تعالیٰ معاف فرمائے گا''.....

اس کے بعد حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس بات پر ندامت محسوس ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پہنچے' دریافت کیا تو پتا چلا کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر پر نہیں ہیں' حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی سیدھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو گئے مگر انہیں دیکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک ناراضگی سے متغیر ہونے لگا۔ حضرت سیدنا ابوبکر کا خیال آیا تو گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور عرض کیا' یارسول اللہ! واللہ میں دو مرتبہ ظلم و زیادتی کا مرتکب ہوا ہوں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

''اللہ نے مجھے تمہارے پاس رسول بنا کر بھیجا تو تم سب نے مجھے جھٹلایا مگر ابوبکر نے میری تصدیق کی' اپنی جان و مال سے میری ہمدردی کی تو کیا تم میرے اس ساتھی کو میری خاطر چھوڑ سکو گے تاکہ اس کے بعد مجھے اذیت نہ ہونے پائے''[۱۹] .....

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ دو مرتبہ ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا فرمائی۔ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بنی عمرو بن عوف کے ہاں صلح کرانے کے لیے تشریف لے گئے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرما گئے تھے کہ اگر نماز کا وقت آ جائے تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنا کہ لوگوں کی امامت کریں۔ نماز کے دوران نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم واپس آ گئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت میں نماز میں شریک ہو گئے' تاہم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ آداب نبوت کو پیش نظر رکھتے ہوئے پیچھے ہٹے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آگے بڑھا دیا۔[۲۰]

پھر وفات سے پہلے نقاہت بڑھ جانے کے باعث آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نماز نہ پڑھا سکے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا۔ پھر اچانک نماز میں شرکت کے لیے سکت محسوس ہوئی تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت میں نماز میں شامل ہو گئے مگر یہاں بھی عظمت رسالت کو ملحوظ رکھتے ہوئے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو آگے آنے کا اشارہ فرماتے رہے۔ بالآخر یہ نماز اس طرح ادا ہوئی کہ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کی اقتداء کر رہے تھے اور حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کر رہے تھے[۲۱]

ایک خاتون دین کی باتیں پوچھنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئیں، جب واپس جانے لگیں تو عرض کیا کہ اگر دوبارہ کچھ پوچھنا ہو اور آپ موجود نہ ہوں تو کیا کروں؟ فرمایا:

ان لم تجدنی فاتی ابابکر[۲۲] .....

''اگر مجھے نہ پاؤ تو پھر ابوبکر سے دریافت کر لینا''.....

اب دیکھنا یہ ہے کہ جس ہستی کو خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ اول ہونے کا شرف حاصل ہوا، وہ کس عظمت و کردار کے مالک تھے، دوسرے لفظوں میں شخصیت صدیقی کو ان کے تاریخی کردار کی روشنی میں دیکھنا ہوگا۔ اس نقطہ نظر سے جب ہم تاریخی واقعات کی گہرائی میں جاتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت میں عزم و ہمت، فوری اقدام اور زور دار قوت فیصلہ کے جو جوہر پنہاں تھے، ان کا اظہار آپ نے کئی مختلف سمتوں میں فرمایا۔ مثلاً

۱.....صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ تصور بھی نہیں کر سکتے تھے کہ اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کبھی ان سے جدا ہو سکتا ہے، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا صدمہ کوئی بھی برداشت نہ کر سکا، حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے قوی اعصاب لوگ بھی حواس کھو بیٹھے تھے، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے رفیق کی جدائی کا جو غم تھا، اسے کوئی نہیں جان سکتا، اس کی مقدار اور حدود کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں آ سکتیں، مگر ان سب باتوں کے باوجود جس عزم سے کتاب اللہ کے حوالے سے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سنبھالا اور صدمے سے نڈھال دلوں کی تعزیت و تسلی کا جو سامان آپ نے کیا، اس نے سب کے لیے ایک عظیم قوت برداشت اور اثر انگیز تعزیت کا کام کیا، اگر موقع کی مناسبت سے سورۂ آل عمران کی آیات پڑھتے ہوئے آپ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو یہ یقین نہ دلا سکتے کہ بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذائقة الموات گوارا فرما لیا ہے[۲۳] تو شاید کسی کو سنبھلنے کا موقع نہ ملتا اور بہت دیر سے ہوش میں آتے۔

۲.....وفات نبوی کے اعلان کے بعد ایک طرف انصار کے لوگ جانشینی کو اپنا حق تصور کر رہے تھے تو دوسری جانب مہاجرین کے گروہ خلافت پر اپنا حق جتانے میں کوشاں تھے، قریب تھا کہ تلواریں بے نیام

ہو جاتیں مگر سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پُرسوز گفتار نے سب کے جذبات ٹھنڈے کر دیے اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اتنی سرعت، فراست اور دور اندیشی کا مظاہرہ فرمایا کہ اس فوری فیصلے اور بروقت اقدام پر آج بھی تاریخ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

۳.....جیش اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو محاذ پر روانہ کرنے کے سلسلے میں جو اٹل موقف حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اختیار کیا، اس سے جہاں آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گہری عقیدت، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر غیر متزلزل ایمان اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے مثال وفاداری کا اظہار ہوتا ہے، وہاں اس سے ان کی فراست اور دور اندیشی بھی نمایاں ہوتی ہے۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ثابت قدمی سے آزاد و غلام، شریف و رذیل اور بڑے چھوٹے کی بات بھی ختم ہو گئی اور فرزندان اسلام سب برابر ٹھہرے مگر ساتھ ہی سرحدوں پر لشکر اسامہ کے پہنچنے سے دشمنوں کو بھی معلوم ہو گیا کہ محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین نہ صرف جاگتے ہیں بلکہ باطل کے اٹھتے ہوئے ہر طوفان کا منہ پھیرنے کی بھی صلاحیت رکھتے ہیں۔

۴.....حروب ردّت میں آپ نے جو غیر متزلزل اور زوردار موقف اختیار کیا، اس نے جہاں اسلام کی حکمرانی میں سر اٹھانے والوں کے لیے آئندہ کوئی گنجایش نہ چھوڑی وہاں ارکان اسلام میں کسی قسم کی غفلت و مداہنت یا کوتاہی کی بھی کوئی گنجایش باقی نہ رہنے پائی۔

۵.....سرچشمہ شریعت اسلامی قرآن مجید کو اہل علم اور حفاظ کے سینوں میں محفوظ رکھنے کے علاوہ آپ نے کاغذ اور قلم کے ذریعے بھی کتاب اللہ کی اشاعت کا سامان کر دیا تھا۔

اس طرح گویا آنے والی نسلوں کے لیے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ریاست کے ساتھ ساتھ معاشرے کے بنیادی اصول و نقوش بھی واضح طور پر مرتب کر دیے جو آج بھی ملت کے لیے مشعل راہ ہیں۔

خلافت پر متمکن ہونے کے بعد حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو تقریر فرمائی، اسے ان کی سیاسی حکمت عملی کا اعلان بھی کہا جا سکتا ہے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد فرمایا تھا:

ایھا الناس قد ولیت علیکم ولست بخیرکم فان احسنت
فاعینونی وان صرفت فقومونی، الصدق امانة والکذب

خیانة والضعیف فیکم قوی عندی حتی آخذلہ حقہ، القوی فیکم ضعیف عندی حتی آخذالحق منہ انشاء اللہ، لایدع احد منکم الجهاد فانه لا یدعه قوم الاضربهم الله بالذل، اطیعونی مااطعت الله و رسوله فاذاعصیت الله فلا طاعة لی علیکم، قوموا الی صلوتکم یرحمکم الله [۲۴] .....

''اے لوگو! مجھے تمہاری حکومت سونپی گئی ہے حالانکہ میں تم سب میں بہترین نہیں ہوں، اب اگر میں اچھا کام کروں تو میری مدد کرنا اور اگر میں پھر جاؤں تو مجھے سیدھا کرنا۔ سچائی امانت ہے اور جھوٹ خیانت ہے، تم میں جو کمزور ہے وہی میرے نزدیک طاقت ور ہے یہاں تک کہ میں اس کو اس کا حق لے کر دوں۔ تم میں جو طاقت ور ہے وہی میرے نزدیک کمزور ہے، یہاں تک کہ میں اس سے حق وصول نہ کرلوں، ان شاء اللہ! تم میں سے کسی کو جہاد ترک نہیں کرنا چاہیے کیوں کہ جب بھی کوئی قوم جہاد کو چھوڑ دے گی اللہ تعالیٰ اس پر ذلت مسلط کردے گا۔ جب تک میں اللہ اور اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کروں تو میری اطاعت کرنا اور اگر مجھ سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا ارتکاب ہو، تو تم سے اطاعت کروانے کا مجھے کوئی حق نہیں۔ اٹھو اپنی نماز ادا کرو، اللہ تم پر رحم فرمائے!''.....

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ خطبہ ان کی متوازن شخصیت اور کردار کا آئینہ دار ہے۔ علامہ محمد الخضری [۲۵] نے ان کی شخصیت اور کردار کے دو نمایاں پہلو، عزم کی پختگی اور رقت قلب بیان کی ہے اور اس خطبے میں شخصیت و سیرت کے ان دونوں نمایاں پہلوؤں کی جھلک واضح طور پر نظر آتی ہے۔ عزم کی پختگی کا تقاضا یہ ہے کہ انسان حصول مقصد کے تمام راستے آزماتا ہے اور جس مقصد کے حصول کا عزم کیا ہے، اسے حاصل کیے بغیر کسی قوت سے ڈرنا یا کسی مشکل سے گھبرانا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ بعض اوقات یہ عزم کی پختگی انسان کو انتہا پسند بھی بنا سکتی ہے، لیکن رقت قلب اس کا علاج ہے۔ رقت قلب سنگ دلی کی ضد

ہے، جو اپنے تو اپنے دوسروں کے دکھ درد پر بھی اشک بار ہونے کا باعث بن جاتی ہے۔ یہ رقت قلب بعض اوقات انسان کو بے عملی کا شکار بنا کر دوسری انتہا پر پہنچا سکتی ہے، لیکن اس کا علاج قوت عزم کی شکل میں موجود ہوتا ہے۔ قوموں کی قیادت اور سلطنتوں کی سربراہی کے لیے ان دو اوصاف سے متصف قیادت ہی کامیاب ترین قیادت ہوا کرتی ہے۔

وفات:

دو سال تین ماہ اور دس دن کی مدت خلافت کے بعد اکیس جمادی الآخرہ ۱۳ھ (مطابق ۲۲/اگست ۶۳۴ء) کو حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس دار فانی سے رحلت فرمائی اور ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں دفن ہوئے۔

اولاد:

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چھے بچے تھے، تین بیٹے اور تین بیٹیاں، عبداللہ اور اسماء (والدہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم) دونوں کی والدہ کا نام قتیلہ بنت العزیٰ تھا۔ حضرت عبدالرحمٰن اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں کی والدہ کا نام ام رومان بنت عامر تھا۔ محمد کی والدہ اسماء بنت عمیس تھیں اور ام کلثوم کی والدہ کا نام حبیبہ بنت خارجہ تھا۔

☆.....☆.....☆

حواشی:

۱.....حلیۃ الاولیاء، جلد ۱، صفحہ ۲۹

۲.....سورہ توبہ، آیت ۴۰

۳.....الاستیعاب، صفحہ ۹۶۳ تا ۹۷۸

۴.....ایضاً

۵.....ایضاً

۶.....صفۃ الصفوۃ، صفحہ ۲۴۲ تا ۲۶۷

۷.....الاستیعاب، صفحہ ۹۶۳ تا ۹۷۸

۸.....ایضاً

۹.....(الف)صفۃ الصفوۃ، جلد۱، صفحہ۲۴۲تا۲۶۷/(ب)الاستیعاب، صفحہ۹۶۳تا۹۷۸/(ج)طبقات ابن سعد، جلد ۳، صفحہ۱۷۱تا۲۱۳

۱۰.....ایضاً

۱۱.....سورہ غافر، آیت ۲۸

۱۲.....صفۃ الصفوۃ، جلد۱، صفحہ۲۴۲تا۲۶۷

۱۳.....حلیۃ الاولیاء، جلد۱صفحہ۲۸تا۳۸

۱۴.....(الف)صفۃ الصفوۃ، جلد۱، صفحہ۲۴۲تا۲۶۷/(ب)الاستیعاب صفحہ۹۶۳تا۹۷۸/(ج)طبقات ابن سعد، جلد ۳، صفحہ۱۷۱تا۲۱۳

۱۵.....ایضاً

۱۶.....ایضاً

۱۷.....ایضاً

۱۸.....ایضاً

۱۹.....ایضاً

۲۰.....ایضاً

۲۱.....ایضاً

۲۲.....ایضاً

۲۳.....ایضاً

۲۴.....محاضرات تاریخ الامم الاسلامیہ، جلد۱، صفحہ۱۷

۲۵.....ایضاً

☆.....☆.....☆

بسم الله الرحمٰن الرحیم

نحمدهٗ ونصلی علیٰ رسوله الکریم

خواجہ بہاء الدین نقشبند

تالیف: شیخ محمد شعیب (م۔ ۱۲۳۸ھ)

تصحیح وتحشیہ وتعلیقات

دکتر: غلام ناصر مروت

☆☆

وجہ تسمیہ نقشبند در ''رسالہ بھاویہ'' کہ در مقامات حضرت خواجہ می نویسد کہ حضرت خواجہ می فرمودند کہ من و پدر بصنعت کمخواب بافی ونقشبندی مشغول می بودیم وھمون نقل بدستخط حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ نوشتہ یافتم ۔ پوشیدہ نماند کہ در سلسلہ خواجگان قدس اللہ سرھم از زمان خواجہ انجیر فغنوی رحمۃ اللہ علیہ تا زمان امیر کلال رحمہ اللہ تعالیٰ ذکر خفیہ را باذکر علانیہ جمع می کردند وایشان را در سلسلہ شریفہ علانیہ خوانان می گویند۔ چوں زمان ظہور خواجہ بہاء الدین قدس اللہ سرہٗ رسید بنابر آنکہ از حضرت خواجہ عبدالخالق قدس اللہ سرہ مامور بعمل عزیمت بودند ذکر خفیہ اختیار کردہ واز ذکر علانیہ اجتناب نمودہ وہر گاہ کہ اصحاب امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ در مجلس افتتاح ذکر علانیہ می کردند حضرت خواجہ برمی خاستند واز آن حوزہ بیرون می رفتند و بر خاطر اصحاب این معنی بغایت گران می آمدہ است لکن حضرت خواجہ پروای آن نمی کردند[1] ودر مقام رفع نقل[2] ایشان نمی شدند، اما در خدمت وملازمت امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ ہرگز دقیقہ فرو نمی گذاشتند[3] وہمیشہ سر تسلیم بر آستانہ ارادت ومتابعت ایشان می داشتند[4] وامیر رحمۃ اللہ علیہ روز بروز التفات بہ حضرت خواجہ زیادہ می کردند[5] سر سلسلہ نقشبندیان است بنظر قبول از فرزندی خواجہ محمد بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ است بظاہر مرید سید امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ است واویسی بود از روحانیت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس اللہ واز خدمت شیخ خلیل[6] اتا رحمۃ اللہ علیہ یعنی بابا کہ از مشائخ ترکستان است فائدہ ھای گرفتہ است، طریقہ ایشان تمام

مطابق شرع بود و مذهب امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ داشتند و اکثر مشایخ این سلسلہ حنفی مذهب اند۔ از خواجہ بزرگ پرسیدند کہ طریقہ شما جهر و سماع می باشد فرمودند کہ نمی باشد، پس گفتند طریقہ شما بر چیست؟ فرمودند کہ ظاہر با خلق و باطن با حق۔ روزی حضرت خواجہ بزرگ قدس اللہ سرہٗ عمارتی می کردند و ہمہ اصحاب ایشان از خود و بزرگ آنہا حاضر[۷] بودند با ہتمام بکار گل شغل داشتند و حضرت خواجہ محمد پارسا قدس اللہ روز درمیان گلزار بودند، چون آفتاب بحد استوا رسید و ہوا بغایتی گرم شد حضرت خواجہ اصحاب را اجازت فرمودند کہ ساعتی استراحت کنید، ہر کس دست و پای شستند و بسایہ رفتند و بخواب افتادند و حضرت خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ ہم در آن گلزار پای پر گل در آفتاب خواب کردند، دریں اثناء حضرت خواجہ بزرگ رحمۃ اللہ علیہ آمدند و بر ہمہ اصحاب گذر کردند، چون پیش خواجہ محمد رسیدند و ایشان را بآن کیفیت دیدند روی مبارک خود را بر پای مالیدند و فرمودند کہ خداوندا! بحرمت این پای کہ بر بہاء الدین رحمت کن و خدمت امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ در مرض آخر خود اصحاب را بمتابعت حضرت خواجہ بزرگ قدس اللہ سرہٗ ارشادات فرمودند۔ در آن (محل) اصحاب از خدمت امیر سوال کردند کہ حضرت خواجہ بہاء الدین رحمۃ اللہ علیہ در ذکر علانیہ مطابعت شما نکردند و امیر رحمۃ اللہ علیہ فرمودند[۸] ہر عملی کہ بر ایشان می گذرانند بنا بر حکمتی است و اختیار ایشان درمیان نیست" پس این مصرع خواندند: ع

ای ہمہ تو من کیم چنانکہ تو داری

سخن خلفا و خواجگان قدس اللہ ارواحھم: اگر تو را بی اختیار بیرون آوردہ اند مترس و اگر تو بخود بیرون آمدہ ای بترس۔ منقولست کہ حضرت خواجہ محمد پارسا را قدس اللہ سرہٗ در توجہ مراقبہ غیبت بسیار واقع می شدہ و حضرت خواجہ علاء الدین عطار را قدس اللہ سرہ شعور و وقوف تمامی بودہ و آن صفت شعور و صحو را از غیبت و سکر اتم و اکمل گفتہ اند۔ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ سرہٗ فرمودہ اند کہ بعد از وفات خواجہ بہاء الدین قدس اللہ سرہ ہمہ اصحاب حضرت خواجہ بحضرت خواجہ علاء الدین بیعت کردہ اند بجہت علو شان ایشان حتی خواجہ محمد پارسا قدس اللہ سرہ خواجہ علاء الدین عطار قدس اللہ سرہ فرمودہ اند کہ در وقت نقل حضرت خواجہ یٰسین می خواندم، چون بہ نیمہ رسانیدم انوار ظاہر شدن گرفت، بہ کلمہ مشغول شدم، بعد از ان حضرت خواجہ منقطع شدن شریف ایشان ہفتاد و سہ سال تمام شدہ بود و در ہفتاد و چہارم بود کہ نقل فرمودند۔ وفات ایشان در شب دوشنبہ سیم ماہ ربیع الاول سنہ احد و تسعین و سبع مأۃ بودہ و در تاریخ

حضرت خواجہ گفتہ اند:

رفت شاہ نقشبند آن خواجۂ دنیا و دیں
آنکہ بودی شاہراہ دین و دولت ملتش
مسکن و ماوای اوچون بود قصر عارفان
قصرعرفان[9] زین سبب آمد حساب رحلتش

خواجہ بزرگ علیہ الرحمۃ وصیت کردہ بود کہ پیش جنازہ من این بیت بخوان:

مفلسانم آمدم در کوی تو
شیئاً للہ از جلال روی تو

☆.....☆.....☆

حواشی:

۱.....سع، غ، مظ۔ نمی کردہ اند

۲.....ثقل ایشان نمی شدہ اند (رشحات جلد۔۱، ص ۹۶)

۳.....سع، غ، مظ۔ گذشتند

۴.....ایضاً۔ داشتہ اند

۵.....ایضاً۔ کردہ اند

۶.....دربارہ شیخ خلیل اتا (رحمۃ اللہ علیہ) درکتب معاصر ہیچ تفصیلی تا حال معلوم نشد، مولانا عبدالرحمٰن جامی (رحمۃ اللہ علیہ) نوشتہ است کہ خواجہ بہاء الدین فرمودہ اند کہ شبی دراوائل این کار (سلوک) درخواب دیدم خلیل اتا رحمۃ اللہ علیہ را کہ از کبار مشایخ ترک اند مرا بدرویشی سفارش می نمایند، چون بیدار شدم صورت آن درویش در خاطر من بود.....ومن دائم طالب آن درویش می بودم تا روزی در بازار بخارا با و ملاقات افتاد، او را شناختم، پرسیدم نام او خلیل بود و در آن وقت با او مجالست و مکالمت میسر نشد، چون بمنزل رسیدم شب رسید، قاصدی بیامد کہ درویش خلیل ترا می طلبد و ایام تیرماہ بود..... بخدمت او رسیدم و حالات غریبہ مشاہدہ کردم۔ بعد از مدتی او را بادشاہی

مملکت ماوراء النہر میسر شد و در زمانہ حکومت و سلطنت تا شش سال در خدمت او ہمی بودم۔ رشحات الانس طبع تہران، سال طباعت ندارد، ص ۳۸۳۔۳۸۴)

۷۔ آنان

۸۔ غ، عر، نمی گیرد

۹۔ قیاساً "قصر عرفان" قصر عرفان ۱۰۰ اق۔ ۹۰ ص۔ ۲۰۰ ر۔ ۸۰ ع۔ ۲۰۰ ر۔ ۸۰ ف۔ الف ا۔ ۵۰ ن = ۸۹۱ھ)

(مرآۃ الاولیاء مطبوعہ اسلام آباد ۲۰۰۱ء)

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تصوف کی ضرورت واہمیت

علامہ رشید احمد مرتضائی

☆☆

یہ بات مسلمہ ہے کہ ہر شے کا اگر ظاہر ہے تو اس کا باطن بھی ہے بعینہٖ ارکان اسلام کا ظاہر بھی ہے اور باطن بھی، ان ارکان میں لذت وسرور اور چاشنی، ظاہر و باطن کے ہم آہنگ ہونے کے رہین منت ہے۔

نماز:

نماز محض حرکات وسکنات کا نام اور تسبیح وتہلیل تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ نماز حضوریٔ قلب، خشوع وخضوع، نہی عن المنکر، وصل الٰہی جیسے اوصاف کی تخلیق کی ضامن ہے۔ ان اوصاف حمیدہ کے بغیر نماز بے ثمر درخت کی مانند ہے اوصاف مذکورہ شجر وصلوٰۃ کے ثمر ہیں، جیسا کہ فرمان رب محمد ﷺ ہے:

ان الصلوٰۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر [1]
بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے

دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

قد افلح المؤ منون ○الذین ھم فی صلاتھم خاشعون ○ [2]
تحقیق کامیاب ہوئے وہ مؤمنین جو اپنی نمازوں میں خشوع پیدا کرتے ہیں

نبی کون ومکان ﷺ نے ارشاد فرمایا:

یا عمر لا صلوٰۃ الا بحضور القلب. [3]
اے عمر حضور قلب کے بغیر نماز نہیں ہوتی

عارفین کے نزدیک نماز کی دو اقسام ہیں۔ اول نماز نفسانی دوم نماز رحمانی۔

نماز نفسانی ایسی نماز ہے جو صرف قول و فعل تک محدود ہوتی ہے۔ اپنے ثمرات سے محروم، جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

من صلی صلوٰۃ طویلۃ فی المسجد وزین البدن بالعمامۃ فی نظر الخلائق ماکان فی قلبہ من عجز فھو محجوب ولا صلوٰۃ ولا وصال۔[۴]

جس نے مسجد میں طویل نماز پڑھی اور بدن کو لوگوں کی نگاہوں سے دستار سے آراستہ کیا مگر اس کے دل میں عاجزی پیدا نہ ہوئی پس وہ حجاب میں ہے اور نہ اس کی نماز ہے اور نہ وصال۔

حکیم الامت نے ارشاد فرماتے ہیں:

تیری نماز بے سرور تیرا امام بے حضور
ایسی نماز کو تو چھوڑ ایسے امام سے تو گزر

اور ایسی نماز تو احسان کے مقام سے بھی محروم رہتی ہے۔ دین اسلام کا مطلوب و مقصود ایسی نماز ہرگز نہیں جو اپنے نتائج و ثمرات سے عاری ہو۔ مشیت الٰہی تو ایسی نماز کا تقاضا کرتی ہے جو اپنے نتائج و ثمرات سے مزین اور نماز رحمانی ہو۔ جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

الانبیاء والاولیاء یصلون فی قلوبھم دائمون۔[۵]

انبیاء و اولیاء ہمیشہ حضور قلب سے نماز پڑھتے ہیں یعنی نماز رحمانی پڑھتے ہیں۔

جس میں ان کی کیفیت یہ ہوتی ہے جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

صلوٰۃ الانبیاء والاولیاء حبس الحواس وعدد الانفاس[۶]

اولیاء اور انبیاء کی نماز ان کے حواس (غیر اللہ) سے بند کر دیتی ہے۔ اپنی سانسوں کو شمار کرتے ہیں (کہیں غفلت میں نہ گزر جائیں)۔

ایسی نماز کا ثمر وصل الٰہی اور رسائی عالم جبروت تک ہے۔ قدوۃ السالکین حضرت شیخ محی الدین

ابو بکر محمد بن العربی المعاتمی الطائی فرماتے ہیں:۔

پس نماز پڑھنے والا اپنا رتبہ اس طرح جان سکتا ہے کہ آیا وہ نماز میں حق تعالیٰ کا رویت عیانی سے مشاہدہ کرتا ہے کہ نہیں۔ اگر وہ مشاہدہ نہیں کرتا تو اسے اس یقین کے ساتھ نماز پڑھنی چاہیے گویا کہ وہ اسے دیکھتا ہے۔اسی واسطے نبی رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا۔نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک بنائی گئی ہے۔اور آنکھ کی ٹھنڈک صرف محبوب کے مشاہدے سے ہی حاصل ہوتی ہے۔کیوں کہ محبوب کو دیکھنے سے محبّ کی آنکھ میں خنکی پیدا ہوتی ہے۔[۷]

واضح ہوگیا کہ نماز حقیقی ایک شجر ہے۔نہی عن المنکر ،خشوع وخضوع ،حضوریٔ قلب، وصل الٰہی یہ سب اس کا ثمر ہیں یہی نماز کا عرفان ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ یہ دولت عرفان کیسے حاصل ہو۔تو حدیث مبارکہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

من لا شیخ لہ لا دین لہ من لا دین لہ لا عرفان لہ من لا عرفان لہ لا حزب لہ ومن لا حزب لہ لا انس لہ من لا انس لہ لا مولیٰ لہ.[۸]

جس کا شیخ (مرشد) نہ ہو اس کا دین نہیں،جس کا دین نہیں اسے عرفان حاصل نہیں، جسے عرفان حاصل نہیں اس کا صحیح جماعت سے تعلق نہیں،جس کا صحیح جماعت سے تعلق نہیں اس کا کوئی مونس نہیں، جس کا کوئی مونس نہیں اس کا کوئی دوست نہیں۔

الغرض بات واضح ہوگئی کہ عرفان دین کا مرہون منت ہے اور دین شیخ کامل کی غلامی کا رہین منت ہے لہٰذا نماز کے نتائج وثمرات تعلیمات شیخ یعنی تصوف کے رہین منت ہے۔

روزہ:

روزہ اسلام کا تیسرا رکن ہے جس کی فرضیت کے بابت امر الٰہی ہے۔

یایھاالذین اٰمنو کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون.[۹]

اے اہل ایمان! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم متقی بن جاؤ۔

اس کی اہمیت کے بارے میں فرمان محبوب رب العالمین ﷺ ہے۔

الصوم لی وانا اجزی بہ.[۱۰]

روزہ میرے لیے ہے اور میں اس کی جزا ہوں۔

ان حقائق سے واضح ہوتا ہے کہ تقوٰی اور وصل ذات الٰہی روزہ کے نتائج وثمرات ہیں۔ یہی نتائج وثمرات صائم کو روزہ کی حقیقت سے آشنائی عطا کرتے ہیں۔ جس طرح ظاہراً روزہ کھانے پینے، جماع وغیرہ سے پرہیز کرنے کا نام ہے اسی طرح باطناً ذات حقیقی تک رسائی، قیامت کے خوف جنت کی خواہش سے بے نیازی، حاصل کرنا بھی روزہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سالک اپنی سحری یعنی روزہ کی ابتداء بدرجہ معرفت سے کرتا ہے اور افطار یعنی انتہائے روزہ قیامت یعنی دیدار الٰہی سے کرے گا۔ جیسا کہ حدیث پاک میں ہے:

یا عمر صوموا برویتہ وافطر وا برویتہ.[۱۱]

اے عمر! دیدار الٰہی سے روزہ رکھو اور دیدار الٰہی سے افطار کرو۔

ایک اور حدیث مبارکہ میں فرمان محبوب ﷺ ہے:

للصائم فرحتان عند الافطار وفرحۃ عند لقاء ربہ.[۱۲]

روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہیں ایک افطار کے وقت اور ایک دیدار الٰہی کے وقت۔

شیخ الہند امام الصوفیہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مکتوبات شریف میں امام الانبیاء ﷺ کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کو نقل فرمایا ہے آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اے عمر! تمام لوگ روزہ رکھتے ہیں جس میں کھانے پینے اور جماع

کرنے سے پرہیز کرنا پڑتا ہے۔ یہ روزہ حقیقی نہیں مجازی ہے۔
عوام کے روزے میں پہلے روزہ ہے پھر افطار مگر خواص خدا رسیدہ
ہمیشہ روزے سے ہوتے ہیں کسی وقت بھی ان کا افطار نہیں ہوتا کیونکہ
روزہ کے لیے افطار شرط نہیں جبکہ افطار کے لیے روزہ شرط ہے۔''[۱۳]

بات واضح ہوگئی کہ رب محمد ﷺ کی منشاء کے مطابق اہل ایمان کے لیے ایسا روزہ جو حقیقی ہو۔ تقوٰی دیدار الٰہی جس کے ثمرات ہوں۔ اب سوال یہ ہے کہ انسان اپنے مجازی روزے کو حقیقی روزے میں کیسے بدلے۔؟

یقینی بات یہ ہے کہ یہ مقام اس وقت حاصل ہوگا جب ظاہر کے ساتھ ساتھ باطن کی اصلاح بھی ہوگی تو مجاز حقیقت کے ہم آہنگ ہوجائے گا۔ اور باطن کی اصلاح تصوف سے ہی ممکن ہے۔ لہٰذا روزے کی مجازی حیثیت کو حقیقی حیثیت میں بدلنے کے لیے تعلیمات تصوف لازم ہیں۔

زکوٰۃ:

زکوٰۃ دین اسلام کا چوتھا رکن اور صاحب نصاب اور آزاد مسلمان پر فرض ہے۔ از روئے شریعت محمدی دوسو دینار میں سے، پانچ دینار زکوٰۃ دینا فرض ہے۔ فوائد یہ ہیں کہ زکوٰۃ دے کر باقی مال کو پاک کرلیا جائے۔ زکوٰۃ غرباء اور مساکین کے لیے ہے۔ یہ ظاہری زکوٰۃ کا خاکہ ہے۔

اب ذرا حقیقی زکوٰۃ کے احوال بھی ملاحظہ فرمائیں:

۱..... اہل طریقت کے نزدیک دوسو دینار میں سے پانچ دینار اپنے پاس رکھے باقی بطور زکوٰۃ دے دے۔

۲..... چونکہ زکوٰۃ آزاد مسلمان پر فرض ہے لہٰذا سالک کو نفس امارہ کی غلامی سے نجات حاصل کرنا چاہیے تاکہ وہ آزاد مسلمانوں میں شامل ہوکر حقیقی زکوٰۃ ادا کرسکے۔ اسی طرح غفلت، نفسانیت اور بے شعوری سے بھی آزادی ضروری ہے تاکہ وہ معرفت الٰہی کے شعور و فکر کا مالک ہوکر حقیقی زکوٰۃ ادا کرسکے۔

۳..... جس طرح زکوٰۃ ظاہری دنیا کے مال و متاع پر لاگو ہے اسی طرح زکوٰۃ گنج الٰہی کے خزانوں پر لاگو ہے۔ چونکہ اہل معرفت کے دل راز الٰہی کے خزانوں سے معمور ہوتے ہیں لہٰذا ان پر لازم

ہے کہ وہ عرفان کے حقیقی خزانوں میں سے رب لم یزل کے رازوں کی زکوٰۃ گمراہوں، بے سمجھ، نادانوں کو عنایت کریں، گمراہی میں سرگرداں، حیران و پریشان لوگوں کی رہنمائی فرمائیں کیونکہ حقدار کو اس کا حق دینا ہی عین زکوٰۃ ہے۔[۱۴]

چونکہ اسلام فطری اور آفاقی دین ہے، انسان کے ظاہر و باطن کو ہم آہنگ کرنا دین متین کا مقصد اور منشاء نبوت و رسالت ہے تاکہ انسان ظاہر کے ساتھ ساتھ باطنی طور پر بھی صاحب نصاب ہو جائے۔ اسی لیے تو محبوب کریم ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کی تربیت میں دونوں پہلو رکھے۔ ان کو ظاہری تعلیمات کے ساتھ ساتھ باطنی تعلیمات سے بھی آراستہ و پیراستہ کیا گیا تاکہ منشاء نبوت اور منشاء ایزدی کی تکمیل ہو سکے۔ چونکہ باطنی تعلیمات ہی تصوف کا دوسرا نام ہے۔ لہٰذا جب تک اعمال میں تصوف شامل نہیں ہوتا اعمال میں حسن، خلوص اور حقیقت کا رنگ نہیں بھر سکتا۔

حج:

حج دین اسلام کا پانچواں رکن ہے ہر صاحب استطاعت مسلمان پر فرض ہے۔ فرمان رب ذوالجلال ہے:

وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا۔[۱۵]

اور اللہ (کی رضا) کے لیے لوگوں پر فرض ہے کہ وہ بیت اللہ کا حج کریں وہ جو اس کی راہ میں استطاعت رکھتا ہو۔

حج کا ظاہری مقصود یہ ہے کہ سفر و حضر کی صعوبتوں کو برداشت کرتا ہوا انسان مکہ معظمہ پہنچے۔ مقام ابراہیم، حجر اسود، خانہ کعبہ کی زیارت کرتے ہوئے مناسک حج ادا کرے اور اپنے گناہوں سے خلاصی حاصل کر لے اور بارگاہ ربوبیت میں مقام محبوبی حاصل کر لے۔ جبکہ حقیقی حج کا مقصود یہ ہے کہ انسان اپنی ہستی اور خودی کو اس طرح مٹا دے کہ ہستی کا ذرہ بھر بھی باقی نہ رہے۔ یہاں تک کہ ظاہر و باطن ایک ہو جائے اور انسانی دل صفات الٰہی کا امین بن کر صاحب دل کو آیت من آیات اللہ بنا دے۔ اسے ذات حق کا مظہر بنا دے۔ اگرچہ حج میں انسان بیت اللہ کی زیارت کا قصد کرتا ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ حقیقی بیت اللہ یعنی اللہ کا گھر کونسا ہے؟

جان لیں کہ حقیقی بیت اللہ انسان کامل کا دل ہے۔ جیسا کہ فرمان رسول ﷺ ہے۔

قلب الا نسان بیت الرحمن.[۱۶]

انسان کا دل رحمٰن کا گھر ہے۔

دوسری جگہ ارشاد محبوب باری ﷺ ہے۔

قلب المؤمنین عرش اللّٰہ تعالیٰ.[۱۷]

مؤمنین کا دل اللہ کا عرش ہے۔

اس کی وجہ کیا ہے؟ عارفین فرماتے ہیں:

قلب ازنور وحدت گشت پیدا
نہ از مادر پدر باشد ہویدا
نہ از باد و نہ آتش آب و خاکی
قلب نور بست قدرت شد ز پاکی

چونکہ قلب کی تخلیق نور وحدت سے ہے لہٰذا دل قدرت کا نور ہے۔ اور صاحب دل قدرت کا مظہر ہے اس لیے یہ عرش ولوح وقلم کرسی سے بھی افضل ہے۔ بقول حبیب قیوم مفتی عشق مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ:

طواف کعبہ دل کن اگر دلے داری
دلے است کعبہ اعظم تو گل چہ پنداری
کہ عرش و کرسی و لوح و قلم فزوں باشد
دلے خراب کہ او را نہ ہیچ نہ شماری

اور حافظ شیرازی فرماتے ہیں:

دل کعبہ اعظم است بکن خالی از بتاں
بیت المقدس است مکن جائے دیگراں

اور اگر ایسا صاحب دل مل جائے تو پھر شیخ الکاملین خواجہ بوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

بگرد کعبہ کے گردم کہ روئے یار من کعبہ
کنم طواف میخانہ ببوسم پائے مستاں را

کیونکہ جب انسان حقیقی حج کی طرف مائل ہوتا ہے تو وہ اپنے دل میں جلوۂ محبوب کو دریافت کرنے کے لیے مشقتوں، ریاضتوں سے گزرتا ہوا نگاہ مرشد کا مرکز بننے کے لیے اطاعت وفرمانبرداری کا کلاوہ زیب گلو کرتا ہے تو پھر وہ اس مقام پر فائز ہوتا ہے جس کی طرف اشارہ مولائے روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

دل بدست آور کہ حج اکبر است

از ہزاراں کعبہ یکدل بہتر است

الغرض حج کامل وہی شمار ہوتا ہے جس کا ظاہر بھی حقیقت کے رنگ سے رنگین ہو جائے تو حج کی عبادت کے مفہوم کے تقاضے مکمل ہو جاتے ہیں اس کی تکمیل کے لیے متفکر ہونے کی ضرورت نہیں۔ جس طرح اس عبادت کی ظاہری تکمیل کے لیے ظاہری احکامات یعنی نظام شریعت، اس کی حقیقی تکمیل کے لیے نظام تصوف موجود ہے۔ ان دونوں نظاموں کا باہمی اشتراک Combination ہی انسان کو منزل مقصود سے ہمکنار کر سکتا ہے۔

پس یہ بھی واضح ہو گیا کہ اعمال میں حسن، خلاص للّٰہیت نظام تصوف کی ضرورت ہے۔ اس نظام سے الگ ہو کر انسان اپنے اعمال یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی حقیقت، سرور لذت اور چاشنی سے محروم رہتا ہے۔ اور اس کے اعمال پایہ تکمیل کو نہیں پہنچتے۔

مذکورہ بالا تحریر سے یہ بات واضح ہو گئی کہ مذہبی اعمال یعنی ارکان اسلام اس وقت تک نافع اور اپنی حقیقت تامہ کو نہیں پہنچ سکتے جب تک ان کی ادائیگی کے لیے علوم شریعہ کے ساتھ ساتھ علوم تصوف کو شامل نہ کیا جائے اور ان اعمال کے نتائج وثمرات درحقیقت تصوف کے ہی رہین منت ہیں۔ اب عاجز کے خیالات شکستہ کا موضوع ہے۔

دینی نقطہ نظر سے تصوف کی ضرورت اور اہمیت سب سے پہلے لفظ دین کو دیکھتے ہیں کہ دین کیا ہے؟ دین عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معانی مذہب، پنتھ، حساب اور بدلہ دینے کے ہیں۔

(فیروز اللغات، ص ۴۸۵، قاموس، ص ۲۷۲)

لفظ دین فارسی زبان میں بھی مستعمل ہے جس کے لغوی معانی ایک فرشتہ کا نام، ہر شمسی مہینے کی چوبیسویں تاریخ (فیروز اللغات، ص ۴۸۵)

ہمارا زیر بحث موضوع یعنی دین حنیف بمعنی اسلام ہے اور قرآن مجید میں رب محمد ﷺ نے

دین کے معانی ملک یوم الدین (سورۃ فاتحہ:۳) میں دین بمعنی بدلہ اور دوسری جگہ حکم ربانی ہے:

ورضیت لکم الا سلام دینا (سورۃ المائدہ:۳)

میں نے تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کیا۔

لہٰذا اس مضمون میں دین سے مراد دین حنیف یعنی اسلام ہی ہوگا باقی معانی ہمارے موضوع سے خارج ہوں گے اگر ہم علم دین کے اجزاء پر غور کریں تو حدیث جبرائیل سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ علم دین تین علوم کا مرکب ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

حضرت عمر ابن الخطاب فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر تھے کہ ایک شخص آیا جس کے کپڑے بہت زیادہ سفید اور اسکے بال بہت زیادہ سیاہ تھے اس پر سفر کے آثار نہ تھے۔ ہم میں سے کوئی اسے پہچانتا نہ تھا وہ دوزانو ہو کر نبی کریم ﷺ کے سامنے یوں بیٹھ گیا کہ اس نے اپنی دونوں ہتھیلیاں سرکار دو عالم کے زانوئے اقدس پر رکھ دیں اور بولا اے محمد (ﷺ) مجھے اسلام کی خبر دیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اسلام یہ ہے کہ تو گواہی دے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں تو نماز ادا کرے۔ زکوٰۃ ادا کرے، رمضان المبارک کے روزے رکھے اگر تمہیں استطاعت ہو تو بیت اللہ کا حج کرے وہ بولا یارسول اللہ آپ نے سچ فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں بڑا تعجب ہوا کہ خود ہی یہ شخص سوال کرتا ہے اور خود ہی تصدیق کرتا ہے وہ شخص پھر بولا اے نبی اللہ (ﷺ) مجھے ایمان کی خبر دیں آپ (ﷺ) نے فرمایا ایمان یہ ہے کہ تو اللہ اور اس کے فرشتوں کتابوں اور رسولوں پر ایمان رکھے یوم آخرت اچھی اور بری تقدیر منجانب اللہ پر ایمان رکھے وہ شخص بولا آپ (ﷺ) نے سچ فرمایا اس نے کہا کہ مجھے احسان کے بارے میں خبر دیں آپ (ﷺ) نے فرمایا کہ تو اللہ کی عبادت ایسے کر کہ گویا خدا کو دیکھ رہا ہے اگر ایسا نہ ہو تو پھر ایسا ہو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

(صحیح البخاری ج ۱، ص ۱۲ ا سا النسائی باب الایمان مشکوٰۃ شریف، بابا لایمان)

قارئین محترم! اس حدیث مقدسہ میں تین امور کے متعلق سوال و جواب ہوئے۔

اوّل.....اسلام

دوم.....ایمان

سوم.....احسان

شارحین دین نے ان اخبار ثلاثہ کو علوم کے مندرجہ ذیل شعبوں میں تقسیم کیا ہے۔
ایمانیات کے علم کو علم العقائد، اعمال کے علم کو علم الاحکام، احسان کے علم کو علم الارض
مندرجہ بالا حدیث مبارکہ کا ایک حصہ علم العقائد کے متعلقہ ہے۔ اور ایک حصہ علم الاحکام کے متعلقہ ہے۔ جبکہ ایک حصہ علم الارض کے متعلقہ ہے۔

قارئین محترم! یاد رہے کہ دین اسلام کا شعبہ علم العقائد ہی اسلام کی اصل یعنی جڑ ہے یہی شعبہ اسلامی عقائد کو مختلف فکری اور نظریاتی کجروی کے عوارض سے محفوظ کر کے عقائد حقہ سے ٹکرانے والے ہر باطل نظریے کا بطلان کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ عقائد کی درستگی صحت پورے دین میں مقدم ہے۔

یہ شعبہ جس قدر راسخ اور علی وجہ التحقیق ہوگا دین اسی قدر مضبوط اور اہل دین اتنے ہی اللہ جل مجدہ کے ہاں مقرب اور قابل قدر ہوں گے۔ کیونکہ دین میراث نہیں ہے تکمیل شعور اس شعبہ سے انسانی فکر و عمل ندرت کردار کے سوتے پھوٹتے ہیں۔

علم الاحکام:

دین کا دوسرا شعبہ علم الاحکام ہے یہ انسان کے اعمال پر بحث کرتا ہے یہی شعبہ اعمال یعنی اوامر و نواہی کے درجات قائم کر کے ان کو فرائض و سنن واجبات و مستحبات مکروہات و حرام کی اصطلاحات بیان کرتا ہے یہ شعبہ شریعت محمدی ﷺ کا قانونی شعبہ بھی ہے۔ اس شعبے کی حقیقت و حیثیت بھی مسلمہ ہے۔

اگر دین مثل شجر طیبہ تصور کر لیا جائے تو علم العقائد اس شجر طیبہ کی جڑ اور علم الاحکام اس کا تنا کہلائے گا۔ حضور شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

> مؤمن کے لیے ہر حالت میں تین باتیں لازم ہیں اوّل یہ کہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی پیروی و فرمانبرداری دوئم جن امور سے رب محمد نے منع فرمایا ان سے باز رہے، سوئم یہ کہ قضائے الٰہی پر راضی رہے۔ (فتوح الغیب از سید عبدالقادر جیلانی، ص ۷) صلی اللہ علیہ وسلم

یہی شعبہ مسلمانوں کو ان کے تخلیق کے مقاصد حسنہ سے بھی آگاہ فرماتا ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں رب محمد ﷺ کا فرمان عالیشان ہے:

هو الذی خلق الموت والحیوٰۃ لیبلوکم احسن عملا

وہ ذات جس نے زندگی اور موت کو پیدا کیا کہ آزمائے تمہیں تم میں سے اچھے اعمال کون کرتا ہے

اسی شعبہ کو فن کی اصطلاح میں علم الفقہ بھی کہتے ہیں۔ بخوف طوالت فقہ کی اہمیت وافادیت جو کہ مسلمہ حقیقت ہے سے صرف نظر کرتے ہوئے دین کے تیسرے شعبہ کی بات کرتے ہیں۔

علم الارض:

جب عقائد ونظریات اور احکامات سے آگاہی مل جاتی ہے تو علم الاخلاص کو سمجھنے کی راہ آسان ہو جاتی ہے علم الاخلاص سے آگاہی کے لیے حدیث کو سمجھنے کی راہ آسان ہو جاتی ہے علم الاخلاص سے آگاہی کے لیے حدیث رسول ﷺ ہر وقت پیش نظر رہنی چاہیے۔ انما الاعمال بالنیات (صحیح بخاری، ج اول، ص ۲) ''اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔''

جس طرح اعمال کی قبولیت کے لیے عقائد کی صحت لازم وملزوم ہے بعینہ اعمال وافعال کی قبولیت کے لیے نیت کی درستگی بھی لازم ہے آغاز فعل یا دوران فعل قلب وذہن کے کسی گوشے میں بناوٹ ریا کاری اغراض دنیوی کا تصور ماسوا اللہ کا صنم خانہ آباد ہو جائے تو اس حالت میں کیا جانے والا عمل خواہ وہ کتنا ہی محمود کیوں نہ ہو مردود ہو جائے گا اگر عمل کا آغاز وانجام سراسر خلوص، حسن نیت پر مبنی ہو تو معمولی سا عمل بھی محمود ومقبول ہوگا اسی حسن نیت کو احسان یا اخلاص کہا جاتا ہے اخلاص نظام دین میں نیتوں کا اصلاح اور صحت کا ذمہ دار ہے یہ شعبہ بصارت وعدالت کے حوالے سے نہیں پہچانا جاتا بلکہ روحانی اور قلبی جذبات وکیفیات ہی اس کا میزان ہیں اور رب محمد ﷺ حقیقی اور ذاتی طور پر اس کیفیت وحالت سے بدرجہ اتم آگاہ وباخبر ہے۔

فرمان رب ذوالجلال ہے

ان اللہ علیم بذات الصدور

بے شک اللہ سینوں کے رازوں کا علیم ہے۔

اور فرمان محبوب رب العالمین ہے۔

ان اللّٰہ لا ینظر الی صور کم و اموالکم ولکن ینظر الی
قلو بکم و اعمالکم

بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور اموال کو نہیں دیکھتا بلکہ
تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

قارئین محترم! جس طرح علم العقائد فنی صورت اختیار کر لینے سے علم الکلام، علم الاحکام فنی صورت میں علم الفقہ کہلاتے ہیں بعینہ علم الاخلاص یا علم الاحسان مستقل فن کی صورت اختیار کر لینے سے علم التصوف یا علم الطریقت کہلاتا ہے جیسا کہ امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں دوسری حیثیت ان اعمال کی یہ ہے کہ ان کے وقوع یا ترک سے تزکیہ نفس حاصل ہوتا ہے اور ملکات باطنیہ کی نشو ونما ہوتی ہے اس بارے میں اہم بات یہ ہے کہ ان ملکات کا آدمی کو پورا علم ہو کہ اعمال کیسے ان کے حصول اور استحکام کا موجب ہوتے ہیں اس کی بنیاد زیادہ تر وجدان پر ہے ان کے متعلق حکمت تشریعہ کا تقاضا ہے کہ قسم کے معارف کو خود شخص مکلف پر محمول کیا جائے بہر حال پہلی حیثیت سے اعمال کے متعلق بات کرنے کا نام علم الشرائع ہے دوسری حیثیت سے ان پر بحث وتمحیص کی جائے تو اس کا نام علم الاحسان ہے جس کا دوسرا نام علم التصوف ہے اسی طرح آپ دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں:

تصوف وطریقت بھی اسلام کا ضروری حصہ ہیں جسے نبی کریم ﷺ
نے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بھی اسے احسان ہی کہا۔

مندرجہ بالا دلائل سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ دین کے تین شعبے ہیں اور یہ تینوں شعبے باہم اس طرح منسلک ومربوط ہیں کہ ایک دوسرے کی تقویت واستحکام کا باعث ہیں اور ان کا باہمی ربط وضبط اس قدر استوار ہے کہ ایک کے بغیر دوسرے کا کوئی تصور ہی نہیں حسن اتفاق ایسا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے دین محمدی کو تین شعبوں میں تقسیم فرمایا تو دین متین کے محافظ انبیاء کے جانشین مسند دعوت وارشاد کے وارثوں کو بھی تین طبقات بنا دیئے ہیں جنہوں نے اپنے فرائض اس طرح ادا کیے کہ اگر اسلامی عقائد کسی ناہنجار کے حملہ کی زد میں آئے تو علماء ومتکلمین اپنے علمی دلائل اور مسکت جواب کی ڈھال لے کر پیکر برسر پیکار ہوئے۔

اگر احکام واعمال پر کوئی وارد ہوا تو محدثین وفقہاء میدان کارزار میں اترے اگر باطنی احوال اور

نیتوں میں خلل پیدا کرنے کے لیے کوئی راجو میدان میں آیا تو صاحبان تصوف واہل طریقت میدان عمل میں موجود ہوے علی ھذا القیاس جس طرح دین متین کے تینوں شعبے ایک لڑی میں پروے ہوے ہیں اور باہم مربوط ومنسلک ہیں اسی طرح تینوں طبقے بھی باہم مخالف ومتصادم نہیں ہوسکتے بشرطیکہ دیکھنے والے کی نظر میں تضاد وتصادم کے عناصر موجود نہ ہوں پیارے صاحبو دین متین کا تیسرا شعبہ احسان یا علم التصوف کی تصویر کا ایک اور رخ ملاحظہ فرمائیں محبوب رب کائنات نے ارشاد فرمایا:

تم عبادت خداوندی ایسے کرو کہ تم حسن مطلق کے جلووں کے نظاروں
میں گم ہو اگر اس اعلیٰ کیفیت کو نہ پہنچ سکو تو کم از کم اتنا تصور ضرور ہو کہ
وہ علیم وبصیر خدا تمہیں دیکھ رہا ہے۔

یہی وہ نقطہ ہے جو انسان کے قلب وذہن میں راسخ ہو جائے تو انسان کو ماسوا اللہ سے بے نیاز کر دیتا ہے اور اسے الی اللہ اور مع اللہ کی کیفیتوں سے لذت آشنا کرتا ہے بقول حکیم الامت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

کرتی ہے دو عالم سے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذت آشنائی

اعلیٰ مفہوم اس عبارت کا یہ ہے کہ دوران عبادت مشاہدہ حق کا تصور ہو جسے صوفیہ کی اصطلاح میں مشاہدہ قلب کہا جاتا ہے جس کی تائید حدیث نبوی ﷺ سے یوں ہوتی ہے کہ

من عرف نفسه فقد عرف ربه

جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ اس جملہ کے دو حصہ ہیں فان لم تکن الگ ہے اور تراہ الگ ہے فان لم تکن شرط ہے اور تراہ اس کی جزا ہے۔

گویا فرمان نبوی ﷺ کا منشاء یہ ہوا کہ فان لم تکن اگر تم نہ رہو یعنی تم فنا ہو جاؤ تمہاری ہستی تمہارے وجود کا حجاب اٹھ جائے تو اس کی جزا یہ ہوگی تراہ تم اس کو دیکھ لوگے تمہیں مشاہدہ حق حاصل ہو جائے گا الغرض جو شئے بندے اور ذات خداوندی کے درمیان حجاب ہے وہ بندے کی اپنی ذات کا حجاب ہے جب تک یہ حجاب نہیں اٹھتا تو بندہ مشاہدۂ حق سے ہمکنار نہیں ہوتا بقول حضرت اقبال رحمۃ اللہ علیہ

شہود کیسے حاصل ہو اسے زمانے میں
وجود جس کا نہیں جذب خاک سے آزاد

چونکہ صرف ذات الٰہی کے لیے بقا روا ہے اور بندے کا وجود، ذات سب فانی اس لیے جب تک وہ اپنی ذات فانی کے پنجرے میں قید ہے اس وقت تک اسے بقا کی منزل ہاتھ نہیں آئے گی اور نہ ہی حسن مطلق کے نظاروں میں وہ گم ہونے کی استطاعت سے بہرہ ور ہوسکتا ہے لہٰذا جمال محبوب کے نظاروں کی خاطر اپنی ذات اپنی انا اپنا وجود سب کچھ فنا کر کے فان لم تکن کی منزل سے گزرنا پڑے گا تب جا کر تـــراہ کی منزل سے آشنائی مل سکتی ہے بقول سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی والی اجمیر شریف:

دلا بحلقہ رندان بزم عشق در آ
کہ جرہ شراب بقا دہند ترا
اگر بقا طلبی اولت فنا باید
کہ تا فنا نشوی رہ نمی بری ببقا

اور حضرت اقبال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

کرا جوئی کرا در پیچ و تابی
کہ او پیدا ست تو زیر نقابی
تلاش خود کنی جزا و نیابی

آخر میں فیصلہ باشعور قارئین پر چھوڑتا ہوں دین کا وہ حصہ جو عقائد واحکام میں تضرع، خشوع، خضوع، خلوص واحسان پیدا کرے اور شعبہ جو اعمال میں لذت پیدا کر کے اعمال وافعال کو منزل مقصود سے آشنا کرے وہ شعبہ جو دین کا ایک تہائی حصہ ہوا سے دین سے جدا کر دینا یا جدا سمجھنا یا اس کی اہمیت کو فراموش کر دینا دین کے ساتھ زیادتی نہیں؟ کیا سلیم الطبع اور حلیم الطبع شخص کے لیے تصوف وطریقت کو عقائد واحکام سے جدا کرنا ممکن ہے؟

پیارے صاحبو! خوب جان لو کہ جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ اساس دین کو کمزور کرتے ہیں عمارت

دین کے ستونوں کو مسمار کرنے کا ارتکاب کرتے ہیں اور دین کے باغیوں کے زمرے میں شمار ہوتے ہیں اللہ رب العزت ہمیں ایسے لوگوں کے شر سے بچائے۔

(آمین ثم آمین بجاہ نبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم)

☆.....☆.....☆

حواشی

۱.....سورۃ العنکبوت، ۴۵

۲.....سورۃ المؤمنون، ۲،۱

۳.....سنن دارمی، ج ۲، ص ۲۱۷، مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۴.....مصنف امام عبدالرزاق، ص ۲۲۸، مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۵.....سنن دارمی، ج ۲، ص ۲۲۸، مکتوب خواجہ معین الدین چشتی

۶.....مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۷.....فصوص الحکم ترجمہ حافظ برکت اللہ، ص ۴۳۸

۸.....مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۹.....سورۃ البقرہ، ۱۸۳

۱۰.....مشکوٰۃ المصابیح کتاب الصیام

۱۱.....مکتوب خواجہ معین الدین چشتی

۱۲.....مشکوٰۃ شریف باب کتاب الصیام

۱۳.....مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۱۴.....مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۱۵.....سورہ آل عمران، ۹۷

۱۶.....مکتوب خواجہ معین الدین چشتی موسوم بہ اسرار حقیقی

۱۷.....طحاوی شریف، ج ۲، ص ۱۷۷

☆.....☆.....☆


الحق
الحق
الحق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تبلیغِ دین واشاعتِ تصوف میں خواجہ بہاء الدین نقشبند کا کردار

پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف سیالوی

☆☆

تاریخِ تصوّف اور روحانی انقلابی تحریکوں میں سلسلہ نقشبندیہ کا عظیم الشان کردار ہے۔ عالمِ اسلام از غرب تا شرق اس سلسلہ کے کامیاب روحانی تجربات کا شاہد ہے۔ گیارہویں صدی میں اس سلسلہ کی سرگرمیاں تمام بلادِ اسلامیہ تک پھیلی ہوئی تھیں۔ خواجہ ہاشم کشمی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مؤسس شاہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کی فیض رسانیوں کے بارے میں فرماتے ہیں:

> ''ماوراء النھر کے تمام تشنہ لب آپ رحمۃ اللہ علیہ کی رحمت خاص کی نہر سے سیراب، ترکستانیوں کے دل آپ رحمۃ اللہ علیہ کے جذبہء اخلاص سے ترکتاز، کاشغر والوں کی مشام جاں آپ کی نافہء نسبت روح سے معطر، ختن والے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے آفتاب ہدایت سے منور، ساکنانِ عراق کی عروقِ جان آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاص کی حبلِ متین سے مضبوط و متیقن، شام والوں کے دل آپ رحمۃ اللہ علیہ کی چودھویں رات کی روشنی سے روشن، مصر آپ رحمۃ اللہ علیہ کی برکات کی مٹھاس سے شیریں کلام، اھلِ روم بحکم آیہ ''اذا غلبت الروم'' آپ رحمۃ اللہ علیہ کے مغلوب محبت، سیستان زابلستان میں

آپ کی شہرت و ناموری ایسی گویا نصف النہار کا سورج، کابل و کشمیر
آپ رحمۃ اللہ علیہ کے رخسار مبارک سے رشک باعث ارغوانی
وزعفران زار، اہل مملکت ہندوستان مانند طوطئ شیریں مقال آپ
رحمۃ اللہ علیہ جیسے تاج الرجال کی مدحت میں نغمہ سنج ہیں''۔ [۱]

یہ حقیقت ہے کہ سلسلہ نقشبندیہ میں قلب وروح کی پاکیزگی کا مربوط قابل عمل نظام موجود ہے۔اس کی افادیت، نتیجہ خیزی اور جامعیت آج کے بھٹکے ہوے، مادیت پرستی کی دلدل میں دھنسے ہوے پریشان فکر انسان کیلئے امید افزا اور مژدۂ جانفزا ہے۔اس ادارہ نے ''قصر عارفاں'' سے روحانی شخصیات کی ایک بڑی کھیپ تیار کی، ان کے دلوں کی کائنات یادِالٰہی سے آباد ہوگئی۔ پیشانیاں سجدوں کی لذّت سے آشناء ہوئیں، آہ سحر گاہی اور گریہ ہائے نیم شبی کی روایات نے جنم لیا، روحانی برادری اور انسان دوستی کی قدروں کو عروج ملا، اور معاشرہ میں اخلاص ومودّت کی بہار آئی۔ یہ صوفیاء کا ہی طبقہ ہے جس نے ہر دور میں دکھی دلوں کو سہارا دیا۔نفرتوں کے اندھیروں میں محبت کے دیپ جلائے، انتہاء پسندی اور تشدّد کی فضاء میں اعتدال اور رواداری کی مثالیں قائم کیں۔ڈاکٹر عبدالحسین زرّیں کوب کی رائے بڑی مصائب ہے، لکھتے ہیں:

''در دورہ کہ فتوحات اسلام خاتمہ یافتہ وبسبب ضعف وفتور خلفاء
وسلاطین غزوہ و جہاد در امر نشرِ اسلام توفیقی نداشت متصوفہ در ترویج
اسلام اہتمام کردند چنانکہ تاثیر وجودِ مشائخ چشتیہ، شطاریہ ونقشبندیہ در
نشر وبسط اسلام بین ہندواں واقوام دیگراں بہ مراتب بیش از تاثیری
بود کہ غازیاں مجاہداں سابق درایں موارد داشتہ اند ترویج برادری در
بین مسلمین وتمسک بہ اخوت واقعی ورعایت مواساۃ وایثار راز امور
یست کہ رنگِ خاص بہ تربیتِ صوفیہ وتشکیلاتِ سلاسل وخوانق آنہا دادہ
است در احوال واخبار صوفیہ مکرّر است کی یاراں طریقت دوستاں
را بہرہ مندی از مال خود مقام داشتہ اند''۔ [۲]

اس مہتم بالشان سلسلہ صوفیا کے مؤسس اور بانی کا اسم گرامی محمد بن محمد البخاری تھا۔کنیت بہاء الدین اور لقب نقشبند تھا۔۴ر محرم ۷۱۸ھ بروز دوشنبہ وقت بعد نماز عصر بخارا سے ایک فرسنگ دور ''قصر عارفاں'' میں پیدا ہوئے۔سلسلۂ نسب پچیس واسطوں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ حضرت امام حسن عسکری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں سے تھے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کے دادا پیر حضرت خواجہ محمد بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ جب بھی ''قصرِ عارفاں'' سے گزرتے تو فرماتے:

''مجھے یہاں سے ایک مردِ حق کی خوشبو آتی ہے''۔

چنانچہ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت ہوئی تو آپ کے والد گرامی نے اس فرزند کو حضرت خواجہ بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں پیش کر دیا۔حضرت خواجہ بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ نے بکمال شفقت انہیں اپنی فرزندی میں قبول کر لیا۔روحانی تربیت کا اہتمام خواجہ محمد بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ نے ابتداء میں تو خود کیا، پھر انہیں اپنے خلیفہ اکبر خواجہ سیّد امیر کلال کے سپرد کیا اور تاکید اً فرمایا:

''میرے اس بیٹے کی تربیت اور شفقت میں کوئی کمی نہ چھوڑنا''۔

حضرت سید امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۲ر رجب ۷۴۲ھ بروز چہار شنبہ وقت عصر خلافت سے نوازا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کی یہ نسبتِ طریقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ بواسطہ حضرت قاسم بن ابی بکر رضی اللہ عنہ سے ملتی ہے، اویسی طریقہ میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ سے فیض پایا۔[۳] وصال ۱۵ر جمادی الاولی ۷۹۱ھ کو ہوا۔مزارِ مبارک بخارا جدید میں ہے۔خواجہ علاء الدّین عطار، خواجہ محمد پارسا، خواجہ علاء الدین غجدوانی، خواجہ مولانا یعقوب چرخی علیہم الرحمۃ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء کبار ہیں۔[۴]

آپ رحمۃ اللہ علیہ ''نقشبند'' کے لقب سے معروف ہیں۔اس بارے میں متعدد روایات ملتی ہیں، ایک رائے کے مطابق نقشبند کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد مکرم کخواب بانی کرتے تھے اور اس پر نقش ونگار کرتے۔یوں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام نقشبند مشہور ہو گیا۔ دوسری وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ سعادت بخشی تھی کہ پہلی ہی صحبت میں سالک کے دل سے ماسوٰی کا نقش مٹا کر اللہ تعالیٰ کا نقش دل پر جما دیتے تھے۔اہلِ سلوک فرماتے ہیں کہ ''نقشبند لقب از جانب غیب اور آسمانی تھا''۔متذکرہ دونوں وجہیں درست ہیں:

ایک یہ کہ جب کسی طالب کو ذکر قلبی کی تعلیم فرماتے تو اس کے قلب پر اللہ کا نقش بٹھا دیتے تھے، اور یہ اس قدر قوی ہوتا کہ عوارضِ قلیلہ سے زائل نہ ہوتا۔ دوسرا یہ ہے کہ آپ ابتداء میں ہر مریدِ رشید کے قلب کے آئینہ پر کامل تصرف اور توجہ سے نقوشِ کونیہ کی راہ بند فرما دیا کرتے تھے، اور اس طرح صورتوں کا نقش ذکر قلبی میں مخل نہ ہوتا۔ [۵]

خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ خلقِ نبوی کا شیوہ اپناتے ہوئے مہمانوں اور درویشوں پر خرچ کرنے میں بڑی سعی فرماتے تھے۔ خود بہ نفسِ نفیس مہمان اور اس کی سواری کی خدمت کرتے۔ مزاج کی اس لطافت کے باوجود کہ سورج چمک رہا ہوتا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ زراعت میں سعی بلیغ فرما رہے ہوتے۔ [۶]

مؤلف ''نسمات'' لکھتے ہیں:

> ''ابتداء میں تو حضرت خواجہ کے مزاج میں اتنا خشوع اور خاکساری تھی کہ قوتِ بشری سے بھی بعید، یہاں تک کہ زخمی خارش زدہ کتے کو بھی دیکھ لیتے تو' جبکہ دوسرے لوگ اس کے پاس جانا بھی پسند بھی نہ کرتے، آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے دستِ مبارک سے اسے دھوتے اور اس پر مرہم رکھتے''۔ [۷]

اتباعِ سنت، عزیمت پر عمل اور بدعات سے احتراز، آپ کی نمایاں خوبیاں تھیں۔ حضرت خواجہ بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں ہدایات دیں تو فرمایا:

> ''در ہمہ احوال قدم بر جادہ امر و نہی و عمل باعزیمت و سنت بجا آوری دا زرخصت ہا و بدعت ہا دور باشی و دائما احادیث مصطفیٰ ﷺ را پیشواری خود سازی و متفحص و متجسس اخبار و آثار رسول ﷺ و صحابہ کرام رضی اللہ عنہ او باشی''۔ [۸]

بقول حضرت خواجہ محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ آپ اتباع سنت میں جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، اور جذبہ میں بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کے مثل تھے۔ [۹] دوسرے لفظوں میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کو جذبہ و طریق کمال حضرت بایزید رحمۃ اللہ علیہ سے وراثت میں ملا، اور صحو حضرت خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت سے پہنچا۔ ہمیشہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے عمل کی بنیاد

''عزیمت واتباع سُنت'' پر رہی۔ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ کی روحانیت نے ابتدائی سلوک وہدایت جذبہ ہی میں آپ کو اس کا حکم فرمایا تھا کہ ہر حال میں سُنت وعزیمت کی رسّی کو پکڑے رہیں، اور بدعت سے کلیۃً دور رہیں۔ اور دیندار علماء سے احادیث رسول ﷺ اور حضرات صحابہ کرام کے آثار برابر دریافت کرتے رہا کریں۔[10] ایک بار کسی نے دریافت کیا کہ آپ کو کس چیز سے شناخت کریں اور کیسے پہچانیں؟ فرمایا:

''طریقہ ما عروۃ الوثقیٰ است چنگ در ذیل متابعت حضرت رسالت ﷺ زدن است واقتداء بآثار صحابہ کرام کردن است''۔[11]

حضرت خواجہ نقشبند کے ملفوظات جو آپ کے خلفاء نے مرتب کیے اور مشائخ سلسلہ جنہیں سینہ بہ سینہ روایت کرتے چلے آرہے ہیں۔ تربیت وسلوک کے باب میں مینارۂ نور ہیں فرمایا:

''مقصود از ذکر آنست کہ بہ حقیقت کلمہ توحید برسد حقیقتِ حکم آنست کہ از گفتنِ ماسوی بہ کلّی نفی شود''۔[12]

فرمایا:

الایمان عقد القلب بنفی جمیع ما تولهت القلوب الیه من المنافع و المضار سوىٰ الله تعالىٰ.[13]

سلسلہ نقشبندیہ اور اصولِ تربیت کے موضوع پر خواجہ نقشبند کے حوالے سے مطالعہ پیش کیا جاتا ہے۔ حضرت نورالحسن المعروف نورمیاں فرماتے ہیں:

''بزرگانِ نقشبندیہ میں نسبت صدّیقی کا ظہور ہے۔ لہٰذا یہ طریقہ اقرب الطرق اور سہل الوصول بہت ہے، کہ معلومات صدّیقی شاہد اس معنی کے ہیں، اور نسبتِ صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ابراہیمی تھی، اور ضمنیت کبریٰ حاصل تھی کہ: ''مَاصَبَّ اللّٰہُ فِیْ صَدْرِیْ شَیْئاً اِلَّا صَبَبْتُہٗ فِیْ صَدْرِ اَبِیْ بَکْرٍ'' لہٰذا القائی سینہ بہ سینہ حضرات نقشبندیہ سے شائع ہوا اور نسبت معیت روشن ہوئی''۔[14]

اس بیان میں اس امر کی وضاحت ہے کہ ہر صوفی سلسلہ کی حقیقت نسبت ولایت ہے جو حضور سرور عالم ﷺ کے ساتھ قائم ہوئی ہے۔ چونکہ تصوف میں اخلاق فاضلہ کی تصحیح صرف اتباع سرکار الانبیاء ﷺ سے ہو سکتی ہے، اس لئے کہ آپ ﷺ کی فردیت کامل و مکمل ہے۔ آپ ﷺ تمام انبیاء کی صفات کا مجموعہ اور مخزن ہیں۔ اولیاء اللہ آپ کی اتباع میں گامزن ہوتے ہیں تو آپ کی فردیت کاملہ کی کوئی جہت یا کوئی صفت ان کے قلوب پر منعکس ہوتی ہے تو نسبت قائم ہو جاتی ہے۔ یہ نسبت اس ولی منتسب اتباع سنت سے جاری ہوتی ہے۔[15]

حضرت خواجہ نقشبند کو نسبت محمدیہ بواسطہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حاصل تھی۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ ہر ولی ولایت و استعداد کے اعتبار سے انبیاء علیہ السلام میں سے کسی نہ کسی کے زیر قدم ہوتا ہے۔ کاملین ولایت میں سے ہر ایک من حیث الولایت دیگر انبیاء علیہ السلام کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں، اور اپنی استعداد و قابلیت کے مطابق اسی نبی سے دائرہ اقتباس ولایت طے کرتے ہیں۔[16] بقول مولف ''نسمات'' حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند بخاری من حیث الولایت سید الانبیاء ﷺ کے زیر قدم ہیں، اور اپنی قابلیت کے باعث انہوں نے اقتباس ولایت محمدیہ کو علی وجہ الکمال طے کیا ہے۔ مرتبہ قلب میں حضرت بزرگ کی یہ نسبت جامعیت نسبت نبوی علیٰ مصدر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خصوصیات سے ہے جو آپ کو بسبب مناسبت بطور ورثہ ملی ہے۔[17] شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ''ہمعات'' میں نسبت کے بارے میں مفصل بحث کرتے ہیں، اور صوفی پر اس کے اثرات کا بصورت روحانی واردات و مکاشفات جائزہ لیتے ہیں۔ ''نسبت وجد'' کے ضمن میں نفس ناطقہ اور مختلف کیفیات سے اس کی اثر پذیری کو موضوع بحث بناتے ہیں۔[18] حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کو نسبت اویسی بھی حاصل تھی۔ شیخ عطار رحمۃ اللہ علیہ اس نسبت کے حوالے سے فرماتے ہیں:

> ''اولیاء اللہ میں سے ایک ایسا طبقہ ہوا ہے جنہیں مشائخ طریقت'' ''حقیقت اویسی'' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ انہیں ظاہری طور پر کسی مُرشد یا رہبر کی ضرورت نہیں تھی۔ کیونکہ انہیں حضرت رسالت مآب ﷺ اپنی نگاہ عنایت سے پرورش فرماتے رہے ہیں، اور اس تربیت میں کوئی واسطہ درمیان نہیں تھا۔ جس طرح آپ ﷺ کی

حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کو براہ راست تربیت حاصل نہ تھی یہ
بہت بلند مقام ہے جو ہر ایک کو میسر نہیں آتا''۔[19]

سلسلہ نقشبندیہ کا امتیاز یہ ہے کہ اس میں تکمیل سلوک کے لیے معین اسباق ہیں، اور اس کا باقاعدہ نصاب ہے جو شیخِ کامل کی راہنمائی میں مکمل کیا جاتا ہے۔ توجہ کے لیے لطائف ستہ میں ذکر جاری کئے جاتے ہیں۔ لطائف ستہ یہ ہیں: (۱) لطیفہء نفس (۲) لطیفہء قلب (۳) لطیفہء روح (۴) لطیفہء سر (۵) لطیفہء خفی (۶) لطیفہء اخفی۔

حضرت نقشبند رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''آئینہ ہمہ از مشائخ را دو جہت است و آئینہ مراشش جہت''۔

حضرت مجدد قدس سرہ اس قول کی شرح میں فرماتے ہیں:

''خواجہ بہاء الدین نقشبند بخاری کی مراد دل ہے کہ جو روح اور نفس کے درمیان برزخ ہے، اور دو جہت سے مُراد نفس اور روح ہیں۔ پس مشائخ جب مقام قلب کے وصول میں ہوں تو یہ دو جہت ان پر منکشف ہوتی ہیں، اور وہ مقام کے بلند درجہ پر جو مناسبِ قلب ہے فائز ہوتے ہیں۔ ہمارے خواجہ بہاء الدین نقشبند بخاری ان مشائخ کے برخلاف ایسے مقام پر ممتاز ہیں کہ دوسروں کی انتہا ان کی ابتداء میں مندرج ہے، اور آپ کے قلب مبارک کی چھ جہت ہیں۔ انسان میں جو لطائف ستہ ثابت ہیں، نفس و قلب و روح و سر و خفی و اخفی خواجہ بزرگ کے قلب مبارک میں یہ تنہا متحقق ہیں۔ حضرت کے قول میں شش جہت سے یہ چھ لطیفے مراد ہیں''۔[20]

حضرت خواجہ نقشبند کے پیر و مرشد خواجہ امیر کلال تک ذکر خفی کو ذکر ظاہری کے ساتھ جمع کرنے کا رواج تھا، لیکن جب خواجہ عبدالخالق غجدوانی سے بطریق اویسی مستفیض ہوئے تو آپ نے دوبارہ اسی سلسلے میں ذکرِ خفی کو جاری کیا۔[21]

طریق نقشبندیہ میں ذکرِ قلبی لسانی مگر خفی اور پاس انفاس مخصوص نشست کے ساتھ رائج ہے۔ ذکر و اشغال کی گیارہ شرائط ہیں، آٹھ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی سے مروی ہیں، تین حضرت خواجہ نقشبند سے۔[۲۲]

(۱) ہوش دردم
(۲) نظر برقدم
(۳) سفر دروطن
(۴) خلوت درانجمن
(۵) یادکرد
(۶) بازگشت
(۸) یادداشت
(۹) وقوف زمانی
(۱۰) وقوف عددی
(۱۱) وقوف قلبی

برصغیر میں سلسلہ نقشبندیہ کو حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی سے خوب فروغ حاصل ہوا۔ نیز سلسلہ کے بزرگ ہند کے تمام شہروں میں پھیل گئے، اور تبلیغی مراکز قائم کیے خانقاہیں بنائیں۔ سلاطین مغلیہ کے عہد میں حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی استقامت فی الدّین سے دین اسلام کو نئی زندگی عطا ہوئی۔ شاہ محمد حسن نے ''تواریخ آئینہ تصوّف میں'' نقشبندیہ کے پندرہ سلسلوں کا ذکر کیا۔[۲۳]

(۱) نقشبندیہ سدنیہ مجددیہ
(۲) نقشبندیہ قدوسیہ
(۳) نقشبندیہ عظیمیہ
(۴) نقشبندیہ قدوسیہ اسماعیلیہ
(۵) نقشبندیہ دریۃ

(۶) نقشبندیہ عبدیہ
(۷) نقشبندیہ صدیقیہ عبدیہ
(۸) نقشبندیہ صدیقیہ مجددیہ
(۹) نقشبندیہ جنیدیہ مجددیہ
(۱۰) نقشبندیہ برخورداریہ مجددیہ
(۱۱) نقشبندیہ عبدیہ کریمیہ
(۱۲) نقشبندیہ درگائیہ ابوالعلائیہ
(۱۳) نقشبندیہ عظیمیہ ابوالعلائیہ
(۱۴) نقشبندیہ حسینیہ جانائیہ
(۱۵) نقشبندیہ حسینیہ مجددیہ۔

بلاد مغرب یعنی ترکی، قسطنطنیہ وغیرہ میں سلسلہء نقشبندیہ کی تبلیغی سرگرمیاں کسی طرح کم نہ تھیں۔اب بھی بالخصوص ترکی میں اس سلسلہ کے حلقے موجود ہیں۔عبیداللہ سمرقندی، عارف باللہ عبداللہ، شیخ عارف باللہ عبیداللہ، شیخ محمد چلی، شیخ احمد البخاری وغیرہم نے متذکرۃ الصدر علاقوں میں سلسلہ کے مراکز قائم کیے۔[۲۴]

بخارا، بلخ، ترکستان، ہرات کابل وغیرہ تو نقشبندیہ کے اولین مراکز رہے ہیں۔[۲۵]

روس کے تسلط سے آزاد ہونے والی وسطی ایشیائی ریاستوں میں مشائخِ نقشبند کا یقیناً بہت کام ہے، لیکن اس صوفیانہ میراث پر تحقیق اور ریسرچ کی ضرورت ہے۔

☆.....☆.....☆

حواشی

۱.....خواجہ ہاشم کشمی، نسمات، مترجم از سید محبوب حسن واسطی، مکتبہ نعمانیہ۔اقبال روڈ سیالکوٹ، ۱۴۱۰ھ
۲.....ڈاکٹر عبدالحسین زرین کوب، ارزش میراث صوفیہ، تہران، ۱۳۴۴ھ
۳.....رسائل نقشبندیہ، مترجم پیرزادہ اقبال احمد فاروقی، مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور
۴.....المصدر نفسہ

۵.....المصدر نفسہ

۶..... المصدر نفسہ

۷.....خواجہ ہاشم کشمی، نسمات، ۱۴۹

۸.....مولانا جامی، نفحات الانس

۹.....ایضاً

۱۰.....ایضا

۱۱.....مولانا جامی، نفحات الانس، ۱۸۰

۱۲.....خواجہ ہاشم کشمی، نسمات، ۱۴۹

۱۳..... مولانا جامی، نفحات الانس، ۱۶۰

۱۴..... پروفیسر لطیف اللہ، تصوف اور سریت، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور طبع اول ۱۹۹۰ء

۱۵..... المصدر نفسہ

۱۶..... خواجہ ہاشم کشمی، نسمات، ۲۰

۱۷.....المصدر السابق، ۷۰

۱۸.....دہلوی شاہ ولی اللہ، ہمعات، مترجم محمد سرور جامعی، طبع سوم لاہور ۱۹۶۴ء

۱۹.....رسائل نقشبندیہ، ۳۰

۲۰.....خواجہ ہاشم کشمی، نسمات، ۲۰

۲۱.....سید زوار حسین شاہ، تذکرہ مجدد الف ثانی

۲۲.....محمد علی نقشبندی، اصلاحات نقشبندیہ، ۱۱۷

۲۳.....شاہ محمد حسن، تواریخ آئینہ تصوف

۲۴..... Sardar Iqbal shah, Islamic sufism

☆.....☆.....☆

(بشکریہ ماہنامہ "فیضانِ سدرہ"، لاہور، شمارہ اگست ۲۰۰۴ء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ارشادات شاہ نقشبند علیہ الرحمۃ

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

(مدیر اعزازی، مجلہ المظہر کراچی)

☆☆

دنیا آدمیوں سے بھری پڑی ہے مگر انسان عنقا ہیں..... حضرات اہل اللہ کی صحبت میں رہنے والے نہ صرف خود انسان بنتے ہیں بلکہ دوسروں کو بھی انسان بنانے لگتے ہیں اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے تو اخبار الاخیار میں فرمایا کہ حضرات اہل اللہ کا ذکر بھی ان کی صحبت کے مترادف ہے..... ان کا ذکر مثل صحبت ہے تو ان کے روشن ارشادات میں بھی صحبت کی سحر انگیزی کیوں کر نہ ہوگی، یقیناً ہوگی..... ذیل میں ہم خواجہء خواجگان شاہ نقشبند حضرت خواجہ بہاء الدین محمد نقشبند بخاری علیہ الرحمۃ کے بعض ارشادات پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں، اللہ کریم ہمیں ان کی برکات سے متمتع فرمائے.....

☆

اس راستے میں وجود کی نفی، نیستی اور اپنے تئیں کم سمجھنا بڑا کام ہے۔ مقصد حقیقی کی دولت کا حاصل ہونا قبولیت پر موقوف ہے۔ میں نے اس معاملہ میں موجودات کے طبقوں میں سے ہر طبقہ کی سیر کی اور اپنے آپ کو ذرّوں میں سے ہر ذرّے کے ساتھ مقابلہ کیا اور اپنے آپ سے سب کو بہتر دیکھا۔ یہاں تک کہ میں نے فضلات کے طبقہ کی بھی سیر کی اور ان میں فائدہ دیکھا مگر اپنے آپ میں کوئی فائدہ نہ پایا۔ کتّے کے فضلہ تک پہنچا اور خیال کیا کہ اس میں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ایک مدت تک میں نے اپنے آپ کو اس خیال پر برقرار رکھا، آخر کار معلوم ہوا کہ اس میں بھی کوئی فائدہ ہے غرض مجھے تحقیق سے معلوم ہوگیا کہ مجھ میں کسی طرح کا کوئی فائدہ نہیں ہے جیسا کہ کسی نے کہا ہے۔

از ہیچ کسیٔ خویشتن بے خبرم
از ہیچ سگے بہ نیم اِلّا بترم

ہر چند بحالِ خویش مے نگرم
یک حبۂ یزرد زقدم تا بسرم

میں اپنی ناقدری سے بے خبر ہوں، میں کسی کتے سے اچھا نہیں بلکہ بدتر ہوں، میں ہر چند اپنے حال پر غور کرتا ہوں، میں سر سے قدم تک ایک پائی (معمولی) کی بھی قدر و قیمت نہیں رکھتا۔

☆

ایک دن ایک لڑکا اپنے گھر سے نکلا، قرآن مجید اس کے پاس تھا، اس نے حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کو سلام کیا، جب آپ نے قرآن مجید کھولا تو یہ آیت نکلی:

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ (سورۃ الکہف، آیت ۱۸)

''اور ان کا کتا اپنے دونوں ہاتھ چوکھٹ پر پھیلا رہا ہے''

حضرت خواجہ نقشبند نے فرمایا کہ امید ہے کہ وہ ہم ہوں گے۔

☆

کبار اہل حقیقت کا قول ہے کہ اس راستے کا سالک اگر اپنے نفس کو سو بار فرعون کے نفس سے بدتر نہیں جانتا وہ اس راستے میں نہیں ہے۔

☆

جن دنوں حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ شہر خرخس میں جلوہ افروز تھے، ملک حسین شاہ ہرات کے قاصد شاہی فرمان لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، فرمان میں لکھا تھا کہ ہمیں درویشوں کی صحبت کا اشتیاق ہے، آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں، اگرچہ آپ کو ملوک و سلاطین سے ملاقات پسند نہ تھی مگر اس خیال سے کہ اگر ملک حسین، سرخس کی طرف آیا تو عوام کے لیے مشکلات پیدا ہوں گی، لہٰذا بذات خود ہرات تشریف لے گئے، جب بادشاہ کی مجلس میں پہنچے تو وہاں بڑا ہجوم تھا اور سلطنت کے ارباب بست و کشاد اور ملازمین کی ایک بڑی جماعت حاضر تھی، بادشاہ نے حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ سے سوال کیا کہ آپ کی درویشی موروثی ہے؟ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے جواب دیا کہ نہیں۔ بحکم "جذبة من جذبات الحق توازی عمل الثقلین" (جذبات حق میں ایک جذبہ جن وانس کے عمل کے برابر ہے) ایک جذبہ پہنچا اور میں اس

سعادت سے مشرف ہوگیا۔ بادشاہ نے پوچھا، کیا آپ کے طریقہ ذکر جہر اور سماع وخلوت ہے۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ نہیں، بادشاہ نے پوچھا کہ پھر تمہارا طریقہ کیا ہے؟ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا، کہ خواجہ عبدالخالق غجدوانی علیہ الرحمۃ کے سلسلہ کا قول ہے کہ خلوت در انجمن چاہیے۔ بادشاہ نے پوچھا کہ، خلوت در انجمن کیا ہے؟ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا، کہ ظاہر میں خلق کے ساتھ اور باطن میں حق کے ساتھ ہونا۔

از دروں شو آشنا و زبروں یگانہ وش
ایں چنیں زیبا روش کم می بود اندر جہاں

بادشاہ نے کہا کہ کیا ایسا ہوسکتا ہے۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا، کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

"رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ"

(سورہ نور، ع ۵)

"وہ مرد کہ غافل نہیں ہوتے سودا کرنے میں نہ بیچنے میں اللہ کی یاد سے"

کچھ دیر کے بعد بادشاہ نے سوال کیا کہ بعض مشائخ نے کہا ہے کہ ولایت نبوت سے افضل ہے۔ وہ کونسی ولایت ہے جو نبوت سے افضل ہے۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ "اسی نبی کی ولایت افضل ہے اس کی نبوت سے" حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے بعض مشائخ کے قول کی یہ تاویل بیان فرمائی ہے لیکن مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس قول کی ذرا تشریح کردی جائے۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ:

"میں نے اپنے بعض رسائل میں ثابت کیا ہے کہ نبوت، ولایت سے افضل ہے، خواہ اسی نبی کی ولایت ہو اور حق بھی یہی ہے، جن مشائخ نے اس کے خلاف کہا ہے ان کا قول مقام نبوت کے کمالات کی بے علمی کے سبب سے ہے"۔

(مکتوبات شریف، دفتر اول، مکتوب ۔۲۵۱)

☆

اگر چہ نماز، روزہ اور ریاضت ومجاہدہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا طریقہ ہے مگر ہمارے نزدیک وجود کی نفی سب طریقوں سے اقرب (بہت زیادہ قریب) ہے اور یہ ترک اختیار اور دید قصور کے سوا حاصل نہیں ہوتی۔

☆

ایک روز حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کی زبان مقدس سے نکلا کہ اس راستے کے سالکوں کے لیے ماسوا کے ساتھ تعلق نہایت بڑا حجاب ہے۔

یہ سن کر حضرت خواجہ صالح بن مبارک بخاری علیہ الرحمۃ کے دل میں خیال آیا کہ اس صورت میں ایمان و اسلام کے ساتھ تعلق بھی مضر ہونا چاہیے۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ کیا تو نے ابن منصور حلاج کی یہ بیت نہیں سنی:

کفرت بدین اللّٰہ والکفر واجب
لدیّ وعند المسلمین قبیح

میں اللہ کے دین سے کافر ہوا اور یہ کفر میرے نزدیک واجب ہے اور مسلمانوں کے نزدیک بُرا ہے۔

پھر فرمایا کہ ایمان واسلام حقیقی درکار ہیں اور اہل حقیقت نے ایمان کی تعریف یوں کی ہے:

"الایمان عقد القلب بنفی جمیع ماتولهت القلوب الیه من المضار والمنافع سوی اللّٰہ عز و جل"

ایمان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا وہ تمام مضار ومنافع جن پر دل شیدا ہیں ان کی نفی کا اعتقاد جازم رکھے۔

☆

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "نماز مومن کی معراج ہے" یہ ارشاد نماز حقیقی کے درجات کی طرف اشارہ ہے، بدیں طور کہ نماز میں تکبیر تحریمہ کے وقت چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی اکبریت نمازی کے وجود میں حال ہو جائے اور اس میں خشوع وخضوع پیدا ہو جائے یہاں تک کہ استغراق کی حالت طاری ہو جائے۔ اس صفت کا کمال رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا، چنانچہ حدیث میں وارد ہے کہ:

''نماز میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک سے تانبے کی دیگ
کے جوش کی مانند آواز آیا کرتی تھی''۔(شمائل ترمذی)

☆

بخارا کے علماء میں سے ایک عالم نے حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے سوال کیا کہ نماز میں حضور کس چیز سے حاصل ہوتا ہے؟ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ:

''طعام حلال سے جو وقوف و آگاہی سے کھایا جائے۔نماز سے خارج
اوقات میں اور وضو اور تکبیر تحریمہ کے وقت بھی وقوف کی رعایت
چاہیے''۔

☆

حدیث قدسی میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ روزہ میرے واسطے ہے یہ صوم حقیقی کی طرف اشارہ ہے جو ماسوائے حق سے امساک کلی (مکمل دوری) کا نام ہے۔

☆

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آتش دوزخ سے میری امت کا نصیب ایسا ہے جیسا کہ آتش نمرود سے حضرت ابراہیم کا نصیب تھا نیز ارشاد ہے کہ میری امت گمراہی پر متفق نہ ہوگی۔ان احادیث میں امت سے مراد امت متابعت ہے، امت تین قسم کی ہے ایک امت دعوت، جس میں سب شامل ہیں، دوسرے امت اجابت جو ایمان لائے ہیں، تیسرے امت متابعت جو ایمان لا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہیں۔

☆

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

میرے لیے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک وقت ہے کہ مجھ میں اس وقت
کوئی مقرب فرشتہ نہیں سماتا، اور نہ نبی مرسل۔

اس ارشاد کے معنی ایک تو یہ ہیں کہ میرا ایک حال ایسا ہوتا ہے کہ اس حال میں کوئی مقرب فرشتہ اور نبی مرسل ملحوظ نہیں ہوتا یہ حال مبتدی کا بھی بعض اوقات میں ہوا کرتا ہے، دوسرے معنی یہ ہیں کہ میرا ایک

حال ایسا ہوتا ہے کہ وہ حال مقرب فرشتہ اور مرسل کے حال سے اعلیٰ و اشرف ہوتا ہے۔

☆

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

''اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، ایک کم ایک سو، جو شخص ان کا شمار کرے وہ بہشت میں داخل ہوگا''

اس ارشاد مبارک میں شمار کرنے کے ایک معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کا ورد کرے اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ ان ناموں کو جانے۔ اور ایک معنی یہ ہیں کہ ہر نام کے مقصد (مناسبت) کے موافق عمل کرے۔ مثلاً جب رزاق کہے تو روزی کا غم اس کے دل پر بالکل نہ گزرے اور جب متکبر کہے تو عظمت و کبریائی و بادشاہی کو خدائی ملک سمجھے۔

حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ سے سوال کیا گیا کہ جب ننانوے کا ذکر کیا گیا تو ایک کم سو کہنے کی کیا ضرورت تھی۔ آپ نے فرمایا کہ:

بطور تاکید اس واسطے ذکر کیا گیا کہ عرب کو حساب میں کچھ مہارت نہ تھی اسی سبب سے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مہینہ کے دنوں کی تعداد بیان کرنے کے لیے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں اُٹھا کر اشارہ فرمایا کہ مہینہ ایسا ہوتا ہے، ایسا ہوتا ہے، ایسا ہوتا ہے، اور تیسری بار نو انگلیاں اٹھائیں اور محسوس کرا دیا کہ مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے اور زبان مبارک سے نہ فرمایا۔

☆

تیرا حجاب تیرا وجود ہے ''دع نفسک و تعال'' یعنی اپنے نفس کو دروازے پر چھوڑ اور اندر جا۔

از تو تا دوست رہ بے نیست توئی
در رہ تو خاشاک و خسے نیست توئی

صحیح حدیث میں جو ''اماطۃ الاذی عن الطریق'' (راستے سے آزار دہ چیز کا دور کرنا) آیا ہے۔ اس سے وجود بشریت کی نفی کی طرف اشارہ ہے اور حدیث قدسی میں جو وارد ہے کہ ''نفسک مطیتک

فارفق بھا ''تیرا نفس تیری سواری ہے، تو اس کے ساتھ نرمی کر۔ یہ نفس مطمئنہ (حکم الٰہی پر چلنے والا) کی طرف اشارہ ہے۔ الا ما رحم ربی کی خلقت سے مشرف ہوگیا ہے۔

☆

ولایت ایک نعمت ہے ولی کو چاہیے کہ جانے کہ میں ولی ہوں تا کہ اس نعمت کا شکر ادا کرے۔ عنایتِ الٰہی ولی کے شامل حال ہوتی ہے۔ اُس کو بحال خود نہیں چھوڑا جاتا بلکہ اس کو بشریت کی آفتوں سے بچایا جاتا ہے۔ خوارق عادات اور احوال و کرامات کے ظہور کا کچھ اعتبار نہیں، افعال و اقوال میں استقامت درکار ہے۔ شیخ عبدالرحمٰن علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب حقائق التفسیر میں آیت ''فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ'' کی تفسیر میں ارباب حقیقت میں سے ایک سے نقل کیا ہے کہ تو استقامت کا طالب بن اور کرامت کا طالب نہ بن۔ کیونکہ تیرا رب تجھ سے استقامت طلب کرتا ہے اور تیرا نفس تجھ سے کرامت طلب کرتا ہے۔

صوفیہ کرام کے اقوال میں سے ہے کہ اگر ولی باغ میں آئے اور درختوں کے ہر پتے سے یہ آواز آئے، یا ولی اللہ! تو چاہیے کہ ظاہر و باطن میں اسے اس آواز کی طرف کچھ التفات نہ ہو بلکہ بندگی اور تضرع میں اس کی کوشش ہر لحظہ زیادہ ہو۔ اس مقام کا کمال حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا کہ خدا کا احسان و اکرام و انعام آپ پر جس قدر زیادہ ہوتا اسی قدر آپ کی بندگی اور نیاز مندی اور مسکینی زیادہ ہوتی، اسی وجہ سے آپ فرماتے کہ ''کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں''۔

☆

گروہ صوفیہ کی تین قسمیں ہیں، مقلد، کامل، کامل مکمل۔ مقلد اس پر عمل کرتا ہے جو اپنے شیخ سے سنتا ہے، کامل فیض رسانی میں اپنی ذات سے تجاوز نہیں کرسکتا، کامل مکمل کے سوا کوئی دوسروں کی تربیت نہیں کرتا اور نہیں کرسکتا۔

☆

ہمارا طریق نوادر سے ہے اور محکم دست آویز (سند جس سے اپنا مطلب و مدعا ثابت کرسکیں) ہے اور سنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن کو پکڑنا اور آپ کے صحابہ کرام کے آثار کی پیروی کرنا، اس راہ میں ہمیں بفضل الٰہی لایا گیا ہے، اول سے آخر تک ہم نے یہی فضل الٰہی مشاہدہ کیا ہے، نہ کہ اپنا عمل۔ اس طریقہ میں تھوڑے سے عمل سے بہت فتوحات حاصل ہوتی ہیں مگر سنت کی مطابعت کی رعایت بڑا کام ہے۔

☆

ہمارا طریق صحبت ہے کیونکہ خلوت میں شہرت ہے اور شہرت میں آفت ہے۔

☆

خیریت جمعیت میں ہے اور جمعیت صحبت میں ہے بشرط یہ کہ ایک دوسرے میں نفی ہو جائیں۔

☆

مرشد کو چاہیے کہ طالب کے تینوں حال (ماضی، حال اور مستقبل) سے باخبر ہوتا کہ اس کی تربیت کر سکے، طالب کی شرطوں میں سے ایک یہ ہے کہ جس وقت خدا تعالیٰ کے دوستوں میں سے کسی دوست کی صحبت میں ہو، اپنے حال سے واقف ہو اور صحبت کے زمانہ کا گذشتہ زمانہ سے مقابلہ کرے پس اگر وہ نقصان سے کمال کی طرف کچھ تفاوت دیکھے تو بحکم اصبت مالزم (تو نے پالیا، پس لازم پکڑ) اس بزرگ کی صحبت کو اپنے اوپر فرض جانے۔

☆

ہمارا طریقہ سب ادب ہی ادب ہے طلب راہ کی ایک شرط ادب ہے۔

☆.....ایک ادب اللہ تعالیٰ کی نسبت ہے۔

☆.....ایک ادب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ہے۔

☆.....ایک ادب مشائخ طریقت کی نسبت ہے۔

اللہ تعالیٰ کی نسبتِ ادب یہ ہے کہ ظاہر و باطن میں بشرطِ کمال بندگی اُس کے احکام بجالائے اور ماسوا سے بالکل منہ پھیر لے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ادب یہ ہے کہ اپنے آپ کو ہمہ تن ان کی اتباع و پیروی کے مقام میں رکھے اور تمام حالات میں آپ کی واجب خدمت کو نگاہ میں رکھے۔ اور آپ کو تمام موجودات اور اللہ تعالیٰ کے درمیان واسطہ سمجھے، جو کوئی ہے اور جو کچھ بھی ہے سب کا سر آپ کے آستانِ عزت پر ہے۔ جو ادب مشائخ کے لیے طالبوں پر لازم و واجب ہے وہ اس طرح ہے کہ مشائخ کرام سنت مصطفیٰ ﷺ کی پیروی و اتباع کے سبب سے اس مقام پر پہنچ گئے ہیں کہ لوگوں کو حق کی طرف بلائیں، پس درویش کو چاہیے کہ غیبت و حضور (موجودگی اور عدم موجودگی) میں ان کا ادب ملحوظ رکھے۔

☆

ذکر کی تعلیم کسی کامل سے مکمل ہونی چاہیے تا کہ موثر ہو اور اس کا نتیجہ ظہور میں آئے، تیر بادشاہ کی ترکش سے لینا چاہیے تا کہ شایان حمایت ہو۔

☆

وقوفِ عددی علم لدنی کا اول مرتبہ اور درجہ ہے۔

☆

لا الٰہ نفی آلہہء طبیعت ہے اور الا اللّٰہ اثبات معبود حق۔ اور مقصود ذکر سے یہ ہے کہ ذاکر کلمہء توحید کی حقیقت کو پہنچ جائے، بہت دفعہ کہنا شرط نہیں اور کلمہء توحید کی حقیقت یہ ہے کہ اس کلمہ کے کہنے سے ماسوا بالکل نفی ہو جائے۔

☆

وقوف زمانی جو سالک کا کارگزار (مستعد) ہے یہ ہے کہ سالک اپنے احوال سے واقف رہے کہ ہر زمانہ میں اس کا حال کیسا ہے، موجبِ شکر ہے یا موجبِ عذر خواہی۔

☆

سالکین خواطر شیطانی ونفسانی کے دور کرنے میں متفاوت ہیں۔ بعضے ایسے ہیں کہ پیشتر اس کے نفس وشیطان سے کوئی خطرہ دل میں آئے، اسے دیکھ لیتے ہیں اور وہیں سے اس کو دُور کر دیتے ہیں۔ اور بعضے ایسے ہیں کہ خطرہ کو قرار پکڑنے کے بعد دفع کرتے ہیں مگر یہ چنداں مفید نہیں، ہاں اگر اس کے منشا اور اس کے انتقالات کے سبب کو معلوم کر لیں تو فائدہ سے خالی نہیں۔

☆

وہ راہ کہ جس کے ذریعے عارف مقصود حقیقی کو پا لیتے ہیں اور دوسرے محروم رہ جاتے ہیں، تین ہیں، مراقبہ، مشاہدہ، محاسبہ۔ خالق کی طرف دوام نظر اور مخلوق کی رویت کا نسیان (یعنی مخلوق کے خیال ولحاظ کا بھول جانا) مراقبہ کہلاتا ہے۔ یعنی سالک کو چاہیے کہ ہر وقت جناب باری تعالیٰ کی طرف نظر رکھے اور تمام مخلوقات کی ہستی کی پیشانی پر نیستی وفنا ونسیان کا خط (لکیر) کھینچ دے۔ مراقبہ کا دوام نادر چیز ہے۔ اس گروہ

میں سے کم ہیں جنہوں نے یہ بات حاصل کی، ہم نے اس کے حصول کا طریق معلوم کرلیا ہے اور وہ نفس کی مخالفت ہے۔ مشاہدہ سے مراد ان واردات غیبیہ کا معائنہ ہے جو دل پر نازل ہوتے ہیں، کیونکہ وارد جلدی گزرنے والا ہے اور قرار نہیں پکڑتا، تاہم اس وارد کا ادراک نہیں کرسکتے۔ مگر صفتِ بسط و قبض (دل کے خدا کی طرف متوجہ ہونے اور کبھی نہ ہونے کی صفت) جو ہم میں پیدا ہوتی ہے اسے معلوم کرلیتے ہیں، قبض میں صفت جلال کا مشاہدہ کرتے ہیں اور بسط میں صفت جمال کا۔ محاسبہ یہ ہے کہ ہر ساعت جو کچھ ہم پر گزرے اس کا حساب کریں کہ اس میں غفلت کیا اور حضور کیا ہے اگر دیکھیں کہ سراسر نقصان ہے، تو بازگشت کریں اور عمل کو از سرِ نو کریں چونکہ راستہ ان تین میں منحصر ہے اور دوسرے لوگ اس کا غیر طلب کرتے ہیں اس لیے محروم رہ جاتے ہیں۔

☆

جس شخص نے اللہ کو پہچان لیا، اس پر کوئی شے پوشیدہ نہیں رہتی، حضرت خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کلمہ قدسیہ سے حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کی یہ مراد ہے کہ عارف پر اشیاء کا ظاہر ہونا اس کی توجہ پر موقوف ہے۔

☆

مشائخ میں سے ہر ایک کے آئینہ کی دو جہت ہیں جبکہ ہمارے آئینہ کی چھے جہت ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ اس کلمہ قدسیہ کی شرح میں فرماتے ہیں کہ:

> ''آئینہ سے مراد عارف کا قلب ہے جو روح و نفس کے درمیان واسطہ اور ذریعہ ہے، دو جہت سے مراد جہت روح اور جہت نفس ہے دوسرے طریقوں کے مشائخ جب مقام قلب پر پہنچتے ہیں تو قلب کی دونوں جہت منکشف ہوجاتی ہیں۔ اور دونوں مقاموں کے علوم و معارف جو مناسب قلب ہیں، فائض ہوتے ہیں بخلاف حضرت خواجہ نقشبند کے طریق کے کہ اس میں آئینہ قلب کے لیے چھے جہت پیدا ہوجاتی ہیں۔ اس کا بیان یوں ہے کہ اس طریقہ علیہ کے اکابر پر یہ بات منکشف ہوگئی ہے کہ لطائف ستہ (نفس، قلب، روح،

سر، خفی، اخفیٰ) جو کلیۂ افرادِ انسانی میں ثابت ہیں وہ تنہا قلب میں بھی متحقق ہیں۔ چھے جہت سے حضرت خواجہ نقشبند کی مراد لطائف ستہ قلب ہیں، پس باقی مشائخ کی سیر ظاہر قلب پر ہے اور مشائخ نقشبندیہ کی سیر باطن قلب میں ہے اور وہ اس سیر قلب کے بطن بطون (بہت گہرائی) میں پہنچ جاتے ہیں اور مقام قلب میں ان پر ان چھے لطیفوں کے علوم و معارف جو اس مقام کے مناسب ہیں، منکشف ہو جاتے ہیں''۔ (رسالہ مبداء و معاد)

☆

چالیس سال سے ہم آئینہ داری کرتے ہیں، ہمارے آئینہ نے کبھی غلطی نہیں کی۔ اس ارشاد گرامی میں حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اولیاء اللہ جو کچھ دیکھتے ہیں، نور فراست سے دیکھتے ہیں، جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا ہے۔ جو کچھ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے وہ بے شک صواب و درست ہوتا ہے۔ شیخ عبدالقدوس گنگوہی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ:

''حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کی سیر آسمان و زمین کے تمام طبقات میں جاری تھی''

☆

حضرت عزیزاں علیہ الرحمۃ کا ارشاد ہے کہ اس گروہ کی نظر میں زمین دسترخوان کی طرح ہے اور ہم کہتے ہیں کہ روئے ناخن کی طرح ہے کوئی چیز ان کی نظر سے غائب نہیں، منقول ہے کہ ارشاد مذکور کے وقت حضرت عزیزاں علیہ الرحمۃ دسترخوان پر تھے اسی کے مناسب یہ فرمادیا اور حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فقط دائرۂ ولایت کی نسبت سے فرمایا ہے ورنہ عارف کے دل کی بزرگی کی شرح نہیں ہوسکتی۔

☆

اگر درویش کے پاؤں میں کانٹا چبھ جائے تو اُسے پہچاننا چاہیے کہ یہ کہاں سے ہے۔

☆

حدیث میں ہے ''اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ'' یعنی کسب کرنے والا اللہ کا حبیب ہے۔ اس حدیث میں

کسب رضا کی طرف اشارہ ہے نہ کہ کسب دنیا کی طرف۔

☆

متوکل کو چاہیے کہ اپنے آپ کو متوکل خیال نہ کرے اور اپنے توکل کو کسب میں چھپائے۔

☆

جو شخص اپنے آپ کو بکلیت خود اللہ کے سپرد کر دے اس کا غیر خدا سے التجا کرنا شرک ہے یہ شرک عام لوگوں کے لیے معاف ہے مگر خواص کے لیے معاف نہیں۔

☆

اللہ تعالیٰ نے مجھے دنیا کی خرابی کے لیے موجود کیا ہے مگر لوگ مجھ سے دنیا کی عمارت طلب کرتے ہیں۔

☆

اگر اس وجود سے خراب کوئی اور وجود ہوتا تو فقر کے اس خزانے کو وہاں رکھتے کیونکہ خزانہ ہمیشہ ویرانے میں پوشیدہ رکھتے ہیں۔

☆

اہل اللہ بار خلق (لوگوں کا بوجھ) اس لیے اٹھاتے ہیں کہ ان کے اخلاق کی اصلاح ہو جائے یا کسی ولی سے ملاقات ہو جائے اس لیے کہ کوئی ولی ایسا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت اس پر نہ ہو، خواہ ولی اس سے واقف ہو نہ ہو پس جو شخص اس ولی سے ملے گا، اس نظر الٰہی سے اسے فیض ملے گا۔

☆

تو شمع کی طرح بن اور تو شمع کی طرح نہ بن۔ شمع کی طرح بن کے معنی یہ ہیں کہ تو دوسروں کو روشنی پہنچائے اور شمع کی طرح نہ بن کے یہ معنی ہیں کہ تو اپنے آپ کو تاریکی میں رکھے۔

☆

اس راستے (راہ سلوک) میں صاحب پندار و تکبر (مغرور) کا کام نہایت مشکل ہے۔

☆

جس شخص نے کسی روز ہمارا جوتا بھی سیدھا کیا ہم اس کی شفاعت کریں گے۔

☆

درویش کو چاہیے کہ جو کچھ کہے حال سے کہے، مشائخ طریقت کا قول ہے کہ جو شخص ایسے حال سے کلام کرتا ہے جو اس میں نہیں، حق تعالیٰ کبھی اس کو اس حال کی سعادت نہ بخشے گا۔

☆

یہ ضروری نہیں کہ جو دوڑے وہی گیند لے جائے مگر ملتی اسی کو ہے جو دوڑتا ہے، یہ اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ اس راہ میں ہمیشہ کوشش کرتا رہے۔

☆

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے مسخ صورت اس امت سے مرتفع (دور کر دی گئی) ہے مگر مسخ باطن باقی ہے۔

اندریں امت نباشد مسخ تن
لیک مسخ دل بود اے ذوالفطن

☆

اولیاء اللہ کو اسرار پر آگاہی ہے اور آگاہی دی جاتی ہے لیکن وہ بغیر اجازت کے ان کو ظاہر نہیں کرتے، کہتے ہیں کہ جس کے پاس جو کچھ ہوتا ہے، وہ اسے چھپاتا ہے اور جس کے پاس کچھ نہیں ہوتا وہ شور مچاتا ہے ''اسرار کا چھپانا ابرار کا کام ہے۔''

☆

ہم سے جو کچھ خواطر اور اعمال و افعال خلق کے اظہار کی نسبت صادر ہوتا ہے اس میں ہم درمیان میں نہیں یا تو الہام سے ہمیں آگاہ کر دیتے ہیں یا کسی کے واسطہ سے ہم تک پہنچا دیتے ہیں۔

☆

درویشی کیا ہے؟ باہر بے رنگ اور اندر بے جنگ۔

تا دریں خرقہ ایم از کس ما
ہم نر نجیم و ہم نر نجانیم

☆

میں نے اکابر دین میں سے ایک سے پوچھا کہ درویشی کیا ہے؟ انھوں نے جواب دیا کہ زبونی وخواری (یعنی بے عزتی وذلت خواری)

☆

درویش کو تحمل و برداشت کے مقام میں ڈھول کی طرح رہنا چاہیے کہ ہر چند طمانچہ کھائے مگر صدائے مخالف اس سے ظاہر نہ ہو۔

☆

درویش اہل نقد ہیں، آئندہ پر نہیں چھوڑتے۔

امروز بیں بدیدۂ باطن جمال دوست
اے بے خبر حوالہ بفردا چہ مے کنی

الصوفی ابن الوقت (وہ صوفی جو وقت اور حالات کا تابع ہو اور حالات کو بدلنے کی طاقت نہ رکھتا ہو) کا اشارہ اسی صفت کی طرف ہے۔

خرد من ز آنکس تبرا کند
کہ او کار امروز فردا کند

☆

حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی علم منطق پڑھے تو کس نیت سے پڑھے؟ فرمایا کہ حق وباطل کے امتیاز کی نیت سے۔

☆

جس شخص کی قابلیت کا بیضہ مختلف صحبتوں کے سبب سے فاسد ہو گیا، اس کا معاملہ دشوار ہے، سوائے اہل تدبیر (اولیاء اللہ) کی صحبت کے (جو سرخ گندھک کی طرح کمیاب ہے) درست نہیں ہو سکتا۔

جز صحبت عاشقاں مستاں مپسند
دل در ہوسِ قوم فرو مایہ مبند

ہر طائفہ ات بجائے خویش کشند
چغدت سوئے ویرانہ و طوطی سوئے قند

☆

خواجہ مسافر خوارزمی علیہ الرحمۃ کا بیان ہے کہ میں حضرت خواجہء خواجگان خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ کی صحبت مقدسہ میں بہت رہا کرتا تھا اور ان کی خدمت کیا کرتا تھا مگر سماع (راگ) کی طرف میرا بہت میلان تھا، ایک روز میں نے آپ کے اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ اتفاق کیا کہ قوال دوفاف کو بلا کر حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کی مجلس میں سماع میں مشغول ہو جائیں اور پھر دیکھیں کہ حضرت کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ چنانچہ ہم نے ایسا ہی کیا اور گانے بجانے والوں کو لے آئے، حضرت خواجہ اس مجلس میں بیٹھے اور کسی طرح سے بھی منع نہ فرمایا، آخیر میں آپ نے فرمایا کہ ہم یہ کام نہیں کرتے اور انکار بھی نہیں کرتے۔ (حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کام ہمارے طریق خاص کے منافی ہے، اس لیے نہیں کرتے اور چونکہ دیگر مشائخ نے کیا ہے اس لیے انکار بھی نہیں کرتے۔ مکتوبات شریف، دفتر اول مکتوب ۲۷۳)

☆

بندہ کے اختیار ثابت کرنے میں بہت سعادت ہے تا کہ اگر کوئی عمل رضائے حق تعالیٰ کے خلاف اس سے سرزد ہو جائے اور وہ اپنا اختیار سمجھے تو اس کی توفیق کا شکر ادا کرے۔

☆

مشائخ کا قول ہے۔ ''المجاز قنطرة الحقيقة'' مجاز حقیقت کا پل ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ تمام عبادات ظاہری خواہ قولی ہوں یا فعلی، مجاز ہیں، جب تک سالک ان سے نہ گزرے گا حقیقت کو نہ پہنچے گا۔

☆

اگر طالب کو اپنے شیخ مقتداء کے معاملہ میں کوئی مشکل پیش آئے تو چاہیے کہ حتی المقدور صبر کرے اور بے اعتقاد نہ ہو جائے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اس کی حکمت اس پر ظاہر ہو جائے اور اگر صبر کی طاقت نہیں اور مبتدی ہو تو شیخ سے دریافت کرے کیونکہ اس کے لیے سوال جائز ہے اور اگر طالب متوسط الحال ہو تو سوال

نہ کرے۔

☆

ماوراء النہر کے بڑے بڑے اہل اللہ میں سے ایک نے حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے پوچھا کہ سیر وسلوک سے کیا مراد ہے؟ حضرت خواجہ نے ارشاد فرمایا کہ مقصود معرفت تفصیلی ہے۔ اس بزرگوار نے پھر دریافت کیا کہ معرفت تفصیلی کسے کہتے ہیں؟ حضرت نے ارشاد کیا کہ

''معرفت تفصیلی سے مراد یہ ہے کہ حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کچھ بطریق اجمال قبول کیا گیا ہے اسے بطریق تفصیل پہچانا جائے اور دلیل و برہان کے مرتبے سے کشف وعیاں کے مرتبہ تک رسائی ہو جائے''

☆

حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے دریافت کیا گیا کہ بلا اور بلوی میں کیا فرق ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ بلا بہ نسبت ظاہر ہے اور بلوی بہ نسبت باطن۔

☆

آپ سے دریافت کیا گیا کہ جس وقت اللہ تعالیٰ کسی درویش سے کوئی حال واپس کر لے تو وہ کیا کرے، آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر اس حال کا کچھ بقیہ باقی ہے تو وہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس سے تضرع و نیاز مطلوب ہے، پس وہ اللہ تعالیٰ سے اس کا سوال کرے اور اگر کچھ بھی باقی نہیں رہا تو وہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس سے صبر و رضا مطلوب ہے۔

☆

خدا طلبی بلا طلبی ہے، احادیث قدسیہ میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

''جس نے مجھے دوست رکھا، میں نے اسے ابتلا میں ڈالا''

یہ بات ظاہر ہے کہ محبت کے لیے وظیفہ لازم اور ضروری ہے کہ محبّ، محبوب کا متلاشی ہو، محبوب جس قدر زیادہ عزیز ہوتا ہے اس کی طلب کی راہ میں بلا دکھ و مصیبت زیادہ ہوتی جاتی ہے اور احادیث میں وارد ہے کہ ایک شخص نے حضور سید عالم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا، یارسول اللہ! میں آپ کو دوست رکھتا

ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر تو فقر کے لیے تیار رہ، ایک اور شخص نے عرض کیا کہ میں خدا کو دوست رکھتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلا کے لیے تیار رہ۔

☆

حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے سوال کیا گیا کہ کرامات کے بارے میں درویش کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ:

''کرامتوں کا کیا ذکر، جو کچھ بھی ہے کلمہء توحید کی حقیقت کے مقابلے میں نفی ہے۔ اصحاب کرامت سب کے سب محجوب ہیں اور عارف کرامت کی طرف نظر کرنے سے دور رکھے گئے ہیں''

☆

حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے پوچھا گیا کہ اہل اللہ کو جو لوگوں کے خطرات و احوال و اعمال کی بصیرت و شناخت ہوتی ہے، وہ کہاں سے ہے؟ فرمایا کہ اس نور کی فراست سے ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا ہے، حدیث میں آیا ہے ''تم مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے''۔

☆

لوگوں نے حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ سے کرامت طلب کی تو آپ نے فرمایا کہ ہماری کرامت ظاہر ہے کہ باوجود اتنے گناہوں کے ہم زمین پر چل سکتے ہیں بلکہ چل پھر رہے ہیں۔

☆

مرید سے احوال کا ظاہر ہونا، شیخ کی کرامت ہے۔

☆

حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر قدس سرہٗ سے لوگوں نے پوچھا کہ ہم آپ کے جنازہ کے آگے کون سی آیت پڑھیں شیخ نے فرمایا کہ یہ بیت پڑھنا۔

چیست ازیں خوبتر در ہمہ آفاق کار
دوست رسد نزد دوست یار بنزدیک یار

حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ یہ پڑھنا بڑا کام ہے تم ہمارے جنازے کے آگے یہ بیت پڑھنا۔

مفلسا نیم آمدہ در کوئے تو
شیئاللہ از جمال روئے تو

☆

حضرت خواجہ عبید اللہ احرار علیہ الرحمۃ کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ میں نے مکہ معظمہ میں ''زاد ھاللّٰہ تعالٰی رفاً و کرامۃً'' دو شخصوں کو دیکھا ایک نہایت بلند ہمت اور دوسرا نہایت پست ہمت، پست ہمت وہ تھا جسے میں نے طواف میں دیکھا کہ خانہ کعبہ کے دروازے کے حلقہ پر ہاتھ رکھا ہوا ہے اور ایسی متبرک جگہ اور ایسے عزیز و مقدس وقت میں اللہ تعالٰی کے سوا کچھ اور مانگ رہا ہے، بلند ہمت وہ جوان تھا جسے میں نے بازار منیٰ میں دیکھا کہ کم و بیش پچاس ہزار دینار کا سودا خرید و فروخت کیا اور اس عرصہ میں اس کا دل ایک لمحہ بھی یاد الٰہی سے غافل نہ ہوا۔

☆

حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے پوچھا گیا کہ صوفیاء کرام کا قول ہے کہ فقیر اللہ کا محتاج نہیں، اس قول سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا کہ یہ سوال کرنے کی حاجت کی نفی ہے، ''حسبی من سوالی علمہ بحالی'' اسی مقام کی طرف اشارہ ہے۔

☆

حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے سوال کیا گیا کہ بعضے مشائخ کا ارشاد ہے کہ ''الصوفی غیر مخلوق'' (صوفی غیر مخلوق ہے) اس کا کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا کہ بعض اوقات صوفی کے لیے ایک وصف و حال ہوتا ہے کہ وہ نابود ہوتا ہے، مشائخ کا یہ قول اسی وقت کی نسبت ہے ورنہ صوفی مخلوق ہیں۔

☆

حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے دریافت کیا گیا کہ ''اذا تم الفقر فھو اللّٰہ'' کے کیا معنی ہیں آپ نے فرمایا کہ ''یہ بندہ کی ہستی اور اس کی صفات کے باقی رہنے کی طرف اشارہ ہے''۔

☆

یہ جو مشائخ کا قول ہے کہ ''عارف کی معرفت صحیح نہیں ہوتی جس وقت وہ خدا سے تضرع کرتا ہے۔'' یہ بندہ کی ہستی اور اس کی صفات کے باقی رہنے کی طرف اشارہ ہے۔

☆

ایک شخص نے حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کی خدمت میں عرض کیا کہ فلاں شخص بیمار ہے اور آپ کے دل مبارک کی توجہ کا طالب ہے آپ نے فرمایا پہلے خستہ دل کی حاجت پھر اس کے بعد شکستہ دل کی توجہ۔

☆

ہمارا روزہ ماسوا کی نفی اور ہماری نماز مقام مشاہدہ ہے یہ رباعی آپ کی ہے۔

تا رُوئے تُو دیدہ ام مَن اے شمع طراز
نے کار کنم نہ روزہ دارم نہ نماز
ور بے تُو بَوم نماز مَن جملہ فجار
چوں با تُو بَوم فجار مَن جملہ نماز

☆

بیس سال سے بفضل خدا ہم مقام بے صفتی سے مشرف ہیں۔

☆

حقیقت اخلاص فنا کے بعد حاصل ہوتی ہے جب تک بشریت غالب ہوتی ہے حاصل نہیں ہوتی۔

ساقی قدمے کہ نہم مستقیم
مخمور صہبائی السقیم
مارا تُو بما مماں کہ تا ما!
با خویشتنیم بُت پرستیم

☆

ہم فُضلی ہیں ہم دو سو آدمی تھے جنہوں نے طلب کے کوچہ میں قدم رکھا مگر فضل الٰہی مجھ پر ہوا۔

☆

جو کچھ دیکھا گیا اور سنا گیا اور سمجھا گیا وہ سب غیر ہے اور حجاب ہے، حقیقت کلمہ لا سے اس کی نفی کرنی چاہیے۔

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کے آخر کلمہ قدسیہ کو نقل کر کے یوں تحریر فرماتے ہیں:

''پس کثرت میں وحدت کا شہود بھی شایان نفی ہوا اور جو کچھ شایان نفی ہے وہ اس جناب قدس سے منتفی (فنا ہونے والا) ہے۔ حضرت خواجہ کے اس کلام نے مجھے اس شہود سے نکالا ہے اور مشاہدہ و معائنہ کی گرفتاریوں سے نجات بخشی ہے اور لباس کو علم سے جہل کی طرف اور معرفت سے حیرت کی طرف لے گیا ہے۔ ''جزاہ اللّٰہ سبحانہ عنی خیر الجزاءِ''۔ میں اس ایک بات سے خواجہ کا مرید ہوں اور ان کا غلام ہوں۔ حق یہ ہے کہ اولیاء میں سے کم ہی کسی نے ایسی عبارت کے ساتھ کلام کیا ہے اور تمام مشاہدات و معائنات کو اس طریق پر نفی کیا ہے۔ اس مقام پر حضرت خواجہ کے اس ارشاد (خدا کی معرفت بہاء الدین پر حرام اگر اس کی ابتدا بایزید کی انتہا نہ ہو) کی حقیقت تلاش کرنی چاہیے۔ کیونکہ بایزید علیہ الرحمۃ باوجود اس بزرگی کے شہود و مشاہدہ سے آگے نہیں بڑھے اور انھوں نے سُبحانی کے کوچہ سے قدم باہر نہیں رکھا مگر حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے ایک کلمہ لا سے بایزید کے تمام مشاہدات کی نفی کر دی اور سب کو غیر حق جل سلطانہٗ قرار دیا۔ حضرت بایزید کی تنزیہ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کے نزدیک تشبیہ ہے اور ان کا بے چوں حضرت خواجہ کے نزدیک چوں اور ان کا کمال حضرت خواجہ کے نزدیک نقص ہے۔ اس لیے حضرت بایزید علیہ الرحمۃ کی انتہا جو تشبیہ سے آگے نہیں بڑھی ہے

حضرت نقشبند علیہ الرحمۃ کی ابتدا ہوگی۔ کیونکہ بدایت تشبیہ سے ہے اور انتہا تنزیہ پر ہے۔ شاید آخر حال میں حضرت بایزید کو اس نقص کی اطلاع دی گئی کہ وہ آخری وقت فرماتے تھے۔ ''ما ذکرتک الا عن غفلة وما خدمتک الا عن فترة.'' میں نے تجھے یاد نہیں کیا مگر غفلت سے اور میں نے تیری خدمت نہیں کی مگر سستی سے۔ وجہ یہ ہے کہ انھوں نے حضور سابق کو غفلت جانا کیونکہ وہ خدتعالیٰ کا حضور نہ تھا بلکہ ظلال میں سے ایک ظل (سایہ) کا اور ظہورات میں سے ایک ظہور کا حضور تھا۔ پس ناچار وہ اللہ تعالیٰ سے غافل ٹھہرے کیونکہ اللہ تعالیٰ وراء الوریٰ (دور سے دور) ہے۔ ظلال وظہورات تمام مبادی ومقدمات اور معارج ومعدات سے ہیں اور وہ جو حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ ہم نہایت کو بدایت میں درج کرتے ہیں، مطابق واقع ہے۔ کیونکہ ابتدا سے ان کی توجہ احدیتِ صرف کی طرف ہوتی ہے اور اسم وصفت سے بجز ذات ان کی مراد نہیں ہوتی۔ اس طریقہ عالیہ کے مبتدیوں کو یہ دولت بطریق انعکاس شیخ مقتدا سے جو اس کمال سے مشرف ہو، حاصل ہوتی ہے خواہ وہ مبتدی جانے یا نہ جانیں۔ پس ناچار دوسرے طریقوں کے کامل مشائخ کی نہایت ان بزرگوں کی بدایت میں مندرج ہوگی''۔

(مکتوبات شریف، دفتر اول مکتوب ۲۷۲)

☆

حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک بار حضرت خواجہ امیر کلال علیہ الرحمۃ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ جارہے تھے اچانک راستہ میں حضرت امیر علیہ الرحمۃ نے ایک شکل دار خط کھینچ کر فرمایا کہ اس پر سے کوئی نہیں گزر سکتا، امداد الٰہی نے میری دستگیری کی اور جب حضرت امیر علیہ الرحمۃ اس پر سے گزرے تو میں بھی ساتھ ہی گزر گیا، حضرت امیر نے دیکھا تو خوش ہو کر فرمایا کہ ''بہت اچھا کیا، مجھ

سے کوئی خط پیچھے نہ رہا۔"

☆

حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ سے کسی نے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ بعض اہل اللہ نے فرمایا ہے کہ ولایت ہم پر ختم ہو چکی ہے۔ اس کا کیا مقصد ہے؟ آپ نے فرمایا:

ایشاں ختمِ ولایت زمان خود بودہ اند

"یعنی وہ اپنے زمانے کی ولایت کے ختم کرنے والے ہیں"

☆.....☆.....☆

کتابیات

۱.....شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی، مکتوبات امام ربانی، مطبوعہ کوئٹہ

۲.....شیخ احمد سرہندی، مبداء و معاد، مطبوعہ لاہور، ۱۹۵۶ء

۳.....محمد صادق قصوری، تاریخ مشائخ نقشبندیہ، مطبوعہ لاہور ۲۰۰۲ء

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

کرامات شاہ نقشبند علیہ الرحمۃ

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

(مدیر اعزازی، مجلہ المظہر کراچی)

☆☆

اولیاء کرام اور مشائخ وقت سے خرق عادات و کرامات کا صدور ایک مسلمہ امر ہے۔ دنیا میں لاکھوں افراد اپنی آنکھ سے ان کا مشاہدہ کرتے رہے ہیں..... سب سے پہلی چیز اس سلسلہ میں قرآن حکیم ہے کہ اس میں جابجا اس کا ذکر موجود ہے۔ حضرت مریم کے پاس بے موسم کے پھل موجود ہونا قرآن پاک سے ثابت ہے..... سورۃ الکہف میں اصحاب کا قصہ کرامات کے اثبات میں موجود ہے۔ کتے کا ان سے باتیں کرنا ان کا سالہا سال تک غار میں سوئے رہنا اور دائیں بائیں کروٹیں بدلنا وغیرہ سب کچھ بوضاحت مذکور ہیں..... حضرت امام مستغفری نے اپنی کتاب ''دلائل النبوۃ'' میں لکھا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم لوگ روضہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا جنازہ لے کر حاضر ہوئے اور آپ کی وصیت کے مطابق عرض کر دیا تو دروازہ فوراً کھل گیا اور آواز آئی ''دوست کو دوست تک پہنچا دو'' چنانچہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلوئے مبارک میں رکھ دیا گیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک دفعہ مدینہ منورہ میں جمعہ کا خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ یکبارگی زور سے پکارا ''یاساریۃ الجبل. الجبل'' سب سامعین متحیر رہ گئے، حضرت ساریہ اس وقت صدہا کوس کے فاصلے پر تھے وہیں آپ نے امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی آواز کو سنا، متنبہ ہو گئے چونک کر پیچھے پہاڑی کی طرف دیکھا تو دشمنوں کی ایک فوج چلی آرہی تھی اور حملہ کرنے ہی کو تھی۔ اگر حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو ادھر متوجہ نہ کیا جاتا تو مسلمان وہیں شہید ہو جاتے۔ حضرت امیر المؤمنین کا صدہا کوس پر میدان جہاد میں مصروف مسلمانوں کا معائنہ فرمانا اور آنے والے خطرے سے آگاہ کرنا آپ کی زبردست

کرامت ہے کہ آپ نے سب کچھ دیکھ لیا اور مدینہ منورہ کی مسجد کے منبر سے ہی راہنمائی فرمادی۔ حضرت ساریہ کا اتنی دور سے سن لینا بھی کچھ کرامت سے کم نہیں۔

مصر میں دستور تھا کہ دریائے نیل میں ہر سال ایک کنواری لڑکی بھینٹ چڑھائی جاتی تھی حضرت عمرو ابن العاص نے حکماً اس رسم کو بند کر دیا اور امیر المؤمنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو اطلاع دے دی۔ انھوں نے دریائے نیل کے نام ایک خط لکھا۔ اس وقت مصر کے وہم پرست طبقہ میں ایک اضطراب پھیلا ہوا تھا لوگ ترک وطن کی تجاویز پر غور کر رہے تھے۔ خط کے پہنچنے پر انہیں اور تعجب ہوا مگر جونہی یہ خط دریائے نیل میں ڈالا گیا تو لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا خشک دریا میں پہلے سے کہیں زیادہ طغیانی آ گئی، وہ بد رسم بھی ہمیشہ کے لیے مٹ گئی اور لوگ بھی توہم کے جال سے بچ نکلے وہ پانی آج تک جاری ہے۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی یہ کتنی بڑی کرامت ہے۔

ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجہ نے ایک شخص کے متعلق ایک بات دریافت کی تو اس نے سراسر دروغ گوئی سے کام لیا آپ نے فرمایا ''تو نے مجھ سے جھوٹ کہا ہے'' اس نے انکار کیا آپ نے فرمایا ''تو جھوٹا ہے خدا تجھے اندھا کر دے'' اس نے کہا بے شک ''چنانچہ وہ شخص اندھا ہو گیا۔

الغرض قرآن و حدیث، اجماع امت، آثار، معقول اور جماہیر علماء و فقراء سب سے کرامات اولیاء کا جواز ثابت ہے..... اب ہم خواجہ خواجگان خواجہ بہاء الدین محمد نقشبند بخاری (م۔ ۷۹۱ھ/ ۱۳۸۹ء) علیہ الرحمۃ کی بعض کرامات ذکر کرتے ہیں۔

☆

ایک مرتبہ کسی نے آپ سے کرامت طلب کی تو آپ نے جواب میں فرمایا کہ یہی کرامت ہے کہ باوجود اس قدر گناہ گار ہونے کے نہ تو مجھے زمین نگل لیتی ہے اور نہ آسمان سے کوئی عذاب نازل ہوتا ہے۔ بلکہ میں زمین میں چلتا پھرتا رہتا ہوں۔

☆

آپ کے ایک مخلص عقیدت مند کا بیان ہے کہ جس زمانے میں دشت قپچاق کی طرف سے ایک لشکر نے بخارا پر حملہ کر کے بہت سی مخلوق کو ہلاک کر دیا اور بے شمار لوگوں کو قیدی بنا لیا تو میرا بھائی بھی قید ہونے

والوں میں شامل تھا۔ میرے والد بیٹے کے غم میں بہت پریشان تھے اور مجھے ہر وقت یہی کہا کرتے کہ اگر تو میری رضامندی چاہتا ہے تو دشت قبچاق کی طرف جا کر اپنے بھائی کو تلاش کر مجھے چونکہ حضرت خواجہ نقشبند سے بڑی عقیدت تھی اور تمام مہمات میں ان ہی کی طرف رجوع کیا کرتا تھا لہذا میں نے یہ قصہ بھی ان سے عرض کر دیا آپ نے فرمایا جلدی جا اور اپنے باپ کی رضامندی حاصل کر۔ میں نے اک درہم بطور نذر آپ کی خدمت میں پیش کیا جسے آپ نے قبول فرمایا مگر پھر مجھے واپس کر دیا اور فرمایا کہ اسے اپنے پاس رکھنا۔ اس میں بڑی برکتیں ہوں گی۔ جس وقت دوران سفر تم کو کوئی مہم پیش آئے تو ہماری طرف متوجہ ہونا۔ میں حسب ارشاد روانہ ہو گیا اور دوران سفر تھوڑی سی تجارت سے مجھے بہت زیادہ نفع ہوا اور بغیر کسی دشواری کے اپنے بھائی کو خوارزم میں پالیا۔ ہم قیدیوں کی ایک جماعت کے ساتھ کشتی میں سوار ہو کر بخارا کی طرف روانہ ہو گئے، کشتی میں بہت سے لوگ تھے۔ ناگاہ باد مخالف چلنے لگی اور کشتی کے غرق ہونے کا خطرہ لاحق ہو گیا۔ لوگوں نے فریاد شروع کی۔ اس پریشانی کی حالت میں میرے کان میں کسی کی آواز آئی جو حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کو یاد کر رہا تھا۔ اسی وقت مجھے بھی حضرت کا وہ ارشاد یاد آ گیا کہ جس وقت تم کو کوئی مہم پیش آئے تو میری طرف متوجہ ہو جانا۔ چنانچہ میں نے حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کی طرف توجہ کی تو اسی وقت حضرت دکھائی دیے۔ میں نے سلام عرض کیا ان کی برکت سے ایک لمحہ میں ہوا رک گئی اور دریا کی لہر موقوف ہو گئی پھر اس کے بعد ہم دونوں بھائی بخارا میں حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کر کے قدم بوسی کی، حضرت نے مسکرا کر فرمایا جس وقت تو نے کشتی میں ہمیں سلام کیا تھا تو ہم نے سلام کا جواب دیا تھا مگر تم نے سنا نہیں۔

☆

ایک درویش کا بیان ہے کہ میرے پچیس دینار گم ہو گئے۔ آپ سے یہ قصہ بیان کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ ان دیناروں کو اس گھر کی لونڈی لے گئی ہے اور لونڈی کو حکم دیا کہ دینار واپس کر دو۔ اس نے کہا کہ میں نے فلاں جگہ زمین میں دفن کر دیے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ زمین میں تو صرف تین دینار مدفون ہیں حاضرین متعجب ہوئے جب دیکھا گیا تو زمین میں تین ہی دینار تھے۔

☆

ایک روز حضرت خواجہ بہاءالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ نے ایک درویش کو کسی کام کے لیے کہیں روانہ کیا۔اور حسب عادت اس کو بغل میں لے کر نظر عنایت ڈالی اتفاقاً اخی محمد درآہنی علیہ الرحمۃ جو حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کے بڑے درویشوں میں سے تھا،اس درویش کے آگے آگے جاتا تھا۔ایک ساعت کے بعد وہ درویش گر پڑا اور اس کی روح قالب سے نکل گئی۔جب اخی محمد نے یہ حال دیکھا تو وہ جلدی جلدی حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور تمام داستان عرض کی۔حضرت اقدس فوراً اس درویش کے پاس تشریف لے گئے اور اپنا قدم مبارک اس کے سینے پر رکھا وہ ہلنے لگا۔اور اس کی روح قلب میں آ گئی بعد ازاں حضرت خواجہ نے فرمایا کہ میں نے اس کی روح چوتھے آسمان میں پائی اور وہاں سے واپس کر لی۔

☆

ایک نجیب الطرفین سید جو حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سے عقیدت ومحبت رکھتے تھے،نے یہ حکایت بیان کی کہ ایک دفعہ آپ بیت اللہ شریف کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے تھے جس روز حاجی قربانیاں دے رہے تھے،آپ نے فرمایا کہ ہم بھی قربانی دیتے ہیں ہمارا ایک لڑکا ہے،اسی کو قربان کر دیتے ہیں۔جو درویش اس سفر میں آپ کے ساتھ تھے انھوں نے یہ بات لکھ لی۔جب بخارا میں واپس آئے تو معلوم ہوا کہ جس روز کعبہ میں حضرت خواجہ کی زبان مبارک پر وہ الفاظ جاری ہوے تھے،اسی دن بخارا میں آپ کا لڑکا فوت ہوا تھا۔

☆

حضرت خواجہ علاءالدین عطار علیہ الرحمۃ بیان فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ شہر بخارا میں دروازہ کلاباد میں ایک درویش کے مکان پر تشریف رکھتے تھے۔اتفاقاً وہ درویش حضرت اقدس کے لیے کلاہ نوروزی (ایسی ٹوپی جسے صرف امراء وحکام ہی پہنا کرتے تھے) سی رہا تھا۔آپ اس وقت حالت بسط میں تھے اور آپ کی اس حالت سے درویشوں میں بڑا ذوق پیدا ہو رہا تھا۔اسی حالت میں حضرت خواجہ کے سر پر درویشوں نے وہ کلاہ نوروزی رکھ دی۔آپ نے ارشاد فرمایا کہ چونکہ ہم نے سلاطین کی ٹوپی سر پر رکھی ہے چاہیے کہ سلطنت میں تصرف بھی کریں۔بتاؤ کہ سلاطین میں

سے پہلے کس پر زد کریں، ایک محمود نامی درویش پہلوان نے حاکم ماوراء النہر کا نام لیا۔ آپ نے فرمایا کہ ہم نے اس پر زد کی، حاضرین مجلس نے وہ تاریخ لکھ لی۔ آپ نے اُسی وقت ایک امیر بخاری کی طرف خط لکھا جو حاکم ماوراء النہر سے تنگ آ کر بھاگ کر کابل چلا آیا تھا۔ کہ ایسا واقعہ وقوع پذیر ہو گیا ہے لہذا تمہیں چاہیے کہ پانچ سو دینار بطور نذرانہ حامل خط ہذا کے ہاتھ درویشوں کی خدمت میں روانہ کرو۔

چند روز کے بعد خبر آئی کہ حاکم ماوراء النہر قتل ہو گیا ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ اسی تاریخ کو قتل ہوا تھا۔ یہ سن کر سب تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے کہ حق تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کو ایسے تصرفات عطا فرمائے ہیں۔ اس پر آپ نے ارشاد فرمایا:

> ''دوستو! جس وقت ہم سے ایسا امر ظہور میں آتا ہے تو ہم درمیان نہیں ہوتے، باوجود کمال قرب کے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہوتا ہے ''وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى'' پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کے بے چاروں کا کیا حال ہوگا۔ جو کچھ درویشوں سے صادر ہوتا ہے اس میں ان کا کچھ اختیار نہیں ہوتا۔ طالبوں کی رہنمائی کے لیے ایسا ہوتا ہے''

☆

ایک درویش نے بیان کیا کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ ایک حوض کے کنارے کھڑے تھے جو شہر بخارا سے قبلہ کی طرف ہے اسی دوران ایک درویش جو لوگوں میں ارشاد و تربیت کی وجہ سے بہت مشہور تھا، حاضر خدمت ہوا۔ آپ نے اس سے فرمایا کہ

> ''ہم نے سنا ہے کہ تمہارا ارادہ خوارزم جانے کا ہے؟ اس نے عرض کیا کہ ہاں۔ آپ نے فرمایا کہ ''ہم تمہیں خوارزم نہیں جانے دیں گے۔''

اس نے کہا، ایسا نہ کہیے کیونکہ آپ کو اس بات کی قدرت نہیں۔ اتفاقاً اسی اثناء میں مولانا حمید الدین شاشی علیہ الرحمۃ ایک جماعت کثیر کے ساتھ آپ کی ملاقات کے لیے آئے آپ نے وہ قصہ مولانا سے ذکر کر کے فرمایا کہ آپ گواہ رہیں، ہم اس درویش کو خوارزم نہ جانے دیں گے۔ مولانا نے کہا کہ ہم گواہ

ہوے۔اس کے بعد وہ درویش خوارزم کی طرف روانہ ہوا لیکن جب وہ اقشیہ (بخارا کے نواح قافلہ کی اترنے کی جگہ) میں پہنچا تو بادشاہ وقت کے سپاہیوں نے آکر خوارزم کا راستہ بند کر دیا۔اس درویش نے اہل قافلہ کے ساتھ تدبیر کر کے دوسرے راستہ سے خوارزم جانے کی کوشش کی مگر سپاہی وہاں بھی آپہنچے اور اس درویش کو مع قافلہ گرفتار کر کے بخارا لے آئے۔اس درویش نے شیخ سیف الدین باخرزی قدس سرہٗ کے نواسہ خواجہ داؤد علیہ الرحمۃ سے التجا کی اور کچھ مال دے کر سپاہیوں سے رہائی پائی۔جب یہ خبر مولانا حمید الدین کو پہنچی تو بہت متعجب ہوے اور فرمایا کہ خواص بندگان الٰہی نے اس طرح تصرف کیا ہے۔عارف رومی نے کیسی سچی بات کہی۔

گفتہء او گفتہء اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

☆

ایک مرتبہ آپ غدیوت میں قیام فرما تھے۔ایک جماعت اناروں کا نذرانہ لے کر حاضر ہوئی اس جماعت میں ایک درویش محمد زاہد بھی تھا۔آپ نے انار تقسیم فرما کر ارشاد فرمایا کہ کھاؤ، محمد زاہد نے عرض کیا کہ میرا غلام بھاگ گیا ہے، بدیں وجہ مجھے سخت پریشانی لاحق ہے۔آپ نے فرمایا وہ کسی طرف نہیں جاسکتا۔تم دو دن اور دو رات ہمارے پاس ٹھہرو۔تیسرے دن اپنے مکان زیورتون میں چلے جانا تم کو خبر مل جائے گی۔محمد زاہد نے ایسا ہی کیا، تیسرے روز جب وہ اپنے مکان میں پہنچا تو پیشتر اس کے کہ وہ اپنے اہل خانہ سے آپ کی بشارت کا ذکر کرے، غلام دروازے سے داخل ہوا۔محمد زاہد اور اس کے گھر والوں نے تعجب کیا اور غلام سے تفصیل دریافت کی۔اس نے بتایا کہ جب میں بخارا سے نکلا تو میں نے نسف کی طرف جانے کا ارادہ کیا میں نے کچھ راستہ طے کیا تھا کہ میرے پاؤں میں بیڑی ظاہر ہوئی جس کی وجہ سے میں چل نہ سکتا تھا اور گھنٹی کی آواز آتی تھی جس سے مجھے وہم پیدا ہوا کہ یہ آواز بخارا تک پہنچتی ہے۔جب میں زیورتون کی طرف لوٹتا تو بیڑی کھل جاتی اور گھنٹی کی آواز نہ آتی۔تین دن یہی حال رہا، میں سمجھ گیا کہ یہ کیفیت دوسری جگہ سے ہے، میں لوٹ کر آپ کی خدمت میں آگیا مجھے معاف فرمادیں۔

☆

ایک روز قصر عارفاں میں جلوہ افروز تھے۔ غدیوت سے شیخ شادی علیہ الرحمۃ حاضر خدمت تھے اور اپنے ایک قصور کے لیے جو ان سے سرزد ہوگیا تھا عذر خواہی کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ نذرانہ چاہیے۔ انھوں نے عرض کیا کہ ایک بیل لاتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ نذرانہ میں بیل قبول نہیں۔ اڑتالیس دینار عدلی جو غدیوت میں تم نے ایک مدت سے دیوار کے سوراخ میں چھپائے ہوئے ہیں۔ اور دھوئیں نے وہ جگہ سیاہ کردی ہے، نذرانہ میں لانے چاہییں۔ یہ سن کر شیخ شادی علیہ الرحمۃ کا حال دگرگوں ہوگیا کہ سوراخ میں چھپانے کے وقت کسی کو اطلاع نہ تھی۔ وہ جلد غدیوت میں گئے اور وہ دینار لاکر آپ کی خدمت میں پیش کردیے۔ آپ نے ان میں سے ایک دینار شیخ شادی کو واپس کردیا اور فرمایا کہ یہ حرام ہے، تجھے یہ کہاں سے ملا؟ پھر شیخ شادی کو فرمایا کہ ایک بیل اور خرید کر کاشتکاری کرو اور بندگان خدا کی خدمت میں صرف کرو۔ اس کے بعد لوگوں نے شیخ شادی سے اس کے ایک دینار کا حال دریافت کیا تو انھوں نے کہا کہ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کا مرید بننے سے پہلے میں ایک مدت تک قمار بازی کرتا رہا، وہ دینار قمار سے حاصل ہوا تھا۔

☆

حضرت خواجہ علاء الدین عطار علیہ الرحمۃ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ ایک درویش کے حجرے میں جلوہ فگن تھے۔ اس جماعت میں سے بعض لوگ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کے اشارے سے دسترخوان کے لیے سامان لینے نکلے اور دو گروہوں میں بٹ گئے۔ ایک فریق بازار صرافاں کی طرف روانہ ہوا۔ انھوں نے حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کو بازار میں دیکھا اور خیال کیا کہ آپ حجرے سے نکل آئے ہیں۔ دوسرا فریق چوک کی طرف گیا اور انھوں نے حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کو چوک میں دیکھا اور وہی خیال کیا جو پہلے گروہ نے خیال کیا تھا۔ بعد ازاں وہ اخی محمد درآہنی سے بازار میں ملے اور اپنا قصہ اس سے بیان کیا۔ اس نے کہا کہ میں نے ابھی حضرت خواجہ کو فلاں جگہ دیکھا ہے کہ ایک طرف کو چلے جا رہے ہیں۔ یہ سن کر درویش حیران ہوئے کہ حضرت خواجہ سے کہاں جا کر ملیں۔ ابھی اسی فکر میں تھے کہ ایک درویش آیا اور اس نے کہا کہ حضرت خواجہ فرماتے ہیں کہ اتنی دیر

کیوں لگا دی ہے جلدی واپس آؤ۔ درویشوں نے سارا قصہ بیان کیا تو اس درویش نے کہا کہ جس وقت تم حجرے سے نکلے ہو صاحب حجرہ اور میں حضرت خواجہ کی خدمت میں رہے ہیں۔ آپ حجرہ سے بالکل باہر نہیں نکلے ہیں۔ اس وقت آپ نے مجھے تمہارے پیچھے بھیجا ہے۔ تمام درویش حیران ہوئے اور فوراً حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہو کر قدم بوس ہوئے اور تمام ماجرا عرض کیا۔ آپ نے تبسم فرمایا اور صاحب حجرہ بہت رویا۔ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے ارشاد فرمایا کہ ایک دفعہ ماہ رمضان کی شام کو حضرت عزیزاں رحمۃ اللہ علیہ کی تیرہ جگہ دعوت ہوئی جو آپ نے قبول فرمائی۔ راوی کا بیان ہے کہ میں ان دعوتوں میں سے ایک میں حاضر تھا۔ میں نے دوسری جگہوں سے جو دریافت کیا تو یہی سنا کہ حضرت عزیزاں تمام جگہوں میں حاضر تھے۔

☆

ایک درویش کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبند اور شیخ شمس الدین کلال خلیفہ حضرت سید امیر کلال علیہ الرحمۃ اس ندی کے کنارے بیٹھے تھے جو شیخ سیف الدین اور شیخ حسن بلغاری علیہما الرحمۃ کے مزار کے سامنے ہے اور آپس میں باتیں کر رہے تھے۔ اسی اثنا میں مچھلی کے قصہ کا ذکر آیا جو ایک دفعہ شیخ سیف الدین اور شیخ حسن کے درمیان گزرا تھا۔ شیخ شمس الدین کلال علیہ الرحمۃ نے کہا کہ بے شک اولیاء اللہ کے ایسے تصرفات ہوئے ہیں۔ کیا اس زمانے میں بھی کوئی ایسا بزرگ ہے جس سے ایسے حالات ظہور میں آتے ہیں۔ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ میں یہ نہیں چاہتا بلکہ ایسے بزرگ بھی ہوتے ہیں کہ اگر مثلاً اس ندی کی طرف اشارہ کر دیں کہ الٹی بہے، تو الٹی بہنے لگے۔ حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ یہ فرما ہی رہے تھے کہ وہ ندی الٹی بہنے لگی۔ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ میں یہ نہیں چاہتا، اس پر وہ ندی بدستور بہنے لگی۔ بہت سے لوگوں نے اس کرامت کا مشاہدہ کیا اور حضرت خواجہ نقشبند کی کمال ولایت کا اعتراف بھی۔

☆

حضرت خواجہ علاء الدین عطار علیہ الرحمۃ نے یہ حکایت بیان کی کہ ایک روز موسم سرما میں حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے درویش امیر حسین سے فرمایا کہ ایندھن بہت سا جمع کر لینا چاہیے۔ جب

حسب الارشاد بہت سا ایندھن جمع ہو گیا تو دوسرے دن برف گرنے لگی اور چالیس دن تک گرتی رہی۔ اسی حال میں حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ شیخ شادی کو ساتھ لے کر خوارزم کی طرف روانہ ہو گئے۔ جب حرام کام ندی کے کنارے پہنچے تو آپ نے شیخ شادی سے فرمایا کہ پانی پر قدم رکھ کر گزر جاؤ۔ شیخ نے توقف کیا۔ آپ نے دوبارہ ہیبت سے شیخ کی طرف نگاہ کی تو شیخ بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش میں آئے تو قدم پانی پر رکھ کر روانہ ہوئے۔ حضرت خواجہ بھی ان کے پیچھے پیچھے چل رہے تھے۔ جب پانی سے گزر گئے تو حضرت خواجہ نے شیخ سے فرمایا کہ اپنے موزے (جوتے) کو دیکھو کہ کسی جگہ سے بھیگا ہے یا نہیں؟ شیخ شادی نے دیکھا کہ قدرت الٰہی سے موزہ کی کوئی جگہ نہیں بھیگی تھی۔

اسی طرح ایک دفعہ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ ایک طرف جا رہے تھے۔ شیخ امیر حسین اور چند درویش ساتھ تھے۔ ایک نالہ کے پل پر پہنچے تو آپ نے شیخ سے فرمایا کہ پانی سے گزر جاؤ۔ حسب ارشاد شیخ پانی میں کود پڑے اور حضرت خواجہ پل پر سے گزر گئے۔ کچھ دیر کے بعد فرمایا۔ امیر حسین! پانی سے نکل آؤ شیخ پانی سے نکل آئے اور ان کے کپڑے خشک تھے۔ حضرت خواجہ نے پوچھا کہ جس وقت تم پانی میں کودے، تمھارا کیا حال تھا؟ عرض کی کہ میرا حال اچھا تھا۔ میں ایک نہایت صاف مکان میں تھا۔ کچھ دیر کے بعد ایک دروازہ ظاہر ہوا، آپ کی آواز مبارک سن کر میں اس دروازے سے نکل آیا۔ حضرت خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے سچ کہا۔

بے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

☆

ایک درویش کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ میرے غریب خانہ پر تشریف فرما ہوئے۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ گھر میں آٹا نہ تھا۔ میں آٹے کی بوری لے آیا۔ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ اس آٹے کو خرچ کرتے رہو مگر اس کی کمی بیشی کا حال کسی سے ذکر نہ کرنا۔ حضرت خواجہ دو مہینے غریب خانہ میں رہے۔ ہر روز درویش اور دوست آپ کی زیارت کو آتے تھے۔ اسی آٹے سے کھانا تیار ہوتا رہا مگر وہ آٹا بدستور رہا۔ جب حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ تشریف لے گئے تو مدتوں بعد بھی اسی بوری سے پکتا رہا۔ بعد ازاں میں نے حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ کے ارشاد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے یہ قصہ اپنے اہل وعیال سے ذکر

کر دیا لہذا پھر وہ برکت نہ رہی اور آٹا ختم ہو گیا۔

☆

حضرت سید امیر کلال علیہ الرحمۃ کے بڑے صاحبزادے امیر برہان الدین کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ سوخار میں ہمارے مکان میں فروکش تھے۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے مولانا عارف کی زیارت کا اشتیاق ہے اور وہ اس وقت نسف میں ہیں۔ آپ توجہ فرمائیں کہ وہ جلدی آ جائیں۔ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ ہم ان کو جلدی بلا لیتے ہیں۔ بعد ازاں حضرت اقدس، امیر برہان الدین کو ساتھ لے کر خانقاہ کی چھت پر چڑھ گئے اور تین دفعہ مولانا عارف کو آواز دی۔ پھر فرمایا کہ مولانا عارف نے ہماری آواز سن لی ہے اور اس طرف چل پڑے ہیں۔ مولانا عارف نسف سے بخارا اور بخارا سے سوخار میں آئے تو ان سے حضرت خواجہ کے بلانے کا قصہ دریافت کیا گیا مولانا عارف نے بیان کیا کہ فلاں روز فلاں وقت ہم اپنے یاروں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت خواجہ کی آواز آئی کہ چلے آؤ۔ میں جلدی جلدی نسف سے بخارا کی طرف روانہ ہو گیا۔

☆

حضرت خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک روز شام کے وقت حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ درویش عطا کے بالا خانے میں تھے۔ پڑوس میں بخارا کے ایک امیر کا محل تھا جس میں قوالوں کی ایک جماعت گا رہی تھی اور صوفیہ کا ایک گروہ رقص کر رہا تھا اور نہایت شور و شغب برپا تھا۔ حضرت خواجہ نقشبند نے فرمایا کہ:

''جو کچھ ہو رہا ہے از قبیل ملاہی (کھیل کود) ہے اس کا سننا جائز نہیں،
تدبیر کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لیں''

حضرت خواجہ نقشبند کا فرمانا تھا کہ سب کا حال متغیر ہو گیا اور وہ آوازیں کسی کو سنائی نہ دیں صبح کو پڑوسیوں نے رات کے حالات درویشوں سے بیان کر کے دریافت کیا کہ آپ کی رات کیونکر گزری۔ درویشوں نے جواب دیا کہ حضرت خواجہ نقشبند کی عنایت سے وہ آوازیں ہمیں سنائی نہ دیں۔ یہ سن کر پڑوسیوں کو بہت تعجب ہوا۔

☆

خواجہ علاء الدین عطار ناقل ہیں کہ حضرت خواجہ کا ایک درویش ایک روز سیب لایا آپ نے فرمایا کہ ٹھہر و اس سیب کو ابھی نہ کھاؤ یہ تسبیح پڑھتا ہے۔ حضرت خواجہ کا ارشاد درست تھا حاضرین میں سے بعض لوگ اس سیب کی تسبیح سن رہے تھے۔

☆

ایک روز قصر عارفاں میں حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کے حکم سے درویش مٹی کا چھکڑا کھینچ رہے تھے اسی اثنا میں حضرت خواجہ کا ایک مرید محمد خرکوشی زیورتون سے آیا۔ وہ آپ کی زیارت کے لیے بے قرار ہو رہا تھا۔ اس نے درویشوں سے آپ کا پتہ پوچھا انھوں نے بتایا کہ دولت خانے کو تشریف لے گئے ہیں یہ سن کر محمد خرکوشی فوراً آپ کے در دولت کی طرف روانہ ہوا اور بے قراری میں پرندے کی طرح اڑتا جا رہا تھا چنانچہ آپ کے کاشانہء اقدس تک دو دفعہ اڑا۔ درویشوں نے جب یہ حال دیکھا تو اس کے پیچھے روانہ ہوئے جب اس کے پاس پہنچے تو آپ اپنے دولت خانے سے باہر جلوہ گر ہوئے اور ان سے یوں ارشاد فرمایا کہ:

> ''تم اس فقیر بے سر و پا سے کیا چاہتے ہو؟ اس صفت سے کچھ حاصل نہیں، اس حالت پر کچھ اعتماد نہ کرنا چاہیے، بہت سے بے گانے ایسے ہوتے ہیں جو پرندے کی طرح ہوا میں اڑتے ہیں، حق طلبی اور ہی چیز ہے''

درویش یہ سن کر بہت ڈرے، اس حال میں حضرت خواجہ نے ان سے کہا کہ جا کر چھکڑے میں مٹی بھر دو، پھر آپ نے چھکڑے کی طرف اشارہ کیا چھکڑا خود بخود چلتا تھا اور مٹی گرا کر واپس آجاتا تھا، حاضرین یہ دیکھ کر اپنے فعل سے بہت پشیمان ہوئے۔

☆

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نسف میں قیام فرما تھے سردی کا موسم تھا، آپ کو ایک ضروری کام کے لیے بخارا آنا تھا، خواجہ محمد پارسا جو مولانا حافظ الدین کبیر بخاری کے صاحبزادوں سے تھے آپ کے ہمراہ تھے، اس روز مطلع ابر آلود تھا۔ نسف کے لوگوں نے حضرت خواجہ کی خدمت میں

درخواست کی کہ رک جایئے مگر آپ نہ رکے۔ درویشوں کی ایک بہت بڑی جماعت آپ کے ہمرکاب تھی مینہ برسنے لگا اور لحظہ بہ لحظہ شدت اختیار کر گیا۔ حضرت خواجہ نے خواجہ محمد پارسا کی طرف اشارہ کیا کہ مینہ سے کہہ دو، ٹھہر جا، خواجہ محمد پارسا نے آپ کی موجودگی میں ایسی گستاخی نہ کی، آپ نے فرمایا، کہ میں تجھ سے کہتا ہوں کہ یوں کہہ دے، ''اے مینہ اٹھہر جا'' تو خواجہ محمد پارسا نے ایسے ہی کہا، پس مینہ ٹھہر گیا، مطلع صاف ہو گیا اور سورج نکل آیا۔

☆

ایک درویش کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ ایک مرتبہ غدیوت میں درویش اسحاق کے مکان میں کھانا تیار کر رہے تھے تنور میں آگ شعلہ زن تھی، اسی حالت میں آپ نے اپنا دست مبارک اس تنور میں ڈال دیا اور کچھ دیر تک رکھا بعد ازاں نکال لیا، عنایت الٰہی سے دست مبارک کا بال تک نہ جلا:

آج بھی ہو براہیم کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا
خلیل اللہ باآتش ہمے گفت
اگر موئے زمن باقیست مے سوز

☆

ایک درویش کا بیان ہے کہ میں اور ایک درویش (اس باغ میں جہاں اب حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مبارک ہے) آپ کی خدمت میں حاضر تھے۔ آپ تکیہ لگائے بیٹھے تھے ایک ساعت کے بعد آپ میں ایک ہیبت ناک حالت پیدا ہوئی اور وہ درویش بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ حضرت خواجہ اٹھ کر حوض کے گرد پھرنے لگے۔ کچھ دیر کے بعد آپ نے ایک سیب کا درخت اپنی کولی (آغوش، دو بازوؤں کا حلقہ) میں لے لیا۔ ایک لحظہ میں آپ کا وجود مبارک اتنا بڑا ہو گیا کہ تمام باغ اس سے پُر ہو گیا جہاں میری نگاہ پڑتی تھی، آپ کا وجود مبارک ہی دکھائی دیتا تھا۔ بعد ازاں میں نے پھر نگاہ اٹھائی تو آپ کا وجود چھوٹا ہونے لگا یہاں تک کہ اس کا نشان تک نہ رہا۔ میں نے پھر جو دیکھا تو آپ کے وجود مبارک کا اثر ظاہر ہوا یہاں تک کہ اصلی حالت پر آ گیا اور آپ وہی سیب کا درخت اپنی کولی میں لیے نظر آئے، میں نہایت حیران

ہوا کہ یہ کیا حالتیں ہیں۔اسی وقت حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ ایسے احوال حضرت عزیزاں علیہ الرحمۃ کی نسبت بھی منقول ہیں۔

☆

نقل ہے کہ ملک خوارزم کے لوگ کسی جہاز پر سوار ہوے اتفاقاً بادمخالف چلی، جہاز ڈوبنے کو تیار تھا اتنے میں کسی کے منہ سے نکلا ''یا شاہ نقشبند المدد'' کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ فوراً تشریف لائے، آپ کی تشریف آوری سے فوراً ہی جہاز پار لگ گیا۔جب وہ لوگ بخارا شریف پہنچے تو حضرت خواجہ قدس سرہٗ کو پہچان لیا حالانکہ ان کی آپ سے پہلے ملاقات نہ ہوئی تھی، ان لوگوں نے خواجہ صاحب کو سلام کیا، آپ نے تبسم فرمایا اور ارشاد کیا کہ جب تم نے جہاز میں مجھے سلام کیا تھا میں نے تم کو جواب تو دے دیا تھا مگر تم نے سلام کا جواب نہیں سنا۔

☆

مولانا عارف رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز ہم قصر عارفاں جارہے تھے۔ہمارا ایک ساتھی حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کی غیبت کرنے لگا۔ہم نے روکا اور کہا کہ یہ بات ہرگز جائز نہیں کہ اولیاء اللہ کی شان میں بے ادبی کی جائے لیکن وہ نہ مانا۔اچانک ایک بھڑ آئی اور اس کے منہ میں گھس گئی، جب اسے کاٹا تو وہ چلانے لگا میں نے کہا کہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی بے ادبی کی سزا ہے، پھر اس نے توبہ کی تو اسی وقت اچھا ہوگیا۔

☆

حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کے ایک مرید سید محمود سمنانی نے اپنے بیعت ہونے کا واقعہ بیان فرمایا کہ:

> ''ایک رات مجھے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی آپ ایک نہایت خوبصورت مکان میں جلوہ افروز تھے اور آپ کی خدمت میں ایک بڑے بارعب شخص بھی بیٹھے ہوے تھے، میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! مجھے آپ کی صحبت مبارک نصیب نہ ہوئی،

اب میں کیا کروں؟ ارشاد ہوا کہ ''اگر ہماری برکت حاصل کرنا چاہتے ہو تو شیخ بہاء الدین کی پیروی کرو۔ اور پھر اس بارعب شخص کی طرف اشارہ فرمایا''

جب میں بیدار ہوا تو میں نے آپ کا نام مبارک اور حلیہ شریف اور وہ تاریخ ایک کتاب کی پشت پر لکھ لی۔ اس واقعہ کو سات سال گزر گئے ایک دن میں بزاز کی دکان پر بیٹھا ہوا تھا ایک بہت نورانی صورت بزرگ تشریف لائے جنہیں دیکھ کر مجھے فوراً وہ خواب یاد آ گیا اور میری حالت عجیب ہوگئی۔ پھر میں نے عرض کیا کہ غریب خانہ کو مشرف فرمائیں۔ آپ نے میری استدعا کو قبول فرمالیا۔ پھر آپ آگے آگے چل رہے تھے اور میں پیچھے پیچھے۔ آپ سیدھے میرے غریب خانے پر جا کر رکے اور پھر جب اندر داخل ہوئے تو بغیر میرے عرض کیے اس حجرے میں تشریف لے گئے جہاں میری کتابیں رکھی ہوئی تھیں اور ایک کتاب اٹھا کر مجھے دی۔ اور فرمایا کہ تم نے اس کی پشت پر کیا لکھا ہوا ہے۔ میں نے دیکھا تو وہی کتاب تھی جس پر میں نے آپ کا نام اور حلیہ مبارک اور تاریخ لکھی ہوئی تھی۔

☆

شیخ معبداللہ خجندی علیہ الرحمۃ کے دل میں جب آتش عشق بھڑکی تو حکیم امام محمد علی ترمذی علیہ الرحمۃ کے مزار مبارک پر حاضر ہوئے اور دعا کی کہ مجھے پیر کامل مل جائے، خواب میں حضرت خضر علیہ السلام اور حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت نصیب ہوئی، فرمایا کہ تم بارہ سال بعد قطب زمانہ حضرت شیخ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ کے ہاتھ پر مراد کو پہنچو گے۔ یہ اپنے گھر آ گئے۔ جب یہ مدت پوری ہونے کو آئی تو پھر دل میں جوش اٹھا، بے اختیار ہو کر بخارا شریف حاضر ہوئے، جب حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی نظر مبارک پڑی تو دیکھتے ہی فرمایا، اے عبداللہ! بارہ سال میں ابھی تین سال باقی ہیں۔ حاضرین تو کچھ نہ سمجھ سکے مگر اُن پر وجد طاری ہوگیا، جب انھوں نے لوگوں کو سب داستان سنائی تو وہ بہت خوش ہوئے۔

☆

شیخ قطب الدین خراسانی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میں چھوٹا سا تھا۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے مجھ کو حکم دیا کہ فلاں جگہ سے چند کبوتر لے آؤ، میں کبوتر لے آیا لیکن ایک کبوتر چھپالیا۔ پھر دسترخوان بچھالیا

گیا، میں بھی حاضر تھا سب حاضرین کو ایک ایک بھنا ہوا کبوتر عطا فرمایا لیکن مجھے نہ دیا اور فرمایا کہ اس نے اپنا حصہ پہلے ہی لے لیا ہے۔

☆

راویت ہے کہ آپ کی ایک مرید عورت کسی امیر آدمی کے ہاں ملازمہ تھی، عورت حسین وجمیل تھی، امیر آدمی اس پر فریفتہ ہوگیا اور ایک دن زبردستی چوبارے پر اس سے زنا کی سعیٔ مذموم کی۔ وہ عورت چونکہ حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ عقیدت ومحبت کی وجہ سے پاکدامن تھی لہٰذا اس نے انکار کر کے اس رئیس کو دھتکار دیا مگر وہ شیطان صفت امیر پوری قوت کے ساتھ از سرنو کمربستہ ہوکر دست درازی کرنے لگا، عورت نے ہر ممکن مدافعت کی لیکن کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی تو اپنی عزت کی حفاظت کے لیے چوبارے سے نیچے چھلانگ لگا دی اور اس کے منہ سے نکلا ''المدد یا شاہ نقشبند'' حضرت خواجہ قدس سرہٗ فوراً تشریف لائے اور قبل اس کے کہ وہ زمین پر گرے اسے آپ نے تھام لیا۔ اس عورت نے پوچھا کہ آپ اتنی جلدی کہاں سے تشریف لے آئے، اس پر آپ نے فرمایا کہ ''تو از چوبارا آمدی ومن از بخارا آمدم''۔

☆

ایک روز حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ کا ایک درویش نیک روز نامی سوخار سے آپ کی خدمت میں آیا۔ وہ بہت دل گیر تھا، حضرت نے سبب پوچھا، اس نے عرض کیا کہ سوخار میں ایک حسین نام نے مجھے بہت برا بھلا کہا مگر مجھے رنج نہ ہوا لیکن جب اس نے آپ کی شان میں بے ادبی کی تو مجھے نہایت رنج ہوا۔ آپ نے فرمایا، گھبراؤ نہیں، وہ جلدی دنیا وآخرت میں رسوا ہوگا۔ نیک روز کا بیان ہے کہ جب حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے یہ فرمایا تو نماز عصر کا وقت تھا میں آپ کے قدموں سے رخصت ہوکر نماز مغرب کے وقت سوخار پہنچا تو میں نے دیکھا کہ حسین (بے ادبی کرنے والا شخص) اپنے نوکر کے لیے کھانا لے کر کھیتوں میں جارہا تھا جب نوکر کھانا کھانے لگا تو حسین اپنے نوکر کی جگہ کام کرنے لگا اسی وقت ایک بھیڑیا آیا جس نے لپک کر حسین کی ناک اور ہونٹ نوچ لیے اور اس کی شکل نہایت بھونڈی ہوگئی، وہ لوگوں میں ذلیل وخوار ہوگیا، ذلت ورسوائی اس کا مقدر ٹھہری اور ''حسین گرگ گرفتہ'' اس کا لقب ہوگیا۔

☆

ایک مرتبہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے خواجہ علاء الدین عطار علیہ الرحمۃ سے دریافت فرمایا کہ ظہر کی نماز کا وقت ہوا ہے یا نہیں؟ مطلع ابر آلود تھا۔ انھوں نے عرض کیا کہ نہیں، آپ نے فرمایا کہ آسمان کی طرف دیکھو، انھوں نے دیکھا تو سب حجاب دور ہو گئے اور دیکھا کہ فرشتے آسمان پر نماز ظہر میں مشغول و مصروف ہیں۔ اس پر خواجہ عطار سے فرمایا کہ تم تو کہتے تھے کہ ابھی ظہر کا وقت نہیں ہوا۔!

☆.....☆.....☆

کتابیات

۱.....قرآن کریم

۲.....امام مستغفری، دلائل النبوۃ

۳.....حافظ محمد رانجھا، ذکر العارفین، مطبوعہ گجرات

۴.....محمد صادق قصوری، تاریخ مشائخ نقشبندیہ، مطبوعہ لاہور



بسم اللہ الرحمن الرحیم

کشورِ دوم

تو ہے دین ہدیٰ کا استعارا
تو ہے تفسیر قرآں یا مجدد
(غلام مصطفیٰ)



المسألة من الإنجيل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

خواجہ محمد الباقی النقشبندی الاویسی

محمد صادق دہلوی کشمیری ہمدانی

مترجم: ڈاکٹر محمد سلیم اختر

☆☆

مولانا حسن کشمیری جنہوں نے حضرت مجدد کو خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف متوجہ کیا، محمد صادق کے ماموں تھے۔ مولانا حسن کشمیری متبحر عالم اور دہلی کے قاضی تھے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، محمد صادق کے استاد تھے اور شیخ طریقت خواجہ باقی باللہ، گویا حضرت مجدد کے پیر بھائی تھے۔ اس لحاظ سے ان کا بیان مستند ترین کہا جاسکتا ہے۔ (مرتبین)

آپ کا مسلک اہل سنت والجماعت کی روش پر اعتقاد، شریعت کی پابندی، خواہش نفس اور بدعتوں سے اجتناب تھا۔ آپ نے حضرت خواجہ امکنگی رحمۃ اللہ علیہ سے طریق نقشبندی میں بیعت کی، اور ان ہی سے اس سلسلے کے ذکر و مراقبے کی تعلیم حاصل کی، اگر از روئے حقیقت دیکھا جائے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ اویسی ہیں۔ کیونکہ آپ کی تربیت غوث وقت خواجہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کی روحانیت نے فرمائی ہے۔ ظاہری طور پر بھی آپ تین واسطوں سے حضرت خواجہ سے منسلک ہیں۔ ہم نے اس کی تفصیل "سلسلۃ الصادقین" میں درج کی ہے۔

ہمارے خواجہ رحمۃ اللہ علیہ خواہ خلوت میں ہوں یا لوگوں کے درمیان ہوں، دونوں صورتوں میں آپ کا طرز زندگی یکساں تھا۔ آپ ظاہر و باطن کے تمام معاملات میں سنت کی پیروی کرتے تھے۔ آپ کی ذات

سے کبھی کوئی ایسا فعل دیکھنے میں نہیں آیا جس سے طبیعت میں کراہت پیدا ہوئی ہو۔ لوگوں سے اپنے باطنی احوال و مقامات پوشیدہ رکھنے کا بے حد اہتمام فرماتے تھے۔

بچپن ہی سے آپ کی پیشانی سے ولایت کے آثار اور ہدایت کے انوار ظاہر ہوتے تھے۔ بموجب اس حکم کے اللہ کی مخلوق پر شفقت کرو۔ آپ ہمیشہ لوگوں کے دلوں کو راحت پہنچانے کی کوشش فرماتے رہتے۔ دوسروں کے اطمینان اور راحت کی خاطر ہر طرح کی تکلیف اور مشقت گوارا کر لیتے تھے۔ اور اس حکم کی بجا آوری میں کہ اللہ کا حکم پورا کرو، شریعت کے ایک ایک جز کی پاسداری اور پابجائی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے تھے۔ بلکہ آپ کو تو یہ بات بھی پسند نہ تھی کہ آپ کے مریدوں اور خادموں میں سے کوئی شخص خلاف شریعت کام کرے، بس یوں سمجھیے کہ اس دائرہ وجود کے قطب [۲] کے تمام عمل خوش آیند اور پسندیدہ تھے۔

آپ کی گفتگو میں نمکینی اور لطافت تھی جسے مزاح اور خوش طبعی سے اور زیادہ خوش گوار بنا دیتے۔ تمام جسمانی اور روحانی ذرائع، اعضا اور صلاحیتوں کو، ان کاموں میں جن کے لیے انہیں پیدا کیا گیا ہے، مصروف رکھتے تھے۔ آپ کے انفسی [۳] اور آفاقی تصرفات اس نوعیت کے ہیں کہ کسی اہل عقل و بصیرت اور صاحب شعور و ادراک کو ان کے بارے میں شک و شبہ نہیں ہو سکتا۔ باوجود اس کے کہ آپ لوگوں سے اپنے احوال بہت زیادہ چھپاتے تھے۔ پھر بھی آپ کا نام اور آپ کی عظمت کی شہرت ہندوستان کے بیشتر مقامات تک پہنچ گئی، اور وہاں کے لوگوں میں جو بھی صاحب استعداد اور جوہر قابل شخص تھا، وہ آپ سے فیض حاصل کرنے کے لیے آپ کے آستانے تک کھنچا چلا آیا، اور آپ کی درگاہ کے جاروب کشوں میں شامل ہو گیا۔ جس کسی نے آپ کی پابوسی کا شرف پایا وہ اپنے ہوش میں نہ رہا، اور مقام شعور سے بے خودی کے عالم میں پہنچ گیا۔ اسے اپنے نفس سے غائب رہنے، اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر رہنے، اپنے فنا ہو جانے اور اپنے نہ ہونے کا یقین جو طالبوں کو بہت زیادہ مجاہدے کے بعد میسر ہوتا ہے، آپ کی کیمیا اثر نظر کی برکت سے تھوڑے عرصے میں حاصل ہو گیا۔

آپ کی وفات ۱۰۱۲ھ میں بروز ہفتہ، نماز مغرب سے پہلے، ۲۵ر جمادی الاول کو ہوئی، چونکہ شام ہو چکی تھی، اس لیے اس دن تجہیز و تکفین نہ ہو سکی۔ اگلے دن اتوار کو حضرت رسالت پناہ صلوات اللہ علیہ کی قدم گاہ میں آپ کو دفن کیا گیا۔ اکثر فاضل حضرات نے تاریخ اور مرثیے کہے۔ ان مرثیوں اور تاریخوں کو ایک عزیز نے یک جا کیا ہے، یہاں ان سب کا تحریر کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ ایک قطعہ جو ان سطروں کے لکھنے

والے نے کہا ہے، یہاں درج کیا جاتا ہے۔

رفت ھادی شریعت مرشد اہل زمان
آن کہ بودہ قبلۂ ارباب معنی صورتش
کی توانم نطق زد اندر صفات و ذات او
ہست سر تا سر ہمہ عالم گواہ عصمتش
پادشاہ نقشبندان بود آمد زین سبب
''سر گروہ نقشبندیہ'' حساب رحلتش

''شریعت کے ہادی اور اہل زمانہ کے مرشد رخصت ہوگئے۔ ان کی صورت اہل معنی کے لیے قبلہ تھی۔
مجھے وہ قوت گویائی میسر نہیں ہے جو ان کی صفات اور ذات کے بارے میں کچھ کہہ سکوں۔ سارا عالم سرتاسر ان کی عصمت کا گواہ ہے۔
چونکہ وہ نقشبندیوں کے سلطان تھے۔ اس لیے ان کی تاریخ وفات ''سرگروہ نقشبندیہ'' ہوئی۔ آپ کے انفاس شریفہ کے فوائد میں سے پچپن کلمات یہاں تحریر کیے جاتے ہیں۔

کلمہ ۱

آپ نے اس تفسیر میں جس میں بعض قرآنی سورتوں کی تفسیر لکھی گئی ہے، **اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم** کے معنی بیان کرنے کے بعد تحریر کیا ہے کہ:

قرآن کی قرأت سے قبل اس کا پڑھنا خواہ نماز میں یا اس کے علاوہ کسی وقت، حضرت رسالت ﷺ پر فرض کیا گیا تھا، اور امت پر آپ کی اتباع میں سُنت قرار پایا۔ بلاشبہ جب آنحضرت ﷺ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھتے تھے تو آپ کے قلب مبارک پر اس کے اعلیٰ ترین معنی منکشف ہوتے تھے۔ ہمارے لیے اس کی پیروی کا

صحیح طریقہ یہ ہے کہ محض زبان سے اعوذ باللہ کہنے کو کافی نہ سمجھیں بلکہ اپنے دل میں خیال جمائیں کہ ہم عاجز بندے ہیں، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے التجا کریں کہ وہ ہمارے دل سے شیطانی وسوسوں کو نکال دے۔ تاکہ قرآن کی تلاوت تمام شیطانی پراگندہ خیالات کی کدورت سے پاک رہے اس قسم کا تعوذ توکل میں شمار ہوتا ہے۔

کلمہ ۲:

اس تفسیر میں، تحریر فرمایا ہے کہ:

مراقبہ کی حقیقت انتظار ہے، اور انتظار کی پاکیزگی مقصود کی طلب میں ہے۔ اس حالت میں کہ طالب قوت وتوانائی سے باہر نکل آئے اور حق جل ذکرہ کی لقا کا مشتاق رہے، اور اس کی محبت میں غرق ہو جائے۔ قوت وتوانائی کوشش کا غبار ہے، اور انتظار حق تعالیٰ کے آستانے کی کشش ہے۔ اس قسم کا مراقبہ وہی کر سکتا ہے جو سلوک کی انتہا کو پہنچ گیا ہے، یا انتہا کے قریب ہے۔

کلمہ ۳:

اسی تفسیر میں ہے کہ:

حضرت حق سبحانہ نے اپنے رسول ﷺ کو حکم دیا۔ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، یعنی جب آپ قرآن پڑھنا چاہیں تو شیطان مردود (کے شر) سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ لیا کریں۔ یہ بات ظاہر ہے کہ اس حکم میں جو تعلیم دی گئی ہے اس کی حکمت یہ ہے ففروا الی اللہ (پس اللہ کی طرف دوڑو) اس کے تقرب کے لیے۔ کیونکہ کسی سے پناہ کی التجا کرنا درحقیقت اس کے قریب ہو جانا ہے۔

کلمہ ۴:

اسی تفسیر میں بسملہ (بسم اللہ) کے معنی بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ:

صوفیہ کے نزدیک اسم مبارک "اللہ" کے تین مرتبے ہیں:

- ایک ذات احدیت
- دوسرا الوہیت کے مرتبہ کے ساتھ ذات مقید
- تیسرا احدیت جمع مطلق

میرے اور سامع کے مناسب حال مرتبہ دوم ہی ہے کہ وہ سالکوں کی توجہ کا قبلہ، مشتاقوں کے دل کا چین اور مالک یوم الدین وہی ہے۔ مرتبہ اول ہر طرح کی عبارات اور اشارات سے منزہ ہے (اس کی کوئی تعریف نہیں ہو سکتی وہ تمام تعریفوں سے پاک ہے) اور مرتبہ سوم بہت سوں کی گمراہی کا سبب ہو سکتا ہے۔

اس کے بعد ہم مرتبہ دوم کی تشریح کرتے ہیں جو پاک نظر عالی ہمت لوگوں کا محبوب و مطلوب ہے، جان لیں کہ اللہ اسم ذات ہے، اور اس میں تمام صفات کمال جمع ہیں۔ اپنی تمام کامل صفات کے ساتھ جیسی وہ ذات پاک ہے، عالم نہیں، اب جب عالم عدم کے میدان سے تنگ نائے خیال میں آیا وہ ذات اس طرح اپنے وجود سے قایم ہے۔ بقاء وثبات صرف اس کے لیے ہیں۔ دوسرے تو فنا اور موت کے مقام میں ہیں۔

جل من لا الہ الا ھو

لا تقل کیف ھو ولا ماھو

"وہ بڑی شان والا ہے اس کے سواء کوئی الٰہ نہیں ہے۔ یہ نہ کہو وہ کیسا ہے اور کیا ہے۔"

اگراس کی ذات کے بارے میں پوچھوتولا تفکر و افی ذاتہ یعنی اس کی ذات میں غور نہ کرواور اگر اس کی صفات کے بارے میں پوچھوتو قرآن مجید سے، جیسا کہ اہل زبان کے اہل سنت علماء نے سمجھا ہے، قطعی واضح ہے۔لیس کمثلہ شیء وھوا لسمیع البصیر ، (کوئی شے اس کی مثل نہیں اور وہی سننے والا اور دیکھنے والا ہے) اگر ظاہر تو وہ ہے، اس لیے کہ ظہور کا مدار فعل واثر کے ساتھ ہے اور فعل واثر حق تعالیٰ ہی سے ثابت ہے۔اگر کوئی باطن ہے تو حق تعالیٰ ہی باطن ہے۔سرّ کی آنکھ جو اس کے حریم شہود کی محرم ہے، اس کے کمال کو دیکھنے سے عاجز ہے اور سرّ کی آنکھ جو اس کارخانہ نمود کی سردار ہے، اس کے جمال کا مشاہدہ نہیں کرسکتی کہ اقرب من حبل الورید ہے [۴]۔اور وہی فعال لما یرید [۵] ہے۔

کلمہ۵:

رحمٰن اسم ذات ہے۔اس اعتبار سے کہ حقایق ممکنات کے وجود کا فیض رساں ہے۔ یہ اسم خاص واجب ہے۔ دوسرے اسماء افاضۃ وجود نہیں کرسکتے، حالانکہ اس کی رحمت تو عام ہے۔

کلمہ۶:

رحیم اسم ذات ہے۔اس اعتبار سے کہ یہ اسم وجود کے تمام انعامات تابعہ کا فیض رساں ہے۔ یہ اسم عام ہے اس لیے کہ دوسرے اسماء بھی حق تعالیٰ کی توفیق سے بعض انعامات دے سکتے ہیں لیکن وہ عام نہیں ہیں۔کیونکہ تمام موجودات کو ہر وقت تو انعام نہیں بخشے جاتے۔

کلمہ۷:

اہل سنت والجماعت کے علماء کہتے ہیں کہ عرصہ وجود میں عالم اپنی تمام ذوات، صفات اور افعال کے ساتھ، خلاق عالم سے وہی نسبت رکھتا ہے، جو کاغذ پر بنے ہوئے نقوش اپنے بنانے والے سے رکھتے ہیں۔اگر نقش کا کوئی جزء اچھا لگتا ہے اور ناظر اس کی تعریف کرتا ہے تو بلا مبالغہ یہ تعریف نقاش ہی کی ہے، اور صاحب کشف اولیاء میں سے جو اہل تحقیق ہیں وہ

اس حقیقت کی صحت پر متفق ہیں۔ اللّٰھم ثبتنا علی القول الثابت (اے ہمارے رب! ہمیں قول ثابت پر ثابت قدم رکھ)۔

کلمہ ۸:

صوفیہ موحدہ جو اہل سنت و جماعت کے خواص میں سے ہیں، بر بنائے علم و تحقیق کہتے ہیں کہ صور کونیہ جو حق سبحانہ وتعالیٰ کی قدرت کاملہ سے عرصہ نمود میں آئے ہیں، یہ سب اسم ''الظاھر'' کی تجلیات ہیں، اور حق سبحانہ بہ اعتبار اپنی صفات اور شئون کے ان تجلیات کے پردے میں جلوہ گر ہے، بلکہ دونوں (حق اور تجلیات حق) ایک ظہور کے ساتھ ظاہر ہوئے ہیں۔ چنانچہ ''فتوحات مکیہ'' کے مصنف فرماتے ہیں۔ سبحان من اظھر الا شیاء و ھو عینھا ای فی الظھور (پاک ہے وہ جس نے اشیاء کو ظاہر فرمایا اور ان کا عین ہے یعنی ظہور میں) کیونکہ حقایق عالم صفات و شئون کے مظاہر ہیں، مرتبہ علم میں۔

کلمہ ۹:

اہل تحقیق کے اکابر نے مظاہر اور مخلوق کی تعظیم کو مقام معرفت کے آداب میں شمار کیا ہے، کیونکہ یہ جمال مطلق کی جلوہ کی جولان گاہ ہیں۔ ان کی مظہریت کے یہ معنی نہیں ہیں کہ یہ عین مطلق ہیں، اللہ تعالیٰ اس سے بہت زیادہ بلند ہے بلکہ اس معنی میں کہ ذات مطلق کی صفات اور افعال نے ان کے پردے سے لون الأ لون انا لہ کے مطابق ان ہی کے رنگ میں ظہور کیا۔

کلمہ ۱۰:

مودب عارف صاحب ''فتوحات مکیہ'' فرماتے ہیں کہ:

ایام بیض کی راتیں مخلوق میں ظہور حق کی مثال ہیں کیونکہ ان راتوں میں آفتاب چاند میں ظاہر ہوتا ہے۔اسی طرح چاند، جو اسم نوریت میں حق سبحانہٗ کا پرتو ہے۔مخلوق میں ظاہر ہوتا ہے۔حق سبحانہ نے "نور" کو اپنے اسماء میں شامل کیا ہے۔اللہ نور السمٰوٰت والارض (اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے) اور چاند کو بھی "نور" فرمایا۔وجعل القمر فیھن نورا (اور ان میں چاند کو نور بنایا) اس کا مطلب یہی ہے کہ حق بہ اعتبار اسم نور ظہور قمر کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے، اسی لیے روزے کو جو مخلوق میں حق کا ظہور ہے، ایام بیض میں معتبر ٹھہرایا گیا۔حدیث شریف ہے کہ رسول ﷺ نے ہمیں خبر دیتے ہوئے فرمایا۔ان صیام ایام البیض صیام الدھر ۔ایام بیض کے روزے ایسے ہیں جیسے کسی نے ہمیشہ روزے رکھے۔

کلمہ ۱۱:

بعض اکابر اولیاء کا قول ہے کہ:

جو شخص بغیر شرک وریا کے ایک لمحہ حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوا، وہی لمحہ آخری وقت میں اس کا مددگار بن جائے گا۔

کلمہ ۱۲:

اہل تحقیق میں بہت سے مشائخ اس امر میں متفق ہیں کہ:

جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر تحقیقی ایمان لایا اور ہمیشہ اپنے ایمان پر قایم رہے گا اور مرتد نہ ہوگا۔اگر کوئی ایمان سے پھر جائے تو سمجھ لو کہ اس کا ایمان تقلیدی تھا، تحقیقی نہ تھا۔اور شافیہ جو یہ کہتے ہیں۔انا مومن ان شاء اللہ . یعنی میں ان شاء اللہ مومن ہوں تو بعض حضرات نے اس قول کا مطلب یہی سمجھا ہے کہ میں ان شاء اللہ تحقیقی طور پر مومن ہوں۔

کلمہ ۱۳:

آیہ کریمہ قد خاب من دسّٰھا (نامراد ہوا جس نے اس کو دبا دیا) کی تفسیر میں تحریر فرمایا ہے کہ:

نفس کو فراموش کرنا گویا روح کو فراموش کرنا ہے۔ کیونکہ نفس کے ارکان کو درست کرنے اور انھیں ان کے صحیح مقام پر رکھنے کے بعد نفس میں روح پھونکی گئی۔ نفس میں روح پھونکنے کے اثر سے موجودہ ہیئت وجود میں آئی۔ اسی سبب سے اکثر اہل علم نفس اور صورت محسوس کے علاوہ کسی امر کا اثبات نہیں کرتے۔ اس زمانے میں بھی عام لوگ اسی بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ روح کو فراموش کرنا گویا روحانیت کی خاصیت سے محروم ہونا، اور جانوروں کی سطح پر زندگی بسر کرنا ہے۔ اُولٰئکَ کَالْاَنعامِ بَل ھُم اَضَلّ یعنی یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ یہ لوگ زیادہ بے راہ ہیں۔ پس مایوسی اور ناامیدی کافروں سے مخصوص ہوگئی ہے۔ لَا یَاْیَئسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکَافِرُوْنَ (بے شک اللہ کی رحمت سے وہی لوگ نا امید ہوتے ہیں جو کافر ہیں) کیونکہ جو شخص خدا اور رسول پر ایمان لایا وہ اسی وقت قید نفس سے آزاد ہوکر رحمانیت خاصہ کی صفت سے مشرف ہوگیا بلکہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق میں سے ایک خلق سے سرفراز ہوگیا۔ اسی بناء پر حنفیوں کی کتابوں میں لکھا ہے کہ ایمان غیر مخلوق ہے۔

ای گروہ مومنان شادی کنید
ہم چو سرو و سوسن آزادی کنید

''اے مسلمانو! (اس نعمت پر) خوشیاں مناؤ اور سرو وسوسن کی طرح آزاد ہوجاؤ۔''

کلمہ ۱۴:

شرک خفی سے اعتقاد کا اخلاص یہ ہے کہ الوہیت کے باب میں اپنا اعتقاد ایسی ذات سے رکھا جس کی مثل، کسی بھی طرح عالم امکان میں نہ ہو، ورنہ وہ ممکن کا معتقد تصور کیا جائے گا۔ اسی بنا پر اکابر نے فرمایا ہے، **التوحید افراد القدم عن حادث** (توحید یہ ہے کہ ذات قدیم کو حادث سے پاک کیا جائے) ابودقاق رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔ **التوحید عذیم لایقضی دینہ** (توحید ایسا قرض دار ہے جس کا قرض ادا نہیں کیا جا سکتا) کیونکہ کلی طور پر بشریت کے آثار کبھی کبھی فنا ہوتے ہیں اور یہ حالت بھی برق خاطف کی طرح آن واحد میں گزر جاتی ہے

کلمہ ۱۵:

وسوسے تین قسم کے ہوتے ہیں: پہلی قسم یہ ہے کہ یہ محض خطرات وخیالات ہوتے ہیں۔ یہ خطرات وخیال اس شخص کے دل میں پیدا ہوتے ہیں، جو اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس بات پر ایمان رکھتا ہے کہ بندوں کے تمام افعال کا خالق حق سبحانہ وتعالیٰ ہے اگرچہ ظاہری عقل وحواس کا مشاہدہ یہی ہے کہ بندوں کے افعال کا تعلق ان کے اپنے اختیار سے ہے۔

وسوسے کی دوسری قسم یہ ہے کہ لوگ بندوں کے افعال کا خالق بندوں ہی کو تصور کرتے ہیں۔ چنانچہ معتزلہ کا نقطۂ نظر یہی ہے کہ وہ افعال کی نسبت انسانوں ہی سے کرتے ہیں۔ اس نقطۂ نظر کا بدترین پہلو یہ ہے کہ عام لوگوں کا یہی عقیدہ ہے کہ (بندہ خالق فعل ہے) عوام الناس کے اس عقیدے اور معتزلہ کے نقطۂ نظر میں یہ فرق ہے کہ معتزلہ اگرچہ خالق فعل بندے ہی کو قرار دیتے ہیں۔ لیکن ایک درجے میں وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے قائل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس طرح پیدا کیا ہے کہ جو کچھ وہ چاہتا ہے کرتا ہے۔

وسوسے کی تیسری قسم یہ ہے کہ بندے کو الوہیت کی صفات میں شریک سمجھتے ہیں جیسا کہ فرعون اور شداد کا معاملہ تھا۔
پہلے وسوسے کو دور کرنے کی صورت یہ ہے کہ حق سبحانہ کو خلق سے جُدا نہ جانے اور خلق کے فعل اور اس کی صفت کا پرتو خیال کرے۔ اور ساتھ ہی یہ اعتقاد رکھے کہ ربوبیت یہ ہے کہ رب کا ظہور مربوب کی صورت میں ہے۔ شیخ اوحدی نے اس شعر میں یہی بات کہی ہے:

تا جنبش دست ہست مادام
سایہ متحرک است ناکام

''جب تک ہاتھ کی جنبش جاری ہے اس کا متحرک سایہ بے حقیقت ہے۔ اسی طرح دوسرا وسوسہ بھی دور کیا جا سکتا ہے۔''

کلمہ ۱۶:

عالم ہر آن معدوم ہوتا رہتا ہے، اور اس کا مثل ظہور میں آتا رہتا ہے۔ خلق اور تاثیر تمام تر مرتبہ الوہیت سے ہے۔ اس اعتقاد سے تیسرا وسوسہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

کلمہ ۱۷:

خناس کا وسوسہ تین طرح کا ہوتا ہے: پہلی صورت یہ ہے کہ وہ معصیت میں مبتلا کر دیتا ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ بندے کے دل پر اپنا تصرف کر کے بے ہودہ خیالات اور خطرات پیدا کرتا ہے۔ بغیر اس کے کہ اس سے کوئی گناہ سرزد ہو۔ تیسرے یہ کہ وہ بندے کو کفر میں ڈال دے۔ اللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رکھے۔
پہلی صورت میں اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنی چاہیے کیونکہ گناہ موت کا سبب ہے۔ جیسا کہ بعض اہل کشف و تحقیق اکابر نے فرمایا ہے کہ

گناہگار دوزخ میں مر جائیں گے، اور ان کی تقدیر یہی ہوگی کہ۔ لَایَمُوْتُ فِیْهَا وَلَا یَحْیٰی (نہ اس میں مرہی جاوے گا اور نہ جیے گا) اور ربوبیت وجود و حیات کا باعث ہے۔ دوسری صورت میں انسان شیطان کے قبضے میں آجاتا ہے (تو اس کے اثر سے نکلنے کے لیے) ملک الناس سے التجا کرنی چاہیے اور تیسری صورت میں الہ الناس سے التجا کرنا مناسب ہے۔

کلمہ ۱۸:

تمام امور میں جو بات اس طریقے کے مناسب نہیں ہے۔ یہ ہے کہ صوفیہ کی تصانیف کا مطالعہ کیا جائے، اور ان کے اعلیٰ اقوال سنے جائیں۔ کیونکہ مبتدی کے دل میں وجد و حال کے جمال کی فہم پیدا ہوتی ہے، اور اس کا دل ادھر ہی لگا رہتا ہے۔ اس طریقہ علیہ میں فتور واقع ہوتا ہے۔ البتہ جو حضرات منتہی ہیں وہ ان بزرگوں کی نسبت کا جمال دیکھ لیتے ہیں۔

کلمہ ۱۹:

صاحب ''فتوحات مکیہ'' کے نزدیک سماع نغمہ قطعی طور پر روحانی نہیں ہے۔ سماع میں جو رقت پیدا ہوتی ہے اسے طبعی رقت کہتے ہیں۔

کلمہ ۲۰:

الان کما کان ۶۔ کا مطلب یہ ہے کہ اشیا کی نمود بے بود ہے۔ انھوں نے وجود خار بوتک نہ سونگھی وہ اسی طرح مرتبہ علم میں تھیں۔

کلمہ ۲۱:

حضرت خواجہ نے، لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۷ کی تحقیق میں فرمایا ہے کہ حق جل شانہ کی ذات بے چون و بے چگون ہے، اور کسی طرح بھی عقل و ادراک میں

نہیں آسکتی۔ لا تدرکہ الا بصار (اس کو تو کسی کی نگاہ محیط نہیں ہوسکتی) اپنی نزاہت اور پاکی کے باوصف اس نے ہر ذرہ کو گھیرا ہوا ہے۔ تمام ذرات عالم اس کی صفات کا آئینہ ہیں۔ جہاں کہیں علم ہے تو اس کا علم ہے۔ جہاں کہیں قدرت نظر آتی ہے: اسی کی قدرت ہے۔ علی ہذا القیاس، اسی کی صفات ہیں جنھوں نے مخلوق کے پردے میں ظہور کیا ہے۔ بلکہ حقیقت میں ''سب وہی ہے'' مخلوقات تو محض نمود و بے بود ہیں۔ جیسے آئینے میں صورت نظر آتی ہے لیکن آئینہ اسی طرح صاف اور بے صورت ہے۔ صورت نہ آئینہ کی سطح پر ہے، نہ آئینے کے باہر ہے، نہ آئینے کے اندر ہے۔ بس ایک نمود و بے بود ہے۔

کلمہ ۲۲:

اس حقیقت کی نشاندہی کے بعد آپ نے تحریر فرمایا ہے، جب تم پر یہ حقیقت واضح ہوگئی تو تم پر لازم ہے کہ حق تعالیٰ کا مراقبہ اس تصور کے ساتھ کرو کہ وہی حاضر و ناضر ہے، بلکہ تیرے دل میں یہ یقین ہو کہ علم اور قدرت میں سے کچھ تیرے پاس ہے تو وہ سب اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں اور تم فی نفسہ ان صفات سے سے خالی اور بے بہرہ ہو بلکہ تم کچھ بھی نہیں ہو۔ ہو تو نمود بے بود ہو۔ خارج میں جو کچھ ہے حق تعالیٰ ہے۔ لیس فی الدار غیرہ دیار (گھر میں سوائے گھر والے کہ کوئی نہیں) اور وہ اپنی یکتائی اور خالصیت میں اسی طرح جسم و جسمانیت اور جوہر و عرض سے منزہ ہے۔

کلمہ ۲۳:

آپ کے ملفوظات میں جو بعض اہل فضل نے جمع کیے ہیں، لکھا ہے کہ آپ نے فرمایا: جب تک حضور ذاتی جسے حضور صاف بھی کہتے ہیں، سالک کو حاصل نہیں ہوتا اسے جسمانی تقیدات سے چھٹکارا نہیں ملتا۔ کیونکہ توحید

صوری مراتب اجسام میں ہوتی ہیں۔ چنانچہ اس اس درجے میں لوگ اپنے جسمانی وجود اور غیر کے جسمانی وجود کو وجود حق خیال کرتے ہیں۔ اس صورت میں امتیاز اور فرق بہر طور پر باقی رہتا ہے اور روح کو مقام فناء حاصل نہیں ہوتا کیونکہ ہر چیز کی تمیز روح کے ذریعے ہوتی ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ یہ موحد اس توحید کے درجے میں نہیں پہنچا ہے جو علمائے دین اور صوفیہ محققین کی توحید ہے۔

کلمہ ۲۴:

ان ہی ملفوظات میں مرقوم ہے کہ آپ نے محبت ذات اور محبت صفات کے باب میں فرمایا:

محبت صفات یہ ہے کہ کوئی شخص کسی ایسے شخص سے محبت کرتا ہے جو عالم ہے یا شجاع ہے تو اس صورت میں اس کی محبت علم یا بہادری سے وابستہ ہوگی۔ اور اگر محبوب سے یہ صفت زایل ہو جائے تو محبت بھی ختم ہو جائے گی۔ اور محبت ذات یہ ہے کہ وہ اس شخص سے کسی صفت کو مدنظر رکھے بغیر محبت کرے۔ اس صورت میں کسی صفت کی بناء پر نہ محبت میں اضافہ ہوگا اور کسی صفت کے معدوم ہونے سے محبت میں کمی ہوگی۔

کلمہ ۲۵:

ان ہی ملفوظات میں ہے، آپ نے فرمایا:

ہوسکتا ہے کہ ایک شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اقرب ہو یعنی اپنی ہستی کو فناء کر چکا ہو لیکن اکرم نہ ہو۔ اسی طرح ایک ایسا شخص جس نے مقامات کی تحصیل کر لی ہے لیکن تحصیل مقامات کا ثمر کہ فنائیت اور اضمحلال ہے اسے حاصل نہیں ہوا ہو۔ حق تعالیٰ کے نزدیک اکرم ہوسکتا ہے آیہ کریمہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ (اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں زیادہ درجے والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے) اس پر ناطق ہے۔

کلمہ ۲۶:

آپ نے فرمایا کہ:

سبحان اللہ ! انسان کو اخلاص اور محبت کی نعمتیں عطا ہوئیں، اور محبت کی خاصیت یہ ہے کہ اپنے غیر کو جلا ڈالتی ہے۔ اس کے باوجود انسان کو چند شرعی امور کی ادائیگی کا ذمہ دار بنایا گیا ہے۔

کلمہ ۲۷:

ان ہی ملفوظات میں ہے آپ نے فرمایا کہ:

آدمی کے وجود میں روح، قلب اور سر وغیرہ کے سات طبقے ہیں۔ طبقہ اول کو جو علم حاصل ہوتا ہے، وہ دوسرے، تیسرے طبقے سے ساتویں طبقے تک پہنچتا ہے۔ چونکہ عام لوگوں کو ان مراتب کی تعداد معلوم نہیں، اس لیے وہ ہر طبقے کی یافت کو جدا جدا نہیں کر سکتے۔ اسی طرح ہر طبقے کی یافت کو علیحدہ علیحدہ طور پر جانتے ہیں۔

کلمہ ۲۸:

اہل اللہ کے تین گروہ ہیں: عباد، صوفیہ اور ملامتیہ۔ عباد وہ گروہ ہے جو ظاہری عبادات پر اکتفا کرتے ہیں۔ فرائض وسُنن کی ادائیگی کے بعد نفلی عبادت میں مصروف رہتے ہیں، اور بھلائی کے کام کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ معمولی سا نیک عمل بھی فروگزاشت نہیں کرتے۔ یہ حضرات صوفیہ کی وجدانی کیفیات اور ذوق سے بہرہ مند نہیں ہوتے۔ پھر صوفیہ ہیں جو صاحب وجد وحال ہوتے ہیں۔ اپنے خوارق اور کرامات کو مخلوق سے نہیں چھپاتے اور تمام امور میں ان کی نظر حق سبحانہ تعالیٰ پر ہوتی ہے۔ یہ اس بات کے قایل ہیں کہ حق نے مخلوق کے پردے میں ظہور کیا ہے۔ اس گروہ میں کسی نہ کسی درجے میں نمایش اور رسوم باقی رہتی ہیں۔ تیسرا گروہ ملامتیہ کا ہے ان کی کوئی خاص علامت نہیں ہوتی۔ یہ عوام الناس میں شامل ہوتے ہیں دین کے ظاہری اعمال خواہ

فرائض ہو یا سنت موکدہ ہوں، پورے اخلاص سے ادا کرتے ہیں۔ اپنی کسی کرامت یا خوارق عادت بات کو لوگوں میں ظاہر نہیں کرتے اور ہر حال میں حق سبحانہ تعالیٰ کے حکم کی پابجائی کرتے ہیں۔

کلمہ ۲۹:

صحابہ کرام کے زمانے میں خوارق و کرامات کا اتنا ظہور نہ تھا جتنا بعد کے زمانے میں نظر آتا ہے۔ کیونکہ انتہائے کمال کی شرط یہ ہے کہ سوائے حکم الٰہی کے منتہی اپنے تصرفات ظاہر نہ کرے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ پیغمبروں سے بغیر ان کی خواہش کے خوارق ظہور میں آئے، اور کبھی کبھی وقت اور حالات کے تحت جب کفار نے پیغمبروں کا انکار کیا تو ان کی خواہش اور تصرف کے بغیر معجزے ظہور میں آئے۔

کلمہ ۳۰:

ملفوظات میں ہے کہ:

لوگ اکثر مشائخ کو ان کی زندگی میں زندیق کہتے تھے۔ جیسے ذوالنون مصری کہ لوگ انھیں زندیق کہتے تھے لیکن مرنے کے بعد انھیں قبولیت عامہ حاصل ہوئی کیونکہ وہ دنیا سے بے تعلق تھے، اگر وہ دنیا سے متعلق ہوتے تو موت کے بعد بھی لوگوں کے طعن و ملامت سے نہ بچتے۔ اسی طرح صحابہ کے باب میں اختلاف ہے تو اس کا سبب بھی یہی ہے کہ منصب خلافت کی جہت سے متعلق بہ دنیا ہوے (ورنہ وہ دنیا سے قطعی طور پر بے تعلق تھے)

کلمہ ۳۱:

شرح رباعیات میں قلم حقائق رقم سے تحریر فرمایا ہے کہ:

مشائخ کا اقرب و اعلیٰ سلوک حضرت خوجہ احرار نقشبند کا طریقہ علیہ ہے۔ اس طریقے کے سالک پہلے ادراک بسیط میں آتے ہیں جو

خلقیت پر جہت حقیقت کا غلبہ ہے۔ نیز ذات کے انوار کی تجلی کا مقام ہے اور خاص جہت کا ظہور ہے۔ اس حقیقت کی ابتداء کو جس میں ادرا کات مرکبہ مغلوب ہو جاتے ہیں، اور وصول کی صبح سعادت کے اجالے کا ظہور ہوتا ہے، حضور و آگاہی کہتے ہیں۔ جب کشش اور انجذاب کے غلبے میں تمام ادراکات مرکبہ درمیان سے اٹھ جاتے ہیں، بلکہ آگاہی کا شعور تک باقی نہیں رہتا تو اسے فناء یا فناء الفناء سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس نسبت کو وجود عدم بھی کہتے ہیں اور اس دوامی نسبت کے ظہور کی استعداد کو عظیم خیال کرتے ہیں۔

کلمہ ۳۲:

جب محب صادق کو ذات حق کا قرب حاصل ہوتا ہے اور محبوبان مجازی کا پردہ درمیان سے اٹھ جاتا ہے تو اس حال میں صرف محبت کے جلوے نظر آتے ہیں۔ اس مقام سے نزول کے بعد بھی ذوق محبت کا غلبہ مجازی حسن کو نگاہوں سے دور کر دیتا ہے، اور اس قول کے مصداق کہ ''محبت غائب کو شاہد بنا دیتی ہے'' مرتبہ وحدت کا غیب اپنے مرتبے سے نزول کر کے بیرنگ نور کے پردے میں تجلی کرتا ہے۔

کلمہ ۳۳:

شرح رباعیات میں فرمایا ہے،

سیر نزولی کے منتہی کہتے ہیں کہ تدلی [۸] کے کمال سے مقصود یہ ہے کہ محسوسات مثالی اور شہودی صورتیں کامل طور پر حقیقت کی ترجمان ہو جائیں اور نور بے رنگ کا فیض پہنچائیں۔ ہر ایک نظر کی کجی کی دوا بن جائے اور ہر ایک یہ نغمہ گانے لگے: سبحان الذی لم یبصر فمنا من جهل و قال العجز عن درک الا دراک

ادراک و منامن علم فلم یقل بمثل هذالقول ایں اعلیٰ اعلم باالله است . (پاک ہے وہ ذات جو دیکھی نہیں گئی، چنانچہ ہم میں سے جو ناواقف ہے وہ کہتا ہے کہ ادراک کے حصول سے عاجزی ہی ادراک ہے، اور ہم میں کچھ ایسے ہیں جو جان گئے ہیں تو انھوں نے اس قول جیسی کوئی بات نہیں کہی کہ یہ طبقہ (جو اظہار عجز کرتا ہے) اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ جاننے والا ہے)۔ لیکن اس کمال کا حصول چند دوسرے مقامات پر ہے۔ اول یہ کہ صورتوں کا بطن البطون کی جہت میں نیچے آنا، دوسرے اسماء وشئون کے مظاہر کی صورتوں کا موجود ہو جانا، اور تیسرے ظاہر کا طرح طرح کے رنگ میں رنگ جانا۔

ممکن ز تنگنای عدم ناکشیده رخت
واجب بجلوه گاه عیاں نا نهاده گام
در حیرتم که ایں همه نقش عجیب چیست
بر لوح صورت آمده مشهود خاص و عام

"ممکن نے عدم کے تنگ میدان سے سفر نہیں کیا، واجب نے ظاہر کی جلوہ گاہ میں قدم نہیں رکھا۔ میں حیرت میں ہوں کہ پھر یہ تمام عجیب نقش کیا ہیں جو خاص وعام کے سامنے لوح صورت پر نمایاں ہوے ہیں"۔

کلمہ ۳۴:

حق سبحانہ تعالیٰ اپنی صفات ذاتیہ کے ساتھ تمام مراتب اجسام میں جاری وساری ہیں۔ اجسام کی صفات وہمیہ کو قایم رکھنے والی سوائے واجب تعالیٰ کی صفات حقیقی کے کوئی نہیں۔

بان تانه کنی غلط که از کم دانی
ایں باطن را برون ز ظاهر دانی

ظاہر بدنی کہ بی خیال روحش
ہر چند کنی تخیلش نتوانی

''اے مخاطب! اپنی کم علمی کے سبب یہ غلطی نہ کرنا کہ ظاہر کو باطن سے علیحدہ سمجھ بیٹھو۔ ظاہر جسم کو اس کی روح کے خیال کے بغیر ہر چند تم اس کا تخیل کرو لیکن کامیاب نہیں ہو سکتے۔''

کلمہ ۳۵:

''شرح رباعیات'' میں یہ بھی ہے کہ:

ممکنات کا وجود ممکنات پر زاید ہے۔ لیکن جس طرح متکلمین کہتے ہیں اس طرح نہیں۔ اس کے بر خلاف وجود معروض ہے، اور ماہیات عارض ہیں،۔

کلمہ ۳۶:

اسی کتاب قدسی القاب میں ہے کہ:

علم کے عروج کی انتہا مرتبہ وحدت تک ہے۔ اس سے آگے حیرت و نادانی ہے۔ پس ''اللہ تعالیٰ کی ذات میں غور مت کرو'' کے معنی کسی طرح سمجھ میں نہیں آتے۔ حاصل یہ ہے کہ ذات جیسی کہ وہ ہے کسی نوع کے ادراک میں آتی، سواء اضیف الی الحق او الی الخلق (خواہ اس کی اضافت حق کی طرف ہو یا خلق کی طرف ہو)

کلمہ ۳۷:

آپ کے تحریر کردہ بعض مسودات میں ہے کہ:

اس سعادت کی علامت یہ ہے کہ تمام دنیوی اور اخروی نعمتوں سے دل سرد ہو جائے، اور بارگاہ احدیت میں تمام احوال، مشاہدات، انجذاب اور قلق سے بے نیاز ہو جائے۔

کلمہ ۳۸:

اس مقام کا حاصل سلوک اور جذبہ ہے۔ جذبہ جو ذات کے ساتھ ربط ومحبت ہے۔ طالب تعلق خاص کی برکت سے حاصل کرتا ہے اور قوت پاتا ہے سلوک صفات بشری کی نفی ہے۔ اس قول کے مطابق کہ جذبہ من جذبات الرحمٰن (جذبہ رحمٰن کے جذبات میں سے ہے) جذبہ سے دونوں جہان کے مساوی عمل میسر ہوتے ہیں۔ یہ روش سلوک کی روش سے جس میں لوازم بشریہ کی نفی کی جاتی ہے، زیادہ اچھی ہے۔ صفات میں حد اعتدال کی احتیاط کرنا واقعی بڑا کام ہے۔ محض سالک کی قوت بازو سے کام نہیں بنتا۔

کلمہ ۳۹:

اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں کی عنایت اور ان کے دل کا التفات تمام سعادتوں کا راز ہے۔ برگزیدہ بندوں کی عنایت و التفات سالکین کو راہ سلوک میں رہنمائی کرتی ہیں، اور مستعد لوگوں کو آگاہ کرتی ہیں۔ خاص طور پر جب یہ توجہ ان کی صحبت میں حاضر رہنے سے حاصل ہوتی ہے تو رفتہ رفتہ بارگاہ محبوب تک پہنچا دیتی ہے۔ یہ اطوار و اسرار کی مقناطیس ہے۔

ناز خندان باغ را خندان کند
صحبت مردانت از مرداں کند

جس طرح پھولوں کی شگفتگی باغ کو شگفتہ کرتی ہے، اسی طرح اہل ہمت لوگوں کی صحبت تجھے صاحب ہمت بنا دیتی ہے۔

کلمہ ۴۰:

بعض مکتوبات میں بھی تحریر فرمایا ہے کہ:

سُنت اللہ واسطہ کے اعتبار اور اس کی برزخیت [9] پر جاری ہے۔ واسطے سے چشم پوشی کرنے اور اس کو درمیان نہ دیکھنے سے راہ سلوک میں ترقی رک جاتی ہے۔ اگر اچانک واسطے کی حقیقت سے انحراف پیدا ہو جائے تو درمیان سے برکت بھی اٹھ جاتی ہے۔ ہر چند کہ، الفانی لا یرد الی او صافه (فانی اپنے اوصاف کی طرف نہیں لوٹایا جاتا) بے شبہ یہ طریق خدا اور رسول کی بارگاہ میں ناپسندیدہ اور نامقبول ہے۔ بچوں کے معلم کا ادب جب تک وہ سامنے ہے واجب ہے۔ (اس کی بہ نسبت) طریقت کا استاد جو چشمہ فیض اور کشف و شہود کا دبستاں ہے۔ بہر صورت الوہیت کا برزخ رہے گا۔

پیر من و خدای من
از تو بحق رسیدہ ام

''میرا پیر اور میرا خدا، تیری بدولت میں حق تک پہنچا ہوں۔''

من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ (جو بندوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا)

کلمہ ۴۱:

بعض مکتوبات میں تحریر فرمایا ہے کہ:

شاھد دل کے بہت رخ ہیں۔ ہر رخ کو دیکھنے والے کو اپنی جانب مائل کرتا ہے۔ لطیفہ روحی وہ ہے جس کی خاص راہ سوائے احدیت صرف کے اور کچھ نہیں ہے۔ انسانوں کی زندگی اور موت اسی رفتار کے ساتھ وابستہ اور مربوط ہے۔

کلمہ ۴۲:

یہ بھی مکتوب میں ہے کہ:۔

پراگندہ لقمے میں احتیاط اور نفس کی برائیوں سے پرہیز اس نسبت کو قوی کرتے ہیں۔اس لیے اس امر کی سعی وکوشش کرنی چاہیے کہ حرام اور مشتبہ لقمہ پیٹ میں نہ جائے، اور نفس کی رذائل مثلاً غیظ وغضب، بدخلقی اور نا مناسب خواہشیں سر نہ اٹھائیں۔ان ہلاکت میں ڈالنے والے رذایل سے چھٹکارا پانے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حسن نیت کے ساتھ عاجزی اور التجا کی جائے۔ ہمیشہ خاکسار اور نیاز مند بنا رہے اور اپنے آپ کو ایک ذرہ سے بھی کمتر خیال کرے۔

کلمہ ۴۳:

اسی کتاب ''حقائق اسلوب'' میں ہے:

''جب قلبی حرکت، وردی حرکت سے ہم آہنگ ہوتی ہے، یا سماعت خیال میں کلمہ ''اللّٰہ'' سنائی دیتا ہے، تو اس ذکر سے صنوبری پارہ گوشت کا ذکر مراد لیتے ہیں، اسے ذکر قلبی بھی کہتے ہیں۔ یہ صورت حال زیادہ معتبر نہیں ہے۔ حقیقی ذکر قلبی حق سبحانہ کی جناب میں حضور وشہود ہے۔جس وقت یہ کیفیت پیدا ہوتی ہے تو (سالک کو) خیال سے رہائی حاصل ہو جاتی ہے۔اس صورت میں ذکر کو چھوڑ کر اس کیفیت کی حفاظت کرنی چاہیے۔ اور جب اس کیفیت میں کمی ہونے لگے تو پھر سے ذکر شروع کر دینا چاہیے اور اس وقت تک اسے جاری رکھے جب تک اس دولت کو ثبات حاصل نہ ہو جائے۔ اس مدت میں اس کیفیت کو ذکر کے ساتھ شامل کر کے حق تعالیٰ کے بے انتہا الطاف کا منتظر رہے۔اس کے بعد اسے جو کچھ ملے گا' نہ تصور میں آسکتا ہے اور نہ بیان کیا جا سکتا ہے۔

کلمہ ۴۴:

مسلمانی احکام الٰہی کے سامنے سر جھکانا ہے۔

خواہی کہ بصوفی گری از خود برہی
باید کہ ہوا و ہوس از سر بنہی
آں چیز کہ داری بکف از کف بدہی
ہر سنگ بلا کہ بر تو آید شجمی

''اگر تو صوفی گری کے ساتھ اپنے آپ سے آزاد ہونا چاہتا ہے، تو تجھے چاہیے کہ ہوا و ہوس کو اپنے سر سے نکال دے۔ جو چیز تیرے ہاتھ میں ہے، اسے خیرات کر دے اور اگر تجھ پر سنگ بلا آئے تو اس سے بچنے کی کوشش نہ کرے۔''

کلمہ ۴۵:

حضور ذاتی اور وحدت صرف میں استغراق و استہلاک ظہور میں نہیں آتا، اس سلسلہ کے حضرات اسے ''فنا'' کہتے ہیں۔

کلمہ ۴۶:

اہل حقوق خصوصاً والدین کی خاطر داری سے متعلق مولانا زین العابدین کمان گر کی باتیں مکتوبات میں نقل فرمائی ہیں کہ مولانا علاؤالدین مکتب دار بیان کرتے تھے کہ:

''ایک دفعہ فقیر کے والد کا دل فقیر سے کسی بات پر رنجیدہ تھا، باوجود اس کے کہ شریعت کے لحاظ سے حق میری جانب تھا۔ میں نے ان کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے گردن میں پگڑی ڈال کر زمین پر سر رکھ دیا، اور عذر خواہ ہوا۔ تیس برس ہو چکے ہیں لیکن اس ناراضگی کا نقصان اب تک محسوس کرتا ہوں۔

کلمہ ۴۷:

مکتوبات کے اسی باب میں آپ نے ''نفحات'' کے حوالے سے تحریر فرمایا ہے کہ:

''اکابر میں سے کسی بزرگ کے ذکر میں مذکور ہے کہ انہوں نے اپنے بعض مریدین کو جن سے ماں کی خدمت کرنے میں کوتاہی ہوئی تھی، اور حج کر چکے تھے، نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے زادِ سفر کے بغیر پا پیادہ تیس حج کیے ہیں۔ ان کا ثواب میں تمھیں دیتا ہوں، تم اس کے بدلے میں مجھے ماں کی خوشنودی دے دو''

کلمہ ۴۸:

آپ کے معارف آیات تحریروں میں ہے:

''جان لیں کہ سالک طریق کا پہلا قدم سچی توبہ اور اہل سنت والجماعت کے مذہب پر اپنے اعتقاد کو صحیح اور درست کرنا ہے۔ چونکہ ان امور کا تعلق علم سے ہے۔ اس لیے تم پر لازم ہے کہ بقدر ضرورت باعمل اور پاکیزہ اعتقاد علماء کی خدمت میں حاضری کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دو، اور جتنا ہو سکے دین وملت کی تحقیق میں لگے رہو۔ حقیقت کے ظہور کا دارومدار حق تعالیٰ کے جذب وکشش پر ہے، اور جذب وکشش اس پر موقوف ہے کہ حق تعالیٰ تم کو وصف محبوبی کے ساتھ قبول فرمائیں۔ اور یہ عنایت سید اولین وآخرین ﷺ کی ظاہراً اور باطناً اتباع سے مشروط ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (آپ فرما دیجیے کہ اگر تم خدا سے محبت رکھتے ہو تو تم لوگ میرا اتباع کرو، اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں گے)

کلمہ ۴۹:

مکتوبات ہی میں ہے کہ:

ہمیشہ باوضو رہنا اور باوضو ہونے کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ (حرام) لقمہ سے احتیاط اور گناہوں سے بالکلیہ پرہیز کرنا چاہیے۔ غیبت، عیب جوئی، بندہ مومن کی خواہ آزاد ہو یا غلام تحقیر کرنے، مسلمان سے بغض و کینہ رکھنے اور کمزور لوگوں پر سختی کرنے سے اجتناب ضروری ہے۔ جن سے محفوظ ہوئے بغیر بنیاد عمل مضبوط نہیں ہوتی، اور اگر اتفاقاً ان امور میں خلل پیدا ہو جائے تو اس عمل کو ترک نہ کیا جائے، بلکہ توبہ و استغفار کر کے زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے تا کہ۔ ان الحسنٰت یذھبن السیات ° لکا نور کامل ظاہر ہو جائے۔

کلمہ ۵۰:

یہ بھی مکتوبات میں ہے کہ آپ نے ایک عالم کو تحریر فرمایا:

نعوذ باللّٰہ من علم لا ینفع (اللہ ایسے علم سے جس سے کوئی نفع نہ ہو، پناہ میں رکھے)۔ آخرت شناس عالم پر لازم ہے کہ ان علوم کی تحصیل کے بعد، جو علم کے لیے ضروری ہیں۔ تمام عمر دل کی صفائی، اور نفس کے تزکیہ میں بسر کرے۔ کیونکہ بندے اور خالق عز شانہٗ کے درمیان کوئی پردہ سوائے وساوس وخطرات، مخلوق پر توجہ، خواہش نفس اور بے فائدہ آرزو کے نہیں ہے، جب کہ حق تعالیٰ تمام چیزوں سے زیادہ بندے کے قریب ہیں:

او بما از ما بسی نزدیک تر
داند آن کس کو ز خود وارد خبر

''حق تعالیٰ ہمارے وجود سے ہم سے بھی زیادہ قریب ہے، لیکن یہ حقیقت اسی کو معلوم ہے جو اپنے آپ سے باخبر ہے۔

محرومی اور دوری طرح طرح کے اندیشوں کے باعث ہے، اور اندیشوں کا پیدا ہونا بشری صفات میں سے ہے۔

کلمہ ۵۱:

ان ہی مکتوب میں ہے کہ:

''باطن کو مہلکات سے چھٹکارا دلانے اور فارغ کرنے کا سب سے قوی ذریعہ یہ ہے کہ اپنے آپ سے آزاد ہو کر، رد و قبول کا مظہر بن کر دل کی توجہ پسندیدہ امور کی طرف رکھے۔ اس کی قبولیت باطن میں قبولیت پیدا کر دے گی''

کلمہ ۵۲:

اس مکتوب کے آخر میں تحریر کیا ہے کہ:

ہر اس شخص کے ساتھ جس کے باطن میں معرفت الٰہی کی طلب نہیں ہے، صحبت نہ رکھو اور دنیا دار عالموں سے جو علم کو فخر کرنے اور زبان کی تیزی دکھانے کا وسیلہ بنائے ہوئے ہیں، اس طرح بھاگو جیسے آدمی شیر سے بھاگتا ہے۔ ہمیشہ اور مسلسل قُربِ الٰہی کا وسیلہ تلاش کرو، عبادات میں مشغول رہو اور سید کائنات ﷺ پر درود بھیجتے رہو اور بارگاہ الٰہی میں التجا کرو کہ: ''بارالہا! میرے دل سے اپنے غیر کی آرزو نکال کر، لمن الملک الیوم للّٰہ الواحد القھار اللّٰہ کا جلوہ دکھا دے!

کاری کہ در و منفعتی نیست مکن
یاری کہ در و معرفتی نیست بگیر

''وہ کام جس میں نفع نہیں ہے، اسے نہ کرو۔ ایسے شخص سے دوستی نہ کر جسے معرفت حاصل نہیں ہے''

کلمہ ۵۳:

اگر اچھی طرح غور کرو تو معلوم ہوگا کہ کہ تم سے یہی طلب، نیاز مندی اور بیتابی مطلوب ہے۔ محبت کی انتہا یہ ہے کہ سوائے محبت کے کوئی مقصود نہ رہے:

عشق عاشق چو سر کشد بکمال
باشد از غیر عشق فارغ بال

عشق را قبلہ گاہ خود سازد
دل ز معشوق ہم بپر دازد

''عاشق کا عشق جب حد کمال کو پہنچتا ہے تو وہ عشق کے غیر سے بے تعلق ہو جاتا ہے۔
وہ عشق ہی کو اپنا قبلہ گاہ بنالیتا ہے حتیٰ کہ اپنے دل کو بھی محبوب سے فارغ کر لیتا ہے۔ اس کو عین مراد میں مراد سے نامراد ہو جانا کہتے ہیں''

کلمہ ۵۴:

طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے اکابر کا ارشاد ہے کہ:

''ہمارے طریقے کی خصوصیت عزیمت کی پراگندگی اور خلل انداز فتور کے بغیر دوامی حضور اور آگاہی ہے، خواہ ذکر کی مشغولیت ہو یا توجہ اور رابطے کی حالت ہو۔ ہر حال کا مقصود اللہ تعالیٰ کے ساتھ حضوری ہے۔ جب حضور کی یہ کیفیت جس میں غیر اللہ کا خیال مزاحم نہ ہو تو اس حضور کو ''وجود عدم'' کہتے ہیں۔ اور جب یہ حال سالک کی استعداد بن جائے تو اسے ''مشاہدہ'' کہتے ہیں۔ جب باطن میں صفت حضور کا شعور باقی نہ رہے اور حقیقی فناء سے مشرف ہو جائے تو

اس مقام پر۔لایعرف اللّٰہ الا اللّٰہ (اللہ کوسوائے اللہ کے کسی نے نہ جانا) کے معنی کی تحقیق ہوتی ہے۔اس مقام پر نہ ارواح ہیں نہ اجسام، دیکھنے والا حق ہی کو دیکھتا ہے اس کے غیر کو نہیں دیکھتا''

کلمہ۵۵:

آپ کی بعض تحریروں میں درج ہے کہ:

''بعضوں نے تجلیات الٰہی کو تین انواع میں تقسیم کیا ہے:

اول تجلی صوری ہے، اس کا تعلق مبتدیوں سے ہے۔

دوم تجلی معنوی ہے، اس کو متوسطین سے منسوب کرتے ہیں۔

سوم تجلی ذاتی ہے، یہ منتہی حضرات کا مقام ہے۔

اسی طرح بعضوں نے اسے چار انواع میں تقسیم کیا ہے وہ اس طرح کہ پہلی قسم کی دو قسمیں کر دی ہیں، اور ان کا نام ''تجلی صوری'' اور ''تجلی نوری'' رکھا ہے۔ بہرحال تجلیٔ الٰہی کے یہ انواع اور تقسیم ہمارے اکابر کے طریقے میں قطعاً نہیں ہیں۔ ہمارے حضرات اتحاد و حلول اور تشبیہ کی ہلاکت خیزیوں سے محفوظ ہیں''

فصل:

ہمارے خواجہ قدس سرہ تمام تر عظمت، بزرگی اور کمال کے باوصف جو خدائے بزرگ و برتر نے آپ کو عطا فرمائے تھے، کبھی کبھی بمقضائے کلمینی یا حمیرا [۱۲] جب چاہتے کہ نسبت حضوری میں کچھ سستی واقع ہو اور غفلت پیدا ہو، اور وہ بھی اس لیے کہ بشری خصوصیات برقرار رکھنے کے لیے غفلت بھی ضروری ہے۔تو شعر کہنے کی جانب مائل ہوتے، چونکہ ان اشعار میں بعض حقائق و معارف بیان ہوئے ہیں، اس لیے حضرت کی مثنوی سے چند اشعار بطور تبرک نقل کیے جاتے ہیں تاکہ ان اشعار کی برکت سے یہ کتاب عام لوگوں میں رواج پا جائے، نیز برگزیدہ حضرات کے قبول خاطر ہو:۔

چنین گویند دانایان اسرار
ز اصل و فرع هر معنی خبردار
که معشوق ازل در هر شعوری
ز غمازان نهان دارد ظهوری
سر هر ذره بینای جمال است
دل هر قطره دریای کمال است
شهود دوست پنهان هر دلی راست
هوای وصل هربی حاصلی راست
مدار بودش از نور شهود است
شهودش مایهٔ چندین نمود است
ولی افگنده بر جانش حجابی
گرفتاری بهر خاکی و، آبی
شده بنیاد این دیوانه گشتن
پی هر رنگ و بو طفلانه گشتن
نهاده اصل این بازار و تزویر
نقوش علمی از هر سو نظر گیر
سرا سر رنگ این مرآت علم است
سراپا کشور آفات علم است
ز آسیب خیال و فکر و وسواس
رود برباد حسرت گنج انفاس

''اسرار الٰہیہ کے جاننے والے کہتے ہیں کہ اصل و فروع کے ہر معنی سے واقف ہونا چاہیں۔

محبوب ازل شعور کے ہر درجے میں غمازوں سے ظہور کو پوشیدہ رکھتا ہے۔

ہر ذرے کی آنکھ جمالِ حقیقی کو دیکھتی ہے، اور ہر قطرے کا دل کمال کا سمندر ہے۔

دوست کا شہود ہر دل سے پوشیدہ ہے، ہر بے حاصل کو وصل کی ہوس ہے۔

عالم کی ہستی کا انحصار نور شہود پر ہے۔ جو کچھ نظر آتا ہے اس کی اصل شہود ہے۔

بات یہ ہے کہ انسان کی جان پر پردہ ڈال دیا گیا ہے، وہ خاکی اور آبی جسم کی دید میں گرفتار ہے۔

اس کے دیوانے ہونے کی اصل حقیقت یہی ہے، ہر رنگ و بو کے پیچھے بچوں کی طرح دوڑتا ہے۔

نمودِ بے بود کی بنیاد ہنگامے اور فریب پر ہے، علم میں آنے والی صورتیں نظر کو گرفتار رکھتی ہیں۔

علم کا آئینہ رنگ ہی رنگ ہے، علم تمام آفتوں کا ملک ہے۔

خیال، فکر اور وسوسوں کے آسیب سے انفاس کا خزانہ برباد ہو جاتا ہے۔''

یہ بھی حضرت قدس سرہ کا کلام ہے:۔

بیانم را چو توفیقی رفیق است
بیارم آنچہ لا بد طریق است

گذشتن اول از خود شرط کار است
فراغ خویشتن بی اعتبار است

همہ لذات روحانی حرام است
حظوظ نفس ظلمانی کدام است
حجاب تست در راہ خرابات
چہ ذوق علم وچہ حظ مقامات
بران سوکز ہوس آزادہ باشی
مراد دوست را آمادہ باشی

''جب توفیق الٰہی میرے بیان کے شامل حال ہے تو میں وہ باتیں بیان کرتا ہوں جو سلوک میں لازمی ہیں۔

سلوک کی پہلی شرط اپنے آپ سے گزر جانا ہے، یہاں اپنی ذات کا فراغ معتبر نہیں ہے۔

جہاں تمام روحانی لذتیں حرام ہوں وہاں نفس ظلمانی کی مسرتوں کی کیا حیثیت ہے۔

میخانہ (عشق) کی راہ میں ذوق علم ہو یا لذت مقامات، یہ سب پردے ہیں۔

اس جانب جانے کے لیے ہوا و ہوس سے رہائی حاصل کر، تب دوست کی عنایت تجھے قبول کرنے کے لیے آمادہ ہوگی''

یہ بھی حضرت قدس سرہ کا کلام ہے:۔

حضور ذات اگر در خلوتِ جان
بود بی پردہ کشف ذاتی است آن
دگر علمی بود علم حضوری است
ولی در پردہ کان امر ضروری است

دگر علم حصولی شد مقامش
تجلی معنوی واند نامش
دگر در صورت مرئی کند روی
تجلی صوریش خواند سخن گوی
دوجا لیکن ظہور ایں جمال است
یکی در حسن و دیگر در مثال است

''اگر خلوتِ جان میں جلوۂ ذات بغیر حجابات کے ہو تو وہ ''کشف ذاتی'' ہے۔

اور اگر ذات وصفات کی معرفت علمی ہے تو ''علم حضوری'' ہے لیکن اس کا پس حجاب ہونا ضروری ہے۔

جب یہ علم حصول کے درجہ میں ہو تو اسے ''تجلی معنوی'' کے نام سے جانتے ہیں۔

اگر یہ محسوس صورتوں میں نمایاں ہو تو اہل معرفت اسے ''تجلی صوری'' کہتے ہیں۔

لیکن تجلی صوری کا ظہور دو جہتوں سے ہوتا ہے: ایک حسن میں اور دوسرے مثال میں۔ ۱۳

اگر چہ ہمارے خواص کا مرتبہ، آپ کے کشف وکرامات، جن کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے۔ بہت بلند ہے اور جس شخص نے آپ کی زیارت کی ہے یا آپ کی خدمت میں حاضر رہا ہے، اسے آپ کی ولایت میں کسی طرح کا شبہ نہیں ہے۔ اس لیے وہ کرامات وخارق عادات کا محتاج نہیں ہے۔ درحقیقت خواجہ عبداللہ انصاری قدس سرہٗ العالی کا قول جو انھوں نے اپنے زمانے کے اکابر اولیاء میں سے ایک بزرگ کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا، ہمارے حضرت خواجہ پر صادق آتا ہے:

''جولوگ ان کرامات کا ذکر نہیں کرتے، وہ خود احوال و مقامات کی عظمت سے ناواقف ہیں۔ان کا مرتبہ تو یہ تھا کہ حال و مقام ان کی مٹھی میں تھے''

حاصل کلام یہ ہے کہ ہمارے خواجہ کا وجود تمام تر کرامت تھا۔اپنی کرامت اور خوارق کو پوشیدہ رکھنے کے جو طریقہ نقشبندیہ میں امر لازمی ہے آپ کی ذات سے اس قدر کرامات، خوارق عادات اور انفسی آفاقی تصرفات ظہور میں آتے تھے کہ ان کی تفصیل حد تحریر سے باہر ہے۔

علاوہ ازیں وہ حضرات جو آپ کی صحبت میں رہتے تھے اور جن پر آپ کی دنیا و مافیھا سے بے التفاتی کا پرتو پڑ چکا تھا، ان امور میں جن کی عوام میں بہت زیادہ قدر و قیمت ہوتی ہے۔کبھی گرفتار نہیں ہوے اور نہ وہ باتیں ان کے نزدیک کسی درجے میں قابل اعتبار تھیں۔اس لیے انھوں نے یہ ضرورت محسوس نہیں کی کہ وہ آپ کی کرامات اور خوارق عادات کے واقعات معلوم کرتے۔

آپ کی ان کرامات میں سے جو خاص و عام میں مشہور ہیں، ایک یہ ہے:

ایک عزیز جو شہر کے صاحب اختیار لوگوں میں سے تھے، ان کی عمر پچاس سال کے قریب ہوگئی تھی لیکن شادی نہیں کی تھی۔انھوں نے اپنے شیخ کے حکم کی تعمیل میں ایک دوشیزہ سے نکاح کر لیا۔نکاح کے بعد بہت کچھ جتن کیے، دوائیں استعمال کیں، علاج معالجے کیے لیکن مقصد براری کی صورت پیدا نہ ہوئی، نہ کسی قسم کا فائدہ حاصل ہوا۔تقریباً ایک سال اسی خلجان میں گزر گیا۔آخر کار غیرت و حیا کے باعث ارادہ کیا کہ شہر چھوڑ کر چلے جائیں اور مسافرت اختیار کر لیں۔آپ کو بھی ان کے ارادے کی اطلاع ہوئی تو ان کی بے چارگی پر رحم آیا اور ان کے حال پر افسوس کیا۔ایک دن آپ کسی جگہ تشریف لے جا رہے تھے کہ اچانک وہ عزیز سامنے آگئے۔چونکہ وہ عالم بھی تھے، اس لیے آپ ان کی تعظیم کے لیے سواری سے اترے۔وہ بھی نہایت نیاز مندی سے پیش آئے اور آپ کے قدموں میں گر پڑے۔آپ نے انہیں اٹھایا اور بغل گیر ہوے۔دو تین مرتبہ ان کو اپنے سینے سے لگایا اور اچھی طرح جکڑ لیا، پھر آہستہ سے ان کے کان میں فرمایا کہ: ''آج شب اپنی اہلیہ کے ساتھ رہنا''۔ان عزیز کا بیان ہے کہ میں جب حضرت خواجہ سے جدا ہوا، اسی لمحے میں نے اپنی اندر قوت کا احساس کیا، گھر آ کر اہلیہ کو بتایا کہ ایک بزرگ نے ایسا فرمایا ہے اس نے میرا خوب مذاق اڑایا اور استہزا کیا۔بہر حال آپ کے حکم کی تعمیل میں، میں نے خلوت کی اور کامیاب رہا۔

آپ کی کرامات میں سے ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ ایک دفعہ ایک بچہ فیروز آباد کے قلعے کی دیوار سے جس کی اونچائی نو قد آدم سے زیادہ ہے، دریا کی طرف گر پڑا۔ اس کے کان اور ناک سے خون بہنے لگا۔ سانس رک گیا اور وہ موت کے قریب پہنچ گیا۔ لوگ اس کی زندگی سے مایوس ہو گئے۔ اس بچے کی ماں بچے کو آپ کی خدمت میں لے آئی اور رونا دھونا شروع کر دیا۔ اپنی بے بسی کا واسطہ دیا۔ آپ نے اس کے حال پر شفقت فرمائی۔ کچھ دیر اپنے باطن کی جانب جو حق کی جگہ ہے، متوجہ رہے۔ اس وقت آپ کے ہاتھ میں کوئی کتاب تھی۔ اسے کھول کر فرمایا، اس کتاب سے ظاہر ہوتا ہے کہ بچہ زندہ رہے گا۔ آپ کے نفس کی برکت سے بچے نے صحت پائی۔

آپ کا دستور تھا کہ جب آپ چاہتے کہ کوئی تصرف یا خرق عادت ظاہر ہو تو کبھی اپنی ذات سے نسبت نہیں دیتے تھے بلکہ کسی کتاب یا قصے کے حوالے سے کرامات ظاہر فرماتے تھے۔ مثلاً کسی مریض میں تصرف کرنا چاہتے تو فن طب سے متعلق کتاب طلب فرماتے اور دوا تجویز فرماتے۔ اس دوران ''ہمت''[۱۴] مریض کی جانب مرکوز رکھتے۔ چنانچہ کبھی دوا کے استعمال کرتے ہی، اور کبھی دوا کے استعمال کرنے سے پہلے مریض صحت یاب ہو جاتا۔

خواجہ محمد عبداللہ سلمہ اللہ آپ کے چھوٹے فرزند ہیں۔ کلام ربانی کے حافظ ہیں۔ حق تعالیٰ کے کرم اور فیض کے باعث ایام طفولیت ہی سے ہدایت کے آثار ان کی پیشانی سے عیاں ہیں۔ گیارہ سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ فرمایا اور اب جب کہ ان کی عمر شریف چودہ سال ہے، کامل استعداد کے ساتھ ''تلویح''[۱۵] پڑھ رہے ہیں۔ امید ہے کہ بہت کم عرصے میں ظاہری علوم کی تحصیل کے بعد، علوم باطنی سے آراستہ ہو جائیں گے۔ آمین! ان چھوٹے فرزند کی والدہ سے آپ کی خرق عادت کا ایک واقعہ سننے میں آیا ہے، آپ نے فرمایا کہ:

جب میں نکاح کے بعد آپ کے گھر آئی تو ابتدائی دنوں میں، آپ مختلف صورتوں میں مجھے نظر آتے۔ میں سخت حیران اور سہمی ہوئی رہتی تھی۔ ایک دن آپ کے ہاتھ میں آئینہ تھا۔ مجھ سے فرمایا کہ اس میں اپنا چہرہ دیکھو۔ میں اپنا چہرہ آئینے کے سامنے لائی تو آپ بھی اپنا چہرہ میرے چہرہ کے برابر لے آئے۔ میں نے آئینے میں ایک سفید ریش شخص کو دیکھا، اور پھر جب میں نے آپ کی طرف دیکھا تو آپ اپنی شکل میں موجود تھے۔ میں نے جب دوبارہ آئینہ دیکھا تو آپ سفید ریش تھے۔ اسی گھبراہٹ میں میں نے کئی مرتبہ

آئینے اور آپ کی طرف دیکھا تو اس طرح آپکو دو صورتوں میں دیکھا۔ میں بہت پریشان اور خوفزدہ ہوئی۔ (میری یہ حالت دیکھ کر) آپ نے دریافت فرمایا: ''تم کیوں ڈرتی ہو''۔ میں نے عرض کیا کہ ''مجھے آپ کے ان کاموں سے خوف آنے لگا ہے۔ آپ مجھے نہ دکھائیں''۔ آپ نے تبسم فرمایا، اس کے بعد پھر ایسا واقعہ کبھی پیش نہ آیا۔

آپ کی کرامت کا ایک واقعہ ایک مخلص نے بیان کیا کہ جن دنوں آپ طالبوں کے احوال پر توجہ فرما رہے تھے۔ ایک مخلص کو، جس کے اسلاف چشتیہ سلسلے کے بزرگ تھے۔ ایسی بیماری لاحق ہوگئی کہ وہ موت کے قریب پہنچ گیا، اس میں اتنی بھی جان نہ رہی کہ بات کر سکے یا بول سکے۔ سب اس کی زندگی سے نا اُمید ہوگئے۔ میں نے آپکی خدمت میں اس کا حال عرض کیا۔ فرمایا: ''اس سے کہو کہ اس کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا تھا کہ اپنے بزرگوں کے سلسلے سے نسبت قایم کی جائے''۔ اس کے اس خیال سے ہمارے دل میں گرہ پڑ گئی اور غیرت اپنا کام کر گئی، اسے اپنے خیال سے توبہ کرنی چاہیے تا کہ اس ہلاکت سے گلوخلاصی ہو''۔ میں اس کے پاس گیا اور ساری حقیقت اس پر ظاہر کر دی۔ اس نے اسی وقت توبہ کی، بہت شرمسار ہوا اور اپنے اندر خفت محسوس کی، کچھ دنوں بعد بالکل صحت مند ہو گیا۔

ہمارے حضرت خواجہ کے تصرفات میں سے ایک یہ ہے۔ ایک عزیز نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میری اہلیہ بیمار پڑ گئی۔ چونکہ مرض بہت سخت تھا مجھے اس کی صحت یابی کی امید کم تھی۔ میں نے آپ کی خدمت میں اس کا حال عرض کیا۔ فرمایا ''جاؤ اس کو چادر اوڑھا دو''۔ میں گھر آیا اور اہلیہ پر چادر ڈال دی، وہ اسی طرح بیہوش پڑی تھی، اچانک آپ اس کمرے میں، جس میں وہ پڑی تھی، داخل ہوے۔ تھوڑی دیر کھڑے رہے، اس پر نظر ڈالی اور باہر تشریف لے آئے، میں بھی باہر آ گیا اور آپ کو رخصت کرنے کے لیے تھوڑی دور تک ساتھ گیا۔ جب گھر واپس پہنچا تو بیوی کو تندرست پایا۔ اس کی طبیعت میں کسی طرح کی گھبراہٹ یا گرانی نہ تھی۔

آپ کے تصرفات میں سے ایک یہ ہے کہ ایک دفعہ حاکم شہر کے نائب نے آپ کے پڑوسی پر ظلم کیا۔ اس کا ارادہ تھا کہ اس کو گھر سے باہر نکال دے۔ جب آپکو اس بات کی اطلاع ہوئی تو آپ بے حد برافروختہ ہوے اور بے تاب ہو کر نائب حاکم کے پاس گئے، اور اس ظالم سے فرمایا کہ: ''اس محلّہ میں فقراء آباد ہیں جہاں تک ہو سکے درگزر سے کام لو''۔ اس نے آپکے فرمانے کا کوئی اثر نہ لیا۔ اور شدت ظلم میں کوئی کمی نہ کی۔ آپکو اس کی اس حرکت پر بہت غصہ آیا اور باوجود اس کے کہ آپ آزار خلق پر تحمل فرماتے تھے۔

اس ہمسائے کا ستایا جانا برداشت نہ کر سکے۔ اور اس شخص سے جو آپکے ہمراہ گیا تھا، مخاطب ہو کر فرمایا "ہمارے خواجگان بہت غیور ہیں اور کمال غیرت رکھتے ہیں"۔ اس مخلص کا بیان ہے کہ مجھے انتظار رہا کہ وہ ظالم کس مصیبت میں گرفتار ہوتا ہے۔ کچھ عرصے بعد وہ چور کی رازداری کے جرم میں گرفتار کر لیا گیا اور بصد ذلت و رسوائی قتل کر دیا گیا۔ اس واقعے سے مولوی روم قدس سرہ کے بیان کردہ مضمون کی حقیقت ثابت ہوتی ہے:

بی ادب تنہا نہ خود را داشت بد
بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

"بے ادب شخص تنہا اپنی بدی میں مبتلا نہیں ہوتا بلکہ سارے عالم کو بے چین کر دیتا ہے"

ایک مخلص بیان کرتے تھے کہ ایک دفعہ آپنے مجھے طریقہ رابطہ بتایا، میرے دل میں خیال گزرا کہ میں آپکو کسی جگہ دیکھوں؟ معاً آپ نے مجھ پر نگاہ ڈالی اور مسکراتے ہوئے فرمایا: ایک دن خواجہ احرار قدس سرہ تشریف فرما تھے، اور اپنے چھوٹے فرزند خواجہ یحییٰ کو، جو ان کے منظور نظر تھے، طریق رابطہ بتا رہے تھے۔ خواجہ یحییٰ کے دل میں خیال آیا کہ میں ان کے روئے مبارک پر توجہ رکھوں یا آنکھوں پر"۔ خواجہ احرار کو کشف ہو گیا، انھوں نے اپنی شہادت کی انگلی دونوں ابروؤں پر رکھی۔ خواجہ یحییٰ سمجھ گئے کہ ان کا اشارہ دونوں ابروؤں کے درمیان توجہ رکھنے کا ہے۔

اس مخلص کا بیان ہے کہ جب آپ نے بہ طریق قصہ میری مشکل حل فرما دی اور میرے خیال پر مطلع ہو گئے تو میں سخت حیران و ششدر رہا۔ اس کے بعد میں نے طے کر لیا کہ آئندہ آپ کی مجلس عالی میں پراگندہ خیالات اور پریشان کن خطرات کی نگاہ داشت کروں گا۔

ایک مخلص نے آپ کے تصرف کا یہ واقعہ بیان کیا کہ ایک دفعہ میں متعدد اور مختلف قسم کے امراض میں مبتلا ہو گیا، مجھے اس صورت حال سے خوف آنے لگا، میں نے ارادہ کیا کہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ بمشکل تمام خدمت عالی میں حاضر ہوا۔ اس وقت آپ کھانا تناول فرما رہے تھے۔ مجھے بھی کھانے میں شریک ہونے کے لیے کہا۔ میں نے عرض کیا کہ: "حضرت! میرا یہ حال ہے"۔ مجھے قریب بلایا اور بائیں ہاتھ سے میری نبض دیکھی اور فرمایا: "کوئی بات نہیں تم کھانا کھاؤ" میں حکم تعمیل میں شریک طعام ہو گیا۔ اس دوران خود کو دم بدم بہتر محسوس کرنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد وہاں سے اٹھ کر باہر آیا تو بیماری کا کوئی اثر باقی نہ تھا۔

آپ کے ایک اور مخلص نے جن کے قول پر پورا یقین ہے۔ بیان کیا کہ رمضان کا مہینہ شروع ہو گیا اور آپ پر جسمانی ضعف اور بیماری کا اثر غالب تھا۔ ایک عزیز نے جن کا نام جلال الدین تھا اور جو حد درجے خوش الحان تھے۔ خواہش ظاہر کی کہ انھیں ختم قرآن شریف کی اجازت عطا ہو۔ انھوں نے پہلی شب چند سپارے پڑھے۔ آپ کا ضعف اور بڑھ گیا۔ لیکن آپ نے یہ پسند نہ فرمایا، کہ جماعت ترک ہو، چنانچہ طے فرمایا کہ جب تک صحت وقوت بحال ہو فی الحال تراویح میں، الم ترکیف، پڑھا جائے۔ بعد میں پورا قرآن سنا جائے۔ حافظ صاحب چاہتے تھے کہ تراویح میں قرآن جاری رہے۔ تاکہ وہ جلد از جلد ختم سے فارغ ہو جائیں، چنانچہ اسی بناء پر انھوں نے پہلی شب خاصے حصے کی تلاوت کی۔ دوسرے دن آپ نے حافظ صاحب سے مزاحاً فرمایا: ''تم نے ہمیں بیمار کر دیا''۔ پھر بھی وہ متنبہ نہ ہوے اور تاخیر سے ختم قرآن پر راضی نہ ہوے۔ جب آپ وہاں سے واپس ہوے تو مسکراتے ہوے اس مخلص سے جو اس واقعے کے راوی ہیں۔ فرمایا: ''اگر حافظ آج کی رات تلاوت کرے تو مرد ہے''۔ اسی وقت جب حافظ صاحب گھر پہنچے تو بیمار پڑ گئے۔ اور رمضان کا مہینہ بیماری میں گزر گیا، جب رمضان المبارک کا مہینہ ختم ہوا تو انھیں صحت ہوئی، یہ واقعہ جہاں تک ''حافظ تم نے ہمیں بیمار کر دیا'' ضبط تحریر میں آیا ہے، خود حافظ صاحب نے سنایا اور اپنی بیماری کا ذکر بھی کیا۔ بعض دوسرے عزیزوں نے بیان کیا کہ جب حافظ جلال بیمار پڑ گئے، تو ایک اور حافظ کو بھی یہی ہوس پیدا ہوئی، وہ بھی بیمار ہو گیا۔

ان ہی مخلص عزیز نے بیان کیا کہ آپکی وفات سے سات آٹھ ماہ پیشتر، جناب میاں شیخ احمد سرہندی جو آپ کے خلفاء میں سے ہیں۔ وہ اور بعض دوسرے عزیز آپ کی خدمت میں حاضر تھے۔ محل کی خادمائیں، خواجہ عبید اللہ اور خواجہ عبد اللہ کو جو آپ کے فرزند تھے۔ اور جن کی عمریں اس وقت دو سال اور ڈیڑھ سال تھیں۔ (اب چودہ سال کے ہیں) آپ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئیں، خواجہ کلاں، خواجہ خورد سے چار ماہ بڑے ہیں چنانچہ آپ نے خود اس شعر میں دونوں کی تاریخ ولادت کا اشارہ کیا ہے:

مابین ظہور این دو گوہر
بگذشت چہار ماہ و اکثر

''ان دونوں گوہروں کی پیدائش کے درمیان چار مہینے یا زیادہ گزرے''

(جب خادمائیں صاحبزادوں کو لے آئیں تو) حضرت خواجہ نے باوجود اس کامل بے تعلقی کے جو حق تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی تھی، دونوں صاحبزادوں سے التفات فرمایا اور آخر میں حاضرین مجلس سے مخاطب ہو کر فرمایا: ''یہ یتیم ہیں'' اس کے بعد بھی آپ نے اپنی زبان الہام بیان سے بعض موقعوں پر اسی طرح کی بات کہی۔

آپ کی کرامات اور آپ کے انفسی اور آفاقی تصرفات، جو یہاں تحریر ہوے، ان سے بہت زیادہ ہیں۔ فی الوقت جو باتیں یاد آئیں اور ثقہ حضرات سے سنی تھیں، انھیں لکھنے کی جرأت کی گئی۔ یہ بھی حسن اتفاق ہے، ولقد آتینا موسی تسع آیات بینات (اور ہم نے موسیٰ کو کھلے ہوے نو معجزے دیے) آپ کی نو کرامات ضبط تحریر میں آئیں اور نو خوارق سے جو زیادہ ہیں، وہ تصرفات انفسی کی قسم ہیں، آفاقی سے نہیں۔

آپ کے بعض اصحاب کا ذکر جنھوں نے اجازت کامل حاصل کی

اگرچہ ہمارے حضرت خواجہ قدس سرہ کے اصحاب میں سے اکثر حضرات صاحب ولایت تھے، اور آپ کی نظر عنایت کی بدولت مقامات تک پہنچ چکے تھے، لیکن وہ پہلے شخص جنھیں آپ نے ارشاد و ہدایت کی اجازت مرحمت فرمائی اور، جن کی توجہ نے مریدین میں اثر کیا، وہ جناب تاج العارفین میاں شیخ تاج تھے۔ ان کا وطن مالوف سنبھل تھا۔ جب کبھی شیخ تاج وہاں سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے، آپ ہی کے ہاں قیام کرتے، اور سعادتوں سے بہرہ ور ہوتے۔ جس وقت آپ نے شیخ تاج کو طالبوں کی تربیت کی اجازت مرحمت فرمائی، اس وقت ان کا حال اس درجے اثر انگیز ہو چکا تھا کہ جب چاہتے کسی بھی شخص کے باطن میں تصرف فرماتے، اور اسے عالم شعور سے عالم بے خودی میں لے جاتے، اور غیبت و فناء کے مرتبے تک پہنچا دیتے۔ چنانچہ حضرت خواجہ قدس سرہ کی حیات میں شیخ تاج کا دستور رہا کہ کچھ عرصے سنبھل میں گزار کر دہلی آجاتے، اور آپکے فیوض سے مستفیض ہوتے۔ شیخ کے بعض خواب جو انھوں نے سنبھل سے آپ کی خدمت میں تحریر کیے تھے، اور جن میں آپ کے واقعہ وفات کی جانب اشارہ تھا، کاتب حروف نے پڑھے ہیں۔ لیکن اس تحریر کے پہنچنے سے قبل آپ کا وصال ہو چکا تھا۔

مختصر یہ کہ شیخ تاج اکابر میں سے ہیں۔ حرمین شریفین کی زیارت سے بھی مشرف ہوے تھے۔ ہمارے حضرت خواجہ بھی شیخ سے غایت درجے کا التفات فرماتے تھے، جیسا کہ ان مکتوبات سے ظاہر ہوتا ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً شیخ کو تحریر فرمائے۔ ان ہی سے یہ مکتوب بطور شہادت یہاں پیش کیا جاتا ہے:

''برادر ارشد شیخ تاج الدین! دعائے مخلصانہ اور سلام مشتاقانہ قبول کریں اور صحرائے تعلق و گرفتاری کے عاجزوں کی جانب متوجہ ہوں۔

صد ملک دل بہ نیم نگہ می تو ان خرید
خوبان دریں معاملہ تقصیری کنند

''ایک نیم نگاہ کے بدلے سو ملکِ دل خریدے جا سکتے ہیں، محبوب اس معاملہ میں ہمیشہ غلطی کرتے ہیں''

عزیز من! مطلق ہدایت ما زاغ البصر و ما طغی[۱۶] کے سایے میں ہے کہ سالک کا باطن ذات بحت کا گرفتار رہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ باوجود حسرت دوری کے، تمام مقامات مشاہدات اور درجات سالک کی ہمت کے سامنے حقیر نظر آئیں۔

رِندی چند ند کس نداند چند ند
بر نسیہ و نقد ہر دو عالم خند ند

''رند کتنے ہیں، کوئی نہیں جانتا کتنے ہیں؟ ان کی شان تو یہ ہے کہ دونوں جہان ادھار یا نقد خریدنے پر راضی نہیں ہوتے بلکہ اس بات پر ہنستے ہیں''

اس حالت کا حامل، جذبے کی توفیق سے، اس حالت سے نکل کر مقام بندگی میں آتا ہے، اور اسم ''الغنی'' کا مظہر ہو جاتا ہے، اس کا فقر انتہا تک پہنچ جاتا ہے۔ الفقر اذاتم ھو اللّٰہ[۱۷] کا یہی مفہوم ہے۔ یہ حقیقت بغیر استغراق و جذبِ الٰہی کے بغیر اس معرفت کے، کہ یہ کشش اسی سے ہے، اور بغیر اس یقین کے کہ صورتِ کائنات اور اجسام عالم محض سراب ہے، منکشف نہیں ہوتی۔''

آپ کے نہایت عظیم اور کامل احباب میں سے ایک خواجہ حسام الدین احمد بھی ہیں۔ اس زمانے میں ان کا وجود شریف، سلسلہ شریفہ نقشبندیہ احراریہ باقیہ کی تنظیم کے حق میں رحمت الٰہی کا مظہر اور اس کے

استحکام کا باعث ہے۔ ان کی ذات سے اس سلسلے کو قبول عام حاصل ہوا۔ حضرت خواجہ کی وفات کے بعد آپ کے فرزندان صوری ومعنوی کی خیر خواہی اور آپ کے آستانے سے نسبت رکھنے والوں کی ظاہری اور باطنی تربیت جس قدر انھوں نے فرمائی، اس قدر خیر طلبی اور کوشش حضرت خواجہ کے خلفاء میں سے کسی سے ظاہر نہ ہوئی نہ شاید ہوگی۔ ان کی تربیت کی برکت سے مخدوم زادے مقام ہدایت پر فائز ہوے، اور امید ہے کہ آیندہ مزید ترقی کریں گے۔ اس خانوادے کی برکت اور جمعیت ان کی توجہ سے وابستہ ہے۔ میں ان کے مراتب عالیہ کیا بیان کرسکتا ہوں۔ (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے پسندیدہ اوصاف واخلاق، ان کی ذات وصفات کی خوبیاں، دنیا سے ان کی بے تعلقی، فنا ونیستی، صبر وتوکل، رضا وتسلیم اور وہ تمام خوبیاں جو اہل طریقت کے ہاں اعتبار رکھتی ہیں، ان کی ذات وصورت میں اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ انھیں زمیں وآسمان کے صفحات میں تحریر کیا جاسکے، وہ محاسن ومحامد کا مجموعہ ہیں۔

اپنی رحلت کے قریب ایام میں حضرت خواجہ نے چاہا کہ ان کو اپنا نائب مناب مقرر فرمائیں لیکن اپنی بلندی ہمت کے باعث انھوں نے انتہائی عجز ونیاز اور خاکساری کے ساتھ عذر کرکے معاملے کو رفع کیا۔ حضرت نے ان کے اس رویے کو پسند کیا اور فرمایا: ''تم نے اچھا کیا کہ اس دوکان داری سے چھٹکارا حاصل کرلیا۔''

ایک صاحب سے جن کے قول پر مجھے اعتماد کلی ہے، سننے میں آیا کہ ایک دن میں نے حضرت خواجہ سے آپ کے اصحاب کے احوال کے بارے میں فرداً فرداً دریافت کیا۔ آپ نے اپنی زبان مبارک سے ہر ایک کی تعریف کی، جب میں نے حضرت خواجہ حسام الدین کے متعلق سوال کیا تو آپ نے بڑے ذوق سے فرمایا، کہ: ''وہ ان تمام اوصاف کا جن کو ہم نے بیان کیا ہے مجموعہ ہیں''۔ ہمارے خواجہ نے بار بار فرمایا کہ: ''ہم نے محض ان کی خاطر تلقین وہدایت کا کام اختیار کیا''۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ جیسی کچھ تربیت آپ نے خواجہ حسام الدین کی فرمائی، اس کے عشر عشیر مریدوں اور مخلصوں میں سے کسی ایک کی بھی جلالاً یا جمالاً نہیں فرمائی۔ اسی باعث خواجہ حسام الدین کو آپ کی ذات سے جو اخلاص ہے، اس پائے کا اخلاص شاید ہی کسی مخلص کو ہوگا۔ اسی ایک بات سے ان کی بزرگی وعظمت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے (اور حقیقت بھی یہی ہے کہ) مرید کے مرتبہ ہدایت کو پرکھنے کے لیے اخلاص سے بہتر کوئی کسوٹی نہیں ہے۔

ابتداء میں خواجہ حسام الدین امرائے سلطنت میں منسلک تھے۔ ان کے والد بھی بڑے امیروں میں شمار ہوتے تھے۔ چونکہ ان کی ذات میں ہدایت کا نور تھا۔ اور فطرت پاکیزہ تھی، اس لیے انھیں امیرانہ وضع

کے ساتھ زندگی بسر کرنا بار محسوس ہوتا تھا۔ جسے وہ طوعاً وکرہاً برداشت کر رہے تھے، لیکن جب حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور اپنے اختیار سے سب باتوں سے چھٹکارا حاصل کر لیا۔ دنیا سے بے تعلق ہو گئے، اور فقر و فاقہ اختیار کر کے فقراء کی طرح زندگی بسر کرنے لگے۔ چنانچہ اس روش کو اختیار کرنے کی وجہ سے بعض امیروں اور بادشاہ وقت کے ہاتھوں، (جو یہ چاہتے تھے کہ وہ پھر سے پرانی ڈگر پر آجائیں) انھیں تکلیفیں بھی پہنچیں۔ بالآخر حضرت خواجہ کی توجہ سے تمام آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ ہو گئے۔

ایک مخلص سے منقول ہے کہ بادشاہ کے مقربوں سے ایک شخص کو جسے آپ سے قرابت بھی تھی، یہ بات پسند نہ تھی کہ وہ قایم شدہ روش کو ترک کریں، اور اس امر کی کوشش کی کہ وہ پھر سے اپنے منصب پر آجائیں، اور اسی ضد میں انھیں تکلیفیں بھی پہنچائیں۔ ایک دن خواجہ حسام الدین نے اپنے حالات حضرت خواجہ کی بارگاہ مقدس میں عرض کیے۔ حضرت خواجہ نے خواجہ احرار کا وہ قول جو انھوں نے ایک بے ادب کے بارے میں فرمایا تھا کہ: ''اس مردود کا کام چند دنوں میں درہم برہم ہو جائے گا'' نقل فرمایا، اس مخلص کا بیان ہے کہ مجھے یہ بات سن کر پورا یقین ہو گیا کہ بادشاہ کے مقرب کی شامت آنے والی ہے۔ چنانچہ یہی ہوا کہ چند روز گزرے تھے کہ سلطان اپنے مقرب سے کسی سبب کے اس حد تک خفا ہو گیا کہ اس کی جان کے لالے پڑ گئے۔ بالآخر ہلاکت سے تو بچ گیا لیکن بادشاہ کے حضور جو اعتبار اسے حاصل تھا وہ ختم ہو گیا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ جناب خواجہ حسام الدین، حضرت خواجہ محمد الباقی کی درگاہ ولایت منقبت کے محبوبوں اور مقبولوں میں سے تھے، اور آپ کے تمام اصحاب سے محبت و اخلاص کے ضمن میں انھیں امتیاز حاصل تھا۔ ان کی عظمت اور بزرگی کی تفصیل بیان کرنا کاتب حروف کے حوصلے سے باہر ہے۔

اللہ تعالیٰ کے کرم سے وہ اس شکستہ پر عاجز کے حال پر بے حد عنایت فرماتے ہیں۔ یہ عاجز اس بات سے ڈرتا ہے کہ لوگ جن کی عقل لباسِ ادراک سے عاری ہے، اس بات کو اغراض پر محمول کر کے خودستائی خیال کریں۔ اس گرفتار پر ان کی جو دلی عنایت اور ظاہری و باطنی توجہ ہے، اس کا اندازہ ان چند خطوط سے، جو انھوں نے مختلف اوقات میں اس مبتلائے دُنیا کو ارسال کیے، لگایا جا سکتا ہے۔ یہاں دو مکتوب بطور تبرک درج کیے جاتے ہیں جو انھوں نے اپنے دست مبارک سے تحریر فرمائے:

''برادر عزیز اور فرزند خوش نصیب میاں محمد صادق! بے ریا دوستوں کی مراد کے ساتھ اپنی آفرینش سے بہرہ ور ہو کر زمانے کی آفتوں

سے محفوظ رہیں۔ حضرت پیر دستگیر قدس سرہٗ سے عنصری اور معنوی
نسبت رکھنے والوں کی نیاز مندی میں حد درجے کوشش کرتے رہیں،
اور اس باب میں ہرگز تساہل نہ کریں۔''

یہ خط اور دوسرا خط جو آگے تحریر کیا جا رہا ہے۔ ان دنوں موصول ہوے جب یہ عاجز دنیاوی معاملات کی کشا کش میں گرفتار تھا، اور اس کی تمنا تھی کہ ایسی معاش حاصل ہو جس کے باعث ظاہری اسباب میسر ہو جائیں۔ یہ صورت حال ان کے فیض اثر دل پر منکشف ہوگئی، اور انھوں نے اس عاجز کو اشارۃً اس داعیے سے منع فرمایا۔ ان کی توجہ اور التفات کی برکت سے معاساری پریشانی دور ہوگئی، اور دل کو اطمینان میسر ہوگیا۔ اس کیفیت میں یہ قصیدہ اپنے حسبِ حال نظم کیا، اور ایک عریضے کے ساتھ ان کی خدمت میں ارسال کیا:

من مست و لا اُبالی و رند و قلندرم
یعنی اسیر جام و صراحی و ساغرم
از فکر بای بیہدہ آسودہ گشتہ ام
پیوستہ در غم دگر و فکر دیگرم
قطع امید کردہ ام از مفرش حریر
خشت است بالش و خاک است بسترم[18]
دیروز اگرچہ بود ہزار آرزو بدل
امروز از ہزار یکی نیست در سرم
از جان ہوای مسند کیخسروی گزشت
درد دل نماند آرزوی ملک سنجرم
آن دلق حرص و آز برون کردم از بدن
این کسوت قناعت و فکر است در برم

دیں رابہ ہیچ کس پی دنیا نمی دہم
آں رانمی فروشم و ایں را نمی خرم
شکر خدا کہ چشم طمع دو ختم ز خلق
فارغ ز منتِ فلک و چرخ چنبرم
در ملکِ فقر سکہ بنامم دُرست شُد
یعنی کہ ملک فقر بہ از ہفت کشورم
از گردش زمانہ تہی کیسہ نیستم
از دوستی آل محمد توانگرم
منّت خدای را کہ غلام محمدم
شکر خدا کہ بندۂ آل پیمبرم
آں خواجہ کہ ہر دو جہان شد طفیل او
در مدح او چگونہ رسد فکر قاصرم
نتواں نگاشت حرفی از اوصاف حضرتش
کاغذ اگر بود بمثل چرخ اخضرم
آں بہ کہ بعد ازین بہ ہزاراں امید عفو
روی نیاز بر در یاران او برم
بر رغم رافضی کہ زبانش بریدہ باد
از جان و دل محبّ ابوبکر و عمرم
بر رغم خارجی کہ نصیبش جہنم است
از بندگان در گہ عثمان و حیدرم

''میں مست، بے پرواہ، رند اور قلندر ہوں، یعنی (حب الٰہی کے) جام، صراحی اور ساغر کا اسیر ہوں''

مجھے بے ہودہ فکروں سے چھٹکارا مل گیا ہے، اب میں کسی اور غم کسی اور فکر میں ہوں۔

اب مجھے حریر کے بستر کی خواہش نہیں رہی۔ اینٹ مرا تکیہ اور خاک میرا بستر ہے۔

کل تک ہزاروں آرزوئیں دل میں تھیں، آج ہزار میں ایک میرے خیال میں نہیں ہے۔

کیخسرو کے تخت ہوس کی جان سے جاتی رہی۔ دل میں شاہ سنجر کے ملک کی آرزو نہیں ہے۔

میں نے حرص کی گدڑی بدن سے اتار دی ہے، اور فقر و قناعت کی پوشاک پہن لی ہے۔

دین کو دنیا حاصل کرنے کے لیے کسی کو نہ دوں گا، اُسے نہیں بیچوں گا، اسے نہیں خریدوں گا۔

خدا کا شکر ہے کہ میں نے مخلوق سے اُمید قطع کر لی ہے، اب آسمان اور اس کے محیط کی منت سے فارغ ہو چکا ہوں۔

زمانے کی گردش سے میں مفلس نہیں ہوا، بلکہ آل محمد کی محبت سے مالا مال ہوں۔

خدا کا احسان ہے کہ میں محمد ﷺ کا غلام ہوں، اور آل نبی کا بندہ ہوں۔

وہ آقا جن کے طفیل مجھے دو جہان ملے، میری ناقص فکر آپ کی مدح کا حق کیوں کر ادا کر سکتی ہے۔

آنحضرت ﷺ کے اوصاف میں سے ایک حرف بھی تحریر نہیں ہو سکتا، خواہ آسمان کی مثل ہی کاغذ حاصل ہو جائے۔

اس کے بعد یہی بہتر ہے کہ بخشش کی ہزاروں امید کے ساتھ اپنے روئے نیاز آپ کے اصحاب کے آستانے پر رکھ دوں۔

رافضی کے برخلاف خدا اس کی زبان کاٹے، میں ابوبکر وعمر سے جان ودل سے محبت کرتا ہوں۔

خارجی کے برخلاف جس کا نصیب ہی دوزخ ہے، میں عثمان وعلی کی بارگاہ کا غلام ہوں۔''

جب یہ عریضہ ان کے ملاحظے سے گزرا تو اس کے جواب میں یہ رقعہ عنایت فرمایا:

''اس برادر وفرزند خوش نصیب کا قصیدہ اور مکتوب ملا۔ بے حد مسرت ہوئی۔ استقامت مبارک ہو۔ ہمیشہ ان نغموں سے خیر خواہوں کو خوشحال کرتے رہو۔ اسی کے ساتھ یہ خبر بھی ملنی چاہیے کہ ہمارے پیر دستگیر کے اصحاب میں سے کسی سے (تمھارے) میل جول اور ہم نشینی سے تمام مریدین خوش ہوے ہیں، اور اس صورت حال میں نفس و طبیعت سے کوئی مانع خلل انداز نہیں ہے۔ اس عزیمت کا استحکام اور اس مہم کا انجام عظیم بشارت ہوگی۔

شکر تنہا مخور باگل در آمیز
کہ در ترکیب باشد نفع بسیار

''خالی شکر نہ کھاؤ، اسے گلاب کے ساتھ ملا لو کیونکہ مرکب شے میں زیادہ نفع ہوتا ہے''

مگر ارباب دل رفتند و شہر عشق خالی
جہاں پُر شمس تبریز است کو مردی چو مولانا

''ایسا نہ کہو کہ اہل دل رخصت ہو گئے اور شہر عشق سونا ہو گیا ہے۔ عالم تو اب بھی شمس تبریز سے پر ہے لیکن مولانا جیسا مرد طلب گار کہاں ہے''

خبردار اہل صدق کی اس بارگاہ کے خوردو بزرگ سے مدد طلب کرو، اور نفس کو اندیشوں سے محفوظ رکھو، کیونکہ ان فکروں کے خاتمے کے لیے بزرگوں کی نگاہ توجہ سے تھوڑی مدد حاصل ہونا کافی ہے۔ اس ایک نظر سے تمام کائنات مقصود تک رہنمائی کرتی ہے۔

گویند کہ چوں رسد تدنی بکمال
گردد دو جہاں ز ترجمان مالا مال
چشم از ہمہ سو سرمۂ مازاغ کشد
گواش از ہمہ جانب شنود بانگِ تعال[19]

''کہتے ہیں کہ جب قربت کمال کو پہنچتی ہے تو دونوں جہان ترجمان سے مالا مال ہو جاتے ہیں''
آنکھ تمام اطراف سے سرمۂ ما زاغ کھینچتی ہے، اور کان ہر جہت سے ''آؤ'' کی صدا سنتے ہیں''

آپ کے نہایت کامل اصحاب اور عظیم خلفاء میں سے ایک میاں شیخ احمد سرہندی فاروقی ہیں۔ ان کی ظاہری و باطنی خوبیاں اور کمالات بے حد و حساب ہیں۔ بہت سے کامل اور فاضل حضرات ان کے رشتہ ارادت میں منسلک ہیں۔ شیخ کی بابرکت صحبت کے باعث ان حضرات کی پیشانی حال سے رُشد و کمال کے آثار نمایاں ہیں، بہت سے طالبین ان کی توجہ کی برکت سے خودی، خود پرستی اور بشری صفات کی تنگنائے سے نکل کر نیستی، نامرادی اور ولایت کے درجات تک پہنچ چکے ہیں۔ شیخ احمد کی عظمت و بزرگی کے عظیم شواہد وہ مکتوبات ہیں جو حضرت خواجہ نے انھیں وقتاً فوقتاً تحریر کیے ہیں۔

اگرچہ ہمارے خواجہ قدس سرہ کے زمانہ رحلت کے قریب شیخ احمد کا مشرب شیخ علاء الدولہ سمنانی کے مشرب سے موافقت سے مائل ہو گیا تھا، اور وہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہ کے معارف سے بری ہونے کا اظہار کر چکے تھے، اور حضرت خواجہ کی وفات کے بعد ان پر اس مشرب کا (علاء الدولہ سمنانی کا) بہت غلبہ رہا۔ لیکن جیسا کہ حضرت خواجہ نے اپنی زبانِ الہام بیان سے ارشاد فرمایا تھا۔ کہ ''بالآخر انھیں اس مقام کا مرتبہ معلوم ہو جائے گا''۔ اس پیش گوئی کے مطابق آج کل شیخ اس روش کی جانب کامل میلان رکھتے ہیں۔[20]

حاصل کلام یہ ہے کہ شیخ اس سلسلے کے برگزیدہ حضرات میں سے ہیں۔انہوں نے طریقت کی استقامت، بدعت سے پرہیز اور شریعت کے التزام کو بہت اعلیٰ پائے تک پہنچایا۔خود حضرت خواجہ نے بہتر سے طالبوں کو ان کی صحبت عزیز کے سپرد فرمایا۔

اس نفسانی کشاکش کے ہاتھوں درماندہ کو حضرت شیخ کی نسبت التفات حاصل ہے، اور کبھی کبھی اپنے مکتوبات سے اس عاجز کو سرفراز فرماتے ہیں۔یہ مکتوب منجملہ ان مکتوبات کے ہیں جو انھوں نے اس مخلص کو اپنے دست مبارک سے تحریر فرما کر ارسال فرمایا:

مکتوب:

مکتوب مرغوب جو غلبہ محبت اور کمال الفت پر مبنی ہے، موصول ہوا۔ اللہ سبحانہٗ اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر و احسان ہے، اس جماعت کی محبت جو (شجر) معرفت کی شاخ ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ کے انعامات میں سے سب سے بڑا انعام ہے۔کوئی شخص کس قدر خوش نصیب ہوگا جسے یہ نعمت میسر آتی ہوگی۔شیخ الاسلام ہروی فرماتے ہیں:

''الٰہی! آپ نے اپنے دوستوں کے ساتھ کیسا معاملہ فرمایا ہے کہ جو ان کو پہچان لیتا ہے۔وہ آپ کو پالیتا ہے۔اور جب تک آپ کو نہیں پالیتا ان کو نہیں پہچانتا۔'' اس جماعت سے بغض رکھنا موجب ہلاکت ہے، اور ان پر طعن و ملامت کرنا دائمی محرومی کا باعث ہے۔اللہ سبحانہٗ نے ہمیں اور تمھیں اس ابتلا سے بچالیا۔شیخ الاسلام نے فرمایا ہے:

''الٰہی! جسے آپ تباہ کرنا چاہتے ہیں اسے ہمارا مخالف بنا دیتے ہیں۔''

بی عنایات حق و خاصان حق
گر ملک باشد سیا ہستش ورق

''حق اور خاصان حق کی عنایتوں کے بغیر اگر کوئی فرشتہ جیسا بھی ہو تو اس کا ورق سیاہ ہے''

حضرت شیخ کے مکتوبات ان کی بارگاہ کے خادموں میں سے ایک صاحب نے جمع کیے ہیں، جن کی تعداد دوسو چالیس سے زیادہ ہے۔ ہر مکتوب طالبان ہدایت کے لیے گویا ایک کتاب ہے۔ ان مکتوبات میں جو حقایق و معارف بیان ہوے ہیں شاید ہی فن کی معتبر کتابوں اور رسالوں میں تحریر ہوے ہوں۔ مکتوبات کے علاوہ شیخ نے تصوف میں رسائل بھی تحریر فرمائے ہیں۔ یہ تمام رسایل رواج پا چکے ہیں۔ یہ گیارہ کلمات ان کے بعض رسالوں سے بطور تبرک نقل کیے جاتے ہیں۔ جن سے حضرت کے درجات کی بلندی، جس کے بیان کرنے کی استطاعت ہم عاجزوں میں نہیں ہے، مکشوف ہوتی ہے:

کلمہ۱:

''پہلا دروازہ جو حق تعالیٰ نے اس فقیر پر کھولا، وہ ذوق یافت کا تھا، یافت کا نہ تھا، دوسری بار یافت میسر ہوئی اور ذوق یافت ناپید ہوگیا۔ تیسری بار جس صورت میں ذوق یافت ناپید ہوا تھا۔ یافت بھی مفقود ہوگئی۔ تو دوسری حالت کمال اور ولایت خاصہ کے درجے تک پہنچنے کی حالت ہے۔ تیسرا مقام تکمیل اور دعوت کے لیے خلق کی طرف رجوع کرنے کا مقام ہے۔ اور پہلی حالت صرف جذب کی جہت میں کمال ہے۔ سو جب اس کے ساتھ سلوک بھی شامل ہوجائے تو حالت ثانیہ، پھر حالت ثالثہ کا حصول مکمل ہوتا ہے۔ صرف مجذوب کے لیے جو سلوک سے مبرا ہے، دوسری اور تیسری حالت سے کوئی حصہ نہیں، اور کامل و مکمل مجذوب سالک یا سالک مجذوب ہے۔ ان دونوں کے سواء نہ کوئی کامل ہے نہ مکمل ہے۔ اے مخاطب! تم کوتاہی کرنے والے نہ بنو۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر البشر سیدنا محمد وآلہ الا طھر

کلمہ۲:

واما بنعمہ ربک فحدث (اور اپنے رب کے انعامات مذکورہ کا تذکرہ کرتے رہا کیجیے) یہ فقیر ایک دن اپنے اصحاب کے حلقے میں

بیٹھا ہوا تھا، اور اپنی خرابیوں پر نظر تھی۔ یہ نظر اس حد تک غالب ہوئی کہ میں نے اپنے آپکو اس وضع کے نامناسب خیال کیا۔ اسی حالت میں بمصداق من تواضع للّٰہ رفعہ اللّٰہ [۲۱] اس عاجز کو خاک ندامت سے اور اس کے باطن میں یہ آواز القا ہوئی، غفرت لک ولمن توسل بک بواسطہ او بغیر واسطہ الی یوم القیامہ (میں نے تجھے بخش دیا اور اسے بھی قیامت تک بخش دیا جو واسطے یا بغیر واسطے کے تیرا وسیلہ اختیار کرے) اور بار بار اس معنی سے اس حد تک نوازا کہ شک کی کوئی گنجائش نہیں رہی۔''

کلمہ ۳:

سیر الی اللّٰہ سے مراد اللہ جل شانہ کے اسماء میں سے اس اسم تک سیر ہے جو سالک کے تعین کا مبداء ہے اور سیر فی اللّٰہ سے مراد اس اسم کے اندر سیر ہے، جس کی انتہا بارگاہ ذات احدیت ہے، جو اسماء وصفات اور شئون واعتبارات سے مبرّا ہے۔ یہ تفسیر اس حیثیت سے درست ہوگی جب اسم مبارک ''اللّٰہ'' سے مراد مرتبہ وجوب ہو، جس میں اسما وصفات جمع ہیں، لیکن اگر اس سے اسم مبارک ذات بحت مراد لی جائے تو سیر فی اللّٰہ مذکورہ معنوں میں سیر الی اللّٰہ ہوگی۔ اس پر سیر فی اللّٰہ کا اطلاق نہیں ہوتا۔ کیونکہ انتہا کی انتہا کے نقطے میں سیر محال ہے۔ اس نقطے پر پہنچنے کے بعد بغیر توقف کے پھر عالم کی طرف واپسی ہوتی ہے۔ اسے سیر عن اللّٰہ با اللّٰہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہ ایسی معرفت ہے جو نہایت النہایت کے واصلوں سے مخصوص ہے، اس فقیر کے علاوہ اولیاء میں سے کسی نے بھی اس معرفت کے بارے میں کلام نہیں کیا ہے۔ اللّٰہ یجتبی الیہ من یشاء [۲۲] (اللہ اپنی طرف جس کو چاہے کھینچ لیتا ہے)۔

کلمہ۴:

کمالات ولایت کے مختلف درجے ہیں۔ کچھ لوگ ہیں جو ولایت کے درجات سے استعداد حصول کا ایک درجہ رکھتے ہیں۔ بعض دو درجے استعداد کے حامل ہیں۔ کسی جماعت کی تین درجے استعداد ہے۔ کسی گروہ کی قابلیت چار درجے ہے، اور کچھ لوگ ہیں جو پانچ درجے استعداد رکھتے ہیں۔ لیکن ایسے لوگ بہت کم ہیں۔ ان پانچ درجات میں سے پہلا درجہ تجلی افعال سے، اور دوسرا درجہ تجلی صفات سے وابستہ ہے۔ باقی کے تین درجے علی الترتیب فرق کے ساتھ تجلیات ذاتیہ سے مُربوط ہیں۔ اس فقیر کے بیشتر مریدین تیسرے درجے سے مناسبت رکھتے ہیں۔ ان سے کم چوتھے درجے سے، اور معدودے چند پانچویں درجے سے مناسبت رکھتے ہیں، جو ولایت کا آخری درجہ ہے۔ اس فقیر کے نزدیک وہ کمال جو معتبر ہے ان تمام درجات سے ماورا ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے زمانے کے بعد اس کمال کا ظہور نہیں ہوا۔ فوق کمال جذبہ وسلوک ہے۔ ان شاء اللہ آنے والے دور میں اس کمال کا ظہور حضرت مہدی کی ذات میں ہوگا۔"

کلمہ۵:

حقیقت قرآن اور حقیقت کعبہ ربانی، حقیقت محمدیہ سے بالاتر ہیں (اس کے مظہر پر صلوۃ وسلام ہو) لہذا حقیقت قرآن، حقیقت محمدیہ کی امام ہوئی، اور حقیقت کعبہ ربانی، حقیقت محمدیہ کی مسجود ہوئی۔ اسی طرح حقیقت کعبہ ربانی، حقیقت قرآن سے برتر ہے۔ اس مقام پر تمام تر بے صفتی اور بے رنگی ہے۔ شئون اور اعتبارات کی اس مقام میں گنجایش نہیں ہے۔ اس بارگاہ میں تنزیہہ وتقدیس کی مجال نہیں ہے۔

آنجا ہمہ آنست کہ برتر ز بیان ست

اس مقام پر جو کچھ ہے اس کا بیان کرنا محال ہے۔

یہ ایسی معرفت ہے کہ اہل اللہ میں سے کسی نے اس کے بارے میں لب کشائی نہیں کی، اور اس معرفت کے حوالے سے، انھوں نے رمز و اشارے کے پیرایے میں بھی کوئی گفتگو نہیں کی۔ اس فقیر کو اس معرفتِ عظمیٰ سے مشرف فرمایا گیا، اور ہم جنسوں میں ممتاز کیا گیا ہے۔''

کلمہ ۶:

''آدمی جب تک علم و دانش میں گرفتار اور ماسوئی کے نقوش سے منقش ہے، خوار و بے اعتبار ہے۔ ماسوئی کو فراموش کر دینا طریق کی شرط ہے، اور فنائے کُلی اگلا قدم ہے۔ جب تک باطن کے آئینے سے ممکن کا زنگار دور نہیں ہوتا، واجب کا ظہور محال ہے کیونکہ تمام ممکنات کے علوم وجوبی معارف کے سامنے ایسے ہیں جیسے اضداد کا مجموعہ ہوتا ہے۔

کلمہ ۷:

اولیاء اللہ کے قبے ان کی بشری صفات ہیں۔ سارے انسان جن جن چیزوں کے محتاج ہیں، یہ حضرات بھی ان کے محتاج ہیں۔ ان کی ولایت کو احتیاج سے چھٹکارا نہیں، اور ان کا غصہ بھی تمام لوگوں کی طرح کا غصہ ہوتا ہے۔ جب کہ سید الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات فرماتے ہیں: ''اغضب کما یغضب البشر''[۲۳] تو اولیاء کی کیا حیثیت ہے۔ اسی طرح یہ حضرات کھانے پینے میں، اہل و عیال کے ساتھ زندگی گزارنے، اور ان کے ساتھ انس و محبت میں، دوسرے تمام انسانوں کے ساتھ شریک ہیں۔ جسمانی ضروریات جو لازمہ بشریت ہیں، عوام اور خواص سے زائل نہیں ہوتی ہیں۔ حق تعالیٰ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کی شان میں فرماتا ہے۔ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ

جَسَدًا لَّا یَأکلون الطَّعَامَ اور ہم نے ان رسولوں کے ایسے جثے نہیں بنائے تھے جو کھانا نہ کھاتے ہوں۔ اور ظاہر بیں کفار کا اعتراض تھا، مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْکُلُ الطَّعَامَ وَیَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ ۔یعنی اور یہ کافر لوگ (رسول اللہ ﷺ کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ ''اس رسول کو کیا ہوا کہ وہ ہماری طرح کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے''۔ پس جس کسی نے اہل اللہ کے ظاہر پر ہی نظر رکھی وہ محروم رہا، اور دنیا اور آخرت کا نقصان اس کا مقدر بن گیا۔ اسی ظاہر بینی کے باعث ابوجہل اور ابولہب دولت اسلام سے محروم کر دیے گئے، اور ابدی خسران میں ڈال دیئے گئے (اس اعتبار) سے سعادت مند وہ ہے، جس کی نظر اہل اللہ کے ظاہر تک محدود نہ رہی۔۔ اس کی وحدت نظر اُن بزرگوں کی صفات باطنہ میں نفوذ کر گئی اور ان کے باطن پر مذکور رہی۔ فهم کنیل مصر بلاء للمحجوبین وماء للمحبوبین (پس وہ مصر کے دریائے نیل کی طرح ہیں جو محجوبوں کے لیے آزمائش ہے، اور محبوبوں کے لیے آب حیات ہے)۔

کلمہ ۸:

جو کچھ عقل و مشاہدے میں آتا ہے وہ مقید ہے، اور اطلاق کی خالصیت سے نچلے درجے میں ہے۔ اور مطلوب وہ ہے جو تمام قیود سے منزّہ اور مبرّا ہو۔ پس اس حقیقت کی جو دید و دانش سے ماوراء ہے، جستجو کرنی چاہیے۔ اور یہ معاملہ عقل کے طور نظر سے باہر ہے۔ کیونکہ عقل ہر اس حقیقت کو جو علم و مشاہدے سے ماوراء ہو، محال تصور کرتی ہے۔

راز درون پردہ ز رندان مست پرس
کیں حال نیست صوفی عالی مقام را

''درون پردہ راز معلوم کرنا ہے تو مست رندوں سے پوچھو، صوفی کیا بتا سکے گا اس کا یہ حال ہی نہیں ہے''

کلمہ ۹:

بعض مشایخ قدس اللہ اسرارہم نے فرمایا ہے:

''جس نے اللہ کی معرفت حاصل کرلی اسے کوئی گناہ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ وہ گناہ بھی جو معرفت سے پہلے اس سے سرزد ہوا کیونکہ اسلام لانا جو کچھ اسلام سے پہلے تھا، اسے ختم کردیتا ہے۔ اور اسلام کی حقیقت صوفیہ کے طریقے پر فنا اور بقا کے بعد حق تعالیٰ کی معرفت ہی ہے۔ پس اس معرفت کا حصول ان تمام گناہوں کو ختم کردیتا ہے، جو اس سے پہلے سرزد ہوے تھے۔

کلمہ ۱۰:

یادداشت سے مراد ذات تعالیٰ وتقدس کا دوامی حضور ہے۔ یہ حقیقت قلب کی جامعیت کے واسطے سے کبھی کبھی اہل دل کے تخیل میں آتی ہے۔ کیونکہ جو کچھ کلیت انسان میں ہے، وہی کچھ تنہا قلب میں ثابت ہے، فرق صرف اجمال وتفصیل کا ہے۔ چنانچہ مرتبہ قلب میں بھی ذات تعالیٰ وتقدس کا دوامی حضور میسر ہے لیکن یہ خوبی یادداشت کی صورت ہے، یادداشت کی حقیقت نہیں ہے۔

کلمہ ۱۱:

''شیخ کی نظر میں قبول ہونا سعادت اور رد ہونا بدبختی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے پناہ میں رکھے۔ حق سبحانہٗ کی رضا شیخ کی رضا میں پوشیدہ ہے۔ جب تک مرید، اپنے آپ کو مرضیات شیخ میں گم نہ کردے، اسے حق سبحانہٗ کی رضا حاصل نہیں ہوسکتی۔ شیخ کو تکلیف پہنچانے سے مرید آفت میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ ہر قسم کی ذلت کا تدارک ممکن ہے لیکن شیخ کے آزار کا کوئی تدارک نہیں ہوسکتا۔ مرید کے لیے آزار پیر

شقاوت کی اصل ہے۔اللہ تعالیٰ اس سے پناہ میں رکھے۔عقاید میں خلل اور احکام شرعیہ میں فتور اس کے نتائج وثمرات ہیں۔شیخ کو آزار پہنچانے کے باوصف کسی شخص میں احوال ومواجید کا اثر، جو ایک باطنی معاملہ ہے، اگر باقی رہتا ہے تو اسے استدراج [۲۴] خیال کرنا چاہیے، جو بالآخر اسے تباہی کی طرف لے جائیگا۔اور سوائے نقصان کے کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوگا۔وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (اور ایسے شخص کے لیے سلامتی ہے جو (سیدھی راہ پر چلے)۔

آپ کے عظیم خلفا میں سے ایک جناب میاں شیخ الٰہ داد ہیں جو فنا ونیستی کی صفت سے موصوف، اور بیخودی اور استغراق کی کیفیت سے معروف ہیں۔ یہ حضرت خواجہ کے بہت ہی سابق اور قدیم مریدین میں سے تھے۔اہل خانقاہ اور مسافروں کی خدمت ان سے متعلق تھی۔یہی نہیں بلکہ حضرت خواجہ کے دنیاوی امور کے وکیل مطلق بھی تھے۔ان ہی کی تگ ودو سے دنیاوی معاملات کی تکمیل ہوتی تھی۔ان تمام کاموں میں مصروفیت کے باجود شیخ الٰہ داد باطنی نسبت اور معنوی شغل سے غافل نہ ہوتے۔شیخ کے پسندیدہ اوصاف واخلاق ظاہر وباہر ہیں، اور کسی منصف مزاج سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ان کی زبان سے کسی شخص کی غیبت یا لایعنی بات کبھی نہ سنی گئی۔وہ اس قسم کی تمام مذموم باتوں سے پاک اور اچھے اخلاق سے آراستہ تھے۔

حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کو بھی ان سے بہت زیادہ التفات تھا، جیسا کہ ان خطوط سے جو آپ نے وقتاً فوقتاً تحریر فرمائے، معلوم ہوتا ہے۔ان ہی میں سے یہ مکتوب ہے جو حضرت خواجہ نے ان دنوں میں تحریر فرمایا تھا، جب آپ سیر ولایت کی طرف متوجہ تھے:

''برادر ارشد میاں شیخ الٰہ داد اپنے معتقد اور دعا گو کی توجہ اور فاتحہ سے امداد فرماتے رہیں۔طور طریق کی اس پراگندگی اور بے استقامتی کے ہوتے ہوئے یہ بات ہم کو زیب نہیں دیتی کہ ہم مسائل تصوف پر گفتگو کریں اور طریق انجذاب کے دقایق اور منتہائے کشف کے حقایق تحریر کریں۔''

از خود بطلب ہر آنچہ خواہی ہستی [۲۵]

البتہ ایک وصیت تم کو کرتا ہوں۔ تمہیں چاہیے کہ اس سے کبھی غفلت نہ کرو، اور وہ یہ ہے کہ ہماری طرح دشت پیمائی اور ہرزہ گروی نہ کرو، اور خود کو اپنی نسبت سے پیوستہ کرلو اور اس تعلق کو عزیز رکھو کہ یہ کبریت الاحمر سے بھی زیادہ عزیز ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بہت سے عالم، فاضل اور صالح حضرات رہتے تھے۔ آپ کے طریقہ خاص کو علماء، فضلاء اور مشائخ نے اختیار کیا اور آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوے۔ اور آثار برکات کا مشاہدہ کیا۔ اگر میں ہر بزرگ کا حال علیحدہ علیحدہ تحریر کروں تو یہاں اس کی قطعی گنجایش نہیں ہے۔ اتمام رسالے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں۔

والصلوٰۃ علیٰ خیر الا نام وعلیٰ آلہ واصحابہ العظام.

بندہ گناہ گار شرمسار محمد صادق عفی اللہ سبحانہ عنہ، عرض کرتا ہے کہ جمعہ ۲۳ رجب المرجب کو اس رسالے کی تحریر سے، جس میں دہلی کے بعض مشائخ اور سلاطین کا ذکر ہے، فارغ ہوا، چونکہ اس سلسلہ کی تحریر کا اصل مقصد خواجہ کے مجمل حالات بیان کرنا تھا۔ اس رسالے کے آخر میں ایک مربع جو اس انفسی وآفاقی تصرف کی حامل ذات بابرکات کی رحلت کے قریب ایام میں، کہ طبیعت پر سوز وگداز کا اثر تھا، کاتب حروف نے آپ کی منقبت میں لکھا، یہاں اس کا درج کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

خواجہ زندہ دلان خواجہ محمد باقی
واقف سر نہان خواجہ محمد باقی
پادشاہ دو جہان خواجہ محمد باقی
سبب امن و امان خواجہ محمد باقی

مہر و مہ مقتبس از پرتو انوار ویست
نہ فلک دائرہ نقطہ پرکار ویست
از فلک می گزرد کوکبہ شاہی او
رفتہ جائی کہ ملک ماندہ ز ہمراہی او

جای آنست که از مرتبهٔ جاهی او
شیر گردوں کند اقرار برد باهی او
از جمال رخ او شد همه دهلی پُر نور
شعله ز آتش وی بود تجلی بر طور
وای آن دل که در و فکر و خیالش نبود
آرزو مند و گرفتار جمالش نبود
روز و شب در غم و اندوه و ملالش نبود
دمبدم طالب و خواهان وصالش نبود
خسته بادا جگری کان هدف تیرش نیست
بستهٔ سلسلهٔ حلقهء زنجیرش نیست
من که بی حاصلم و رندم و رسواء و دغل
نیست نقدی بکف دست من از علم و عمل
بندهٔ حلقه بگوش ویم از روز ازل
غیر او هر که بود کردم از و قطع امل
یا رب از بادهٔ مستانه وی مستم کن
دربغل جام و صراحی بکف دستم کن
بکن از جرعهٔ خم خانه وی مست مرا
عقل و هوش و خرد من بیراز دست مرا
ساز در حلقهء آن سلسله پا بست مرا
بر سر راه خرابات بکن پست مرا

ای خوش آں کس کہ پی تر بیتش روح توشد
مرہم آلودہ بہ آن دل کو نہ مجروح توشد
چشم لطفی ز تو دارم طمع ای مایہ ناز
سوی من بنگر و یک لحظہ بحالم پرداز
میتوانی کہ نجاتم دہی از سوز و گداز
رحم کن رحم خلاصم دہ و آزادم ساز
یک نگاہی دگر امروز بکارم فرمای
بادۂ لطف خودم بخش و خمارم بر بای
ای شہنشاہ جہان از تو مدد می خواہم
راہ بنمای کہ آوارہ ام و گمراہم
با کہ گویم غم خود بندۂ ایں در گاہم
از کہ جویم مددی چاکر شاہنشاہم
نیست غیر از تو مرا ہیچ کسی پشت و پناہ
دست من گیر و بردن آر ازین ظلمت چاہ
ای چمن برگ گلستان جمالت خورشید
مطرب بزم گہ عیش وصالت ناہید
زائر کعبہء درگاہ جلالت امید
صد چومن حلقہ بگوشان کمالت جاوید

تا کی در بدر و مائل ہر سو باشم
چند آوارہ و سرگشتہ ہر کو باشم
وقت آنست کہ آشفتہ و دیوانہ شوم
لای می در کشم و ساکن میخانہ شوم
کنج بگزینم و چوں چند بویرانہ شوم
رو بصحرا کنم و از ہمہ بیگانہ شوم
وہ کہ از دست من خستہ نمی آید ہیچ
از عدم نامدمی ای کاش درین ہیچا ہیچ

خواجہ محمد باقی زندہ دلوں کے سردار ہیں، وہ راز حقیقت سے آشنا ہیں، دونوں جہان کے بادشاہ اور امن وراحت کا منبع ہیں، چاند اور سورج نے ان کے انوار کے پرتو سے روشنی حاصل کی ہے، نو آسمان ان کے نقطہ پرکار کا دائرہ ہیں۔ ان کا شاہانہ جلوس آسمان سے گزرتا ہے، وہ اس مقام تک پہنچے ہیں کہ فرشتہ ان کی ہمراہی سے عاجز ہے، وہ ایسا مقام ہے کہ ان کے مرتبہء شان کے آگے شیر گردوں اپنی روباہی کا اقرار کرتا ہے، ان کے چہرے کے جمال سے دہلی پرنور ہوگئی، طور کی تجلی ان کی آتش کا ایک شعلہ ہے۔ اس دل پر افسوس ہے جس میں اس کی یاد نہ ہو، جو ان کے جمال کی آرزو میں گرفتار نہ ہو۔ رات دن ان کے عشق کے غم میں تڑپتا نہ ہو، اور دمبدم ان کے وصال کا خواہشمند نہ ہو، وہ جگر جو ان کے تیر کا ہدف نہ ہو، اور ان کے حلقہ زنجیر میں جکڑا نہ ہو، خستہ ہو جائے۔ میں جو کہ ایک فضول قسم کا رند اور تباہ حال ورسواء شخص ہوں، میری گرہ میں علم وعمل کی کوئی پونجی نہیں ہے ازل سے ان

کا حلقہ بگوش غلام ہوں، اور ان کے غیر سے امید قطع کر لی ہے۔ الٰہی! ان کے شراب مستانہ سے مجھے مست کر دے۔ میرے دل میں ان کے عشق کا جام انڈیل دے، اور میرے ہاتھ میں ان کی محبت کی صراحی دے دے۔ ان کے شراب خانے کی گھونٹ سے مجھے مست کر دے، مجھ سے عقل و خرد و ہوش چھین لے، میرے پاؤں ان کے سلسلے کے حلقہ میں جکڑ دے، میخانے کے راستے میں مجھے ذلیل و رسواء کر دے، وہ شخص کتنا خوش نصیب ہے، جس کی تربیت آپ کی روح نے کی، وہ دل جو تیرا مجروح نہیں ہے، مرہم آلودہ رہنے کا سزاوار ہے۔ اے مایہ ناز، میں تیری چشم لطف کی طمع رکھتا ہوں، ایک لحظہ میری جانب نگاہ کر اور میرا حال بہتر کر دے، تو مجھے سوز و گداز سے نجات دے سکتا ہے، مجھ پر رحم کر اور قید سے چھڑا کر آزاد کر دے، آج مجھے میرے مقصود تک پہنچا دے، اپنی شراب لطف مجھے عطا کر اور میرا خمار مٹا دے۔ اے شہنشاہ جہاں میں تجھ سے مدد کا طالب ہوں، میں آوارہ اور گمراہ ہوں، مجھے راہ دکھا، میں اس درگاہ کا غلام ہوں، کس سے اپنا غم بیان کروں، میں شہنشاہ کا غلام ہوں کس سے مدد مانگوں، تیرے سوا اور میرا کوئی سہارا نہیں ہے، میرا ہاتھ پکڑ کر ظلمت کے کنوئیں سے نکال دے۔ اے چمن! خورشید تیرے گلستان کا ایک پتہ ہے، ناہید تیرے عیش وصال کی بزم کی مطرب ہے، امید تیرے جلال کے کعبہ درگاہ کی زائر ہے۔ مجھ جیسے ہزاروں تیرے لازوال کمال کے حلقہ بگوش ہیں، میں کب تک در بدر پھرتا رہوں، کب تک ہر کوچے میں آوارہ اور سرگشتہ رہوں۔ یہ وقت ہے کہ میں تیرا آشفتہ اور دیوانہ ہو جاؤں، تلچھٹ پی کر میخانے میں ڈیرہ ڈال دوں، چغد کی مانند ویرانے کے گوشے میں رہنے لگوں، صحرا کی جانب نکل جاؤں

اور ہر ایک سے بیگانہ ہو جاؤں، ہائے افسوس! میرے زخمی ہاتھوں سے کچھ بن نہیں پاتا، اے کاش! اس حقیر حالت میں، میں عدم سے وجود میں نہ آتا۔''

☆.....☆.....☆

حواشی:۔

۱.....اویسی نسبت یہ ہے کہ کسی بزرگ کو کسی بزرگ کی روحانیت سے، جن سے ان کی ملاقات نہ ہوئی ہو، باطنی فیض حاصل ہو، جیسے حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ جنھوں نے سرکار دو عالم ﷺ کی اگر چہ زیارت نہیں کی لیکن سرکار دو عالم ﷺ سے بے پناہ محبت کے وسیلے سے، آپکے فیض عالی سے مستفیض ہوے، اسی لیے اہل طریقت اس نسبت اور تعلق کو اویسی کہتے ہیں یعنی بالمشافہ ملاقات کے بغیر فیض روحانی سے مستفیض ہونا۔ (ارزش میراث صوفیہ ص ۹۶)

۲.....حضرت خواجہ یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ نے ''رسالۂ ابدالیہ'' میں وضاحت فرمائی ہے۔

شیخ المشایخ علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ یکی از کبراء طریقت گفتہ اند کہ مشاہدہ کردم در غیب جماعتی پاکاں را، سلام کردم برایشاں وایشاں مرا جواب گفتند، از ایشاں پرسیدم کہ شما را چہ نسبت است، گفتند ما صوفیاء نیم وطبقات ما نعت است الطالبین، المریدین، السالکین، الساترین، الطاہرین، الواصلین و مرتبہ ہفتم ازاں قطب است ووی یکی است در ہر وقتی۔

''شیخ المشایخ علاء الدولہ قدس سرہٗ جو اہل طریقت کے اکابرین میں سے ہیں، فرماتے ہیں کی میں نے غیب میں پاک لوگوں کی ایک جماعت کو دیکھا، میں نے سلام کیا، انھوں نے بہت اچھا جواب دیا، پھر میں نے پوچھا کہ آپ لوگوں کی نسبت کیا ہے، انھوں نے کہا ہم صوفی ہیں، اور ہمارے سات طبقے (درجات) ہیں۔ طالبین، مریدین، سالکین، ساترین، طاہرین، واصلین، ساتواں مرتبہ قطب ہے اور وہ ہر زمانے میں ایک ہوتا ہے۔''

(رسالہ ابدالیہ، یعقوب چرخی، اسلام آباد ۱۳۹۸ھ صص ۱۸/۱۷)

۳.....حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ مکتوب ۴۲، دفتر دوم میں فرماتے ہیں: (ترجمہ پیش خدمت ہے)

''جب سالک نیت کو درست اور خالص کر کے اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہوتا ہے، اور سخت ریاضتیں اور مجاہدے اختیار کرتا ہے، اور تزکیہ پا کر اس کے اوصاف رذیلہ اخلاق حسنہ سے بدل جاتے ہیں، اور توبہ وانابت اس کو میسر ہو جاتی ہے، اور دنیا کی محبت اس کے دل سے نکل جاتی ہے، اور صبر وتوکل ورضا حاصل ہو جاتے ہیں، اور اپنے حاصل شدہ معانی کو درجہ بدرجہ ترتیب وار عالم مثال میں مشاہدہ کرتا ہے، اور اپنے آپ کو بشریت کی کدورتوں اور کمینہ صفتوں سے پاک وصاف دیکھتا ہے تو اس کا سیر آفاقی تمام ہو جاتا ہے۔''

''اس کے بعد جو سیر حاصل ہوتا ہے اس کو سیر انفسی کہتے ہیں، اور سیر فی اللہ بھی بولتے ہیں۔ اور لقا باللہ اس مقام میں ثابت کرتے ہیں، اور اس مقام میں سلوک کے بعد جذبہ کا حاصل ہونا جانتے ہیں۔ چونکہ سالک کے لطائف سیر اول میں تزکیہ پا چکے ہیں، اور بشریت کی کدورتوں سے صاف ہو جاتے ہیں، اس لیے یہ قابلیت پیدا کر لیتے ہیں کہ اسم جامع (جو اس کا رب ہے) کے ظلال وعکوس ان لطائف کے آئینوں میں ظاہر ہوں، اور یہ لطائف اس اسم جامع کی جزئیات کے تجلیات وظہورات کے مظہر ومورد ہوں۔''

(مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ مترجمہ قاضی عالم الدین، طبع چہارم، لاہور ۱۹۵۷ء ص (۱۱۵۔۱۱۷)

(مزید تفصیلات کے لیے حضرت شاہ محمد ذوقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ''سر دلبراں'' ملاحظہ فرمائیں، مطبوعہ محفل ذوقیہ کراچی طبع ثانی ۱۳۸۸ھ ص ۶۵۔۶۶۔)

۴.....سورہ ق آیت ۱۶ یہ ہے اقرب الیہ من حبل الورید لیکن ''کلمات الصادقین'' کے فارسی متن میں الیہ کو حذف کر کے اقرب من حبل الورید تحریر کیا ہے، غالباً یہاں صرف مفہوم مراد ہے اس لیے ترجمہ ''ورگ گردن سے زیادہ قریب ہے'' ہوگا۔

۵.....وہ جو چاہے سب کچھ کر سکتا ہے۔ (سورہ بروج، آیت ۱۹)

۶.....وہ جیسا تھا ویسا ہی ہے۔

۷.....کوئی شے اس کی مثل نہیں اور وہی سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

۸.....تدانی وتدلی: تدانی معراج مقربین کو کہتے ہیں اور تدلی نزول مقربین (سر دلبراں ص ۱۱۶)

۹.....برزخ۔ وہ چیز جو دو مختلف چیزوں کے درمیان حائل ہو، اس طور پر کہ دونوں میں واصل وفاصل ہو۔ ایک جہت سے

ایک چیز اور دوسرے جہت سے دوسری چیز سے متصل ہو۔ عالم مثال کو برزخ کہتے ہیں کیونکہ وہ اجسام کثیفہ اور ارواح مجردہ کے درمیان ایک عالم وسطی ہے۔
شیخ کی صورت محسوسہ کو بھی برزخ کہتے ہیں کیونکہ وہ فیضان قدس اور طالب کے درمیان واسطہ ہے۔ (سردلبراں، ص ۸۹۔۹۰)

۱۰..... بے شک نیک کام (نامہ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو۔

۱۱..... آج کے روز کسی کی حکومت ہوگی، بس اللہ ہی کی ہوگی جو یکتا (اور) غالب ہے۔

۱۲..... اے عائشہ مجھ سے باتیں کرو۔

۱۳..... ان اشعار میں احوال و مقامات بیان کیے گئے ہیں، ترجمہ نگار ایک بے حال بلکہ بدحال شخص ہے، جیسا کچھ بن سکا لفظی ترجمہ کر دیا ہے، اس لیے ترجمہ کے نقص و ابہام کے سلسلے میں معذرت خواہ ہے۔

۱۴..... ہمت: اپنے لیے یا کسی اور کے لیے حصول کمالات کی غرض سے اپنی پوری قوتوں اور جمیع قوائے روحانیہ کے ساتھ حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا، (سردلبراں ص ۳۳۷)

۱۵..... تکویح: اصول فقہ کے موضوع پر ایک کتاب (غیاث الغات)

۱۶..... نگاہ نہ تو ہٹی اور نہ بڑھی۔

۱۷..... جب فقر تمام ہوا تو اللہ رہ جاتا ہے۔

۱۸..... مصرع وزن سے گرا ہوا ہے، بہرحال متن میں اس طرح درج ہے۔ شاید مصرع یوں ہو:

خشت است بالش من و خاک است بسترم

۱۹..... چوتھے مصرعے کا ترجمہ یہ بھی ہوسکتا ہے، ''اور کان ہر جہت سے اللہ اللہ کی صدا سنتے ہیں'' واللہ اعلم۔ مترجم

۲۰..... اس پیرے کا فارسی متن یہ ہے:

''اگر چہ قریب بایام رحلت حضرت خواجہ ما قدس سرہ مشرب شیخ مائل بموافقت مشرب شیخ علاء الدولہ سمنانی شد واز معارف شیخ اکبر محی الدین ابن العربی قدس سرہٗ تبری می نمودند، امام بمقتضای آنکہ حضرت ایشاں بزبان الہام بیان گزراندہ کہ آخر ایشاں را مرتبہ ایں مقام معلوم خواہد شد۔ دریں ایام خدمت شیخ میلانی تمام بایں روش دارند'' (ص ۱۸۷)

مصنف رحمۃ اللہ علیہ کے بیان سے، جو یقیناً عصری شہادت ہے، یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ابتداء میں حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ ابن عربی قدس سرہ کے مشرب کی تائید میں تھے، بعد میں آپ ایسے مقام پر متمکن ہوئے کہ ابن عربی قدس سرہ سے بری ہونے کا اظہار فرمایا اور ان کے معارف کو غلط قرار دیا، آخر میں آپ پھر ابن عربی سے متفق ہو

گئے۔واللہ اعلم۔بہر حال اہل علم کے لیے محمد صادق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک نئی اطلاع فراہم کی ہے۔(مترجم)

۲۱.....جس نے اللہ کیلیے تواضع اختیا کی اللہ اس کو بلند فرماتا ہے،

۲۲.....سورہ شوریٰ آیت ۱۳۔

۲۳.....میں اسی طرح غصہ کرتا ہوں جس طرح انسان غصہ کرتا ہے۔

۲۴.....کشف کونی یعنی کشف صوری کی وہ انواع جن سے مغیبات دنیوی پر اطلاع یابی ہوتی ہے،خلاف شرع لوگوں کے لیے استدراج بن جاتی ہے۔مجاہدات وریاضات کے سبب سے جوگیوں اور راہبوں وغیرہ کو اس نوع کا کشف ہونے لگتا ہے۔اہل سلوک ایسی باتوں کیطرف التفات نہیں کرتے۔(سردلبراں ص ۲۸۷)استدراج کے بارے میں مذکورہ تشریح ضروری تھی ورنہ سیدھے سادے لفظوں میں استدراج کا مطلب ہے،خرق عادت جو فاسق یا کافر سے ظاہر ہو۔

۲۵.....جو چاہتا ہے اپنے آپ سے طلب کر،تو ایسا ہی ہے۔

(ماخوذ' کلمات الصادقین: محمد صادق دہلوی کشمیری ہمدانی' مطبوعہ ادارہ نشر المعارف کراچی ۱۹۹۵ء)

☆.....☆.....☆




سبحان الذي أسرى بعبده ليلا من المسجد الحرام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلّی و نسلّم علیٰ رسولہ الکریم

تعارف

امام ربانی مجدد الف ثانی

صاحبزادہ ڈاکٹر مفتی ابوالخیر محمد زبیر الازہری

(الشھادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی

رکن قومی اسمبلی اسلامی جمہوریہ پاکستان)

☆☆

میں سب سے پہلے تو ''جہان امام ربانی'' کی اشاعت پر مسعود ملت حضرت قبلہ ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب، ان کے رفقائے کار اور اس عظیم کام میں ان کے ساتھ تعاون کرنے والے ان کے احباب و محبین اور مخلصین کو قلب کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ سات جلدوں پر مشتمل ''جہان امام ربانی'' کو شائع کر کے انہوں نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسی عظیم ذات کے محاسن و محامد کا جو جہاں آباد کیا ہے اور اسطرح ان کی بارگاہ میں جس خوبصورت انداز میں نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے وہ تصوف کی تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا اور بارگاہ مجدد سے دنیا و آخرت میں بہت بڑے بڑے انعام و اکرام کا موجب بنے گا۔

میرے مقالہ کا عنوان ہے تعارف امام ربانی مجدد الف ثانی یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیات و خدمات و مقامات' آیئے سب سے پہلے اختصار کے ساتھ آپ کی حیات طیبہ پر نظر ڈالیں۔

حیات

اسم گرامی:

آپ کا اسم گرامی ''احمد'' لقب بدر الدین ،کنیت ابو البرکات اور آپ کے القاب ''خزینۃ الرحمۃ'' ''قیوم زماں'' اور ''امام ربانی'' ہیں لیکن آپ ''مجدد الف ثانی'' کے لقب سے مشہور ہیں یہ لقب آپ کو پاک و ہند کے ایک مشہور و معروف عالم دین حضرت علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی نے دیا تھا جن کا اپنے زمانہ میں علمی مقام یہ تھا کہ اس وقت کے بادشاہ شاہجہاں نے آپ کی علمی خدمات کے صلہ میں آپ کو دو مرتبہ درہم و دنانیر میں تول کر آپ کو انعام و اکرام سے نوازا تھا۔ آپ معقولات اور منقولات میں اپنے وقت کے امام ہونے کے باعث کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے لیکن ایک روز خواب میں آپ کو امام ربانی کی زیارت ہوئی آپ نے ان کے سامنے آیت مبارکہ '' قل اللھم'' پڑھی اور آپ کے دل پر خواب میں ہی ایسا تصرف فرمایا کہ عبدالحکیم سیالکوٹی کا دل ذکر الٰہی سے جاری ہو گیا اور آپ کو حضوری کی دولت نصیب ہوگئی پھر آپ حضرت امام ربانی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے باطنی تعلیم حاصل کی اور پھر ظاہر کی طرح علم باطن میں بھی عروج پر پہنچے .....انہوں نے ہی روحانیت کے اعلیٰ مقام پر پہنچ کر حضرت امام ربانی کے مقام اور مرتبہ کو پہچانا اور آپ کو سب سے پہلے ''مجدد الف ثانی'' کے لقب سے یاد کیا ایک روز علامہ محمد ہاشم کشمی کے سامنے حضرت امام ربانی نے علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی کے علمی مقام کا ذکر کرتے ہوئے اس لقب سے یاد کرنے کا خود ذکر فرمایا۔

جس طرح تصوف اور طریقت میں قطب عالم، غوث زماں ،غوث اعظم وغیرہ کے مقامات ہوتے ہیں اسی طرح مجدد الف ثانی بھی روحانیت کا ایک بہت بلند مرتبہ ہے حضرت امام ربانی اس مقام کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اپنے ایک مکتوب گرامی میں میر نعمان کو تحریر فرماتے ہیں:۔

> تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہر صدی میں ایک مجدد مأۃ مبعوث ہوتا ہے ''مجدد مأۃ'' کی علیحدہ شان ہوتی ہے اور ''مجدد الف ثانی'' کی علیحدہ شان ہوتی ہے جیسا کہ سو اور ہزار میں فرق ہے اسی طرح

دونوں مجددوں میں بھی فرق ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ کہ اس زمانہ میں جس کو بھی فیض ملتا ہے اس مجدد (الف ثانی) کے وسیلے سے ملتا ہے خواہ وہ اقطاب ہوں یا اوتاد ہوں۔ (مکتوبات ج ۲، مکتوب ۴، ص ۲۱، حضرات القدس ص۔ ۷۱)

نسب مبارک:

آپ کا سلسلۂ نسب متعدد واسطوں سے خلیفۃ المومنین خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے احادیث نبویہ سے پتہ چلتا ہے کہ سارے صحابہ حضور کے مرید تھے لیکن حضرت عمر حضور کی مراد تھے حضور نے اللہ سے مانگ کر ان کو لیا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اَللّٰھم أید الاسلام بعمر بن الخطاب (اے اللہ! عمر بن خطاب کو مسلمان کر اور اس کے ذریعے اسلام کی مدد فرما) دوسری حدیث کے الفاظ ہیں اے اللہ! ابو جہل بن ہشام اور عمر بن الخطاب میں سے جو تجھے سب سے زیادہ پسندیدہ اور محبوب ہو اس کے ذریعہ دین اسلام کو عزت عطا فرما..... اللہ تعالیٰ نے حضور کی دعا قبول فرمائی اور عمر بن الخطاب کو دولتِ اسلام سے مالا مال کر دیا لہٰذا اس حدیث سے ثابت ہوا کہ آپ ''مراد مصطفےٰ'' بھی تھے اور ''محبوب خدا'' بھی تھے اور اسلام کی شوکت اور عزت و عظمت کا باعث بھی تھے یہی وجہ ہے کہ جب آپ نے اسلام قبول کیا تو صرف صحابہ نے نہیں بلکہ فرشتوں نے بھی اللہ اکبر کا نعرہ لگایا تھا آسمان و زمین نعرہ اللہ اکبر سے گونج اٹھے تھے..... بھلا ایسی عظیم ذات کا خون جس کی رگوں میں ہو جو کہ نہ صرف یہ کہ ان کی اولاد میں ہو بلکہ ان کے ظاہری اور باطنی محاسن کا عکس اور پرتو بھی ہو وہ ''مجدد الف ثانی'' نہ ہوگا تو اور کون ہوگا.....؟ وہ اپنے جد اعلیٰ کی طرح وقت کے فرعونوں کا بڑی بے خوفی سے مقابلہ کر کے ہند میں اسلام کی شوکت و عظمت کے دور کا آغاز نہیں کرے گا تو اور کون کرے گا.....؟

اجداد کرام:

آپ کی چودھویں پشت میں سلطان شہاب الدین کے نام سے ایک ولی کامل گزرے ہیں جو فرخ شاہ کے نام سے معروف تھے اور والی کابل بھی تھے اس دور میں کئی بار انہوں نے ہندوستان پر لشکر کشی کر

کے کفار سے جہاد کیا اور وہاں اسلام کے پرچم کو بلند کیا بعد میں آپ نے سلطنت چھوڑ کر حق کی راہ اختیار کر لی تھی اور کوہستان کابل میں مقیم ہو کر مخلوقِ خدا کو اپنے روحانی فیوضات سے مستفیض کیا۔ یہیں آپ کا وصال ہوا اور یہیں آپ کا مزار اور آپ کی خانقاہ ہے جو درۂ فرخ شاہ کے نام سے مشہور ہے۔

حضرت امام ربانی کی پانچویں پشت میں آپ کے جد اعلیٰ امام رفیع الدین گزرے ہیں جو حضرت شیخ جلال الدین بخاری کے مرید اور خلیفہ تھے اپنے مرشد کے ہمراہ کابل سے ہندوستان تشریف لے آئے اور یہاں سلطان فیروز شاہ تغلق کے حکم سے ''سہرند'' کے نام سے ایک شہر آباد کیا اور اپنے ہاتھوں سے یہاں قلعہ کی بنیاد رکھی ''سہرند'' کے معنی شیروں کا مسکن اور کچھار کے ہیں انسدادِ زمانہ کے باعث سہرند بعد میں سرہند بن کر فاروقی شیروں کا مسکن بن گیا یہی وہ مبارک شہر ہے جس میں حضرت امام ربانی کی ولادت ہوئی اس شہر کی عظمت کو بیان کرتے ہوئے حضرت امام ربانی فرماتے ہیں:۔

> اس زمین میں صفتی اور بے کیفی کا ایک نور امانت کے طور پر رکھا گیا اور وہ نور اس نور کی طرح ہے جو بیت اللہ شریف کی پاک و مقدس زمین سے بلند اور روشن ہو رہا ہے..... مدت کے بعد ظاہر ہوا کہ وہ نورِ امانت اس فقیر کے قلبی انوار کا ایک حصہ ہے جس کو یہاں سے اقتباس کر کے اس زمین میں روشن کیا گیا ہے جس طرح کہ شعلے سے چراغ کو روشن کرتے ہیں۔ کہہ دیجئے یہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہے اللہ ہی آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے۔ (مکتوبات شریف دفتر دوم مکتوب ۲۲)

والد گرامی:

آپ کے والد گرامی کا نام شیخ عبدالاحد ہے آپ اپنے وقت کے قطب حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے..... آپ سے بیعت ہو گئے اور آپ کی خدمت میں رہ کر سلوک باطن طے کرنے کا ارادہ ظاہر کیا لیکن مرشد نے فرمایا کہ پہلے علم ظاہر کی تکمیل کرو آپ مرشد کے حکم پر علم دین کی تحصیل میں مصروف ہو گئے جب تکمیل کے بعد واپس آئے تو معلوم ہوا کہ مرشد وفات پا گئے ہیں لہذا اپنے مرشد زادے حضرت شیخ رکن الدین کی خدمت میں حاضر ہو گئے اور ان سے سلوک کی منازل

طے کیں اور سلسلہ عالیہ چشتیہ قادریہ میں اجازت اور خلافت حاصل کی اور سرہند تشریف لا کر مخلوق کی رہبری اور رشد و ہدایت میں مصروف ہو گئے ..... درس و تدریس کا سلسلہ بھی جاری رکھا بڑے بڑے علماء نے آپ سے اکتساب فیض کیا شہزادہ دارا شکوہ کے استاذ شیخ میرک بھی آپ ہی کے تلامذہ میں سے تھے۔

آپ سیر و سیاحت کے شوقین تھے ایک دفعہ دوران سیاحت اٹاوہ کے قریب قصبہ سکندر میں آپ رہائش پزیر تھے کہ وہاں کی ایک عابدہ اور زاہدہ خاتون نے آپ کی پیشانی پر چمکتے ہوئے انوار ولایت کو دیکھ کر آپ سے استدعا کی کہ میرے زیر تربیت میری بڑی بہن ہے جو بڑی پاک دامن اور عابدہ اور زاہدہ ہے میں چاہتی ہوں کہ آپ اس سے عقد کر لیں تو آپ نے انکار فرمایا لیکن جب ان کا اصرار حد سے بڑھا تو آپ نے قبول فرمالیا۔ انہی کے بطن سے حضرت امام ربانی کی ولادت ہوئی حضرت امام ربانی فرماتے ہیں کہ میرے والد گرامی کی زبان پر اکثر یہ الفاظ ہوتے تھے کہ محبت اہل بیت کا ایمان کی حفاظت اور حسن خاتمہ میں بہت بڑا دخل ہے..... چنانچہ جب آپ کا آخری وقت قریب آیا تو میں نے آپ کو یہ بات یاد دلائی تو آپ نے فرمایا کہ الحمد للہ محبتِ اہلِ بیت میں سرشار ہوں اور نعمت الٰہی کے اس دریا میں غرق ہوں۔

الٰہی بحق نبی فاطمہ
کہ برقولِ ایماں کنی خاتمہ

اسی محبت کی دولت کو لیکر آپ ۱۷ رجب المرجب ۱۰۰۷ھ کو اس دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ آپ کا مزار مبارک سرہند شریف میں شمال کی جانب تقریباً ایک میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ آپ کے سات صاحبزادے تھے جن میں سے چوتھے یعنی منجھلے صاحبزادے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ تھے..... آپ کسی کو بیعت نہیں فرماتے تھے البتہ امام ربانی آپ ہی سے بیعت ہوئے اور آپ ہی سے منازل سلوک طے کیں مبدأ و معاد میں آپ فرماتے ہیں کہ

''اس درویش کو فردیت کی نسبت جس سے عروج اخیر وابستہ ہے وہ حضرت والد گرامی سے ہی حاصل ہوئی''۔

ولادت:

آپ کی ولادت ۱۴ شوال المکرم ۹۷۱ھ مطابق ۲۶ مئی ۱۵۶۳ء بروز جمعہ کو ہوئی۔ آپ کا

سنہ ولادت لفظ خاشع سے نکلتا ہے..... چونکہ آپ سے اتباع مصطفٰے کے فروغ کا کام لینا مقصود تھا اس لئے ولادت کے وقت ہی آپ کو اتباع رسول سے سرفراز کیا گیا اور آپ اپنے محبوب نبی کا اتباع کرتے ہوئے مختون پیدا ہوئے اور آپ کی والدہ فرماتی ہیں کہ ولادت کے وقت میں نے خواب میں دیکھا کہ بہت سے اولیائے کرام گھر پر تشریف فرما ہیں اور مجھے مبارکباد دے رہے ہیں۔

حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے خلیفہ حضرت شیخ عبدالعزیز نے دیکھا کہ آپ کی ولادت کے دن ملائکہ کثرت کے ساتھ سرہند شریف میں موجود ہیں۔ اکبر بادشاہ نے خواب دیکھا کہ شمال کی طرف سے آندھی چلی ہے جس نے بادشاہ کو تخت سمیت اٹھا کر زمین پر دے مارا..... الغرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے وقت جو واقعات رونما ہوئے تھے بعینہٖ ان ہی جیسے واقعات سے بطور اتباع آپ کو بھی نوازا گیا۔

تعلیم:

آپ کے سوانح نگار لکھ رہے ہیں کہ آپ نے اوائل عمر میں ہی قرآن پاک حفظ کر لیا تھا لیکن آپ نے اپنے ایک مکتوب گرامی میں تحریر فرمایا کہ مجھے یہ دولت حفظ قلعۂ گوالیار کی قید میں ہوئی۔ ان دونوں باتوں میں تطبیق کی یہی صورت معلوم ہوتی ہے کہ آپ نے حفظ تو اوائل عمر میں ہی کر لیا ہوگا لیکن اس پر عبور اور رسوخ آپ کو قلعۂ گوالیار کی قید میں حاصل ہوا ہوگا..... آپ نے اکثر علوم وفنون کی تعلیم اپنے والد گرامی سے ہی حاصل کی البتہ بعض معقولات ومنقولات کی منتہی کتب علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، استاذ مولانا کمال الدین کشمیری، قاضی بہلول، شیخ یعقوب کشمیری کے علاوہ امام ابن حجر مکی اور عبدالرحمٰن بافہد مکی جیسے حرمین شریف کے مقتدر محدثین سے بھی آپ نے پڑھیں۔ اور سترہ سال کی عمر میں تمام علوم کی تکمیل فرمالی۔ اور اسی عمر سے مسند تدریس کو آباد فرمالیا اور سیکڑوں طلباء کو فیضیاب فرمایا ۹۹۸ھ میں آپ آگرہ بھی تشریف لے گئے اور اس علاقہ کو بھی اپنے علم سے فیضیاب فرمایا..... باپ کو ایسے فاضل اور یگانۂ روزگار بیٹے کی جدائی گوارہ نہ ہوئی اور وہ آپ کو آگرہ سے دوبارہ سرہند شریف لے آئے۔

شادی:

راستے میں تھانیسر پہنچے تو وہاں کے رئیس شیخ سلطان نے آپ کے والد سے عرض کیا کہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجھے خواب میں بشارت ہوئی ہے کہ میں اپنی پاک دامن بیٹی کا نکاح

آپ کے بیٹے شیخ احمد سرہندی سے کردوں'' یہ سن کر آپ کے والد نے ان کی گزارش کو فوراً قبول فرمالیا اور اس طرح حضرت امام ربانی کا نکاح ان کی صاحبزادی سے ہوگیا۔ ظاہر ہے وہ تھانیسر کے حاکم اور اکبر بادشاہ کے ایک مقربِ خاص کی بیٹی تھی جو اپنے ساتھ مال لیکر آئی تھی جس کی وجہ سے ظاہری مال واسباب کی بڑی فراوانی ہوگئی تو گویا ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ تعالی عنہا سے نکاح کے بعد جس طرح اللہ تعالی نے اپنے محبوب نبی کو ظاہری غنا سے سرفراز فرمایا تھا اور اس کا ذکر قرآن مجید میں یوں فرمایا وَوَجَدَکَ عَائِلاً فَأَغْنٰی۔ اس طرح آپ کی اتباع میں حضرت امام ربانی کو بھی اس ظاہری غنا سے سرفراز فرمادیا گیا۔

اجازت وخلافت:

آپ کو وقت کے اکابر، صوفیہ اور مشائخ سے مختلف سلاسل میں اجازت وخلافت حاصل ہوئی:

(۱) سب سے پہلے آپ نے اپنے والد گرامی سے باطنی کمالات کا فیض حاصل کیا اور ان سے ان کے آباؤ اجداد کے سلسلہ یعنی سلسلۂ سہروردیہ میں اجازت حاصل کی، اس کے علاوہ آپ کے والد شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے فرزند حضرت شیخ رکن الدین کے سلسلہ عالیہ قادریہ اور چشتیہ میں خلیفہ بھی تھے لہذا وہ اجازت اور نسبت بھی آپ کو حاصل ہوئی۔

(۲) آپ کے استاد شیخ یعقوب کشمیری جو سلسلۂ سہروردیہ کے کامل بزرگ حضرت شیخ حسین خوارزمی کے خلیفہ تھے ان سے بھی آپ کو اس سلسلہ میں اجازت وخلافت حاصل ہوئی۔

(۳) سلسلۂ قادریہ کے ایک مشہور بزرگ حضرت شاہ کمال کیتھلی جانشین حضرت شاہ سکندر سے سلسلۂ قادریہ میں اجازت وخلافت حاصل ہوئی۔

(۴) اور سلسلۂ نقشبندیہ میں حضرت خواجہ باقی باللہ رضی اللہ تعالی عنہ سے اجازت نصیب ہوئی آپ نے اپنے ایک مکتوب میں خود تحریر فرمایا ہے کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی واسطوں سے ارادت ہے طریقۂ نقشبندیہ میں اکیس واسطوں سے، طریقۂ قادریہ میں پچیس واسطوں سے اور طریقۂ چشتیہ میں ستائیس واسطوں سے (مکتوبات جلد سوم/مکتوب ۸۷) لیکن غلبہ آپ پر نقشبندیت کا رہا اور اس میں آپ نے لوگوں کو فیض پہنچایا۔

خواجہ باقی باللہ سے اجازت وخلافت:

۲۷ر جمادی الثانی ۱۰۰۷ھ میں آپ کے والد گرامی کا انتقال ہو گیا اس کے دوسرے سال آپ زیارت حرمین شریفین کے لیے روانہ ہو گئے راستہ میں جب دہلی آئے تو وہاں آپ کے ایک دیرینہ دوست مولانا حسن کشمیری نے آپ سے حضرت خواجہ باقی باللہ رضی اللہ عنہ کی بڑی تعریف وتوصیف کی، آپ اپنے والد گرامی سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ اور اس کے صوفیہ کی بہت تعریف سنتے ہی رہتے تھے یہ سن کر آپ کے دل پر شوقِ ملاقات موجزن ہو گیا اور آپ حضرت خواجہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو گئے حضرت خواجہ نے یہ کہہ کر کہ قطب وقت ہیں پہلے ہی دکھا دیا گیا تھا حضرت خواجہ نے آپ کو دیکھا تو آپکا حلیہ اسی طرح پایا کہ جس طرح آپ کو دکھایا گیا تھا لہذا آپ امام ربانی کے گرویدہ ہو گئے اور خلاف معمول اور خلاف دستور حضرت امام ربانی سے کہا کہ اگر آپ چند روز فقیر کی صحبت میں رہیں تو کیا ہی اچھا ہو زیادہ نہیں ایک ماہ یا ایک ہفتہ یہاں ٹھہر جائیں تو کیا حرج ہے؟ حضرت امام ربانی نے حضرت خواجہ کے ارشاد پر چند روز وہاں قیام کرنے کا ارادہ فرمالیا ابھی خانقاہ شریف میں آپ کو قیام کئے ہوئے صرف دو ہی روز گزرے تھے کہ حضرت خواجہ کے تصرف وکشش اور فیض صحبت نے آپ کو اتنا متاثر کیا آپ ان سے سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت ہو گئے اور ان کی خدمت رہ کر روحانیت کے اعلی مراتب اور مدارج طے کرنے لگے اور چند ہی دنوں میں آپ روحانیت کے اس اعلی وارفع مقام پر پہنچ گئے کہ بقول ڈاکٹر اقبال کے ''آپ نے جن تجربات اور مشاہدات کا ذکر فرمایا ہے جدید علم النفس اس ترقی وکمال کے باوجود اس کی گرد تک نہیں پہنچ سکتا''۔ البتہ آپ نے خود جن احوال ومقامات کا ذکر فرمایا ہے وہ یہ ہیں کہ حضرت خواجہ کی صحبت میں ابتداءً دو روز میں آپ پر بے خودی کی کیفیت طاری ہو گئی جسے اصطلاح تصوف میں غیبت کہتے ہیں پھر فنائے مصطلح حاصل ہوئی اس کے بعد ''فناء الفناء'' پھر مقام حیرت اور حضور نقشبندیہ جسے حضور غیبی بھی کہا جاتا ہے حاصل ہوا اس کے بعد فنائے حقیقی پھر جمع الجمع اور آخر میں فرق بعد الجمع تک آپ کو رسائی حاصل ہوئی۔ آپ فرماتے ہیں کہ خارج میں بجز ایک ذات کے میں نے کچھ موجود نہ دیکھا جب حالت حضرت خواجہ سے عرض کی تو آپ نے فرمایا فرق بعد الجمع کا مرتبہ یہی ہے اور سعی اور کوشش کی انتہا یہیں تک ہے اس سے زیادہ اگر کسی کی فطرت واستعداد میں مقدر کیا گیا ہو تو ظاہر ہوتا ہے اس مرتبہ کو مشائخ طریقت مقام تکمیل کہتے

ہیں ۔ الغرض ڈھائی مہینہ کی مختصر سی مدت میں روحانیت کے اعلیٰ مراتب حاصل کر کے سلوک کے تمام مدارج طے کر کے اور حضرت خواجہ سے اجازت وخلافت حاصل کر کے آپ سرہند شریف مراجعت فرما ہوئے اور وہاں مخلوق خدا کی رہبری وہدایت میں مصروف ہوگئے ۔ حضرت خواجہ نے حضرت امام ربانی سے فرمایا کہ جب میرے مرشد حضرت خواجہ امکنگی نے مجھے ہندوستان جانے کا حکم دیا تو میں نے عرض کی کہ میں اس کام کے لائق نہیں، آپ نے ان سے فرمایا کہ استخارہ کرو جب استخارہ کیا تو میں نے ایک طوطا دیکھا اور خیال کیا کہ یہ طوطا اگر ٹہنی پر سے میرے پاس آجائے تو یہ سفر میرے لئے بہتر ہوگا ۔ یہ خیال آتے ہی طوطا میرے ہاتھ پر آ بیٹھا میں نے منہ سے لعاب اس کی چونچ میں ڈالا اور اس نے اپنی چونچ سے کچھ شکر میرے منہ میں ڈالی جب یہ خواب میں نے اپنے مرشد سے عرض کیا تو آپ نے فرمایا طوطا ہندوستانی جانور ہے ہندوستان میں تمہارے دامن سے ایک عزیز وابستہ ہوگا اس کو تم سے فائدہ ہوگا اور تم کو اس سے فائدہ ہوگا آپ نے حضرت امام ربانی کو یہ واقعہ سنا کر فرمایا کہ میں اشارت وبشارت کو تمہارے حسب حال پاتا ہوں اور ساتھ ہی اپنے مریدوں کو تربیت کے لئے آپ کے سپرد کر کے آپ کو رخصت فرما دیا..... خواجہ محمد نعمان کہتے ہیں کہ مجھے بھی حضرت خواجہ نے حکم دیا کہ میں ان کے دامن سے وابستہ ہو جاؤں اور آپ کی خدمت کو اپنی سعادت سمجھوں وہ کہتے ہیں کہ چونکہ امام ربانی میرے پیر بھائی تھے اس لئے میرے نفس میں خودی کی کیفیت پیدا ہوئی اور میں نے حضرت خواجہ سے عرض کیا کہ خواہ وہ کتنے ہی بڑے بزرگ ہوں میرے لئے تو آپ کا سنگ آستاں کافی ہے اس پر حضرت خواجہ نے غصہ ہوتے ہوئے فرمایا ''میاں شیخ احمد ایسے آفتاب ہیں کہ ہم جیسے ہزاروں ستارے ان میں گم ہیں اور کاملین اولیائے متقدمین میں بہت کم کوئی ان جیسا ہوا ہوگا'' بلکہ ایک مرتبہ جب حضرت امام ربانی اپنے مرشد سے ملاقات کے لئے دہلی آئے تو آپ کے تذکرہ نگار لکھتے ہیں کہ آپ نے حضرت امام ربانی کی تعظیم وتکریم میں حد کر دی کہ ان کے استقبال کے لئے دروازہ کابلی تک پا پیادہ تشریف لائے اور ان کی محفل سے جب اٹھ کر گئے تو الٹے پاؤں مراجعت فرما ہوئے اور اپنے تمام مریدین اور حاضرینِ مجلس کو حکم فرمایا کہ ان کے سامنے میری تعظیم نہ کرنا، مشیخیت اور رشد وہدایت کا سارا کام حضرت امام ربانی کے سپرد کر کے آپ اس کام سے کنارہ کش ہوگئے حتیٰ کہ اپنے دونوں

شیر خوار بچوں کو بلا کر آپ کے سامنے پیش کیا اور آپ سے ان کو روحانی توجہ دلوائی۔

دہلی سے واپس آنے کے بعد کچھ روز آپ سرہند شریف رہے پھر اپنے مرشد کے حکم پر لاہور تشریف لے گئے اور اس خطہ کو اپنے روحانی فیوضات سے مستفیض فرمایا..... تقریباً ۱۰۱۰ھ سے ۱۰۱۲ھ تک آپ لاہور میں قیام فرما رہے اپنے مرشد کے وصال یعنی ۱۰۱۲ھ کے بعد آپ سرہند شریف میں قیام فرما ہو کر رشد و ہدایت کا کام فرماتے رہے۔

وصال:

چونکہ آپ کی زندگی اتباع رسول کا ایک کامل نمونہ تھی اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ۶۳ سال کی عمر عطا فرما کر زندگی کے ایام میں بھی اتباع رسول کی دولت سے سرفراز فرمایا جب آپ کی عمر ۵۳ سال سے زیادہ ہوئی آپ نے فرمایا میں ۶۳ سال سے زیادہ عمر نہیں دیکھتا یہ قضائے مبرم صاف صاف نظر آرہی ہے (وصال احمدی/ص ۷) ۲۸ صفر المظفر ۱۰۳۴ھ کی رات اپنے خدام سے فرمایا آپ نے بہت تکلیف اٹھائی بس صرف آج کی رات کی تکلیف اور ہے گویا اعلان فرمادیا کہ آج آخری رات ہے چنانچہ جیسا فرمایا ویسا ہی ہوا دوسرے دن ۲۸ صفر کو بروز پیر صبح کے وقت آپ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے (انا للہ وانا الیہ راجعون) وصال کے بعد جب غسل کے لئے تخت پر آپ کو لٹایا گیا اور ہاتھ سیدھے کئے گئے تو احباب یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ آپ کے ہاتھ خود بخود اسی طرح بند گئے جیسے نماز کی حالت میں ہوتے ہیں گویا یہ اشارہ تھا اس طرف کہ ہمارے ان بندوں میں سے ہے جن کیلئے ہم نے قرآن میں اعلان کیا ہے کہ وہ ہمیشہ نماز میں رہتے ہیں۔

آپ کو آپکے صاحبزادے خواجہ محمد صادق کے برابر اس مقام پر دفن کیا گیا جس کے لئے آپ نے فرمایا تھا یہاں میں جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری دیکھ رہا ہوں۔

خدمات

اس مقالہ کا دوسرا حصہ ہے ''حضرت مجدد الف ثانی کی خدمات'' آپ کی کون سی خدمات کا ذکر کیا جائے زندگی کا ہر شعبہ اور ہر پہلو آپ کی گران قدر اور تابناک خدمات سے روشن اور درخشاں ہے آیئے آپ کی چند اہم خدمات کے ذکر سے اپنے مشام جان معطر کریں۔

ارباب اقتدار کی اصلاح:

آپ کے زمانہ اقدس میں اکبر اور اسکے بعد جہانگیر کی حکومت رہی، ان کے دور اقتدار میں دین اسلام کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا اور مسلمانوں پر کیا بیتی؟ اس کا کچھ اندازہ حضرت امام ربانی کے اس مکتوب گرامی سے ہوتا ہے جو آپ نے دربار جہانگیری کے ایک اہم رکن لالہ بیگ کو ارسال فرمایا، اس میں اسلام کی بے چارگی کا نقشہ کھینچتے ہوئے آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

> تقریباً ایک صدی سے اسلام کی بے بسی اور بے چارگی اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ وہ کافر بلاد اسلامیہ میں کافرانہ احکام کے صرف اجراء پر ہی اکتفاء نہیں کر رہے بلکہ وہ یہ چاہ رہے ہیں کہ مسلمانوں میں بوئے مسلمانی بھی نہ رہے، ان لوگوں نے معاملہ یہاں تک پہنچا دیا ہے اگر کوئی مسلمان شعائر اسلام کو بجالاتا ہے تو اس کو قتل کر دیا جاتا ہے۔
> (دفتر اول/مکتوب ۸۱)

خواجہ میر محمد نعمان کے نام اپنے ایک مکتوب گرامی میں اس وقت کی بدترین صورتحال کی تصویر کشی کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:۔

> الشریعۃ تحت السیف کے حکم کے موافق روشن شریعت کی ترقی و رواج شاہان بزرگ کے حسن انتظام سے وابستہ ہے لیکن کچھ عرصہ سے یہ امر ضعیف ہو گیا ہے اس لئے اسلام بھی ضعیف ہو گیا ہے کفار و ہندو بے خوف و خطر مسجدوں کو گرا کر اپنے معبد اور مندر تعمیر کر رہے ہیں چنانچہ تھانیسر میں ''حوض کرکھیت'' کے درمیان ایک مسجد اور ایک بزرگ کا مقبرہ تھا اس کو گرا کر اس کی جگہ ایک بہت بڑا بھاری مندر بنا دیا گیا نیز کفار اپنی رسموں کو کھلم کھلا بجالا رہے ہیں جبکہ مسلمان اکثر اسلامی احکام جاری کرنے سے قاصر ہیں ایکادشی کے دن ہندو کھانا پینا ترک کر دیتے ہیں اور بڑی کوشش کرتے ہیں کہ اسلامی شہروں میں کوئی مسلمان اس دن بازار میں نان و طعام نہ پکائے اور نہ بیچے جبکہ

رمضان المبارک میں برملا نان وطعام پکاتے اور بیچتے ہیں مگر اسلام
کے مغلوب ہونے کے باعث کوئی انہیں روک نہیں سکتا۔
(دفتر دوم/مکتوب ۹۲)

حضرت امام ربانی نے اپنے مکاتیب شریفہ میں جن حالات کی نشاندہی فرمائی ہے یقیناً حالات اسی طرح سے تھے اور اس کی تفصیلات ہمیں دیگر تاریخ کی کتابوں سے ملتی ہے کہ اکبر نے دینِ الٰہی کے نام سے ایک ایسا نیا دین ایجاد کیا تھا جس میں تمام مذاہب اور ادیان اور مسالک کے عقائد، نظریات اور اعمال کو سمونے کی کوشش کی گئی تھی اور اس پر لوگوں کو عمل کرایا جارہا تھا، لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی بجائے یہ کلمہ پڑھا جاتا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اکبر خلیفۃ اللہ، سورج کی اس عقیدہ کے ساتھ پرستش کی جاتی تھی کہ یہی تمام عالم کو عطا و بخشش کرنے والا ہے اور بادشاہوں کا پالنہار ہے آفتاب کے علاوہ آگ، پانی، درخت، پتھر اور گائے کے گوبر تک کی پرستش کی جاتی تھی، قشقہ لگایا جاتا تھا، زنار پہنے جاتے تھے، سور اور کتے کو نہ صرف یہ کہ پاک قرار دیا گیا بلکہ محل میں ان کو رکھا جاتا تھا اور ان کی زیارت کو عبادت شمار کیا جاتا تھا۔ گائے کی تعظیم کی خاطر اس کے ذبیحہ پر پابندی عائد کردی گئی قلیل مقدار میں شراب پینا حلال اور جائز قرار دے دیا گیا اور غسل جنابت اور چچا اور ماموں کے بیٹوں سے نکاح کو حرام قرار دے دیا گیا، ایک سے زائد شادی بارہ سال سے کم عمر لڑکوں کے ختنہ اور سنہ ہجری کے استعمال پر پابندی لگادی گئی اور سنہ الٰہی کے نام سے ایک نئے سن کا استعمال شروع کردیا گیا جس کی ابتداء بادشاہ کے اپنے جلوس کی تاریخ سے ہوتی تھی سکوں اور اشرفیوں میں اس سنہ الٰہی کو لکھوایا گیا، زنا کی عام اجازت دے دی گئی بلکہ فاحشہ عورتوں کے لئے شیطان پورہ کے نام سے ایک علیحدہ بستی بسائی گئی اور وہاں ان کے لئے محافظ اور منشی مقرر کئے گئے، سود اور جوئے کو حلال قرار دے دیا گیا بلکہ بادشاہ کے دربار میں ایک جواخانہ بھی بنایا گیا جس میں جواریوں کو شاہی خزانے سے سود پر قرض بھی دیا جاتا تھا، لوگوں کو آزادی دے دی گئی کہ جو مذہب چاہیں اختیار کریں لیکن اگر کوئی ہندو عورت کسی مسلمان مرد سے محبت کرکے اسلام قبول کرلیتی تھی تو اس کو جبراً اس کے گھر والوں کے سپرد کردیا جاتا تھا بھوک اور افلاس کو دور کرنے کے لئے اپنے بچوں کو سرعام فروخت کرنے کی اجازت دے دی گئی، زمیوں سے جزیہ لینا منسوخ کردیا گیا، عورتوں کے لئے پردے کی ممانعت کردی گئی اور

نوجوان عورتوں کو حکم دیا گیا کوچہ و بازار میں جب جائیں تو چہرہ کھلا رکھیں، داڑھی رکھنے کو معیوب سمجھا جانے لگا اور داڑھی منڈوانے کو بادشاہ کی پسندیدہ قرار دیا گیا بادشاہ کی رضا پر بڑے بڑے علماء اور فضلاء کی داڑھیاں قربان کی گئیں سونا اور ریشم جو اسلام میں مردوں کے لئے حرام ہے اس کا استعمال فرض عین قرار دیا گیا، سور کا گوشت حلال کر دیا گیا پہلے حکم دیا گیا کہ مردہ کو اس طرح دفن کیا جائے کہ اس کا سر مشرق کی طرف اور اس کے پیر مغرب کی طرف ہوں لیکن بعد میں یہ حکم جاری ہوا کہ سرے سے اس کو دفن ہی نہ کیا جائے بلکہ اس کی گردن میں کچھ اینٹیں اور کچھ اناج باندھ کر اس کو دریا میں بہا دیا جائے اور جہاں پانی نہ ہو وہاں اس کو جلا دیا جائے یا کسی درخت پر باندھ دیا جائے، حلال جانور بھینس، بکری اونٹ وغیرہ کے گوشت کو حرام قرار دے دیا گیا، اسلامی عقائد مثلاً رویت باری عالم کی تکوین، حشر ونشر وغیرہ کا مذاق اڑایا جانے لگا اور معراج مقدس کے عظیم معجزے کا عقل میں نہ آنے کے باعث سرے سے ہی انکار کر دیا گیا، عربی زبان اور تفسیر، حدیث، فقہ جیسے دینی علوم معیوب سمجھے جانے لگے اور ان کے حاصل کرنے والوں کو مطعون کہا جانے لگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک اسماء گرامی محمد، احمد، مصطفےٰ سے اتنی نفرت کی جانے لگی کہ جن کے یہ نام تھے ان کے نام بدل دیے گئے، ایک دوسرے سے ملاقات کے وقت سلام کرنے کی بجائے اللہ اکبر اور جل جلالہ کہنے کا حکم دیا گیا، صالح اور متقی علماء اور صوفیہ کی جائدادیں ضبط کر لی گئیں ان میں سے بعض کو قید میں ڈال دیا گیا اور بعض کو جلا وطن کر دیا گیا۔

یہ تو اکبر کے دور کا نقشہ تھا جبکہ اس کا بیٹا جہانگیر تخت پر بیٹھا تو ابتداءً اس کے عادات وخصائل بھی اپنے باپ سے کچھ زیادہ مختلف نہیں تھے اس کے ابتدائی دور کا نقشہ بھی اس کے باپ کے دور سے ملتا جلتا تھا وہ تمام مذاہب والوں کے ساتھ صلح کلی کا قائل تھا اس لئے آگ کو خدا کا نور کہتا تھا اور دسہرا دیوالی اور دیگر ہندو تہواروں کے وقت ان کے ساتھ ملکر جشن مناتا تھا، ہفتہ میں دو روز حلال جانوروں کے ذبیحہ پر پابندی عائد کر دی تھی خود بھی شراب نوش تھا اور دوسروں کو بھی اس کے پینے کی ترغیب دلاتا تھا تزک جہانگیری کے مطالعہ سے ان سب باتوں کا بخوبی پتہ ملتا ہے سورج کی تعظیم اس کے دل ودماغ پر ایسی چھائی ہوئی تھی کہ وہ اس کے لئے نیر اعظم، نزول اجلال، اوزانی داشت جیسے الفاظ استعمال کرتا ہے ستاروں کو نور الٰہی کا مظہر قرار دے کر ستارہ پرستوں کی طرح ان کی تعظیم کو ضروری سمجھتا تھا بلکہ اس کی تعظیم وتکریم کا دوسروں کو حکم دیتا ہے نہلے پہ دہلا یہ ہوا کہ اس کی محبوبہ بیوی

نور جہاں جو عالی شعبہ تھی اس کا حکومت میں اثر و رسوخ بڑھ گیا جس کی وجہ سے شیعی نظریات مثلاً حضرت علی کی افضلیت مطلقہ خلفائے ثلاثہ سے بغض وعداوت ان پر سب وشتم جیسے نظریات رواج پانے لگے، خود چونکہ راجہ بہاری مل کی لڑکی کے بطن سے پیدا ہوا تھا اور راجہ بھگوان داس کی بیٹی سے اس کی شادی ہوئی تھی اس کے علاوہ بہت سی ہندو عورتیں اس کی بیویوں میں شامل تھیں کئی نصرانی اور عیسائی سالار اس کے مقربینِ بارگاہ میں شامل رہے اکبر کے دور میں ہندوؤں کو جو اثر ونفوذ حاصل ہوا تھا وہ بدستور باقی تھا ایسے میں دینِ الٰہی سے ملتی جلتی صورتحال جس کا ہلکا سا نقشہ اوپر پیش کیا گیا اس کا ظہور پذیر ہونا کوئی بعید از قیاس بات نہیں، شاید اس لئے جرمن مورخ ڈاکٹر گستاؤلی بان کو لکھنا پڑا جہانگیر نے انہی امور کی بنیاد پر اپنے باپ کا طریقہ جاری رکھا، اور ساتھ نصرانیوں کو اپنے پاس رکھا (تمدن ہند ڈاکٹر گستاؤلی بان) انگریز مورخ ایڈورڈز کو بھی یہ کہنا پڑا کہ وہ اپنے باپ کی طرح ملحدانہ رجحانات رکھتا تھا انہی امور کی بنیاد پر مسلمان اور عیسائیوں کے درمیان مباحث کو بڑی خوشی سے سنتا تھا فنون لطیفہ کو پسند کرتا تھا، عیسائیوں کے علامتی نقوش اس نے اپنی مہر میں کندہ کرائے ہوئے تھے۔ (مغل رول انڈیا۔ ایڈوڈز ص ۶۲)

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک مکتوب گرامی سے بھی ان حقائق کی تصدیق ہوتی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

> ''پہلی سلطنت (دور اکبری) میں دین مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم سے عناد معلوم ہوتا تھا اور اس سلطنت میں (عہد جہانگیری) ظاہری طور پر وہ عناد نہیں ہے اگر ہے تو بے علمی کے باعث ہے یہ ڈر ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ عناد اور دشمنی تک پہنچ جائے اور مسلمانوں پر معاملہ اس سے بھی زیادہ تنگ ہو جائے'' (دفتر اول مکتوب ۶۵)

بہر حال خلاصہ یہ ہے کہ اس وقت کے یہ دونوں بادشاہ اسلام کو تقویت پہنچانے کی بجائے اس کی تباہی و بربادی اور شعائر اسلام کے انہدام اور شریعت مصطفوی کو مٹانے میں ہمہ تن مصروف اور سرگرداں تھے ایسی صورت حال میں اللہ تعالیٰ نے حضرت امام ربانی کو مجدد الف ثانی بنا کر مبعوث فرمایا جنہوں نے ظاہری و باطنی ہر طرح کی قوت اور طاقت رکھنے کے باوجود بادشاہان وقت کے خلاف بغاوت انقلاب کے ذریعہ ان کو ہٹانے کی تحریک چلانے کے بجائے ان کی اصلاح کی تحریک چلائی اور

اس کے لئے یہ حکمت عملی اختیار فرمائی کہ جو شاہان وقت کے خاص مقربین تھے ان کے کیبنیٹ ارکان تھے اپنے مکتوبات کے ذریعہ ان کی اصلاح فرمائی اور ان کو شوق اور رغبت دلائی کہ وقتاً فوقتاً بادشاہ کی اصلاح کرتے رہیں اور اس کو احکام اسلام کی طرف راغب کرتے رہیں چنانچہ اکبر کے دور میں شیخ فرید بخاری ،قلیچ خاں ،مرزا عزیز کوکلتاش، خان اعظم ، میراں صدر جہاں اور عبد الرحیم خان خاناں جیسے امرائے وقت جو آپ کے ارادت مند اور عقیدت مند تھے اور اکبر کے خاص مقربین میں سے تھے ان کو آپ نے اس کام پر مامور فرمایا چنانچہ دربار اکبری کے ایک اہم رکن خان اعظم کے نام اپنے ایک مکتوب گرامی میں آپ نے اسلام کی زبوں حالی کا نقشہ کھینچ کر پہلے ان کے جوشِ ایمانی کو مہمیز دیتے ہیں پھر کس خوبصورت انداز میں دعاؤں کے ساتھ ان کو ان کے حالات کا مقابلہ کرنے کی ہمت دلاتے ہوئے فرماتے ہیں۔

> اسلام کی بے بسی اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ کفار کھلم کھلا اسلام پر طعن کرتے ہیں اور مسلمانوں کو برا بھلا کہتے ہیں کافرانہ احکام بے تحاشہ جاری کئے جارہے ہیں اور ان احکام کے ماننے والوں کی خوب تعریفیں کی جارہی ہیں جبکہ مسلمانوں کو احکام اسلامیہ کے اجراء سے منع کیا جارہا ہے اور شریعت اسلامی کی اشاعت کرنے والا مذموم و مطعون ٹھہرایا جارہا ہے۔ع
>
> پری نہفتہ رخ و دیو در کرشمہ و ناز
> بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است
>
> (ترجمہ) پری نے تو اپنا چہرہ چھپالیا ہے اور دیو ناز و نخرہ پر تلا ہوا ہے یہ کیا تماشہ ہے عقل حیرت سے جلی جارہی ہے
>
> سبحان اللہ وبحمدہ! کہا گیا ہے کہ شریعت زیر شمشیر ہے اور شریعت کی رونق وصفا بادشاہوں کے دم سے ہے لیکن یہاں تو معاملہ برعکس ہوگیا ہے افسوس صد افسوس آج تمہارے وجود کو ہم غنیمت سمجھتے ہیں اور سوائے تمہارے کوئی مرد میدان اس میدان میں ہم کو نظر نہیں آتا حق تعالیٰ

اپنے نبی کریم اور انکے اہل بیت (علیہ وعلیہم الصلوۃ والسلام) کے طفیل آپ کا حامی و مددگار رہو۔ حدیث پاک میں ہے کہ تم میں سے کوئی اسوقت تک کامل مؤمن نہیں ہوسکتا جب اسکو دیوانہ نہ کہا جائے اس وقت وہ دیوانگی جس کی بنیاد اسلامی غیرت وحمیت پر ہوتی آپ کی ہی فطرت میں نظر آتی ہے..... یہ زبانی جہاد جس کا موقع تمہیں آج میسر ہے بہت بڑا جہاد ہے اسکو غنیمت جانو اور زیادہ سے زیادہ جہاد کے طالب رہو یہ زبانی جہاد تلوار کے جہاد سے افضل ہے۔ ہم جیسے بے دست و پا (جن کی بادشاہ تک رسائی نہیں) اس نعمت سے محروم ہیں ہم نے تم کو یہ خزانے کا پتہ دے دیا ہے اگرچہ ہمارا ہاتھ اس تک نہیں پہنچ سکا تو شاید تم ہی اس کو پالو..... (دفتر اول حصہ دوم مکتوب ۶۵)

حضرت امام ربانی کی اس حکمت عملی کے جب کچھ اثرات ظاہر ہونے شروع ہوئے تو اکبر کی موت کا وقت قریب آگیا روضۃ القیومیہ میں ہے کہ آخر وقت میں وہ اتنا نرم ہوگیا تھا اور اس بات پر آمادہ ہوگیا تھا کہ لوگوں کو زبردستی دین الٰہی اختیار کرنے اور سجدۂ تعظیمی کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کو اختیار دے دیا جائے گا کہ وہ چاہیں تو اس کا بنایا ہوا دینِ الٰہی اختیار کریں اور چاہیں تو دینِ اسلام پر رہیں۔ تاریخ ہندوستان میں مولانا ذکاء اللہ دہلوی نے لکھا ہے کہ اکبر نے اپنی موت کے وقت جب میراں صدر جہاں نے کلمہ شریف کی تلقین کی تو اس نے بلند آواز سے کلمہ شریف پڑھنا شروع کر دیا اور میراں صدر جہاں سے کہا کہ میرے سرہانے بیٹھ کر ''سورت یٰسین اور دعائے عدیلہ'' پڑھو، جب انہوں نے یہ سورت اور دعا پڑھی تو بادشاہ کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے اور اسی حالت میں اس نے جان جانِ آفریں کے سپرد کر دی۔

جبکہ تزک جہانگیری کا جو انگریزی ترجمہ میجر برائس نے کیا ہے اسمیں اس نے کہا ہے کہ شہنشاہ اکبر نے سب سے بڑے مولوی کے ہاتھ پر توبہ کی اور کلمہ پڑھ کر جنتی مسلمانوں کی طرح اس دنیا سے رخصت ہوا۔ اس کے اسلام کے بارے میں یہ ایک انگریز کا اقرار اور شہادت ہے جسے کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ بہرحال ان تمام شواہد سے اتنی بات ضرور ثابت ہوتی ہے کہ اکبر بادشاہ پکا

متقی مسلمان نہ سہی لیکن حضرت امام ربانی کے مقرر کردہ سفراء کی رشد و ہدایت کے باعث اپنے پرانے دین اسلام اور اسکی محبت وعقیدت کی طرف مائل ہونا شروع ہو گیا تھا اور یہ بھی امام ربانی کی بہت بڑی کامیابی تھی۔

بہر حال اکبر کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا تخت پر بیٹھا تو امام ربانی نے ''احیائے اسلام'' کے اپنے مشن کو مزید تیز تر کر دیا اور اسکے لئے بھی وہی حکمت عملی اختیار فرمائی کہ اس کے دربار کے مقربین کو مکتوبات کے ذریعہ اور خود ان سے ملاقاتیں فرما کر ان کو جہانگیر کی اصلاح اور احکام اسلام کی طرف اسکو مائل کرنے کی طرف متوجہ کیا اور اس عظیم کار انبیاء کے لئے ان کو تیار کیا اور اسکا ان کو شوق دلایا ۔ جہانگیر کی حکومت کے اہم ارا کین وعمائدین مثلاً شیخ فرید بخاری، جبار خاں، حکیم فتح اللہ، خان خانا ں، خان اعظم مرزا قلیچ بیگ، لالہ بیگ، صدر جہاں، خان جہاں، سکندر خان لودھی ،، بہادر خان اور خضر خان کے نام آپ کے کوئی بیسیوں مکاتیب گرامی مکتوبات شریف کے اندر موجود ہیں جن کے پڑھنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ نے کس کس انداز سے اور کن کن طریقوں سے ان حضرات کو بادشاہ کی اصلاح کی طرف راغب کیا اور کس طرح عظیم کام ان سے لیا شیخ فرید جن کے لئے ترک جہانگیری میں خود جہانگیر لکھتا ہے کہ یہ میرے والد کی خدمت میں میر بخش تھے میں نے ان کو خلعت شمشیر مرصع دوات وقلم مرصع مرحمت کر کے اسی خدمت پر بحال رکھا ہے اور ما بدولت تم کو صاحب السیف والقلم جانتے ہیں۔

دربار جہانگیری کی اس مقرب شخصیت کے نام اپنے ایک گرامی نامہ میں حضرت امام ربانی فرماتے ہیں کہ

> آج جبکہ دولت اسلام کی ترقی اور موافعات اسلام کے زوال اور بادشاہ اسلام کی تخت نشینی کی خوشخبری خاص وعام کے کانوں تک پہنچی ہے تو اہل اسلام نے اپنے اوپر لازم کر لیا ہے کہ بادشاہ کے معین و مددگار بنیں اور شریعت کی ترویج اور مذہب کو تقویت دینے میں اس کی رہنمائی کریں خواہ یہ امداد وتقویت زبان سے ہو یا ہاتھ سے جس قسم کی بھی ہو اس سے دریغ نہ کریں سب سے بڑھ کر مدد یہ ہے کہ کتاب وسنت اور اجماع امت کے طریقہ پر شرعی مسائل کو بیان کریں اور عقائد کلامیہ کو ظاہر

کریں تا کہ کوئی بدعتی اور گمراہ درمیان میں آ کر بادشاہ کو راستہ سے نہ بہکا دے اور کام خراب نہ کر دے..... امید ہے جب حق تعالیٰ نے آپ کو بادشاہ کا قرب پورے طور پر بخشا ہے تو خلوت وجلوت میں اور پوشیدہ وعلانیہ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے رواج دینے میں آپ پوری کوشش کریں گے اور مسلمانوں کو ذلت وخواری سے نکالیں گے..... (دفتر اول مکتوب ۴۷)

جہانگیر کے ایک اور معتمد خاص صوبہ بہار کا تمام نظم ونسق جہانگیر نے جن کے سپرد کر رکھا تھا یعنی لالہ بیگ ان کو ایک مکتوب گرامی میں آپ نے تحریر فرمایا.....

سلطنت کی ابتداء ہی میں اگر مسلمانی نے رواج پالیا اور مسلمانوں نے اعتبار پیدا کر لیا تو بہتر ورنہ نعوذ باللہ اگر توقف ہو گیا تو مسلمانوں پر کام بہت مشکل ہو جائے گا الغیاث الغیاث ثم الغیاث الغیاث دیکھئے کون صاحب دولت اس دولت کو حاصل کرتا ہے اور کون بہادر آگے بڑھ کر اس دولت کو لیتا ہے..... ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم (دفتر اول مکتوب ۸۷)

مفتی صدر جہاں جو جہانگیر کے بچپن میں اس کی تعلیم کے نگران بھی رہے اور عہد اکبری میں منصب صدارت پر فائز تھے جہانگیر نے اپنے دور میں جن کے اختیارات میں مزید اضافہ کرتے ہوئے ان کو یکدم چار ہزاری کا منصب بھی عطا کر دیا تھا اور ان کو دربار میں سجدہ تعظیمی سے بھی مستثنیٰ کر دیا تھا ان کو ایک مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی بادشاہ کی اصلاح کی طرف یوں متوجہ کراتے ہیں.....

یقین ہے کہ اسلام کے مقتدر انہی سادات عظام اور علمائے کرام خلوت وجلوت میں اس دین متین کی زیادتی اور اس صراط مستقیم کے درپے رہیں گے۔ (دفتر اول مکتوب ۱۹۴)

اب جبکہ سلطنتوں میں انقلاب واقع ہوا ہے اور اہل مذاہب کی عداوت کی تیزی درہم برہم ہو گئی ہے اسلام کے پیشواؤں یعنی بڑے بڑے وزیروں اور امیروں اور بزرگ عالموں پر لازم ہے کہ اپنی

تمام محنت کو روشن شریعت کی ترویج پر لگائیں اور سب سے پہلے یہ کریں کہ اسلام کے گرے ہوئے ارکان کو قائم کریں۔
(دفتر اول مکتوب ۱۹۵)

خود جہانگیر کو بھی آپ نے ایک مکتوب گرامی ارسال فرمایا جس میں اس کو فتح ونصرت کی دعا دیتے ہوئے اس دعا کی غرض وغایت بھی اجرائے احکام شریعت کو قرار دیا اور فرمایا بادشاہ کی فتح ونصرت کی دعا کی جاتی ہے کیونکہ اجرائے احکام شریعت سلطنت کی تائید اور تقویت پر منحصر ہے۔

آگے اس دعا کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

تلوار اور جہاد میں یہ قوت نہیں کہ قضائے الٰہی کو ٹال دے لیکن دعا میں خدا نے یہ طاقت رکھی ہے، اس لئے لشکر کی قوت سے دعا کی قوت زیادہ قوی اور موثر ہے۔

آپ کا یہ مشن زور وشور سے جاری رہا اور کامیابی سے آہستہ آہستہ ہمکنار ہونے لگا بادشاہ احکام اسلامی کی طرف مائل اور راغب ہونے لگا آپ کے مکاتیب سے بھی آپ کے مشن کی اس کامیابی کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے چنانچہ مفتی صدر جہاں کے نام ایک مکتوب گرامی میں آپ تحریر فرماتے ہیں کہ

احکام شرعیہ کے جاری کرنے اور مذہب مصطفوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کے دشمنوں کی ذلت وخواری کی باتیں سن کر ماتم زدہ مسلمانوں کے دل کو خوشی اور روح کو تازگی حاصل ہوئی ہے، اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد اور احسان ہے اور اللہ تعالیٰ مالک وقدیر سے سوال ہے کہ اپنے نبی بشیر ونذیر علیہ الصلوۃ والسلام کے طفیل اس بڑے کام میں زیادتی بخشے۔ (دفتر اول مکتوب ۱۹۵)

ظاہر ہے شریعت اسلامیہ کا اجراء عقائد حنفیہ اور مسلک حنفیہ کا فروغ اور دین کا احیاء بھلا بدمذہبوں اور اسلام دشمنوں کو کب گوارہ ہوسکتا تھا چنانچہ وہ اپنی سازشوں میں مصروف ہو گئے اور حضرت امام ربانی کو بدنام کرنے کے لئے آپ کے ایک مرید کابل کے رہائشی حسن خان افغان کو استعمال کیا جو کسی وجہ سے آپ کا سخت مخالف ہوگیا تھا اس کے ذریعے آپ کے مکتوبات میں تحریف

کر کے اس میں کچھ کفریہ عبارات کا اضافہ کر کے وہ مختلف علماء کو بھجوائی گئیں اور اس پر حضرت امام ربانی کے خلاف فتوے لئے گئے۔

پروپیگنڈہ اتنا شدید تھا کہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی جیسے مقتدر عالم اور محدث بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور حضرت امام ربانی کے خلاف ہو گئے بعد میں جب صورت حال واضح ہوئی اور حضرت امام ربانی کے اصل مکاتیب آپ نے پڑھے تو آپ کی غلط فہمی رفع ہوئی ایسی صورت میں بادشاہ کا اس مکروہ پروپیگنڈے کے اثرات سے محفوظ رہنا ایک ناممکن امر تھا چنانچہ اس نے ان بے سروپا الزامات سے متاثر ہو کر آپ کو اپنے دربار میں وضاحت کے لئے طلب کر لیا آپ نے اس کے دربار میں جا کر اتنے عمدہ جوابات دئے کہ بادشاہ لاجواب ہو گیا معاندین کو جب اپنی سازش ناکام ہوتی ہوئی نظر آئی تو انہوں نے بادشاہ کو ورغلایا کہ انہوں نے آپ کو سجدہ نہ کر کے دربار کے آداب کی خلاف ورزی کی ہے اس کے علاوہ آپ نے شیعوں کے خلاف جو مکاتیب اور رسائل لکھے تھے اس کی وجہ سے جہانگیر کی محبوب ملکہ نور جہاں اور اس کے وزیر اعظم آصف جاہ جو سب شیعہ تھے وہ آپ کے سخت ترین دشمن ہو گئے تھے انہوں نے ان سازشوں میں اہم کردار ادا کیا اور آخر میں بادشاہ کو آپ کی قوت سے خوفزدہ کیا کہ ان کے مریدین ہر طرف پھیل رہے ہیں فوج میں بھی ان کا اثر رسوخ بڑھ گیا ہے یہ آپ کے اقتدار کے لئے کسی وقت بھی خطرہ بن سکتے ہیں لہذا ان کے خلاف فوری کوئی کاروائی عمل میں لائی جائے چنانچہ بادشاہ نے آپ پر لگائے جانے والے بے سروپا الزامات کا سہارا لے کر اور سجدہ تعظیمی نہ کرنے کا بہانہ بنا کر آپ کو قلعہ گوالیار میں قید کر دیا اور آپ کا تمام مال واسباب اور مکان وغیرہ سب ضبط کر لیا، لیکن اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے ان تنصروا اللہ ینصرکم (ترجمہ) تم دین کی مدد کرو اللہ تمہاری مدد کرے گا) اللہ تعالیٰ نے حضرت امام ربانی کی ایسی مدد فرمائی کہ دشمن کی تمام تدابیر الٹی ہو گئیں یہ قید و بند بھی آپ کی ذلت کی بجائے کئی طرح سے آپ کی عزت و منزلت اور اسلام کے مزید ارتقاء کا باعث بن گئی اولاً بقول خود آپ کے کہ اس قید کے ذریعہ بڑے بڑے روحانی مراتب اور مدارج سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو سرفراز فرمایا دوسرا یہ کہ جیل میں موجود سیکڑوں چوروں ڈاکوؤں، بدمعاشوں اور مجرموں کو آپ کی رشد و ہدایت نے راہ حق پر گامزن کر کے ان کو اللہ کا محبوب اور مقرب بنا دیا۔ تیسرا یہ کہ آپ کی گرفتاری کے بعد عوام و خواص میں جو بے چینی

پھیلی اور مختلف علاقوں میں شورش اور بغاوت کی سی صورت پیدا ہونے لگی اور آپ نے جیل ہی سے اپنے مکتوبات کے ذریعے ان سازشوں اور بغاوتوں کو پروان چڑھانے کی بجائے ان کو فرو کرنے اور ختم کرنے کے جو احکامات دیئے ان سب کو دیکھ کر جہانگیر کی عقل ٹھکانے آ گئی کہ جس کو میں اقتدار کے لئے خطرہ سمجھے بیٹھا تھا وہ تو میرے اقتدار کا محافظ نکلا، اس پر سونے پہ سہاگہ یہ ہوا کہ اس کو خواب میں حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگئی کہ آپ اپنی انگلی مبارک دانتوں میں دبائے کھڑے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ جہانگیر تو نے کتنے بڑے شخص کو قید کر دیا ہے الغرض اس قید نے نہ صرف یہ کہ بادشاہ کے دل کو آپ کی طرف سے صاف کر دیا بلکہ آپ کی ظاہری اور باطنی عظمتوں کا اس کو معترف کر دیا اور یہ قید کئی لحاظ سے آپ کے لئے ترقیات اور اسلام کی ترویج و اشاعت کا باعث بن گئی..... پھر تو یہ عالم تھا کہ وہی بادشاہ جو آپ کو مغرور خود پسند سمجھ کر قید میں ڈال رہا تھا وہ آپ کی عظمتوں کا معترف ہو کر آپ سے کچھ عرصہ کے لئے لشکر میں آپ کے ہمراہ رہنے کی درخواست کر رہا تھا، اور آپ نے اس کی درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور ایک عرصہ اس کو ساتھ رکھ کر اس کی تربیت فرمائی اور اس کی اصلاح فرمائی..... ایک وقت وہ تھا کہ وہ آپ کو کافر سمجھ رہا تھا پھر وہ وقت بھی آیا جب وہ آپ کو ایک ولی کامل سمجھ کر اپنی بیماری سے صحت یابی کے لئے آپ سے دعا کی درخواست کر رہا تھا آپ کے لنگر کے تبرک سے اپنا پرہیز کھولنے کا اعلان کرتا تھا، بطور تبرک لنگر کا کچھ حصہ اپنے ساتھ رکھتا تھا، اور لنگر کے اخراجات کیلئے یومیہ خرچہ پیش کر کے اس کو قبول کرنے کی استدعا کر رہا تھا اور آپ اس کی پیشکش کو یہ کہہ کر ٹھکرا رہے تھے کہ ہم خدا کے در کے بھکاری ہیں صرف خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

ایک وہ زمانہ تھا جب وہ آپ کو "مکار" کہا کرتا تھا لیکن پھر وہ زمانہ بھی آیا جب وہ آپ کی محبت اور عقیدت سے سرشار ہو کر یہ کہا کرتا تھا کہ میں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا کہ جس سے مجھے نجات کی امید ہو البتہ میرے پاس ایک دستاویز ہے اس کو اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کر دوں گا اور وہ دستاویز یہ ہے کہ ایک روز مجھ سے شیخ احمد سرہندی نے کہا تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ ہمکو جنت میں لے جائے گا تو ہم تمہارے بغیر نہیں جائیں گے بہر حال خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضرت امام ربانی کی تدبیر اور حکمت عملی کامیابی سے ہمکنار ہوئی آپ کی کوششوں سے اراکین حکومت کی اصلاح ہوئی اس کے بعد ان کے ذریعہ پھر براہ راست خود آپ کے ذریعہ بادشاہ کی اصلاح ہوئی۔ دربار سے سجدۂ تعظیمی ختم کر دیا گیا، گائے کے ذبیحہ سے بھی پابندی اٹھائی گئی مسجدیں تعمیر کرائی جانے لگیں سنی فقہ کو مملکت کا قانون قرار دیا گیا اور

دربار کے لئے چار عالموں کے بندوبست کرنے کا حکم دیا گیا تا کہ وہ مسائل شرعیہ بتائیں اور کوئی کام خلاف شرع نہ ہونے پائے بادشاہ کا شہزادہ خرم شاہجہان آپکا بے حد معتقد تھا آپکے بعد آپکے صاحبزادے کا اسی طرح ادب واحترام کرتا تھا اس کے دور میں اور اورنگزیب عالمگیر کے دور میں جو کچھ اس سے پہلے تھوڑی بہت کسر رہ گئی تھی وہ بھی پوری ہوگئی ان دونوں بادشاہوں نے حضرت امام ربانی کے اولادِ امجاد کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ملک میں مکمل نظام مصطفےٰ کا نفاذ کیا۔

الغرض اس دور میں اسلامی عقائد اور احکامات کو خوب فروغ حاصل ہوا اسلام کا پرچم ہر جگہ لہرانے لگا اور نور اسلام کی شعاؤں سے مشرق ومغرب روشن ہوگئے..... ''ارکان حکومت کی تبدیلی کے بجائے اذہان حکومت کی تبدیلی'' یہ وہ آپ کا عظیم کارنامہ ہے جس نے تاریخ کے رخ کو موڑ دیا صرف یہ خطۂ ہندوستان نہیں بلکہ افغانستان، بخارا، سمرقند اور ترکی تک پورے خطہ کو ایک عظیم اسلامی اور روحانی انقلاب سے سرفراز کر دیا، آج بھی اس خطہ میں وہ اثرات محسوس ہو رہے ہیں اور رہتی دنیا تک اس کے اثرات برقرار رہیں گے انشاء اللہ، یہی وہ ''دیگر معاملہ'' اور عظیم کارنامہ ہے جس کی طرف آپ نے اپنے ایک مکتوب گرامی میں بھی ارشاد فرمایا تھا آپ فرماتے ہیں:۔

> اے فرزند باوجود اس معاملے کے جو میری پیدائش سے وابستہ رہا ہے ایک اور کارخانہ عظیم میرے سپرد کیا گیا ہے، مجھے پیری مریدی کے لئے نہیں لایا گیا اور نہ ہی میری پیدائش سے مخلوق کی تکمیل وارشاد مقصود ہے بلکہ معاملہ کچھ اور ہے اور خداوند کریم اور قدرت کو مجھ سے کچھ اور ہی کام لینا ہے (دفتر دوم مکتوب ۶)

علمائے سو کے خلاف جہاد:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ بدترین لوگوں کے بدترین علماء ہیں (ترغیب) یعنی علمائے سو اللہ کے یہاں انسانوں میں سب سے بدترین انسان شمار ہوتے ہیں اس لئے کہ ایک عالم کی گمراہی سے ایک عالم گمراہ ہو جاتا ہے۔ تمام مؤرخین کا اس پر اتفاق ہے کہ شہنشاہ اکبر پہلے بہت دیندار علماء اور صوفیہ کا ادب کرنے والا شخص تھا لیکن اس کو گمراہ کرنے والے یہی ابوالفضل اور فیضی جیسے علماء سو تھے جنہوں نے بادشاہ کو خوش کرنے کے لئے اسلامی احکامات بدل ڈالے جائز امور کو

ناجائز بنا ڈالا اور ناجائز کو جائز، خواہشات نفس کی تکمیل کے لئے اسلام میں گنجایشیں نکال لیں اپنے ذاتی عناد اور دشمنی کے باعث مقتدر علماء کی تذلیل کی اور علم مصطفیٰ اور دین مصطفیٰ کو بادشاہ کے گھر کی لونڈی بنا کر دین الٰہی کے نام سے ایک ایسا نیا دین ایجاد کروادیا جس میں اسلام اور اسلامی شعائر کی توہین کی گئی تھی اور دوسرے مذاہب کو اہمیت دی گئی تھی یہ سب کچھ علماء سو کی وجہ سے ہوا اسی لئے امام ربانی نے ان علماء کے خلاف جہاد فرمایا، اپنے مکتوبات کے ذریعے اپنے محبین و مخلصین کو بالخصوص جہانگیر کے دربار کے خاص مقربین کو علماء سو کے کرتوتوں سے آگاہ کر کے اسلام اور دین کے خلاف ان کی سازشوں اور ریشہ دوانیوں کا قلع قمع فرمایا۔

چنانچہ جب جہانگیر نے یہ حکم دیا کہ چار دیندار علماء مہیا کئے جائیں جو مسائل بتائیں اور خلاف شرع چیزوں کی نشاندہی کریں تو آپ نے شیخ فرید بخاری کے نام اپنے ایک طویل مکتوب گرامی میں پہلے خبر پر اپنی خوشی کا اظہار کیا اور اسکے بعد ان کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ

> ایسے دیندار علماء (بادشاہ کو مہیا کئے جائیں) جو حبّ جاہ اور حبّ ریاست سے پاک ہوں اور ترویج شریعت اور تائید ملت کے علاوہ کوئی دوسرا مقصد نہ رکھتے ہوں تعداد میں اگرچہ قلیل ہوں اگر اسے حبّ جاہ ہوگئی تو وہ کسی نہ کسی طریقہ سے اپنی افضلیت کا اظہار کرے گا، اختلافی مسائل درمیان میں لائے گا اور اس کو بادشاہ کے قرب کا ذریعہ بنائے گا اس صورت میں لامحالہ دین کی مہم ابتر ہو جائے گی زمانہ گزشتہ (دور اکبری) میں علمائے سو کے اختلافات نے ہی دنیا کو بلا میں ڈالا تھا..... اب بھی علمائے سو کی صحبت کا اندیشہ ہے..... ایسی صورت میں ترویج دین کیا خاک ہوگی بلکہ الٹی تخریب دین ہو جائے گی، میں علماء سو کے فتنہ سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں اور علماء آخرت میں سے کوئی عالم میسر ہو تو اس سے اچھی بات کیا ہوگی اس کی صحبت کبریت احمر کا حکم رکھتی ہے..... جس طرح مخلوق کی نجات علماء کے وجود سے وابستہ ہے اس طرح دنیا کا نقصان اور زیاں بھی انہی پر

منحصر ہے بہترین علماء بہترین عالم ہیں اور بدترین علماء بدترین خلائق ہیں ہدایت اور گمراہی دونوں ان پر موقوف ہیں، ایک شخص نے ابلیس کو دیکھا کہ فارغ بیٹھا ہوا ہے تو اس سے اس کا سبب پوچھا اس نے جواب دیا کہ اس زمانے کے علماء میرا کام انجام دے رہے ہیں اور وہ دنیا کو گمراہ کرنے کیلئے کافی ہیں۔ (مکتوبات جلد اول)

نام نہاد صوفیہ کے خلاف جہاد:

نام نہاد بناوٹی مصنوعی اور جعلی پیروں اور فقیروں اور صوفیہ نے اس دور میں اسلام کو سخت نقصان پہنچایا تصوف کی ایک اہم اصطلاح ''وحدہ الوجود'' کی غلط تشریحیں کر کے نہ صرف عوام کو گمراہ کیا بلکہ اکبر بادشاہ کو بھی لادینیت کا راستہ دکھایا اور ہندوؤں کے عقیدۂ حلال کی طرف اس کو مائل کر دیا، عبادت سے جان چھڑانے کے لئے یہ نظریہ ایجاد کیا کہ عبادات کی اسوقت تک ضرورت ہے جب تک معرفت حاصل نہ ہو جائے اس کے حاصل ہونے کے بعد عبادات کی کوئی ضرورت نہیں ہے (معاذ اللہ) بعض جہلاء نے تو یہ تک کہہ دیا کہ نماز روزہ کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ صرف باطن درست ہونا چاہیے بعض جہلاء نے سنت اور شریعت کے خلاف ریاضتیں اور مجاہدے ایجاد کر لئے اور ان کو وصولِ الٰہی کا ذریعہ قرار دے دیا اکثر پیروں فقیروں نے پیری مریدی کو رشد و ہدایت کی بجائے صرف کھانے کمانے کا دھندہ بنالیا، الغرض تصوف اور طریقت کی جو اہم اصطلاحات تھیں آپ نے ان کی صحیح تشریح فرمائی جو خلاف شرع امور تصوف میں کئے گئے تھے ان کو نکالا اور طریقت اور تصوف کو بدنام کرنے والے نام نہاد صوفیہ کا بھرپور انداز سے مقابلہ کیا اور عوام و خواص کو ان کے خلافِ شریعت افکار و نظریات سے بچا کر آپ نے دین کی بہت بڑی خدمت انجام دی شریعت کو طریقت سے جدا کرنے والوں کے خلاف جہاد کیا اس دور میں واضح طور پر مذہبی قیادت دو گروہوں میں تقسیم ہو گئی تھی ایک طرف علماء تھے اور دوسری طرف صوفیہ تھے علماء صرف شریعت پر زور دیتے تھے طریقت کی اہمیت سے انکار کرتے تھے جبکہ صوفیہ سب کچھ طریقت کو سمجھتے تھے اور شریعت سے بے اعتنائی برتتے تھے حتیٰ کہ انہوں نے یہاں تک کہنا شروع کر دیا کہ عوام شریعت کے مکلّف ہیں خواص اس کے مکلّف نہیں، اور صوفیہ کو احکام شریعت کی پابندی ضروری نہیں حضرت امام ربانی کی ایک بہت بڑی خدمت

ہے کہ آپ نے شریعت وطریقت دونوں کی اہمیت سے آگاہ کر کے لوگوں کو ان دونوں کا عامل بنایا چنانچہ ایک مکتوب گرامی میں آپ فرماتے ہیں:

> اپنے ظاہر کو شریعت سے اور باطن کو باطنِ شریعت سے جو حقیقت سے عبارت ہے آراستہ و پیراستہ کریں کیونکہ حقیقتِ طریقت حقیقتِ شریعت سے ہی عبارت ہے اور راہ شریعت پر چلنا ہی حقیقت ہے یہ کہنا کہ شریعت دوسری چیز ہے اور طریقت وحقیقت دوسری چیز، یہ الحاد وزندقہ ہے۔ (حصہ دوم مکتوب ۵۷)

جمع الجوامع میں علامہ جلال الدین سیوطی نے ایک حدیث پاک نقل کی ہے کہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ میری امت میں ایک شخص ہوگا جسے صلہ (ملانے والا) کہا جائے گا اس کی شفاعت سے بکثرت لوگ جنت میں جائیں گے'' اس حدیث کا مصداق آپ کی ذات گرامی ہے، حضرت امام ربانی نے اپنے ایک مکتوب گرامی میں اپنے لئے صلہ کا لفظ استعمال کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے کہ جس نے مجھے دو سمندروں کو ملانے والا اور دو دشمنوں کے درمیان میں صلح کرانے والا بنایا ہے۔ (دفتر دوم مکتوب ۶)

ان دو گروہوں سے یقیناً علماء ظاہر اور علمائے باطن مراد ہیں اور دو سمندروں سے علم ظاہر علم باطن شریعت، اور طریقت کے سمندر مراد ہیں جن کو آپ نے ملا کر اس کے ذریعے دین کی ایک بہت بڑی خدمت انجام دی۔

بدعات کے خلاف جہاد:

آپ کی بے پایاں خدمات کی فہرست میں آپ کی ایک اہم اور نمایاں خدمت ''احیائے سنت'' بھی ہے یہ وہ زمانہ تھا کہ ہر طرف بدعتوں کا اندھیرہ تھا دین میں خلاف شرع نئی نئی باتوں کا اضافہ کرلیا گیا تھا مثلاً مسلمان دیوالی کے دنوں میں ہندوؤں کی رسمیں ادا کرتے تھے اور ہندوؤں کی تقلید کرتے ہوئے اپنے برتنوں پر رنگ پھیرتے تھے جانوروں کو اولیاء کرام کے مزارات پر لیجا کر وہاں ذبح کیا جاتا تھا پیروں فقیروں کے نام کے روزے رکھے جاتے تھے، ہندوؤں کی طرح دلہن سے دولہا کے گرد سات چکر لگوائے جاتے تھے، دولہا کو عورت کی طرح چاندی کا طوق پہنایا جاتا تھا، اسکے

علاوہ جاہل صوفیہ نے طریقت اور تصوف میں جو بدعات ایجاد کرلیں تھیں، ریاضات ومجاہدات میں جو خلاف شرع طریقے گھڑ لئے تھے آپ نے ان سب بدعات کے خلاف بھرپور جہاد فرمایا، بدعت کی مذمت اور سنت کی مدحت کو مختلف انداز سے اجاگر کر کے لوگوں کو بدعات سے دور رہنے اور سنتوں کو اختیار کرنے کی ترغیب دلائی۔ چنانچہ عبدالرحیم خان خاناں کے نام ایک مکتوب گرامی میں آپ نے تحریر فرمایا۔

> سعادت ابدی اور نجات سرمدی متابعت انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ وابستہ ہے بالفرض اگر ہزار سال عبادت کی جائے اور سخت سے سخت ریاضتیں اور مشکل سے مشکل مجاہدات کئے جائیں مگر ان حضرات کے نور متابعت سے سینے منور نہ ہوں تو ان تمام ریاضات ومجاھدات کو ایک جو کے بدلے نہ خریدا جائے لیکن اگر زاہد کا سونا (قیلولہ) جو سراسر غفلت اور تعطل ہے ان حضرات کی متابعت میں ہے تو یہ ان ریاضات اور مجاہدات سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ (جلد اول مکتوب ۱۹۱)

علماء نے بدعت کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں ایک بدعت حسنہ، ایک بدعت سیئہ لیکن آپ کو بدعت سے اس قدر چڑ اور نفرت تھی کہ آپ نے ایک مکتوب گرامی میں فرمایا اس فقیر کو ان دونوں قسموں کی بدعتوں میں کسی میں بھی کوئی حسن اور نورانیت نظر نہیں آتی اور سوائے ظلمت اور کدورت کے اور کچھ اس میں محسوس نہیں ہوتا (جلد اول مکتوب ۱۸۶)

اس لئے میلاد شریف اور ایصال ثواب وغیرہ کو آپ نے بدعت حسنہ کہکر اسکی اجازت نہیں دی کہ کہیں اس بہانہ بدعت کی طرف لوگ مائل نہ ہو جائیں بلکہ اسکو بھی انبیاء اور صحابہ کی سنت کی حیثیت سے اپنانے اور اختیار کرنے کی اجازت عطا فرمائی۔

عقل پرستوں کے خلاف جہاد:

ہر دور میں ایسے لوگ رہے ہیں جو بطور فیشن ہر معاملے میں عقل کو دخل دیتے ہیں اسلامی احکام اور نظریات کو عقل کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں، جو ان کی عقل میں آئے اس کو قبول کرتے ہیں اور جو نہ آئے اس کا انکار کر دیتے ہیں ایسے لوگوں کے خلاف بھی آپ نے بھرپور جہاد فرمایا چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔

جو شخص تمام احکام شرعیہ کو اپنے عقل کے مطابق عقلی دلائل کے برابر
کرنا چاہیے وہ شان نبوت کا منکر ہے اس کے ساتھ کلام کرنا بیوقوفی
ہے (دفتر اول مکتوب ۲۱۴)

الغرض اسلامی احکامات اور نظریات کو فلسفیانہ اصول وقواعد کی کسوٹی پر پرکھنے والے اور دین کو عقل کے تابع کرنے والے عقل کے پجاریوں کی مذمت اور نشاندہی کر کے امت مسلمہ کو ان کے مکر وفریب سے آپ نے آگاہ فرمایا اور اس طرح دین کے نام پر بے دینی پھیلانے والوں کے چنگل میں پھنسنے سے امت مسلمہ کو بچا کر آپ نے دین کی ایک بہت بڑی خدمت انجام دی۔

دشمنان صحابہ کے خلاف جہاد:

جب جہانگیر بادشاہ کی محبوب ملکہ نور جہاں اور اس کا خاندان شیعہ نظریات کا حامل ہوا اور حکومت کی باگ ڈور ان کے ہاتھ میں ہونے کے باعث وہ صحابہ کرام کے خلاف نظریات کو حکومتی طاقت کے زور پر پھیلا رہا ہو ایسے میں کس کی ہمت ہو سکتی تھی کہ ان باطل نظریات کے خلاف آواز اُٹھا کر اپنی موت کو دعوت دیتا لیکن یہ عظیم خدمت بھی اللہ تعالیٰ نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سے لی جنہوں نے بغیر کسی خوف کے اس طوفان کا مقابلہ کیا اور ہر سطح پر اس کا منہ توڑ جواب دیا مناظروں کی ضرورت پڑی تو آپ نے بڑے بڑے شیعہ علماء سے کھلے عام مناظرے کئے اور اس میں ان کو شکست فاش دی، جب شہر کے متبحر علماء نے ایک رسالہ لکھ کر اس میں حضرات خلفائے ثلاثہ کی تکفیر کی اور معاذ اللہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس میں مذمت اور آپ پر بہتان تراشی کی تو آپ نے نہ صرف یہ کہ زبانی اور تقاریر کے ذریعے محافل میں اسکا مسکت جواب دیا بلکہ اس کے جواب میں ایک مستقل رسالہ تحریر فرما کر ان کا منہ بند کرا دیا اس کے علاوہ شیعہ حضرات کے جو اہم موضوعات ہیں جن سے وہ عام ذہنوں کو متاثر کر کے ان کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں مثلاً حضور سے نسبی قرابت اور قربت رکھنے کے باعث حضرت علی خلیفہ اول ہیں صحابہ کرام کے درمیان جو اجتہادی نزاعات اور محاربات ہوئے انہیں بنیاد بنا کر صحابہ کرام سے لوگوں کو متنفر کرنا، ان کی بدگوئی اور ان پر سب وشتم کرنا، بالخصوص حضرت عائشہ کی توہین کرنا اور حضرت امیر معاویہ کی گستاخیاں کرنا، حدیث قرطاس کے

حوالہ سے عوام میں صحابہ کرام کے بارے میں غلط فہمیاں پیدا کرنا اس جیسے سیکڑوں مسائل پر آپ نے اپنے مکتوبات میں بڑے مدلل انداز سے بڑی سیر حاصل بحثیں فرمائیں اور عوام وخواص کے ذہنوں کو صاف کر کے صحابہ کرام کی عظمت ان کے دلوں میں پیدا کر کے انکو جہنم کی گہری کھائیوں میں گرنے سے بچالیا۔ ایک مکتوب گرامی میں تحریر فرمایا۔

> جاننا چاہیے پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کے اصحاب رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین سب کے سب بزرگ ہیں اور سب کا ذکر احترام سے کرنا چاہیے۔ خطیب نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ اللہ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے اصحاب کو پسند فرمایا اور ان میں سے بعض کو قرابت دار اور مددگار پسند فرمایا جس نے ان کے بارے میں مجھے محفوظ رکھا اسے اللہ نے محفوظ رکھا جس نے ان کے بارے میں مجھے ایذا دی اس نے اللہ کو ایذا دی۔ (دفتر اول مکتوب ۲۵۱)

دشمنان اہل بیت کے خلاف جہاد:

بعض لوگوں نے اہل بیت اطہار سے محبت کی آڑ میں صحابہ کی برائی شروع کر دی انہیں اہل تشیع کہا جاتا ہے بعض وہ تھے جنہوں نے صحابہ کی محبت کی آڑ میں اہل بیت اطہار کی شان میں زبانِ طعن دراز کرنی شروع کر دی انہیں خوارج کہا جاتا ہے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالی عنہ نے ان دونوں باطل گروہوں کا مقابلہ کیا جہاں آپ نے صحابہ کرام کے خلاف اہل تشیع کے مطاعن کا جواب دیا اور صحابہ کرام کی عظمتوں کو بیان کیا وہاں آپ نے خوارجہ کی طرف سے اہل بیت اطہار کے بارے میں نازیبا باتوں کا رد بھی فرمایا اور اہل بیت اطہار کی عظمت وشان اور ان کی محبتوں کے نور سے بندگانِ خدا کے قلوب کو روشن ومنور کر دیا۔

ایک مکتوب گرامی میں آپ نے لکھا ہے کہ

> اہل بیت کی محبت کا نہ ہونا اہل سنت کے حق میں بھلا کیسے گمان کیا جاسکتا ہے جبکہ یہ محبت ایمان کا جز ہے اور خاتمہ کی سلامتی اس محبت کے واضح ہونے سے وابستہ ہے (دفتر دوم مکتوب ۳۶)

ایک اور مکتوب گرامی میں صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار دونوں کی محبت اور دونوں کی تعظیم کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

> رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو ستاروں کی مانند فرمایا اور اہل بیت کو کشتی نوح کی طرح فرمایا اس میں اشارہ ہے کہ کشتی کے سواروں کے لئے ستاروں کی رعایت کو مدنظر رکھنا ضروری ہے تاکہ وہ ہلاک ہونے سے بچ جائیں اور ستاروں کی رعایت کے بغیر نجات بالکل محال ہے۔ (دفتر اول مکتوب ۵۹)

دشمنان نبوت کے خلاف جہاد:

دشمنان اسلام کے پاس اسلام کمزور کرنے کا سب سے اہم حربہ یہ ہے کہ مسلمانوں کا رشتہ ان کے نبی سے کمزور کر دیا جائے ان کی عظمت و محبت ان کے غلاموں کے دل سے مٹا دی جائے چنانچہ آپ کے دور میں بھی یہی ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مسلمانوں کے دلوں میں ایسی نفرت پیدا کی جانے لگی کہ آپ کا نام نامی احمد اور محمد رکھا جانا بھی معیوب سمجھا جانے لگا جیسا کہ خود آپ نے اپنا رسالہ اثبات النبوۃ اور بعض مکاتیب میں اس کی صراحت فرمائی مسلمانوں کے دلوں سے آپ کی محبت ختم کرنے کیلئے اس وقت کے مصنفین نے اپنی اپنی کتابوں سے نعتیں خارج کر دیں داڑھی جیسی حضور کی اہم سنتوں کو ختم اور نفرت کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا نبی کی پیاری اور محبوب زبان عربی کو سیکھنا معیوب سمجھا جانے لگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج شریف اور شق القمر جیسے عظیم معجزوں کا انکار کیا جانے لگا۔ حضرت امام ربانی نے اس نقشہ کو بھانپتے ہوئے اس کے خلاف جہاد فرمایا اثبات نبوت کے نام سے مکمل ایک کتاب تصنیف فرمائی اور سیکڑوں مکاتیب مختلف شہروں اور ملکوں میں ارسال فرمائے جس میں مخالفین کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ختم نبوت اور عظمت و شان کے بارے میں پھیلائے گئے وسوسوں اور اعتراضات کے معقول جوابات دیے اور حضور کی شان، آپکے مقام اور مرتبہ آشکارا کر کے غلامان مصطفیٰ کو پھر سے اپنے آقا کا گرویدہ بنا دیا آپ کے رسالہ اثبات نبوت اور آپ کے مکاتیب سے چند عبارات پیش خدمت ہیں جس سے یہ بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے نبی الانبیاء کی عظمتوں کو آشکارا کر کے کس خوبصورت انداز سے اس فتنہ کا

تدارک فرمایا دفتر سوم مکتوب ۱۰۰ فرمایا جاننا چاہیے کہ خلق محمدی دوسرے انسانی افراد کی پیدائش کی طرح نہیں ہے بلکہ افراد عالم میں سے کسی بھی فرد کی پیدائش سے مناسبت نہیں رکھتی رسول صلی اللہ علیہ وسلم عنصری پیدائش کے باوجود اللہ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا کہ خلقت من نور اللہ دوسروں کو یہ دولت میسر نہیں..... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عالم ممکنات میں سے نہیں ہونگے بلکہ اس عالم سے اوپر ہونگے تو یقینی بات ہے کہ انکا سایہ اس سے لطیف تر ہوگا لیکن جب ان سے لطیف تر اس دنیا میں کوئی چیز نہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ کس طرح ہوسکتا ہے ۔معارف لدنیہ میں حضور کی شان اور مقام کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اولاد آدم کے سردار اور آقا ہیں اور قیامت کے دن سب سے زیادہ آپکے پیروکار ہونگے آپ اللہ کے نزدیک اولین اور آخرین میں سب سے زیادہ معزز ہیں ۔بروز حشر آپ سب سے پہلے قبر انور سے باہر تشریف لائیں گے آپ ہی سب سے پہلے شفاعت فرمانے والے ہونگے ،سب سے پہلے آپ کی شفاعت قبول ہوگی ۔سب سے پہلے آپ ہی جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے اور آپ ہی کے لئے دروازہ کھولا جائے گا قیامت کے دن حمد کا جھنڈا آپ کے ہاتھ میں ہوگا اور اس جھنڈے کے نیچے حضرت آدم اور تمام انبیائے کرام علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات اور تمام لوگ ہونگے آپ ہی کی وہ مبارک ہستی ہے جس کے بارے میں آپ نے خود فرمایا کہ ہم سب کے بعد آنے والے ہیں لیکن قیامت میں سب سے آگے ہونگے آپ نے فرمایا کہ میں بغیر کسی فخر کے کہتا ہوں کہ میں اللہ کا حبیب ہوں، میں رسولوں کا امام اور پیشوا ہوں اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں اس کے بعد آپ نے تفصیلی حدیث نقل فرمائی جو اکثر کتب احادیث میں موجود ہے.....اس فتنہ کو پروان چڑھانے والوں کا ہمیشہ سے یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا جیسا بشر کہہ کر مسلمانوں کے دلوں سے آپ کی عظمت اور اہمیت کو کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں حضرت امام ربانی رضی اللہ تعالی عنہ نے انکی اس سازش کے اس بنیادی نکتہ کی گرفت فرمائی اور اسکا قلع قمع کرتے ہوئے فرمایا

جن عقل کے اندھوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر کہا اور
دوسرے انسانوں جیسا تصور کیا اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ منکر ہوگئے اور
جن سعادت مندوں نے آپ کو رسول اور رحمت عالمیاں کے طور پر

دیکھا اور تمام لوگوں سے ممتاز سمجھا وہ دولت ایمان سے مشرف ہو گئے
اور نجات پانے والوں میں شامل ہو گئے (دفتر سوم حصہ ہشتم مکتوب ۶۴)

منکرین تقلید کے خلاف جہاد:

مسلمانوں میں افتراق و انتشار پھیلانے والوں نے ہمیشہ سے ایک طریقہ یہ بھی اختیار کیا کہ بعض نے قرآن کے نام اور بعضوں نے حدیث کے نام پر ائمہ کی تقلید سے انکار کر دیا حالانکہ ائمہ کے اقوال خود ان کے ذاتی اور من گھڑت تو نہیں تھے وہ بھی قرآن و حدیث سے ماخوذ تھے لیکن اپنی نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لئے اور مسلمانوں میں انتشار پھیلانے کیلئے ائمہ کی تقلید سے انکار کر کے اپنے من پسند احکامات نکال کر لوگوں سے اس کی ''تقلید'' کرنے کیلئے کہا جانے لگا حضرت امام ربانی نے اپنے دور اقدس میں اس فتنہ کا بھی سد باب فرمایا چنانچہ ایک مکتوب گرامی میں آپ ارشاد فرماتے ہیں:

جس طرح کتاب و سنت کے مطابق عقیدہ رکھنا ضروری ہے اسی طرح ان پر عمل کرنا بھی ضروری ہے لیکن اس طریقہ پر جس طرح ائمہ مجتہدین نے کتاب و سنت سے مسائل کا استنباط کیا ہے اور کتاب و سنت کے احکام کی تخریج فرمائی ہے جو حلال و حرام فرض و واجب، سنت اور مستحب اور مکروہ مشتبہ کے متعلق ہے انکا علم حاصل کرنا بھی ضروری ہے اور مقلد کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ مجتہد کی رائے کے خلاف کتاب و سنت سے احکام اخذ کرے اور اپنی تحقیق کے مطابق عمل کرنے لگے آدمی جن مجتہدین کا تابع ہو گیا ہے اپنے اس مجتہد کے مذہب سے قول مختار کو اختیار کر لے اور رخصت سے اجتناب کرے۔

(دفتر اول مکتوب ۲۸۶)

آپ نے اپنے مکتوبات شریفہ میں نہ صرف یہ اعلان فرمایا کہ میں فقہ حنفی کا پابند ہوں بلکہ یہ بھی وضاحت فرمائی کہ ذوالنون مصری، بایزید بسطامی اور جنید و شبلی جیسے بڑے بڑے اولیائے کرام بھی عام مؤمنین کی طرح مجتہدین کی تقلید کے پابند ہی تھے آپ نے فرمایا جو تقلید سے ہٹ کر کوئی اور راہ اختیار کرے گا وہ خود بھی گمراہ ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والا ہے۔ تقلید کے مخالفوں نے حضرت

امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی عظمتوں کا انکار کر کے آپ پر اعتراضات کئے اور آپ کے لئے جب نازیبا کلمات استعمال کئے تو آپ نے حضرت امام اعظم کی طرف سے بھرپور دفاع کرتے ہوئے آپ کی طرف سے ان کے اعتراضات کے جوابات دیے اور آپ کی عظمت وشان کو آشکارا کرتے ہوئے فرمایا وہ سنت رسول میں پیروی کے باعث تمام ائمہ میں سب سے آگے ہیں وہ مسلمانوں کے رئیس ،دین کے سردار، سواد اعظم کے پیشواء ،اللہ کا نور، علم فقہ کے بانی، فقہ میں صاحب خانہ ،امام اجل، پیشوائے اکمل، تمام مجتہدین میں سب سے اعلم، سب سے زیادہ ورع وتقوی رکھنے والے ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کے بعد مسلک بھی مذہب حنفی ہوگا۔ان کو اصحاب الرائے سمجھنے والا جاہل بلکہ خود اپنی جہالت سے بے خبر اور زندیق ہے، ان کی تقلید سے انکار کر کے چند حدیثیں یاد کر کے شرعی احکام کو ان میں منحصر کرنے والا ''نیم ملا'' ہے۔تفصیلات کے لئے آپ کا مکتوب ۵۵، دفتر دوم اور مبدأ معاد ص ۵۵ کا مطالعہ کیا جائے۔

مسلک حنفیہ کو بدنام کرنے والوں کے خلاف جہاد

بعض لوگوں کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ بعض نظریات اور اعمال کو مسلک حنفیہ اہل سنت والجماعت کے خلاف قرار دے کر مسلک حنفی کو بدنام کرتے ہیں اس طرح راہ حق سے لوگوں کو ہٹا کر ان کو گمراہ کرنے کی مذموم سازش کرتے ہیں۔مثلاً انبیاء اور اولیاء کی تعظیم وتکریم، ان سے مدد مانگنے اور ان کے مشکل کشا ہونے ،ان کے عرس اور ایصال ثواب وغیرہ کی محفل منعقد کرنے کو مسلک حنفیہ اہل سنت والجماعت کے خلاف تصور کرتے ہیں بلکہ اس کو شرک اور بدعت سے تعبیر کرتے ہیں۔حضرت امام ربانی نے اس فتنہ کے خلاف بھی جہاد فرمایا اور لوگوں کو مسلک حنفیہ اہل سنت والجماعت کے صحیح عقائد اور نظریات سے روشناس فرمایا۔آپ کے مکتوبات میں سے آپ کے مکتوب نمبر ۹۲ (دفتر دوم) مکتوب ۱۴۲ (دفتر اول) مکتوب ۲۱۷/۱۰۵ (دفتر اول) مکتوب ۲۳۰/۲۳۳/۶۹ (دفتر اول) مکتوب ۳۶/۷۷ (دفتر دوم) اور معارف لدنیہ ص ۶۶ کے مطالعہ سے یہ بات بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ آپ نے اس فتنہ کا کس طرح تدارک فرمایا، ان مکاتیب شریفہ میں آپ نے اولیاء کاملین کی عظمت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اولیاء اللہ کا وجود بذات خود ایک کرامت ہے اور اللہ تعالی کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے زمین والوں کے لئے امان اور غنیمت ہے کہ انہی کے صدقے میں رزق دیا جاتا ہے اور انہی کے صدقے

میں بارشیں برسائی جاتی ہیں ان کا کلام دواء ہے اور ان کی نظر شفا ہے یہ اللہ تعالی کے ہم نشین ہیں ان کے پاس بیٹھنے والا کبھی بد بخت نہیں ہوتا ان سے دوستی رکھنے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا، یہ قطب ابدال ان فیوضات و برکات کے پہنچنے کا واسطہ ہوتا ہے جو عالم کے وجود اور بقا سے تعلق رکھتے ہیں لہذا پیدائش، رزق رسائی، ازالۂ بلیات، بیماریاں دور کرنا، صحت و عاقبت کا حصول وغیرہ وغیرہ یہ سب امور قطب ابدال کے فیوضات سے تعلق رکھتے ہیں ان اولیائے کرام سے محبت رکھنا اللہ تعالی کی عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اور ان سے بغض وعداوت رکھنا زہر قاتل ہے اور ان پر اعتراض کرنا، ان کی بدگوئی کرنا ہمیشہ کی محرومی کا باعث ہے۔ جس کو اللہ تعالی اپنی بارگاہ سے دھتکارنا چاہتا ہے اس کو اولیاء کی توہین اور مخالفت میں مبتلا کر دیتا ہے ان اولیائے کرام کے عرسوں میں خود اپنے جانے کا ذکر فرمایا ان کے مزارات پر حاضر ہوئے ان سے مدد طلب کرنے کے خود اپنے واقعہ کا ذکر فرمایا اس کے علاوہ انکے اور عام مسلمانوں کے لئے نماز، قرآن پاک، تسبیح وتہلیل کر کے اسکے ایصال ثواب کرنے کی ترغیب دلائی اور یہ بھی بتایا کہ پہلے میں کھانا پکوا کر حضور کی خدمت میں اس کا ثواب پہنچا دیا کرتا تھا لیکن ایک رات حضور نے خواب میں مجھ سے فرمایا کہ میں عائشہ کے گھر میں رہتا ہوں وہاں ثواب بھیجا کرو اس وقت سے پھر میں ثواب میں حضرت عائشہ کا نام لے کر ان کو بھی اس میں شریک کرنے لگا..... الغرض آپ نے اہل سنت والجماعت کے صحیح عقائد ونظریات کی اشاعت فرمائی اور سب کو ہدایت فرمائی کہ حضور کے ارشاد کے مطابق تہتر فرقے ہونگے جس میں سے بہت گمراہ ہونگے صرف ایک ہدایت پر ہوگا اور ناجی ہوگا اور وہ اہل سنت والجماعت ہیں لہذا اس پر مضبوطی کے ساتھ پابند رہو۔

ایک قومی نظریہ کے خلاف جہاد:

دوقومی نظریہ کہ کافر اور مسلمان دو علیحدہ علیحدہ قومیں ہیں یہ کوئی آج کا نیا نظریہ نہیں بلکہ یہ نظریہ ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا قرآن پاک میں اللہ کا ارشاد ہے کہ ھو الذی خلقکم منکم کافر و منکم مؤمن (۶۴/۶) ترجمہ:۔ وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا تم میں کوئی کافر ہے اور کوئی مؤمن۔ کافروں کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی کہ کافر اور مسلمانوں کو ایک قوم ثابت کیا جائے دونوں میں اتحاد کر کے مسلمانوں کی انفرادیت ان کی ملی اور دینی تشخص کو ختم کر دیا جائے ان کی یہ کوشش اکبر کے دور میں اس وقت کامیابی سے ہمکنار ہوگئی جب اکبر نے دین الٰہی کے نام سے ایک نیا دین ایجاد

کر کے اسمیں کچھ اسلامی اور اکثر ہندومت کی تعلیمات ،افکار اور نظریات کو یکجا کر کے اسلام اور مسلمانوں کی جداگانہ حیثیت کو بالکل مسخ کر کے رکھ دیا چند دینی احکامات کو کفر وشرک کی رسومات کے ساتھ جمع کر کے ایک قومی نظریہ کو پروان چڑھانے کی ناپاک کوشش کی لیکن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی نے ''ملت ما جداگانہ است'' کا نعرہ لگا کر ایک قومی نظریہ کے خلاف بھرپور جہاد فرمایا اور اپنی تحریر وتقریر کے ذریعے کفر وشرک اور اس کی رسومات اور اس کے قبیح افعال کی قرآن وحدیث کی روشنی میں بھرپور مذمت کر کے اسلام کی عظمت اور کفر کی ذلت دلوں میں موجزن کر کے اس دوقومی نظریہ کی بنیاد رکھی کہ اس وقت کفر وشرک کا ''دیس نکالا'' ہوا اور اسلام کا ''بول بالا'' ہوا.....آپ کے بعد آپ کی اولاد وامجاد اور آپ کے خلفاء ومریدین نے اس ایک قومی نظریہ کے خلاف جہاد جاری رکھا اور دوقومی نظریہ کو مسلسل پروان چڑھایا یہاں تک کہ اس دوقومی نظریہ کی بنیاد پر پاکستان کی صورت میں خطہ زمین پر مدینہ منورہ کے بعد دوسری اسلامی حکومت معرض وجود میں آگئی، اور بقول بانی پاکستان جناب قائداعظم محمد علی جناح---- کے کہ جب تک کافر گائے کی پوجا کرتے رہیں گے اور مسلمان اس گائے کو کاٹ کر کھاتے رہیں گے یہ دوقومی نظریہ بھی موجود رہے گا اور اس کی بنیاد پر قائم ہونے والی یہ مملکت بھی ان شاء اللہ موجود رہے گی۔ آپ کے اس دوقومی نظریہ کے پرچار نے ہندوستان سے لیکر افغانستان، بخارا اور سمرقند بلکہ ترکی تک اسلامی سلطنتوں کا جال بچھا دیا۔

ظلم کے خلاف جہاد:

اس کو آپ کی بہترین سماجی خدمات سے بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ جہاں کسی مظلوم، لاچار اور بے یارومددگار شخص کی فریاد آپ تک پہنچتی تھی آپ فوراً اس کی دادرسی فرمایا کرتے تھے۔ آپ کے مکاتیب میں بہت سے ایسے مکتوبات بھی ہیں جن میں آپ نے ارباب اقتدار کو کسی نہ کسی مظلوم، لاچار اور بے یارومددگار کی مشکل کشائی کی طرف متوجہ فرمایا اور اس کی سفارش فرمائی۔ وقت کے حکمرانوں کو جو خطوط ارسال فرمائے ان میں ان کو ظلم وجبر، تشدد اور تکبر وفرعونیت سے باز رہنے کی تلقین فرمائی اور عدل کا دامن تھامنے کی ہمیشہ نصیحت فرمائی۔ آخر زمانہ میں جب جہانگیر بادشاہ آپ کا معتقد ہوگیا اور آپ کی خدمت میں سرہند حاضر ہوا تو آپ کی سہولت کی خاطر حکم دے دیا کہ آپ کی خانقاہ تک آنے والے راستے میں جتنے مکانات بنے ہوئے ہیں وہ سب منہدم کر کے راستہ صاف کر دیا جائے لیکن آپ نے

بادشاہ کو ایسا کرنے سے منع کر دیا اور غریبوں میں اس طرح ظلم کرنے سے روک دیا..... اور یہ واقعہ تو آپ کے ابتدائی ایام کا ہے کہ پڑوس میں سے کسی کو پولیس پکڑ کر لے گئی آپ اس کی سفارش کے لئے کوتوال شہر کے پاس گئے تو وہ چونکہ آپ کے مقام سے واقف نہیں تھا اس لیے اس نے آپ کو بھی وہیں بٹھالیا جب کسی نے اس کو آپ کی عظمت کے متعلق بتایا تو اس نے آپ کو چھوڑ دیا آپ نے زبان سے اس کو کچھ نہیں کہا لیکن رب کو اپنے اس پیارے کی اتنی سی دل آزاری بھی گوارہ نہ ہوئی اور دوسرے ہی دن ایک واقعہ میں پورے بارود خانہ میں آگ لگ گئی اور وہ اس طرح جل کر راکھ ہو گیا کہ اس کی راکھ کا پتہ بھی نہ چل سکا الغرض اس قسم کے بہت سے واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ سماجی خدمات اور ظلم کے خلاف جہاد کے حوالہ سے بھی آپ کی خدمات اپنی مثال آپ تھیں۔

بہر حال آپ کی مذہبی، دینی، علمی، تبلیغی، سیاسی، سماجی، معاشرتی، روحانی، اخلاقی الغرض زندگی کے ہر پہلو پر آپ کی اتنی گراں قدر اور بے پایاں خدمات ہیں کہ اگر آپ کے ارشادات اور واقعات وحالات کے حوالہ سے مفصل روشنی ڈالی جائے تو کئی ضخیم جلدیں تیار ہو جائیں۔

حضرت مجدد الف ثانی کے مقامات:

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے وصال سے چند روز قبل فرمایا کہ ایک انسان کے لئے جو کچھ کمالات اور مقامات ممکن الحصول ہیں اور اس کے لئے متصور ہو سکتے ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے صدقہ میں مجھے عطا فرما دیے..... اب بھلا کسی کی ہمت ہے کہ جو بے پایاں اور بلند و بالا اور بے حد و حساب مقامات کا ادراک، احساس اور احصاء کر سکے اور ان کو بیان کر سکے، ہاں البتہ آپ نے خود جن چند مقامات کا تذکرہ فرمایا وہ مقامات اختصار کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔

مقاماتِ مجدد الف ثانی

مجدد الف ثانی:

معتبر کتب احادیث میں منقول بسند صحیح حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر صدی کے شروع میں اس امت کے اندر ایک شخص مبعوث فرمائے گا جو اس کے دین کی تجدید

کرے گا۔ جبکہ اس میں کوئی شک نہیں کہ اکبر کے دین الٰہی کے روپ میں اس دور کے اندر لادینیت جس طرح چھا گئی تھی اور دین اسلام اور اس کے شعائر کو جس طرح مٹا دیا گیا تھا اس میں آپ ہی کی ذات تھی جس نے دین کی تجدید اور اس کا احیاء کیا لہذا آپ کے مجدد کے لقب کا آپ سے زیادہ کون حقدار ہوسکتا ہے لیکن چونکہ آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہزار سال بعد تشریف لائے اور گیارہویں صدی کے آغاز میں آپ نے اپنے تجدیدی کام کا آغاز فرمایا اور ایسا کام کر دکھایا کہ اس کے اثرات آئندہ ہزار سال تک باقی رہنے والے تھے اس لئے آپ کو مجدد الف ثانی کہا جاتا ہے ۔روضۃ القیومیہ نے واضح طور پر ''مجدد الف ثانی'' کے بارے میں یہ حدیث مبارک نقل کی ہے کہ حضور کا ارشاد پاک ہے کہ گیارہویں صدی کے شروع میں اللہ تعالی دو ظالم بادشاہوں کے درمیان ایک ایسا شخص بھیجے گا جو میرا ہم نام ہوگا وہ ایک عظیم نور ہوگا جس کی شفاعت سے ہزار ہا لوگ جنت میں جائیں گے اس حدیث مبارک کا صحیح مصداق حضرت امام ربانی کی ذات گرامی ہے جن کا نام احمد تھا جو اکبر اور جہانگیر دو بادشاہوں کے درمیان آئے اور جن کے لئے غوث اعظم نے ''نور عظیم'' فرمایا تھا اور انہی کی مساعی جمیلہ سے ہزار ہا لوگ ہدایت پا کر جنتی بنے ۔روضۃ القیومیہ کے مصنف خواجہ کمال الدین محمد احسان جو اپنے وقت کے مقتدر عالم برگزیدہ بزرگ اور خاندان مجدد کے اولیائے کبار کے صحبت یافتہ تھے انہوں نے ''جامع الدور'' کے حوالہ سے یہ حدیث نقل فرمائی ہے وہ یقیناً معتبر اور صحیح حدیث ہوگی اور اس وقت کی کسی معتبر کتاب میں منقول ہوگی جو آج ناپید ہے، اور اگر بالفرض یہ حدیث ضعیف بھی ہو تو علم اصول حدیث کا یہ قانون ہے کہ ''تلقی بالقبول'' یعنی جس حدیث کو اہل علم قبول کر کے عمل کریں وہ حدیث ان کے ''تلقی بالقبول'' کی وجہ سے حسن کے مرتبہ پر پہنچ جاتی ہے لہذا قاضی ثناء اللہ پانی پتی، علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور شاہ غلام علی دہلوی جیسے ہزار ہا اولیاء اور علماء نے ہر دور میں آپ کو مجدد الف ثانی تسلیم کر کے اس حدیث پر عمل کیا اس کی صحت میں اب کسی شک وشبہ کی کوئی گنجایش باقی نہیں رہتی۔

خود آپ نے بھی اپنے مکتوب ۲/۳۲ اور میں مجدد مأۃ اور مجدد الف کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے مجدد الف کی اہمیت اور اس مقام کی عظمت اور اس کے فلسفہ کو جو بیان فرمایا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ پچھلی امتوں میں لوگوں کی ہدایت کے لیے وقتاً فوقتاً انبیاء آتے رہتے تھے لیکن اولوالعزم پیغمبر اور

رسل کرام ہزار سال کے بعد مبعوث ہوتے تھے جو نئی شریعت اور نئی کتاب لیکر آتے تھے اب چونکہ نبوت کا سلسلہ ختم ہوگیا ہے اور ان کی جگہ پر اولیائے کرام کار نبوت انجام دے رہے ہیں اس لئے یہاں بھی یہ طریقہ رکھا گیا ہے کہ وقتاً فوقتاً مجددماۃ آکر دین کی تجدید کرتے رہے اور کرتے رہیں گے لیکن اولوالعزم مجدد اپنے نبی کے سینۂ انور سے ایسے نئے علوم ومعارف اور انوار وتجلیات کا حامل ہوگا جو سابقہ دور کے اولیاء سے بالکل ممتاز ہونگے اور وہ اپنے دور میں دین کے اتنے اہم کام انجام دے گا کہ اس کے اثرات اگلے ہزار سال بلکہ اس کے بعد تک موجود رہیں گے اور ہر آنے والا انہی کے فیض سے مستفیض ہوکر علم ومعرفت کے چراغ جلائے گا اور رشد وہدایت کی روشنی پھیلائے گا۔ یہ شان صرف امام ربانی کی ہے اور یہ منصب صرف آپ ہی کے ساتھ خاص ہے اور بقول حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے اس ہزار سال کی مدت میں کوئی دوسرا اس رحمت سے سرفراز نہیں ہوا۔

قیومیت:

آپ کو مقام قومیت سے بھی سرفراز کیا گیا چنانچہ مبدأ ومعاد میں آپ فرماتے ہیں کہ وہ جذبہ جو صفت قیومیت میں کمال فنا حاصل ہونے سے پیدا ہوتا ہے اس فقیر کو اللہ تعالیٰ نے حضرت خواجہ باقی باللہ کی صحبت کے صدقے میں عطا فرمایا۔ اس مقام قیومیت کی مکمل وضاحت آپ نے دفتر سوم کے مکتوب ۷۹ اور ۸۰، (دفتر دوم مکتوب ۷۴) میں فرمائی آپ فرماتے ہیں کہ پوری معرفت رکھنے والا عارف جو مرتبہ ذات سے واصل ہے اور ذات سے ہمیشہ کی بقا پاچکا ہے ایک نادر الوجود عنقاء کا حکم رکھتا ہے فنا وبقا کے بعد اس کو ایک ایسی ذات عنایت کی گئی ہے کہ اسماء صفات کے عکوس وظلال کا قیام جو کہ اس کی حقیقت ہے اس کی ذات سے ہوتا ہے جیسا کہ ان کے اصول جو کہ اسماء ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات سے قائم ہیں تو ان اسماء کے ظلال کو اس ذات کے پرتو سے قیام ہوگا جو کہ عارف کو عطا ہوا ہے پھر تحدیثِ نعمت کے طور پر اس عظیم دولت سے خود کو سرفراز کئے جانے کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس صاحب دولت کو جس کو ذاتی بقا سے مشرف کیا ہے ایسی ذات عطا کی ہے کہ اس کی صفات کا قیام مثلاً علم اور قدرت وغیرہ اس ذات سے ہے جیسا کہ پہلے اس کا قیام دوسرے افراد عالم کی طرح ان کے اصول سے تھا۔ فرماتے ہیں کہ جب کامل انسان کو تمام اشیاء کا قیوم بنا دیا جاتا ہے تو تمام مخلوق کے وجود وبقا

اور تمام کمالات ظاہری و باطنی کے فیوض اس کے ذریعے پہنچائے جاتے ہیں۔ یہ عارف جو قیومیت اشیاء کے منصب پر مقرر ہوا ہے یہ وزیر کا حکم رکھتا ہے، مخلوقات مہمات اس کی طرف راجع ہیں۔

متشابہات کا علم:

قرآن پاک میں سورتوں کی ابتداء میں جو حروف مقطعات آتے ہیں جیسے الٓمٓ، الٓرٰ، حٰمٓ، عٓسٓقٓ وغیرہ اور دیگر آیات جو متشابہات کہلاتی ہیں جن کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا ضروری ہے کہ یہ اللہ اور اس کے محبوب کے درمیان راز ہیں جن کا حقیقی علم انہی کو ہے۔ ان مقطعات اور متشابہات کے اسرار و رموز کا بھی اللہ تعالیٰ نے حضرت امام ربانی پر سے پردہ اٹھا دیا تھا اور ان کے علم سے آپ کو بہرہ ور فرمایا تھا چنانچہ آپ فرماتے ہیں جب حق سبحانہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے متشابہات کی تاویلات کا ایک کرشمہ اس فقیر میں ظاہر کیا اور ایک نہر میں دریائے بے پایاں سے اس مسکین کے استعداد کی زمین کی طرف کھولی تو معلوم ہوا کہ علماء راسخین کو بھی متشابہات اور مقطعات کی تاویل میں کافی حصہ ملا ہے۔ آپ کے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد معصوم نے جب آپ سے بہت اسرار کیا تو آپ نے حروف مقطعات میں سے ایک حرف کے اسرار و رموز سے ان کو بھی آشنا فرمایا۔

محدث:

آپ نے خود ''محدث'' کی مکتوبات شریف میں تشریح فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ کبھی بلا واسطہ بھی اپنے بندے سے کلام فرماتا ہے جیسا کہ بعض انبیاء کے ساتھ اس نے کلام فرمایا لہٰذا انبیاء کرام کی کامل اتباع کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کے بعض متبعین کو بھی اس مقام پر بھی فائز فرما دیتا ہے کہ ان سے بھی براہ راست کلام فرماتا ہے جیسے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے یہ مقام عطا فرمایا، اور یہ کلام کئی طرح سے ہوتا ہے کبھی الہام کی شکل میں ہوتا ہے تو کبھی القائے قلبی کے طریقے سے ہوتا ہے، اس مقام سے اللہ صرف اس کامل انسان کو سرفراز فرماتا ہے جو عالم امر، عالم روح و نفس اور آلۂ عقل و خیال کا جامع ہوتا ہے..... اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے حضرت امام ربانی کو بھی اس مقام سے سرفراز فرمایا۔

قضائے مبرم میں تصرف:

قضائے مبرم وہ ہوتی ہے جو کسی طرح ٹلتی نہیں جو لکھا ہو ہر حال میں ہو کر رہتا ہے چنانچہ حضرت

خواجہ محمد معصوم کے استاد شیخ محمد طاہر لاہوری کے بارے میں آپ نے ایک دن فرمایا کہ اس کی پیشانی پر شقی لکھا ہوا ہے چنانچہ ایسا ہی ہوا، چند دنوں کے بعد وہ ایک کافر عورت پر عاشق ہوا اور مرتد ہو گیا صاحبزادگان نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ ہمارے استاد کے لئے دعا کیجئے کہ وہ مسلمان ہو جائے آپ نے دعا فرمائی وہ قبول ہوئی اور وہ مسلمان ہو کر عارف باللہ ہوا اور بعد میں آپ کی اجازت و خلافت سے بہرہ ور ہوا اس کے متعلق مکتوب ۲۱۷ میں آپ فرماتے ہیں کہ جب میں طاہر لاہوری کے معاملہ کی طرف متوجہ ہوا تو لوح محفوظ میں نے دیکھا کہ اس کا معاملہ کوئی امر معلق نہیں ہے یعنی یہ قضائے معلق نہیں جو دعا سے ٹل جائے بلکہ یہ قضائے مبرم ہے جو کسی طرح ٹل نہیں سکتی اور اس کو کسی طرح بدلا نہیں جا سکتا لیکن اسی اثناء میں مجھے خیال آیا کہ حضرت غوث اعظم نے فرمایا ہے کہ مجھے قضائے مبرم پر بھی تصرف کی قوت حاصل ہے میں نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ جب تو نے اپنے اولیاء میں سے ایک کو یہ دولت عطا فرمائی ہے تو مجھے بھی عطا فرما دے، آپ فرماتے ہیں میری بہت ہی عجز و نیاز کے ساتھ کی گئی دعا کو اللہ نے قبول فرمایا اور مجھے بھی اس مرتبہ سے سرفراز فرما دیا۔

متبع رسول:

آپ کو اللہ تعالیٰ نے اتباع رسول کے اعلیٰ درجہ پر فائز فرمایا۔ آپ نے مکتوبات شریف کے دفتر دوم کے مکتوب ۵۰ میں تفصیل کے ساتھ اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور اس کے سات مراتب اور مدارج کا ذکر فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اتباع نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ساتوں مراتب سے سرفراز فرمایا تھا۔ اس موضوع پر فقیر نے پوری ایک کتاب لکھی ہے جس میں آپ کے اتباع رسول کے ساتوں درجات اور اس پر مرتب ہونیوالے اثرات اور مقامات کو تفصیل سے عرض کیا ہے۔

قلوب خمسہ:

اللہ تعالیٰ نے آپ کو قلوب خمسہ کے اسرار سے بھی نوازا بالخصوص ''قلب خامس'' کے اسرار و رموز سے جب آپ آگاہ ہوئے اور اس مقام سے سرفراز کئے گئے تو آپ کو معلوم ہوا کہ یہ مرتبہ منازل حصول کا سب سے آخری اور انتہائی مرتبہ ہے یہ نیابت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی اعلیٰ مقام نہیں اس مقام پر پہنچ کر انسان تمام جہانوں کا قلب بن جاتا ہے اور تمام اقطاب، اوتاد، ابدال اس کے دائرہ

ولایت کے تحت ہوتے ہیں اور تمام عوام وخواص اس کے انوارِ ہدایت سے فیضیاب ہوتے ہیں مبدأ و معاد میں آپ نے اس پر تفصیل سے کلام فرمایا ہے۔

مقام شفاعت:

آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بشارت دی گئی کہ کل قیامت کے دن کئی ہزار آدمی تمہاری شفاعت سے بخش دیے جائیں گے۔ جس روز آپ کو بشارت ملی اس دن شکرانہ کے طور پر آپ نے کھانا پکوا کر لوگوں کی دعوت کی اور اس خوشی میں ان کو کھانا کھلایا اور اسی تقریب میں آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے دو دریاؤں کے درمیان صلہ یعنی ملانے والا بنایا۔ آپ کا اشارہ حضور کی اس حدیث مبارک کی طرف تھا جس میں آپ نے فرمایا تھا کہ میری امت میں ایک شخص ہوگا جسے صلہ یعنی (ملانے والا) کہا جائے گا اور اس کی شفاعت سے اتنے اتنے لوگ جنت میں جائیں گے۔ جمع الجوامع میں علامہ سیوطی کی نقل کردہ اس حدیث مبارک کو ایک عالم نے جب حضرت امام ربانی کو سنایا تو آپ مسکرا دیے اور زبان سے اللہ کا شکر ادا کر کے اس عالم کو دعاؤں سے نواز کر اس کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

علم لدنی:

حضرت خضر علیہ السلام کی روحانیت کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم لدنی سے بھی سرفراز فرمایا، لیکن آپ فرماتے ہیں کہ اس مقام کا حصول بھی اس وقت تک رہا جب تک مقام اقطاب سے میں نہیں گزرا تھا، اس مقام سے گزرنے کے بعد تو مجھے اس سے بھی برتر مقام حاصل ہوا کہ علوم پھر بغیر کسی وسیلہ کے خود بخود اپنی ذات سے ہی حاصل ہونے لگے۔

فنائے حقیقی:

فنائے حقیقی کے مقام سے بھی اللہ تعالیٰ نے آپ کو سرفراز فرمایا جس میں آپ کے دل کو اس قدر فراخی اور کشادگی حاصل ہوئی کہ عرش سے لے کر فرش تک بلکہ مرکز زمین تک جو کچھ ہے وہ سب اس کشادگی کے آگے رائی کے دانے کے برابر محسوس ہونے لگا۔

جمع الجمع:

تصوف کے ایک اور بلند مقام ''جمع الجمع'' جسے مقام حق الیقین بھی کہتے ہیں اس سے بھی آپ کو

نوازا گیا، اس مقام پر پہنچ کر آپ نے پہلے تو یہ مشاہدہ فرمایا کہ تمام عالم ایک ذرہ میں گم ہے پھر اس ذرہ کو اتنا وسیع دیکھا کہ اس عالم جیسے کئی جہانوں کی اس میں گنجایش ہے۔ پھر ہر ذرہ کو ایک وسیع نور پایا اور یہ مشاہدہ فرمایا کہ ہر ذرہ تمام جہاں کو قائم رکھنے والا ہے۔ آپ کے مرشد نے فرمایا کہ یہی وہ مقام ہے جو جمع الجمع کہلاتا ہے جس سے خدا نے تمہیں سرفراز فرمادیا ہے۔

فرق بعد الجمع:

اللہ نے آپ کو ایک ایسا مقام عطا فرمایا جس میں آپ موجود اور موہوم کے درمیان صاف فرق محسوس کرتے تھے اور موجود حقیقی کو موہوم متخیل سے ممتاز پاتے تھے اور وہ صفات و افعال جو موہوم کے صادر ہوتے تھے ان کا صدور آپ حق تعالیٰ سے مشاہدہ فرماتے تھے اور ان صفات و افعال کو بھی موہوم محض پاتے تھے اور خارج میں سوائے ایک ذات وحدہ لاشریک کے کسی کو موجود نہیں پاتے تھے۔ جب آپ نے اپنی یہ کیفیت مرشد سے عرض کی تو انہوں نے فرمایا کہ فرق بعد الجمع کا مرتبہ اسی کو کہتے ہیں اور کوشش وسعی کی انتہا اس مقام تک ہے، اور مشائخ طریقت نے اس کو مقام تکمیل کے نام سے موسوم کیا ہے۔

مریدین کا علم:

آپ کو اللہ تعالیٰ نے یہ مقام عطا فرمایا کہ قیامت تک آپ کے سلسلہ میں جو لوگ داخل ہونگے خواہ بالواسطہ یا بلا واسطہ ان سب مردوں، عورتوں کی صورتیں آپ کو دکھائی گئیں ان کے نام، نسب، مولد و مسکن تک کے متعلق آپ کو بتایا گیا آپ فرماتے ہیں کہ اگر میں چاہوں تو ابھی تفصیل بیان کرسکتا ہوں۔

انبیاء کا علم:

آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ علم خاص دیا گیا کہ ہندوستان میں کتنے انبیاء کرام مبعوث ہوئے آپ فرماتے ہیں کہ بعض انبیاء تو ایسے ہیں جن کے بہت کم پیروکار تھے حتی کہ بعض ایسے انبیاء کا مجھے علم دیا گیا جن کے صرف تین تین، دو دو اور ایک ایک پیروکار تھے آپ نے فرمایا کہ میں اگر چاہوں تو ان انبیاء کے مبعوث ہونے کے مقامات، ان کا مسکن اور ان کے مزارات تک بتا سکتا ہوں۔

اصحاب فترت کا علم:

جو لوگ پہاڑوں میں رہنے والے ہیں یا وہ لوگ جو رسولوں کے درمیانی وقفہ میں ہوتے انہیں ''اصحاب فترت'' کہا جاتا ہے ان میں جنہوں نے شرک کیا اور نبیوں کی تعلیمات ان تک نہیں پہنچی ان کا انجام کیا ہوگا ؟ اللہ تعالیٰ نے اس راز سے بھی پردہ اٹھایا اور آپ کو یہ خاص علم عطا فرمایا کہ حساب و کتاب کے بعد ان کو گناہوں کے مطابق سزا دے کر مطلق معدوم اور نیست کر دیا جائے گا۔ آپ فرماتے ہیں میں نے حقیقت جب علم مکاشفہ میں انبیائے کرام کے سامنے پیش کی تو ان سب نے اس کی تصدیق فرمائی اور اسے پسند فرمایا۔

آسمانوں کا علم:

آپ روحانی مقامات پر عروج وارتقا کی منزلیں طے فرما رہے تھے کہ اسی اثناء میں آپ کو حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کی زیارت ہوئی۔ وہ آپ کے پاس تشریف لائے اور آپ سے فرمایا کہ میں تم کو آسمانوں کا علم سکھانے آیا ہوں۔ آپ فرماتے ہیں میں نے دیکھا کہ یہ مقام صرف آپ ہی کے ساتھ خاص ہے۔ کیوں نہ ہو یہ آپ ہی کے لئے سرکار نے فرمایا تھا ''أنا مدينة العلم و علي بابها'' ۔

متقی ہونے کی بشارت:

آپ نے ایک روز اپنے فرزند کے ایصال ثواب کے لئے کھانا پکوایا جب ایصال ثواب کرنے لگے تو خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے ''انما يتقبل الله من المتقين'' کہ اللہ تعالیٰ صدقہ متقیوں سے قبول فرماتا ہے کہ نہ معلوم ہم سے یہ قبول بھی فرمائے یا نہیں؟ اس خیال کا آنا تھا کہ اسی وقت غیب سے آواز آئی ''انک من المتقين'' بیشک تم متقیوں میں سے ہو۔ یہ آپ کا ایک بہت بڑا اعزاز اور مقام ہے کہ دنیا ہی میں آپ کو متقی ہونے کی بشارت دے دی گئی۔

مژدۂ شفاعت:

ایک روز آپ اپنے مریدین کے ساتھ مراقبہ کے حلقہ میں بیٹھے ہوئے تھے اور انکساری کی وجہ سے اپنے اعمال کی کوتاہی پر افسردہ تھے کہ غیب سے آواز آئی '' غفرت لک و لمن توسل بک

بواسطة او بغیر واسطة الی یوم القیامة'' میں نے تم کو بھی بخش دیا جو تمہارا وسیلہ لے کر آئے گا خواہ بالواسطہ یا بلا واسطہ قیامت تک ایسے آنے والے کو بھی ہم نے بخش دیا۔ آپ کے لئے اور آپ کے سلسلہ میں آنے والوں کے لئے یہ بہت بڑا مژدہ اور ایک عظیم خوشخبری ہے۔

بارگاہ نبوت سے انعامات:

رمضان کے آخری عشرہ میں آپ آرام فرما تھے کہ اچانک آپ کو محسوس ہوا کہ کوئی میرے پاس آکر بیٹھ گیا ہے جب آپ نے اس طرف توجہ کی تو پتہ چلا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے پاس تشریف فرما ہیں اور فرما رہے ہیں کہ تمہارے لئے اجازت نامہ لیکر آیا ہوں ایسا اجازت نامہ میں نے اس سے پہلے کسی کو لکھ کر نہیں دیا، آپ فرماتے ہیں کہ جب میں نے اس اجازت نامہ کو دیکھا تو اس میں ایک طرف وہ الطاف وعنایات درج تھے جو اس دنیا سے تعلق رکھتے ہیں اور اس کی پشت پر وہ عنایات اور انعامات درج تھے جو دوسرے عالم سے تعلق رکھتے ہیں دفتر سوم کے مکتوب ۱۰۶ میں آپ نے اس کا ذکر فرمایا ہے یہ آپ کا مقام ہے جو اس سے پہلے کسی کو عطا نہیں کیا گیا۔

وساوس سے حفاظت:

ایک دن آپ صبح کے وقت نماز چاشت میں مصروف تھے کہ آپ نے مشاہدہ فرمایا کہ ایک بلائے عظیم آپ کے سینۂ انور سے نکل کر باہر چلی گئی، حتی کہ اس کے آشیانہ کو بھی آپ کے سینہ سے دور کر دیا گیا اسی کے ساتھ جو تاریکیاں تھیں وہ بھی سب سے دور ہوگئی اور آپ کو ایک عجیب قسم کا شرح صدر محسوس ہونے لگا کہ اس وقت آپ کو بتایا گیا کہ یہ خناس جو دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے جس سے قرآن پاک میں پناہ مانگنے کی ہدایت کی گئی ہے اس کو تمہارے سینہ سے نکال دیا گیا ہے۔ یہ وہی مقام ہے جو اللہ تعالی نے اپنے محبوب کو عطا فرمایا تھا اور ان کے صدقہ میں کامل متبع حضرت امام ربانی کو بھی عطا فرمایا۔

مقام اخلاص:

مقام اخلاص سے بھی آپ کو حظ وافر عطا کیا گیا ہے کچھ دن آپ پر یہ کیفیت طاری رہی کہ جب نماز میں ''ایاک نعبد'' کا لفظ آتا تو آپ پریشان ہو جاتے کہ یہ لفظ پڑھوں یا نہ پڑھوں اگر نہیں پڑھتا تو نماز نہیں ہوتی اگر پڑھتا ہوں تو کہیں جھوٹ نہ ہو جائے کہ ہم زبان سے یہ کہیں کہ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں جب کہ حقیقت میں یہ عبادت صرف اللہ کیلئے نہ ہو اس میں ریا اور نمائش آجائے اور شرک خفی

کے باعث وہ خالص عبادت اللہ کے لئے نہ رہے۔آپ ابھی اسی پریشانی میں تھے کہ آپ کو غیب سے بشارت دی گئی کہ " الا للہ الدین الخالص " کہ تمہاری عبادت خالص اللہ کے لئے ہے اس میں کسی شرک کا کوئی شائبہ نہیں ہے۔گویا کہ اخلاص کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کی آپ کو بشارت سنادی گئی۔

مقام رضا:

اللہ تعالیٰ نے آپکو مقام رضا سے بھی سرفراز فرمایا تھا کہ مصائب اور مشکلات کو صرف برداشت ہی نہیں کرتے تھے بلکہ محبوب کی رضا سمجھ کر اس میں لطف ولذت پاتے تھے۔ چنانچہ اپنے صاحبزادگان کو ایک مکتوب گرامی میں فرمایا کہ قید کے دنوں میں اپنی ناکامی اور بے اختیاری کا جو مطالعہ کرتا ہوں تو ایک عجیب قسم کی لذت پاتا ہوں اور ایک عجیب ذوق محسوس کرتا ہوں ..... وہ نہیں جانتے کہ نامرادی، بے اختیاری اور ناکامی میں کس بلا کا حسن وجمال ہے اور کوئی نعمت اس کے برابر ہے۔(دفتر سوم مکتوب ۸۳)

محبت ذاتی:

روحانیت میں ایک مقام محبت ذاتی ہوتا ہے جو مقام رضا سے بھی بلند وبالا ہوتا ہے اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کامل اتباع کے طفیل آپ کو اس بلند مقام پر بھی تمکن فرمایا آپ دفتر دوم کے مکتوب ۶ اور ۷ میں اس کو تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔

رفعت ذکر:

ایک دن آپ قضائے حاجت کے لئے بیت الخلاء تشریف لے گئے وہاں ایک پیالہ رکھا ہوا ہے گندگی میں لتھڑا ہوا ہے اور اس پر اللہ کا نام کندہ ہے آپ نے فوراً وہ پیالہ اٹھایا اور اس کو اچھی طرح خود اپنے ہاتھوں سے دھویا اور پاک صاف کر کے ایک اونچی طاق میں رکھ دیا۔غیب کی ندا آئی کہ تم نے ہمارے نام کی تعظیم کی ہے ہم تمہارے نام کو دنیا و آخرت میں بلند کریں گے۔ ورفعنا لک ذکرک کے شان والے نبی کے صدقے میں اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذکر کی بلندی کا بھی اعلان فرما کر آپکو ایک بلند وبالا مرتبہ سے سرفراز فرمایا۔

ورفعنا لک ذکرک کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے تیرا ذکر ہے اونچا تیرا

حب مصطفیٰ:

اللہ تعالیٰ نے آپ کو محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی انتہائی اعلیٰ وارفع مقام پر فائز فرمایا تھا، آپ پر اس محبت کا کتنا غلبہ تھا اور آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں کس قدر وارفتہ اور کس قدر فنا تھے اس کا کچھ اندازہ آپکے اتباع رسول کے علاوہ اس کلام سے بھی ہوسکتا ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ

''حق سبحانہ وتعالیٰ را بواسطہ آں دوست دارم کہ رب محمد است''

کہ میں حق سبحانہ و تعالیٰ کو اس لئے دوست رکھتا ہوں کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رب ہے (مبدأ ومعاد)

اس کے علاوہ جمعہ کی رات احباب کو جمع کر کے ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا، حضرت غوث اعظم نے جو درود شریف تحریر فرمایا ہے اس کو اکثر ورد میں رکھنا آپ کے حب رسول کا ایک بہترین ثبوت ہے۔

قطب ارشاد:

روحانیت کا ایک بلند ترین مقام قطب ارشاد ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے آپ کو اس مقام پر بھی فائز فرمایا، اس مقام کی تشریح کرتے ہوئے مبدأ ومعاد اور مکتوبات میں آپ نے فرمایا کہ قطب ارشاد جو کہ کمالات فردیہ کا بھی جامع ہوتا ہے وہ بڑا نادر الوجود ہے صدیوں کے بعد کوئی ایسا گوہر یکتا پیدا ہوتا ہے جس کے رشد وہدایت کا نور سارے عالم کو شامل ہو یعنی عرش کے دائرے سے زمین کے مرکز تک جس کو بھی رشد وہدایت اور ایمان ومعرفت سے حصہ ملتا ہے وہ اسی کے ذریعہ ملتا ہے، اس کے وسیلے کے بغیر کوئی اس دولت کو نہیں پا سکتا۔ جو شخص ایسے بزرگ کا منکر ہو یا ایسا بزرگ اس سے ناخوش ہو تو اگر چہ وہ شخص ذکر الٰہی میں مشغول ہی کیوں نہ ہو لیکن رشد وہدایت کی حقیقت سے محروم رہے گا یہ انکار اور آزار حصول فیض سے اس کے لئے مانع رہے گا۔ اپنے محبت کرنے والوں کو ایک عظیم خوشخبری دیتے ہوئے فرماتے ہیں..... ایسی جماعت جو اس عزیز سے محبت واخلاص رکھتی ہے اگر توجہ مذکورہ اور ذکر الٰہی سے خالی ہوں لیکن صرف اس کی محبت کے سبب انہیں رشد وہدایت کے نور سے حصہ مل جائے گا (مبدأ ومعاد/ دفتر اول مکتوب ۲۶۰) آپ فرماتے ہیں کہ قطب ارشاد کی خلعت سے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سرفراز فرمایا ہے۔

مرادِ محبوب:

اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ مقام عطا فرمایا کہ آپ اپنے مرشد، اپنے نبی اور اپنے رب تینوں کی مراد تھے حضرت خواجہ باقی باللہ فرماتے ہیں کہ شیخ احمد مرید نہیں بلکہ مراد اور محبوب ہیں یہ فضل اور کمال کا وہ نیر تاباں ہیں جن کی روشنی میں ہم جیسے کتنے ہی ستارے گم ہیں، آپ جیسی ہستی آج آسمان کے نیچے کوئی نہیں آپ قطبیت، ارشادات قطبیت مراد کے جامع ہیں، ان کی ذات پر مجھے فخر ہے اور شیخ احمد کے ذریعہ ہی مجھ پر روشن ہوا کہ توحید وجودی تنگ کوچہ ہے۔ آپ کے ان ارشادات سے ثابت ہوا کہ آپ اپنے مرشد کی بھی مراد تھے۔ آپ اپنے نبی کی مراد ہیں اس لئے کہ جس کو نبی کریم کی روحانیت نے تربیت کر کے اقطاب محمدیہ کے مقام تک پہنچایا ہو (مبدأ و معاد) اور خود نبی کریم نے آکر جس کو تحریری اجازت نامہ دیا اور جس میں دین دنیا کے تمام الطاف وعنایات سے نوازا گیا ہو وہ اس نبی کا محبوب اور مراد نہیں ہوگا تو اور کیا ہوگا.....؟ آپ اپنے رب کی بھی مراد اور اس کے بھی محبوب تھے، چنانچہ دفتر سوم کے مکتوب ۸۷ میں فرماتے ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کا مرید بھی ہوں اور اللہ تعالیٰ کا مراد بھی ہوں میری ارادت کا سلسلہ بلا واسطہ اللہ تعالیٰ سے متصل ہے اور میرا ہاتھ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کے قائم مقام ہے۔ ارحم الراحمین نے میرے حق میں تربیت کے اسباب کو موقوف علیہ نہیں رکھا اور میری تربیت میں اپنے فضل کے سوا کسی کو علت فاعلی بنایا..... میں اللہ تعالیٰ کا پروردہ ہوں اور اس کے فضل وکرمِ لامتناہی کا مجتبیٰ ہوں۔

ولایت سہ گانہ:

ولایت کے تین درجات ہیں ایک اولیاء کی ولایت ہے جسے ولایت صغریٰ کہتے ہیں اور دوسری انبیاء کی ولایت ہے جسے ''ولایت کبریٰ'' کہتے ہیں اور تیسری ملائے اعلیٰ کی ولایت میں جسے ولایت علیا کہتے ہیں، حضرت امام ربانی پر ولایت کے یہ تین درجے منکشف کئے گئے اور آپ کو اس کے اسرار و رموز سے سرفراز کیا گیا آپ نے اس کی تفصیلات دفتر اول مکتوب ۲۶۰/ ۲۸۷ اور ۳۰۲ میں بیان فرمائی ہیں۔

حقیقت کعبہ:

حقیقت کعبہ، حقیقت نماز، حقیقت قرآن، بیت المقدس کے اسرار و رموز بھی آپ پر منکشف

فرمائے گئے اور آپ پر یہ بھی ظاہر کیا گیا کہ ایک ہزار سال کے بعد حقیقت احمدی کے ساتھ حقیقت محمدی متحد کر دی جائے گی۔ ان تمام رازوں سے آپ نے دفتر دوم کا مکتوب ۷۲ اور دفتر سوم کا مکتوب ۱۲۴ میں پردہ اُٹھایا ہے۔

مقامات نقشبندیہ:

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے اعلیٰ مراتب جو سالک برسوں میں طے کرتا ہے آپ نے اپنے مرشد کی محبت میں وہ سب مراتب دو ڈھائی ماہ میں طے فرمالئے چنانچہ اپنے مرشد زادوں کے نام ایک مکتوب گرامی میں آپ نے ان مقامات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ فقیر سر سے پاؤں تک آپ کے والد گرامی کے احسانات میں غرق ہے فقر نے اس طریقہ کے بسم اللہ تک کا سبق انہی سے حاصل کیا اور اس راستہ کا سب کچھ انہی سے سیکھا اندراج النہایہ فی البدایہ ان کے نظر کرم کے صدقہ حاصل ہوئی، اور سفر دروطن کی سعادت سے ان کے طفیل مشرف ہوا ان کی بارگاہِ لطف وکرم نے اس ناچیز کو دو ڈھائی ماہ کے عرصہ میں نسبت نقشبندیہ تک پہنچا دیا اور ان بزرگوں کا حضور خاص عطا فرمایا اور وہ تجلیات، ظہورات، انوار، رنگ، بے رنگی، اور بے کیفیتی، جن کا حصول اس عرصہ میں ان کے طفیل ہوا وہ شرح و بیان سے باہر ہے۔ اس مرد خدا کی توجہ سے معارف توحید، اتحاد، قرب ومعیت اور احاطہ وسریان میں سے شاید ہی کوئی دقیقہ ایسا رہ گیا ہو جس کا راز اس فقیر پر نہ کھلا ہو اور جس کی حقیقت پر مطلع نہ کیا گیا ہو، وحدت کا کثرت میں اور کثرت کا وحدت میں مشاہدہ کرنا ان معارف کے مقامات اور مبادی میں سے ہے۔ (دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

عرش پر عروج:

آپ روحانیت میں اس اعلیٰ مقام پر بھی پہنچے کہ آپ کو عرش کی سیر کرائی گئی آپ فرماتے ہیں کہ جب میں مسافت طے کرتا ہوا عرش پر پہنچا تو مجھے ایسا عروج نصیب ہوا کہ جنت بھی مجھے نیچے محسوس ہونے لگی اس وقت مجھے خلفائے راشدین، ائمہ اہل بیت اطہار اور بڑے بڑے مشائخ عظام کے مقامات کا مشاہدہ کرایا گیا حتی کہ تمام انبیائے کرام، ملائکہ اور بالخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام خاص کا بھی مشاہدہ کرایا گیا..... آپ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ تمام انبیائے کرام کے مقامات ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام سے الگ ایک جانب تھے اسی طرح ملائکہ مقربین کے مقامات بھی ایک جانب تھے جبکہ سرور کون ومکان صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کو جملہ مقامات پر فوقیت اور

سروری حاصل تھی۔ (دفتر اول مکتوب اول) مبدأ و معاد میں عرش سے بھی اعلیٰ ایک مقام کی سیر کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ ایک جگہ میں طواف کر رہا ہوں اور ایک جماعت بھی میرے ساتھ طواف میں شریک ہے لیکن اس جماعت کی رفتار اتنی سست ہے کہ جب تک میں ایک دو طواف مکمل کرلوں وہ جماعت صرف دو تین قدم مسافت طے کرتی ہے اس دوران مجھے بتایا گیا کہ یہ جگہ عرش معلیٰ کے اوپر ہے اور یہ طواف کرنے والوں کی جماعت ملائکہ کی ہے۔ (مبدأ و معاد۔ ۲۳)

تجلی ذاتی و احسان و شہود:

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی کے ایک خاص مقام تجلی ذاتی سے بھی آپ کو بہرہ ور کیا گیا، اور اس کے بعد خاص احسان و شہود سے جو مقام بقا کے مناسب ہے اس سے بھی آپ کو مشرف کیا گیا، جس دن آپ کو مقام احسان و شہود سے سرفراز کیا گیا وہ رمضان المبارک کی چھ تاریخ تھی، اس مقام پر پہنچ کر آپ کو یہ جو معارف وارد ہوئے ان میں سے اکثر معارف شرعیہ تھے اور ان کی بھی شان یہ تھی کہ علم استدلالی بدیہی ہو جاتا تھا اور مجمل مفصل ہو جاتا تھا۔ (دفتر اول مکتوب ۲)

سیر الی اللہ و سیر فی اللہ:

سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ جو روحانیت کے اعلیٰ و ارفع مقامات میں سے ہے اس کی تکمیل کی خبر دیتے ہوئے آپ نے اپنے مرشد گرامی کو لکھا کہ جذبہ کی جہت سے اگرچہ سیر الی اللہ مکمل ہو چکی، لیکن بعض لوازم باقی تھے جو اس فنا کے ضمن میں جو سیر فی اللہ کے مرکزی مقام میں واقع ہوئی ہے تمام اور مکمل ہو گئے ہیں..... ارادہ کی فنا بھی اس فنا کا ایک شعبہ ہے..... (دفتر اول مکتوب ۱۱) ایک دوسرے مکتوب میں آپ نے فرمایا کہ سیر الی اللہ پچاس ہزار سال کا راستہ ہے---- لیکن مقام حیرت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ طویل مسافت چند دنوں میں طے کرا دی۔ (دفتر اول مکتوب ۱۳)

مقام محبوبیت:

آپ فرماتے ہیں کہ مجھ پر خلفائے راشدین کے مختلف مقامات ظاہر ہوئے ایک مقام پر بطور عروج جب میں پہنچا اور اس وقت حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند رضی اللہ عنہ میرے ساتھ تھے تو مجھے بتایا گیا کہ یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مقام ہے، اور اس مقام کے بالمقابل ایک اور مقام

ظاہر ہوا جو نہایت نورانی مقام تھا ایسا نورانی مقام اس سے قبل میری نظر سے نہیں گزرا تھا اس کے متعلق بتایا گیا کہ یہ ''مقام محبوبیت'' ہے یہ مقام انتہائی رنگین اور منقش تھا اور اس کے عکس اور پرتو سے میں نے اپنے آپ کو رنگین اور منقش پایا..... (دفتر اول مکتوب ۱۱)

فنا و بقا:

آپ فرماتے ہیں کہ وہ علوم جو فنا و بقا سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی حق سبحانہ وتعالیٰ نے مجھ پر منکشف فرما دیے نیز یہ بھی بتا دیا گیا کہ ہر چیز کی وجہ خاص کیا ہے اور سیر فی اللہ کس معنی میں ہے اور تجلی ذاتی برقی کسے کہتے ہیں اور محمدی المشرب کون ہوتا ہے اس طرح کے دیگر علوم اور ہر مقام کے لوازم وضروریات پر مجھے اطلاع بخشی گئی اور شاید ہی کوئی ایسی چیز باقی رہ گئی ہو جس کا اولیاء اللہ نے نشان بتایا ہو یا جو انہیں راہ طریقت میں پیش آئی ہو وہ اس ناچیز کو نہ دکھائی گئی ہو..... جو مقبول ہوتا ہے وہ بغیر کسی علت وسبب کے مقبول ہوتا ہے۔ (دفتر اول مکتوب ۱۲)

لطائف پنجگانہ:

لطائف پنجگانہ کی آپ کو سیر کرائی گئی اس سیر کی ابتداء قلب سے ہوئی قلب سے گزر کر روح، اس کے بعد سر، اس کے بعد خفی، اس کے بعد اخفی کے مراتب کی سیر ہوئی۔ ان لطائف پنجگانہ میں سے ہر ایک کے مخصوص علوم و معارف اور احوال و مواجد کو طے کرانے کے بعد پھر ان لطائف پنجگانہ کے اصول کی سیر کرائی گئی جن کا تعلق عالم کبیر یعنی مجموعۂ کائنات سے ہے۔ اس سیر کا آغاز عرش مجید سے ہوا ان پنجگانہ مراتب کے اصول کو طے کرانے کے بعد آپ کو اسماء وصفات کے ظلال میں سیر کرائی گئی اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے آپ کو اپنے اسماء وصفات کی سیر کرائی اور اس کی تجلیات اور اس کے شیون واعتبارات کے جلوے آپ پر ظاہر فرمائے۔ (دفتر اول مکتوب ۲۵۷)

معراج:

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو معراج پر بلایا اور کائنات کی سیر کرائی اور اس سیر میں آپ نے ازل وابد کو متحد اور ایک آن میں پایا، ماضی اور مستقبل کے بہت سے واقعات کا آپ نے مشاہدہ فرمایا، آنحضرت کے کامل اتباع کے طفیل اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے اس عظیم مرتبہ اور مقام سے کچھ حصہ

آپ کو بھی عطا فرمایا اور آپ کو ایسا عروج نصیب فرمایا جس میں آپ نے بھی ازل و ابد کو متحد پایا اور بہت سے ماضی اور مستقبل کے واقعات کا مشاہدہ فرمایا، چنانچہ اپنے مکاتیب شریفہ میں اس مقام اور مرتبے کی وضاحت کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ جب ممکن قرب الٰہی کے مقامات میں دائرہ امکان کے باہر قدم رکھتا ہے تو ازل اور ابد کو متحد پاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات مقامات عروج کے اندر حضرت یونس کو مچھلی کے پیٹ میں پایا، طوفانِ نوح بھی موجود تھا اور اہل سنت کو بہشت میں اور دوزخیوں کو دوزخ میں دیکھا..... اس فقیر کو بھی بعض اوقات حبیب خدا علیہ الصلوۃ والسلام کے صدقہ یہ حالت میسر آئی کہ میں نے ان ملائکہ کو جو حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کر رہے تھے عین سجدہ کی حالت میں دیکھا کہ اب تک انہوں نے سجدہ سے سر نہیں اٹھایا تھا اور ملائکہ علیین جنہیں سجدہ کا حکم نہیں دیا گیا تھا انہیں سجدہ کرتے فرشتوں سے علیحدہ دیکھا کہ اپنے مشہود میں فنا اور غرق ہیں اور آخرت کے جن حالات کا وعدہ فرمایا گیا ہے سب کا میں نے اس آن مشاہدہ کیا..... (مبدأ و معاد ۴۹/۶۹)

نبوت کی مہر تصدیق:

آپ نے اپنی مختلف تصانیف اور مکاتیب شریف میں جو کچھ مشاہدات، مکاشفات، علوم و معارف اور افکار و نظریات بیان فرمائے ہیں ان کی صحت کے بارے میں دلیل دیتے ہوئے ایک مقام پر آپ نے فرمایا کہ یہ جو بے شمار علوم و معارف ابرِ نیساں کی طرح برستے ہیں یہ اس کثرت کے باوجود علوم شرعیہ کے موافق ہیں اور بال برابر بھی سنت کے خلاف نہیں ہیں ان کی صحت کی سب سے بڑی دلیل یہی ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ اس لئے میرے مرشد خواجہ باقی باللہ نے فرمایا تھا کہ تمہارے سب علوم درست اور صحیح ہیں (دفتر اول مکتوب ۲۰۷) مرشد کی اس تصدیق کے علاوہ ان معارف پر نبوت کی مہر تصدیق بھی لگ چکی ہے وہ اس طرح کہ مکتوبات شریف کے دفتر اول کی تکمیل کے بعد جب دفتر دوم کا کام شروع ہوا تو اچانک آپ کے دل میں خیال آیا کہ یہ جو کچھ میں نے لکھا ہے نا معلوم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول اور پسندیدہ بھی ہے یا نہیں بس یہ خیال آنا تھا کہ غیب سے آواز آئی کہ جو کچھ تمہاری تحریر اور تقریر میں آئے ہیں وہ سب ہمارے نزدیک مقبول اور پسندیدہ ہے بلکہ یہ سب ہماری طرف سے ہیں اور ہماری ہی بیان کردہ ہیں۔ حتی کہ عقائد کے بارے میں آپ نے ایک رسالہ تحریر فرمایا تو اس کے بارے میں آپ نے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک جماعت کثیر کے ساتھ موجود ہیں اور آپ

کے دست مبارک میں وہ رسالہ ہے اور کمال کرم سے اس کو بوسہ دے رہے ہیں اور مشائخ کو دکھا کر فرمارہے ہیں کہ اس طرح کے عقیدے رکھنے چاہئیں (دفتر اول مکتوب ۱۴/۱۶) بلکہ آپ پر یہ بھی ظاہر کیا گیا کہ آخری زمانہ میں جب حضرت امام مہدی علی نبینا علیہ السلام تشریف لائیں گے، ان کے سامنے جب آپ کی تحریریں پیش کی جائیں گی تو وہ بھی اس کو پسند فرمائیں گے اور ان کی بارگاہ میں بھی یہ شرف قبولیت پائیں گی..... (دفتر اول مکتوب ۲۳۴)

زیارت کعبہ:

آپ کو ہمیشہ خانہ کعبہ کی زیارت کا شوق رہتا تھا ایک سال وہ عشق حد سے بڑھ گیا چنانچہ جب حج کے ایام آئے تو آپ کی بے قراری بڑھ گئی عرفہ کے دن آپ صبح فجر کی نماز کے بعد قبلہ رو ہو کر مراقبہ اور اوراد و وظائف میں مصروف ہو گئے جب مراقبے سے سر اٹھایا تو اپنے محرمان اسرار سے فرمایا کہ آج مجھے زیارت خانہ کعبہ کا شوق غالب ہوا تو اچانک میں نے کیا دیکھا کہ خود خانہ کعبہ میرے سامنے آ گیا ہے اور میرے اردگرد گھوم رہا ہے اور غیب سے آواز آ رہی ہے تم ہمیشہ کعبے کے مشتاق رہتے تھے آج کعبہ کو ہم نے تمہاری زیارت کے لئے بھیج دیا اور جو نور اس کعبے میں ہے وہ ہم نے تمہاری اس زمین میں ودیعت کر دیا ہے۔ (حضرات القدس/ روضۃ القیومیہ)

مجتہد علم کلام:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے آپ کو ''مجتہد علم کلام'' کے مقام سے نوازا گیا، چنانچہ آپ خود تحریر فرماتے ہیں کہ احوال و سلوک کی درمیانی حالت میں ایک مرتبہ حضرت پیغمبر خدا علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات نے واقعہ میں اس فقیر سے فرمایا کہ تم علم کلام کے مجتہدین میں سے ہو، اس وقت سے مسائل کلامیہ کے ہر مسئلے میں اس فقیر کی رائے خاص اور علم مخصوص ہے، اشاعرہ اور ماتریدیہ کے اکثر اختلافی مسائل میں سے جب کوئی مسئلہ سامنے آتا تھا تو ابتدائی طور پر اشاعرہ کی جانب حق نظر آتا تھا لیکن جب نور فراست سے دیکھا جاتا تو معلوم ہوتا کہ حق ماتریدیہ کی جانب سے ہے علم کلام کے اختلافی مسائل میں اس فقیر کی رائے علمائے ماتریدیہ کی رائے کے موافق ہے۔

وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود:

وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود جنہیں ''توحید وجودی اور توحید شہودی'' کے نام سے بھی یاد کیا جاتا

ہے یہ تصوف کے بلند ترین اور مشکل ترین مقامات ہیں جن کی حضرت امام ربانی نے آسان ترین زبان میں اس طرح تشریح فرمائی کہ توحید شہودی میں ایک ذات کو دیکھنا ہے یعنی مسالک کا مشہود سوائے ایک کے کوئی اور نہ ہو اور توحید وجودی میں ایک کو موجود جاننا ہے اس کے غیر کو معدوم سمجھنا ہے اور باوجود عدمیت کے اس جمال اور مظاہر کو ایک خیال کرنا ہے (دفتر اول مکتوب ۴۲) حضرت امام ربانی سے قبل تمام بڑے بڑے صوفیاء کرام توحید وجودی کو منتہائے کمال سمجھتے رہے، ان کے نزدیک یہ آخری مقام تھا اس سے اعلیٰ کوئی مقام نہیں تھا، حتی کہ آپ کے مرشد گرامی کا بھی یہی نظریہ تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت امام ربانی کو اپنے فضل سے عروج وارتقاء کی اس منزل پر پہنچایا جہاں آپ کو پتہ چلا کہ یہ سب سے ادنیٰ مرتبہ ہے اس سے اعلیٰ وارفع بھی ایک منزل ہے جسے توحید شہودی کہتے ہیں حتی کہ آپ کے مرشد گرامی آخری عمر میں فرمایا کرتے تھے کہ ہمیں شیخ احمد کی صحبت کے اثر سے معلوم ہوا کہ توحید ایک تنگ کوچہ ہے جس کے اوپر ایک وسیع شاہراہ ہے..... (زبدۃ المقامات ص ۲۲۵) آپ نے اس اعلیٰ مقام پر عروج فرماتے ہوئے اعلان فرمایا کہ ''ہمہ اوست'' کا قول درست نہیں بلکہ ''ہمہ از اوست'' کا قول درست ہے انبیائے کرام میں سے کسی نے بھی وحدتِ وجود کی دعوت نہیں دی بلکہ وحدتِ معبود کی دعوت دی ان کی دعوت کا مدار بھی ''دوئی'' اور غیر کا وجود ثابت کرنے پر ہے لہذا توحید وجودی میں ایک ذات تعالیٰ ماسوا کی جو نفی کی جاتی ہے وہ عقل وشرع کے خلاف ہے۔ اس لئے آپ فرماتے ہیں جب کمال عنایت سے اللہ تعالیٰ مجھے اس مقام سے اوپر لے گیا اور مقام عبدیت تک پہنچایا اور اس مقام کا کمال دکھایا تو میں گزشتہ مقامات سے تائب ہوا اور اس پر میں نے استغفار کیا اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا گزشتہ دور کے تمام بڑے بڑے اولیاء کرام اس طریقت کے ادنیٰ اور پست مرتبہ پر آخر تک فائز رہے؟ اس شبہ کا ازالہ کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ اگر ان مشائخ کی عبارات میں ایسے الفاظ ہوں جو توحید وجودی پر صراحۃً دلالت کریں تو ان کو ابتدائے زمانہ پر محمول کیا جائے کہ ابتداء میں جب وہ علم الیقین کے مرتبہ پر فائز تھے اس وقت یہ کلام ان سے صادر ہوا ہو جب وہ عین الیقین کے مرتبہ پر پہنچے تو ان پر بھی یہ واضح ہو گیا کہ مرتبہ کمال توحید شہودی ہے جیسا کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کے ساتھ ہوا اور اگر مشائخ کا توحید وجودی پر مشتمل کلام ان کے آخری زمانہ کا ہو تو پھر آپ نے مکتوبات شریف میں اس کی ایسی توجیہہ اور تشریح بیان فرمائی جس سے آپ نے یہ ثابت فرمایا کہ ''ہمہ اوست'' کا معنی بھی 'ہمہ از اوست' ہی ہے، اور یہ نزاع لفظی ہے ان کے کلام میں توحید وجودی سے بھی توحید شہودی ہی مراد ہے دونوں کا مآل اور انجام ایک ہی ہے، شاید اسی تطبیق کی وجہ سے

آپ کو حدیث مبارک میں صلہ (ملانے والا) کہا گیا انہی وجودی اور شہودی کے دو دریاؤں کو ملانے پر آپ نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ''اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے دو دریاؤں کو ملانے والا بنایا''، تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے۔ (دفتر اول مکتوب ۴۳/۱۶۰/۲۹۱/۲۹۱/دفتر دوم مکتوب ۴۴)

مژدۂ مغفرت:

آپ کو محبوبیت کے اس اعلیٰ مقام پر فائز کیا گیا کہ آپ سے جس کو تعلق اور کسی قسم کی بھی کوئی نسبت ہو گئی اس کی بھی بخشش اور مغفرت کا اعلان کر دیا گیا، چنانچہ رمضان المبارک میں آپ نے سنت کی رعایت کرتے ہوئے جیسے ہی دائیں کروٹ لی آواز آئی کہ آخرت میں تمہیں کوئی عذاب نہیں ہوگا اور تمہارا خادم جو اس وقت تمہارے پیر دبا رہا ہے ہم نے اس کو بھی بخش دیا۔ آپ اپنے جد امجد حضرت شاہ رفیع الدین اور اپنے والد گرامی حضرت خواجہ عبد الاحد کے مزارات پر جو علیحدہ علیحدہ قبرستانوں میں ہیں جب حاضر ہوئے تو ان دونوں مقامات پر آپ کو بشارت دی گئی کہ تمہارے آنے اور تمہاری دعا کی برکت سے ہم نے ان سب قبرستان والوں پر سے عذاب اٹھا لیا اور ان سب کی مغفرت فرما دی آپ کو یہ بھی بشارت دی گئی کہ جس کی تم نماز جنازہ پڑھ لو گے اس کو ہم بخش دیں گے، ایک دفعہ آپ کو یہ مژدہ بھی سنایا گیا کہ قیامت تک جو تمہارا وسیلہ لے کر آئے گا خواہ بالواسطہ ہو یا بلا واسطہ ہم نے ان سب کو بخش دیا۔ ایک روز خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو یہ خوشخبری دی کہ تمہاری شفاعت سے قیامت کے دن ہزارہا مسلمانوں کی اللہ تعالیٰ بخششیں اور مغفرت فرمائے گا..... حتیٰ کہ خواجہ محمد معصوم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ نے یہاں تک فرما دیا کہ اگر میرے روضہ کی مٹی میں سے ایک مٹھی بھر مٹی کسی قبر پر ڈال دی جائے تو رحمت عظیم کی امید ہے..... (حضرات القدس)

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے عظیم مقبول و محبوب بندے کے دامن سے ہمیشہ وابستہ رکھے، ان سے ادنیٰ تعلق اور نسبت کے صدقہ میں ہماری بخشش اور مغفرت فرمائے۔ (آمین)

☆.....☆.....☆

مآخذ ومراجع

۱.....احمد سرہندی، شیخ، مکتوبات شریف، مطبوعہ کوئٹہ

۲.....احمد سرہندی، شیخ، مبدأ و معاد، مطبوعہ لاہور، ۱۹۵۶ء

۳.....احمد رضا خان، امام، حدائق بخشش، مطبوعہ کراچی

۴.....بدرالدین سرہندی، خواجہ، حضرات القدس، مطبوعہ سیالکوٹ ۱۴۰۳ھ

۵.....بدرالدین سرہندی، خواجہ، وصال احمد، مطبوعہ لاہور

۶.....محمد احسان اللہ مجددی، روضیۃ القیومیہ، مطبوعہ لاہور

۷.....محمد ہاشم، خواجہ، زبدۃ المقامات، مطبوعہ سیالکوٹ ۱۴۰۷ھ

۸.....محمد مسعود احمد، ڈاکٹر، سیرت مجدد الف ثانی، مطبوعہ کراچی ۱۹۷۶ء

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

امام ربانی اور فیضانِ کمالاتِ نبوت

(مکتوبات کی روشنی میں)

ابوالسرور محمد مسرور احمد
(چیئرمین، امام ربانی فاؤنڈیشن انٹرنیشنل، کراچی)

☆☆

حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ (م۔۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء) کی ذات گرامی تاریخ اسلام میں نہایت ہی ممتاز ہے۔ آپ کے مقامات عالیہ کا ادراک ممکن نہیں۔ کیوں کہ جس مقام سے آپ گفتگو فرماتے ہیں وہاں تک رسائی عوام تو عوام خواص بلکہ اخص الخواص کے لیے بھی ممکن نہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیگر سلاسل طریقت میں بیعت واجازت کے بعد ۱۰۰۸ھ/ ۱۵۹۹ء میں دہلی میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے قافلہ سالار خواجہ محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ (م۔۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے فیض سے مستفیض ہوئے۔ آپ نے پہلی ملاقات میں محسوس کرلیا کہ یہ باکمال صحبت بلندیوں تک لے جائے گی۔ چنانچہ آپ نے اپنے خلیفہء اجل خواجہ محمد ہاشم کشمی (م۔ ۱۰۴۵ھ/ ۱۶۳۵ء) سے فرمایا:

> ''جس روز سے فقیر نے اپنے خواجہ قدس اللہ سرہ کی خدمت عالی میں تعلیم طریقت حاصل کرنی شروع کی اسی روز مجھے یقین ہوگیا تھا کہ عنقریب اللہ سبحانہ وتعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے مجھ کو راہ طریقت کی معراج تک پہنچادے گا۔ ہر چند کہ اپنے اعمال واحوال پر نظر جاتی تو اس یقین کی نفی کرتا مگر چین نہیں آتا اور زبان پر اکثر یہ شعر رہتا۔''

ازیں نورے کہ از تو بر دلم تافت
یقیں دانم کہ آخر خوا ہمت یافت[1]

حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ ۱۰۰۸ھ/ ۱۵۹۹ء میں کابل سے دہلی جارہے تھے جب سرہند شریف سے گزر ہوا تو جو کچھ آپ نے مشاہدہ فرمایا اس کا حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ سے اس طرح ذکر فرمایا:

''فقیر نے دیکھا کہ ایک بڑا چراغ روشن کیا گیا ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کی روشنی بڑھتی گئی۔ لوگ ہزاروں چراغ اس سے روشن کر رہے ہیں حتی کہ میں سرہند کے قریب پہنچا تو وہاں کے دشت و در کو چراغوں سے منور پایا۔ یہ اشارہ بھی تمہاری ہی طرف تھا۔''[2]

اس میں شک نہیں حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کو پہچانا اور حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ نے حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ کو پہچانا۔ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے فیض روحانی کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اس فقیر کو یقین تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک کے بعد اس قسم کی صحبت اور تربیت وارشاد ہرگز کہیں نہیں دیکھی گئی ہوگی۔ فقیر اس نعمت پر خدا کا شکر ادا کرتا ہے۔ اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے مشرف نہیں ہوا لیکن اس صحبت کی سعادت سے بھی محروم نہیں رہا۔''[3]

اور خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے مقامات عالیہ کا مشاہدہ کرتے ہوئے یہ پیش گوئی فرماتے ہیں:

''ایسا معلوم ہوتا کہ وہ آگے چل کر ایک ایسا چراغ بن جائیں گے جس سے جہاں روشن ہوں گے۔ الحمد للہ! اُن کے احوال کامل کو دیکھ کر مجھے اس بات کا یقین ہوگیا ہے۔''[4] (کہ ایسا ہی ہوگا)۔

بلکہ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے بارے میں یہاں تک

تحریر فرمایا جو نہایت ہی حیران کن ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

''میاں شیخ احمد! ایک آفتاب ہیں کہ ہم جیسے بہت سے تارے اُن کی روشنی میں گم ہیں۔''۵

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ نے اپنے مقامات عالیہ کا بطور تحدیث نعمت خود ذکر فرمایا ہے۔ آپ ایک مکتوب شریف میں قرب نبوت اور قرب ولایت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:

''وہ راستے جو جناب اقدس کی طرف پہنچانے والے ہیں دو ہیں۔ ایک راستہ وہ ہے جس کا تعلق قرب نبوت علیٰ ارباہا الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہے اور وہ اصل الاصل تک پہنچانے والا۔ اس راہ کے واصلین باالاصالت انبیاء علیہم التسلیمات ہیں اور ان کے صحابہ اور باقی امتوں میں سے جس کو بھی اس دولت سے نوازیں۔ اگرچہ وہ قلیل بلکہ اقل (بہت ہی کم) ہیں۔ اور اس راہ میں توسط اور حیلولہ نہیں ہے اور جو کوئی بھی ان واصلوں میں سے فیض حاصل کرتا ہے وہ بغیر کسی توسط کے اصل سے اخذ کرتا ہے اور کوئی دوسرے کے لیے حائل نہیں ہے۔

اور دوسرا راستہ قرب ولایت کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ اقطاب، اوتاد، ابدال و نجباء اور عام اولیاء اللہ سب اسی راہ سے واصل ہوئے ہیں اور راہ سلوک سے مراد یہی راہ ہے بلکہ جذبہ، متعارفہ بھی اسی میں داخل ہے اور توسط و حیلولہ بھی اسی راہ میں ثابت ہے۔''۶

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ ایک مکتوب شریف میں اپنی طرف اشارہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

''ممکن ہے کہ کوئی شخص قرب ولایت کی راہ سے قرب نبوت تک پہنچ جائے اور دونوں معاملات میں شریک ہو اور انبیاء علیہم التسلیمات کے طفیل اس کو وہاں بھی جگہ دے دی جائے اور کارخانے کو اس سے وابستہ کر دیں اور اس جگہ کا معاملہ اس سے متعلق کر دیا جائے۔''۷

پھر ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

''اے فرزند! کمالات نبوت کا حصول محض بخشش اور اس کے فضل وکرم پر موقوف ہے کسب وعمل کو اس دولتِ عظمیٰ کے حصول میں کچھ دخل نہیں۔''۸

پھر اسی مکتوب شریف میں آگے چل کر فرماتے ہیں:

''جاننا چاہیے کہ اس بخشش کا حصول انبیاء علیہم التسلیمات کے حق میں بلا واسطہ ہے اور انبیاء علیہم التحیات کے اصحاب کے حق میں جو تبعیّت ووراثت کے طور پر اس دولت سے مشرف ہوے ہیں وہ بھی ان انبیاء علیہم الصلوٰۃ والبرکات کے توسط سے ہیں۔ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات اور اُن کے اصحاب کے بعد بہت کم حضرات اس دولت سے مشرف ہوے ہیں۔ اگرچہ جائز ہے کہ کسی دوسرے کو بھی تبعیّت ووراثت کے طور پر اس دولت سے سرفراز کیا جائے۔

میں خیال کرتا ہوں کہ اس دولت نے کبار تابعین پر بھی اپنا پرتو ڈالا ہے اور اکابر تبع تابعین پر بھی سایہ فگن ہوئی ہے۔ بعدازاں یہ دولت پوشیدہ ہوگئی حتیٰ کہ آنسرور علیہ وعلیٰ والتسلیمات کی بعثت سے الف ثانی کی باری آگئی اور اس وقت پھر وہ دولت تبعیت ووراثت کے طور پر منصۂ شہود میں آگئی اور آخر (زمانے) کو اول (زمانے) کے مشابہ بنادیا ہے۔''۹

سبحان اللہ! وہ دولت گرامی جو اکابر تبع تابعین کے بعد پوشیدہ ہوگئی تھی وہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک میں پھر ظاہر ہوئی اور آپ کو تبعیّت ووراثت کے طور پر اس دولت سے سرفراز کیا گیا اور آپ کا مبارک دور اس دولت کی برکت سے ''خیر القرون قرنی'' کا مظہر بن گیا۔ ایک اور مکتوب شریف میں اس دولت عظمیٰ کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

''یہ دولت جس کے پوشیدہ رکھنے میں ہم کوشش کرتے ہیں انبیاء

علیہم التسلیمات کے مشکوٰۃ نبوت سے اقتباس کی ہوئی ہے اور ملائکہ، ملاء اعلیٰ علیٰ نبینا وعلیہم التسلیمات بھی اس دولت میں شریک ہیں اور انبیاء علیہم التسلیمات کی متابعت کرنے والوں میں سے جس کو اس دولت سے مشرف فرمائیں وہ بھی اس دولت میں شریک ہے۔''[۱۰]

کمالاتِ نبوت سے مستفیض ہونے کے بعد آپ کے مشاہدات کا عالم ہی کچھ اور ہوگیا، آپ ماضی کو بھی ملاحظہ فرمارہے ہیں، حال کو بھی اور مستقبل کو بھی۔ ماضی میں ازل پر نظر ہے، فرماتے ہیں:

''کشفِ صریح سے معلوم ہوا ہے کہ آں سرور علیہ وآلہ والتسلیمات کی پیدائش اسی امکان سے ہوئی کہ جس کا تعلق صفات اضافیہ سے ہے نہ کہ ایسے امکان سے جو تمام ممکنات عالم میں ثابت ہے اور جس قدر بھی دقتِ نظر سے ممکنات عالم کے صحیفے کا مطالعہ کیا جاتا ہے آں سرور علیہ وآلہ والصلوٰۃ والسلام کا وجود شریف وہاں مشہود نہیں ہوتا بلکہ آپ کی خلقت وامکان کا منشاء صفات اضافیہ کا وجود اور ان کا امکان محسوس ہوتا ہے اور چونکہ آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کا وجود عالم ممکنات سے نہیں ہے بلکہ اس عالم کے فوق سے ہے تو لازمی طور پر آپ علیہ وعلیٰ آلہ والتسلیمات کا سایہ نہ تھا۔''[۱۱]

اور اسی عالم میں سابقین انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تشریف آوری کو ملاحظہ فرمارہے ہیں۔ ایک مکتوب شریف میں تحریر فرماتے ہیں:

''اے فرزند! یہ فقیر جس قدر ملاحظہ کرتا ہے اور نظر دوڑاتا ہے تو کوئی ایسی جگہ نہیں پاتا جہاں ہمارے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ والصلوٰۃ والسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ والصلوٰۃ والسلام کی دعوت کا نور آفتاب کی طرح سب جگہ پہنچا ہے حتیٰ کہ یاجوج ماجوج میں بھی جن کے درمیان دیوار حائل ہے پہنچا ہوا ہے۔''[۱۲]

پھر اسی مکتوب شریف میں اُمم ماضیہ کے احوال پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اور گذشتہ امتوں میں بھی ملاحظہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسی جگہ بہت کم ہی ہے جہاں پیغمبر مبعوث نہ ہوئے ہوں یہاں تک کہ زمین ہند میں بھی جو کہ اس معاملے سے دور دکھائی دیتی ہے معلوم ومحسوس ہوتا ہے کہ اہل ہند سے بھی پیغمبر مبعوث ہوئے ہیں اور شان جل شانہ کی طرف دعوت فرمائی ہے۔''[۱۳]

یہ چند مثالیں آپ کی نذر گرامی کیں جو ماضی کو دیکھ رہی تھیں اور حال پر بھی آپ کی نظر تھی چنانچہ ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

''اور ہندوستان کے بعض شہروں میں محسوس ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم التسلیمات کے انوار شرک کے اندھیروں میں مشعلوں کی طرح روشن ہیں۔''[۱۴] (اگر فقیر ان شہروں کو متعین کرنا چاہے تو کر سکتا ہے)۔

پھر اسی مکتوب میں آگے چل کر فرماتے ہیں:

''اور دیکھتا ہے کہ کوئی پیغمبر ایسا ہے جس پر کوئی بھی ایمان نہیں لایا اور اس کی دعوت کو قبول نہیں کیا اور کوئی پیغمبر ایسا ہے جس پر صرف ایک آدمی ایمان لایا ہے اور کسی پیغمبر کے تابع صرف دو شخص ہوئے ہیں اور بعض پر صرف تین آدمی ایمان لائے ہیں۔ تین آدمیوں سے زیادہ نظر نہیں آتے جو کسی ایک پیغمبر پر ایمان لائے ہوں تاکہ چار آدمی ایک پیغمبر کی امت ہوتے۔''[۱۵]

اسی طرح سرہند شریف میں آپ نے انوار الٰہیہ کا مشاہدہ فرمایا جس کی تفصیل ایک مکتوب شریف میں اس طرح بیان فرمائی ہے۔

''اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عنایت اور اس کے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ البرکۃ کے طفیل شہر سرہند جو کہ میری جائے پیدائش ہے۔۔۔اس کو اکثر شہروں اور مقاموں پر بلندی (فضیلت) بخشی گئی

ہے، اور اس زمین میں بے صفتی و بے کیفی کا ایک نور امانت کے طور پر رکھا گیا ہے اور وہ نور اُس نور کی طرح ہے جو بیت اللہ شریف کی پاک و مقدس زمین سے روشن و درخشاں ہے۔

(مکتوبات امام ربانی، جلد دوم، مکتوب ۲۲)

جس طرح آپ کی نظر ماضی پر تھی اِسی طرح آپ کی نظر حال پر تھی اور مستقبل پر بھی۔ وصال سے چند ماہ قبل ۱۵ر شعبان المعظم کی رات آپ وضو فرما رہے تھے۔ رفیقۂ حیات ساتھ کھڑی ہوئی تھیں اور یہ فرما رہی تھیں:

''نہ معلوم خدا نے آج کس کس کے نام ورق ہستی سے مٹائے ہوں گے؟''[۱۶]

یہ سنتے ہی آپ نے فرمایا:

''تم یہ بات شک اور تردّد سے کہہ رہی ہو، اس شخص کا کیا حال ہوگا جو یہ دیکھ رہا ہے اور جانتا ہے کہ صحیفۂ ہستی سے اُس کا نام مٹا دیا گیا ہے۔''[۱۷]

آپ نے ۱۵ر شعبان المعظم کی رات یہ فرمایا اور ۲۹ر صفر المظفر کو آپ کا وصال ہو گیا دوسرے سال کا شعبان المعظم نہیں آیا، اللہ اکبر! آپ کی نظر لوح محفوظ پر بھی ہے۔ ایک عقیدت مند آپ کے حضور یہ کہہ رہے تھے میرا ارادہ امسال حج بیت اللہ کا ہے۔ آپ نے فوراً فرمایا:

''مقام عرفات میں آپ نظر نہیں آتے ہیں۔''[۱۸]

ابھی تو واقعہ گزرا بھی نہیں مگر آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں، یہ ہے فیضان کمالات نبوت۔ کئی سال تک وہ حضرت حج کا ارادہ کرتے رہے مگر ان کا جانا نہ ہو سکا، جس فیضان نبوت نے آپ کو یہ نظر عطا فرمائی اسی فیضان نبوت کی وجہ سے آپ پر وارد ہونے والے اسرار و معارف کا عالم ہی کچھ اور تھا۔ پڑھ پڑھ کر حیرت ہوتی ہے، کسی عارف کے کلام میں یہ باتیں نظر نہیں آتیں۔ ایک مکتوب شریف میں انہی اسرار و معارف کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے آپ تحریر فرماتے ہیں:

''وہ علوم و معارف جن کا فیضان ہوتا رہتا ہے ان میں سے بیشتر حصہ

تحریر ہوتا ہے اور ہر اہل اور نااہل کے گوش گزار ہوتا رہتا ہے لیکن وہ اسرار و دقائق جن کے ساتھ یہ فقیر ممتاز ہے اس کا ذرا سا حصہ بھی اظہار نہیں کیا سکتا، بلکہ رمز و اشارے سے ان دقائق کا ذکر نہیں کیا جا سکتا۔''۱۹

ایک اور مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

''یہ معارف جس طرح فکر و نظر سے بالا ہیں اسی طرح کشف و شہود کے اطوار سے بھی ماورا ہیں، نیز ارباب کشف و شہود ان علوم کو سمجھنے میں ارباب علم و عقل کی طرح ہیں ان کے لیے نبوت کی فراست کا نور درکار ہے۔ جو انبیاء علیہم التسلیمات کی متابعت کی دولت سے ان حقائق کو سمجھنے کی طرف ہدایت فرماتا ہے اور ان علوم و معارف کو حاصل کرنے کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔''۲۰

وہ علوم و معارف جو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائے انہی کا فیضان یہاں بھی نظر آتا ہے۔ ایک مکتوب میں آپ فرماتے ہیں:

''حق تعالیٰ جل شانہ کے دقیق اسرار ہیں جن کو وہ اپنے اخص الخواص بندوں پر ظاہر فرماتا ہے اور کسی نامحرم کا اُن کے پاس سے بھی گزر نہیں ہو سکتا۔ حضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات نے جو کہ رحمت عالمیان ہیں اپنی کمال معرفت اور وفور قدرت سے ان اسرار کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ کے درمیان بیان فرمایا اور سننے والوں کی قابلیت کو محسوس فرما کر ان پوشیدہ موتیوں کو ان پر نثار کر دیا۔ مجھ جیسا مفلس بے بضاعت ان اسرار کے ذکر اور خطروں سے ہراساں و لرزاں ہے اور اپنی اس خرابی اور آوارگی کے باوجود ان عالی مطالب کے ساتھ کسی طرح بھی اپنی مناسبت نہیں پاتا۔ ہاں خداوند جل شانہ کے شایان شان یہی ہے اور خدائے تعالیٰ کو ایسا ہی

کرم زیب دیتا ہے۔''۲۱

ایک اور مکتوب شریف میں ان اسرار و معارف کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''جو کاروبار اس ولایت سے وابستہ ہے اگر اس میں سے تھوڑا سا بھی ظاہر کر دیا جائے یا وہ معاملات جو ان دونوں ولایتوں سے وابستہ ہیں اگر اشارے کے طور پر بھی ان کو ظاہر کر دیا جائے تو نرخرہ کاٹ دیا جائے اور حلق ذبح کر دیا جائے۔ جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بعض علوم کے اظہار میں جو انھوں نے حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حاصل کیے ہیں قُطِعَ الْبُلْعُوْم (نرخرہ کاٹ دیا جائے فرمایا) تو دوسروں کے متعلق کیا کہا جائے۔''۲۲

پھر اسی مکتوب میں آگے چل کر فرماتے ہیں:

وہ خداوند کریم قدیم الاحسان اور ارحم الراحمین اس بات پر بھی قادر ہے مجھ جیسے پس ماندہ کو سابقوں کے درجات تک پہنچا دے اور ان کے طفیل ان کی دولت کا شریک کر دے۔''۲۳

انہی مقامات عالیہ کی سرفرازی کے بعد حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال کرم سے اپنی زیارت سے مشرف فرمایا اور اپنی خاص عنایتوں سے نوازا۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۸ء اور ۱۰۲۹ھ/۱۶۱۹ء کے درمیان جب جہانگیر بادشاہ کی خواہش پر اس کے شاہی قافلے کے ساتھ تھے اسی زمانے میں آپ نے خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت فرمائی، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخرت کا اجازت نامہ عطا فرمایا اور مقام شفاعت سے بھی حصہ عطا فرمایا اس کرم نوازی کے وقت حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کو جو اپنائیت اور محبت و شفقت عطا فرمائی اس کا ذکر کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:

''اور مجھے اس وقت ایسا محسوس ہوتا تھا کہ میں اور آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام باہم ایک ہی جگہ باپ بیٹے کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں۔ آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے اہل بیت

علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات میرے لیے کچھ اجنبی نہیں ہیں اور میں اس اجازت نامے کو لپیٹ کر اور اپنے ہاتھ میں لے کر محرم فرزندوں کی طرح اُن کے حرم شریف میں داخل ہوا ہوں۔ امہات المؤمنین میں سے حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مجھ سے آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور میں بعض خدمات کے لیے بڑے اہتمام سے حکم فرماتی ہیں اور کہتی ہیں کہ میں تیرا انتظار کر رہی تھی، اس اس طرح کرنا چاہیے۔'' ۲۴

حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ اپنے ارشادات کی روشنی میں قرب نبوت اور کمالات نبوت کے فیض سے مستفیض ہوئے، خوب نوازے گئے اور اُن اسرار و معارف اور علوم سے سرفراز ہوئے جن کو نہ کوئی زبان بیان کر سکتی ہے نہ کوئی کان سن سکتا ہے، نہ کوئی دماغ سمجھ سکتا ہے۔ آپ اپنے مکتوبات شریف کی روشنی میں اکابر تبع تابعین کے بعد اس نعمت سے سرفراز ہو کر اولیاء اللہ رحمہم اللہ تعالیٰ میں منفرد و ممتاز ہوئے۔

آپ کی شخصیت کی عظمت کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ کے حالات، افکار و خدمات کی تفصیلات گیارہ ضخیم جلدوں میں نہ سما سکیں جن کے صفحات کی مجموعی تعداد چھے ہزار سے بھی زیادہ ہے۔ یہ عظیم انسائیکلوپیڈیا ''جہان امام ربانی مجدد الف ثانی'' (علیہ الرحمۃ) کے نام سے امام ربانی فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کراچی (پاکستان) شائع کر رہی ہے۔ ۲۰۰۵ء میں سات جلدیں شائع ہو چکی ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ چار جلدیں ۲۰۰۶ء میں شائع ہونے والی ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کو پردہ فرمائے ہوئے آج تقریباً چار سو سال گزر چکے ہیں۔ آپ کے نعرۂ تکبیر کی گونج دنیا میں اب تک سنی جا رہی ہے۔ اسلامی دنیا میں آزادی کی تحریکیں آپ ہی سے فیض یافتہ ہیں اس لیے ڈاکٹر علامہ اقبال نے کہا تھا:

تو میری رات کو آفتاب سے محروم نہ رکھ
تیرے پیمانے میں ہے ماہ تمام اے ساقی

☆.....☆.....☆

حواشی

۱.....خواجہ محمد ہاشم کشمی: زبدۃ المقامات، ص ۱۴۵

۲.....ایضاً، ص ۱۴۱

۳.....احمد سرہندی، مجدد الف ثانی: مبداء و معاد، ص ۶۷

۴.....زبدۃ المقامات، ص ۱۴۵

۵.....خواجہ احمد حسین خاں: جواہر مجددیہ، ص ۱۲۰

۶.....احمد سرہندی، مجدد الف ثانی: مکتوبات جلد سوم، مکتوب نمبر ۱۲۳

۷.....مکتوبات امام ربانی: جلد سوم، مکتوب نمبر ۱۲۳

۸.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۳۰۱

۹.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۳۰۱

۱۰.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۶۷

۱۱.....مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مکتوب نمبر ۱۰۰

۱۲.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۵۹

۱۳.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۵۹

۱۴.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۵۹

۱۵.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۵۹

۱۶.....وصال احمدی، ص ۴۔۵

۱۷.....ایضاً

۱۸.....جواہر مجددیہ: ص ۱۲۱

۱۹.....مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۶۷

۲۰.....مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مکتوب نمبر ۶۷

۲۱.....مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مکتوب نمبر ۹۵

۲۲.....مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مکتوب نمبر ۹۵

۲۳.....مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مکتوب نمبر ۹۵

۲۴.....مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مکتوب نمبر ۱۰۶

مآخذ و مراجع

۱.....احمد سرہندی: مکتوبات امام ربانی، مطبوعہ امرتسر ۱۳۱۳ھ/ ۱۹۱۴ء و کراچی ۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء

۲.....احمد سرہندی: مبداء و معاد، مطبوعہ لاہور ۱۳۷۶ھ/۱۹۵۶ء

۳.....احمد حسین خان خواجہ: جواہر مجددیہ، مطبوعہ کراچی ۲۰۰۲ء

۴.....بدرالدین سرہندی، خواجہ: حضرات القدس، مطبوعہ لاہور ۱۳۴۱ھ/ ۱۹۲۲ء

۵.....بدرالدین سرہندی، خواجہ: وصال احمدی، مطبوعہ سیالکوٹ ۱۳۹۶ھ

۶.....عبدالحق محدث دہلوی، شیخ: مجموعہ مکاتیب و الرسائل الی ارباب الکمال والفضائل، مطبوعہ دہلی ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۲ء

۷.....عبدالقادر بدایونی، ملا: منتخب التواریخ، مطبوعہ لاہور ۱۳۸۲ھ/ ۱۹۶۲ء

۸.....محمد اقبال مجددی: مقامات معصومی، جلد اول، مطبوعہ لاہور ۲۰۰۵ء

۹.....محمد ہاشم کشمی، خواجہ: زبدۃ المقامات، مطبوعہ کانپور ۱۳۰۷ھ/ ۱۸۸۹ء

☆.....☆.....☆





کشورِ سوم

جو کام ہمارے لیے مشکل ہیں جہاں میں
تیرے لیے آساں ہیں مجدد الف ثانی

(حفیظ قادری)


إن الله هو الرزاق ذو القوة المتين

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تفسیر مظہری میں
معارف واذکار امام ربانی مجدد الف ثانی

مفتی محمد جان نعیمی نقشبندی

(مہتمم دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ ملیر، کراچی)

☆☆

قرآن شریف میں حروف مقطعات، اور آیات متشابہات کے معانی، مفاہیم و اسرار کا علم، آیا صرف اللہ ربّ العالمین جل جلالہ کے ساتھ مخصوص ہے؟ یا اللہ ربّ العالمین جل جلالہ اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اور اپنی امت میں سے آپ کے اتباع کاملین میں سے جسے چاہتا ہے مطلع فرماتا ہے۔

اس بارے میں حضرت قاضی ثناء اللہ مجددی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (صاحب تفسیر مظہری) نے الٓمٓ کی تفسیر میں بعض مفسرین کے وہ اقوال نقل فرمائے جن میں یہ نظریہ پیش کیا گیا ہے کہ مقطعات اور متشابہات کے معانی و مفہوم و مراد کا صرف اللہ ربّ العالمین جل جلالہ کے ساتھ مخصوص ہے۔

اور اپنا نظریہ اس طرح بیان کرتے ہیں:

والحق عندی أنها من المتشابهات، وهی أسرار بين الله تعالیٰ و بين رسوله صلی الله عليه وسلم لم يقصد بها إفهام العامة، بل إفهام الرسول صلی الله عليه وسلم و من شاء إفهامه من كل إتباعه الخ.

(تفسیر مظہری، جلد اول، صفحہ ۲۰، مطبوعہ دار احیاء التراث بیروت طبع اولیٰ ۲۰۰۴ء)

یعنی میرے نزدیک حروف مقطعات کے بارے میں قطعی اور حق بات یہ ہے کہ وہ متشابہات میں سے ہیں، اور یہ مخفی رموز واسرار میں سے ہیں جو اللہ رب العالمین جل جلالہ اور اس کے پیارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان واقع ہیں، جس سے عام لوگوں کو سمجھانا مقصود نہیں، بلکہ ان سے مقصودِ خدا تعالیٰ یہ ہے کہ اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے کامل متبعین میں سے جسے چاہے اس کو سمجھا دے۔

صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں جو دلائل و براہین پیش کیے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے:

وأدعى المجدّد للألف الثانی رضی اللّٰہ عنه أن اللّٰہ تعالٰی اظهر علیه تأویل المقطعات، وأسرارها، لکنها ممالا یمکن بیانها اللعامة الخ (تفسیر مظہری، جلد اول، صفحہ ۲۱، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے بھی اس بات کا دعویٰ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر حروف مقطعات، اور اس کے اسرار کی تأویل ظاہر کی ہے، لیکن ان کی تفسیر و بیان عام لوگوں کے لیے ممکن نہیں۔

صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس فرمانِ حقیقت سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

فإنه ینافی کونها سرّاً من أسرار اللّٰہ تعالٰی

(تفسیر مظہری، جلد اول صفحہ ۲۱، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان اس نظریہ کی نفی کرتا ہے کہ حروف مقطعات اسرار الٰہی میں سے ایک سر ہے، اور ان کا علم صرف اللہ تعالیٰ ہی کے ساتھ مختص ہے (کوئی اور اس پر مطلع نہیں)

واللّٰہ تعالٰی اعلم و رسوله باالصواب

حضرت مجدد الف ثانی کے نزدیک تمام اذکار میں تلاوت قرآن اور نفل نماز افضل ترین ذکر ہیں:

قولہ تعالیٰ (فَاذْكُرُونِيٓ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ)

(سورۃ البقرۃ، پارہ۲، آیت۱۰۲)

ترجمہ: تو میرا ذکر کرو میں تمہارا چرچا کردونگا اور میرے شکر گزار رہو اور کفران نعمت نہ کرو۔

حضرت صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ اس آیت مبارکہ کی تفسیر وتشریح میں اللہ جل جلالہ کے ذکر کی فضیلت اور ذکر کی کیفیت وشرائط بیان کرنے کے بعد صوفیاء کاملین کا موقف بیان کرتے ہیں:

قال: ومن أجل ذلک الأخبار أختار الصوفية العليّة،التهليل بالقلب، أوباللسان جهراً، أو إخفاتاً الخ

(تفسیر مظہری جلداول صفحہ۱۶۸مطبوعہ بیروت)

یعنی مذکورہ احادیث مبارکہ کی وجہ سے صوفیاء کاملین نے ذکر (لا الہ الا اللہ) کو پسند فرمایا خواہ وہ دل سے ہو یا زبان سے بلند آواز سے ہو یا آہستہ۔

آگے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا موقف بیان کرتے ہیں کہ آپ کے ہاں تمام اذکار میں تلاوت قرآن اور کثرت نوافل پسندیدہ عمل ہے، ایک تو اس لیے کہ قرآن شریف کی فضیلت خود زیادہ ہے، اور دوسرا اس لیے بھی کہ قرآن شریف اللہ تعالیٰ کی بلاواسطہ صفت حقیقیہ ہے، اور علیٰ وجہ القیاس یہ ایک رسی کی مثل ہے کہ ایک کنارہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور ایک ہماری طرف ہے۔

قال: وأما المجدد رضی اللّٰه عنه فالمختار عنده تلاوة القرآن لأن القرآن صفة حقيقة قايمة باللّٰه تعالىٰ بلاواسطة طرفه بيداللّٰه، وطرفه بأيدينا فمن استهلک فيه فلامزيد عليه الخ (تفسیر مظہری، جلداول، صفحہ۱۶۸، ۱۶۹مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک قرآن شریف کی تلاوت مختار ہے کیونکہ قرآن اللہ تعالیٰ کی بلاواسطہ صفت حقیقیہ ہے،

اس کا ایک کنارہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور ایک ہماری طرف جو اس میں فناء ہو گیا تو اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں

اور کثرت نوافل کے بارے میں فرماتے ہیں:

قال: فأما الصلاة فإنها معراج المؤمن، وغاية مقامات العابدين حقيقة الصلاة، والترقي هناك بكثرة الصلاة

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۱۶۹، مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: کثرت نوافل اس لیے پسندیدہ عمل ہے کہ نماز مؤمن کی معراج ہے، اور نماز کی کثرت سے درجات میں ترقی ہوتی ہے اور عابدوں کے مقامات کی انتہاء نماز کی حقیقت ہے

حضرت صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے اس فرمان کی تشریح یوں فرماتے ہیں:

لكن هذا بعد فناء النفس، وأما قبل الفناء فالمختار عنده الاقتصار على النفي، والاثبات لقوله تعالى: لَا يَمَسُّهُ، يعني القرآن إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ يعني من رذائل النفس والله اعلم

(تفسیر مظہری، جلد اول صفحہ ۱۶۹، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کا اذکار میں تلاوت قرآن اور کثرت نوافل کو اختیار کرنا بعد فناء نفس ہے، باقی قبل از فناء نفس تو آپ بھی ذکر نفی واثبات کو پسند فرماتے ہیں، کیونکہ تلاوت قرآن شریف میں مشغول ہونا قبل از نفس مناسب نہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ یعنی جو لوگ رذائل نفس سے صاف نہیں ہوئے ان کو تلاوت قرآن شریف سے زیادہ مناسب ذکر اللہ ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

حضرت مجدد الف ثانی اور عقیدہ برزخی حیات:

قولہ تعالی: (وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ) الآیۃ. (سورۃ البقرۃ پارہ نمبر۲، آیت نمبر۱۵۴)

ترجمہ: اور مت کہو اس کو جو قتل کیا جائے اللہ کی راہ میں مردہ، بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں شعور نہیں۔

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے بارے میں صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ آیت مبارک شہداء بدر کے بارے میں نازل ہوئی تھی جن میں چھے شہید مہاجرین میں سے تھے اور آٹھ، انصار میں سے ان کے بارے میں کچھ لوگ کہتے تھے کہ فلاں شخص فوت ہوگیا اور وہ دنیوی نعمت سے محروم ہوگیا، تو اللہ رب العالمین جل جلالہ نے ان کے اس وہم وگمان کے ازالہ اور ان کی حیات طیبہ اور بلندی درجات پر باخبر کرنے کے لیے یہ آیت مبارکہ نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری، جلد اول، صفحہ ۱۶۹، مطبوعہ بیروت)

اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ حیات شہداء کے بارے میں فرماتے ہیں۔

يعني إن الله تعالىٰ يعطي لأرواحهم قوة الأجساد فيذهبون من الأرض، والسماء، والجنة، حيث يشاؤن، وينصرون أوليائهم ويدمّرون أعدائهم إن شاء الله تعالىٰ، ومن أجل ذلك الحياة لاتأكل الأرض أجسادهم ولاأكفانهم الخ

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۱۶۹، ۱۷۰، مطبوعہ بیروت)

یعنی اللہ تعالیٰ جل جلالہ (شہداء) کی ارواح کو جسم جیسی طاقت عطا فرماتے ہیں، جس کے ذریعہ وہ زمین، آسمان، جنت اور جہاں بھی چاہیں سیر کرتے ہیں، اپنے دوستوں کی مدد کرتے ہیں اور اپنے دشمنوں کو ہلاک و برباد کرتے ہیں اور اسی حیات کی وجہ سے زمین ان کے جسم اور کفن کو نہیں کھاتی۔

مذکورہ بالا آیت مبارکہ کے ظاہری الفاظ سے بعض حضرات نے استدلال کیا کہ یہ حیات صرف شہداء کے ساتھ مخصوص ہے (تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۱۷۰، مطبوعہ بیروت) لیکن صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس استدلال اور نظریہ کی سختی سے تردید فرمائی اور اپنا نظریہ واضح الفاظ میں اس طرح بیان فرمایا:

قال: والحق عندی عدم اختصاصها بهم، بل حیات الانبیاء أقوی منهم، وأشد ظهورهم، آثارها في الخارج حتی لا یجوز النکاح بأزواج النبی صلی اللّٰه علیه وسلم بعد وفاته، بخلاف الشهید، والصدیقون أیضاً أعلی درجة من الشهداء، والصالحون یعنی الأولیاء ملحقون بهم، کمایدل علیه الترتیب فی قوله تعالٰی (مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ) ولذلک قالت الصوفیة العلیة، أورواحنا أجسادنا، وأجسادنا أرواحنا الخ

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۱۷۰)

یعنی میرے نزدیک حق اور سچ بات یہ ہے کہ (برزخی) حیات صرف شہداء کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، بلکہ حیات انبیاء ان سے زیادہ قوی اور مضبوط تر ہے، اس کا خارجی اثر یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات سے نکاح، آپ کی وفات کے بعد بھی جائز نہیں، جبکہ شہید کی زوجہ سے نکاح جائز ہے۔ اور صدیقین بھی برزخی حیات میں شہداء سے اعلیٰ درجہ میں ہیں، اور صالحین (یعنی اولیاء اللہ) یہ شہداء کے ساتھ ملحق ہیں۔ جیسا کہ قرآن شریف نے فرمان باری تعالیٰ کو بالترتیب (ان کے مقامات) کو ذکر کیا یعنی جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا وہ انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین ہیں، اسی وجہ سے صوفیاء کاملین نے فرمایا: ہماری ارواح، ہمارے جسم ہیں، اور ہمارے جسم ہماری ارواح ہے۔

صاحب تفسیر مظہری آگے لکھتے ہیں:

وقدتواتر عن كثير من الأولياء أنهم ينصرون أولیائهم ويدمّرون أعدائهم ويهدون إلى الله تعالىٰ من يشاء الله تعالىٰ الخ (تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۱۷۰، مطبوعہ بیروت)

یعنی کثیر اولیاء کرام سے (بعد از وفات) یہ ثابت ہے کہ وہ اپنے دوستوں کی مدد کرتے ہیں، اور اپنے دشمنوں کو ہلاک وتباہ کرتے ہیں، اور جس کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوتا ہے اسے راہ خدا دکھاتے ہیں۔

آگے صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ اپنے اس موقف اور نظریہ کی تائید میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے فرمان عالی سے استدلال کرتے ہیں:

قال و قد ذكر المجدّد رضى الله عنه أن أرباب كمالات النبوة بالوراثة، (قلت وهم الصديقون و المقربون فى لسان الشرع) يعطى لهم من الله تعالىٰ وجوداً موهوباً

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۱۷۰، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ارباب کمالات نبوت (اصطلاح شریعت میں انہیں صدیقین اور مقربین کہتے ہیں) کو وراثتاً اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک وجود وھبی عطا ہوتا ہے۔

حاصل کلام:

مذکورہ بالا تحقیق سے صاحب تفسیر مظہری حضرت قاضی ثناء اللہ مجددی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مسئلہ کو واضح کیا کہ برزخی زندگی صرف شہداء سے مخصوص نہیں بلکہ انبیاء کرام، صدیقین اور اولیاء کرام کے لیے بھی ثابت ہے اور یہی نظریہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی (قدسنا اللہ بسرہ السامی) کا ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

اہل بیت کے وسیلہ کے بغیر کوئی بھی درجہ ولایت حاصل نہیں کرسکتا:

قولہ تعالیٰ: (وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَ اَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَ فِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَ مَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ) الآیۃ

(سورۃ آل عمران پارہ ۴، آیت ۱۰۱)

ترجمہ: اور تم کیسے کفر کرو گے حالانکہ تم ہو کہ تلاوت کی جاتی ہے تم پر اللہ کی آیتیں، اور تم میں اللہ کا رسول ہے، اور جو مضبوط پکڑے اللہ کو تو بے شک اس کو سیدھی راہ کی ہدایت دی گئی۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر وتشریح میں صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ نے وہ احادیث مبارکہ بھی نقل فرمائیں جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گمراہیت سے بچنے کے لیے دو چیزوں سے وابستگی کو لازم فرمایا:

ایک: کتاب اللہ (قرآن) یعنی جو اس کے حکم پر چلے گا ہدایت پر ہوگا جو اس کو چھوڑے گا گمراہ ہوگا۔

دوسرا: عترت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم (یعنی اہل بیت) آگے لکھتے ہیں.....

کہ راہ ہدیٰ کے لیے کتاب اللہ کے علاوہ اہل بیت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وابستگی کا مشورہ کیوں دیا۔

(تفسیر مظہری، جلد دوم صفحہ ۱۰۵، مطبوعہ بیروت)

اس کے جواب میں صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کا نظریہ بیان کرتے ہیں:

قلت: أشار النبی صلی اللّٰه علیه وسلم إلی أهل البیت لأنهم أقطاب الإرشاد في الولایات، أولهم علی علیه السلام ثم أبناء الی الحسن العسکری، وآخرهم غوث الثقلین محی الدین عبدالقادر الجیلانی رضی اللّٰه عنهم أجمعین، لایصل أحدمن الأولین، والآخرین إلی درجة الولایة إلا بتوسطهم، کذاقال المجدد رضی اللّٰه عنه

(تفسیر مظہری جلد سوم، صفحہ ۱۰۶)

یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت کے ساتھ وابستگی کا مشورہ اس لیے دیا کہ اہل بیت ہی ولایت کے سلسلے میں راہنمائی کے قطب ہیں ان کے وسیلہ جلیلہ کے بغیر کوئی بھی درجہ ولائیت تک نہیں پہنچ سکتا، اس میں اوّل حضرت علی علیہ السلام ہیں، پھر آپ کے بیٹے ہیں، حسن عسکری تک یہ سلسلہ آتا ہے اور آخرت غوث الثقلین محی الدین عبدالقادر جیلانی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، یہی فرمان ہے حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

اس کے بعد صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ اولیاء کرام اور علماء حقہ سے وابستگی اور ان کی اتباع کے بارے میں فرماتے ہیں:

ثم اولیاء أمة النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعلماؤھا کلھم أتباع لأھل البیت داخلون فیھم بحکم الوراثة قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم العلماء ورثة الانبیاء

(تفسیر مظہری، جلد دوم، صفحہ ۱۰۶ مطبوعہ بیروت)

یعنی اہل بیت کے بعد اولیاء اور علماء امت کا درجہ ہے جو وراثتاً اہل بیت کے حکم میں داخل ہیں کیونکہ یہ سب اہل بیت کے تابع ہیں۔ (جیسا کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ علماء انبیاء کے وارث ہیں۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

حضرت مجدد الف ثانی مقام خلّت پر فائز ہیں:

قولہ تعالیٰ: (وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا)

(سورۃ النساء پارہ ۵، الآیۃ ۱۲۵)

ترجمہ: اور بنالیا اللہ نے ابراہیم (علیہ السلام) کو خاص دوست۔

صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ، لفظ خلیل کی معنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے قول سے کرتے ہیں۔

قال المجدد رضی اللّٰہ عنہ: الخلیل ھو النديم الذی یعرض المرء علیه أسرار محبّه ومحبوبه الخ

(تفسیر مظہری جلد دوم، صفحہ ۴۶۲، مطبوعہ بیروت)

یعنی خلیل وہ ہم نشین ہے جن کے سامنے آدمی اپنے محبّ ومحبوب کے راز ظاہر کرے۔

مذکورہ بالا آیت کریمہ کی تشریح میں حضرت صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ مقام خلّت اور مقام محبوبیت (یعنی مقام خلیل اللہ اور مقام حبیب اللہ) کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

ہمارے پیارے نبی کریم سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ خلّت کے مقام سے ارفع واعلیٰ تھا۔ آپ کا درجہ خالص محبوبیت کا درجہ ہے، مقام خلّت سے آپ کا گذر ہوا آپ نے اسے عبور کیا، اسی گذر اور عبور کی وجہ سے آپ نے اپنے کو خلیل اللہ فرمایا کہ: لو کنت متخذًا خلیلاً لإتخذت أبابکر ولکنه أخی و صاحبی وقد اتخذ اللّٰہ صاحبکم خلیلاً (رواہ مسلم)

یعنی اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کو بناتا لیکن ابوبکر میرے بھائی اور ساتھی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے صاحب کو اپنا خلیل بنایا

اور ترمذی شریف کی روایت میں ہے:

ألا وصاحبکم خلیل اللّٰہ (الحدیث)

سن لو تمہارا صاحب خلیل اللہ ہے۔

(تفسیر مظہری جلد دوم، صفحہ ۴۶۳، مطبوعہ بیروت)

آگے مزید وضاحت فرماتے ہیں:

لکن لأجل عدم إستقراره فی هذا المقام لعلو شأنه وعدم إقتضاء المحبوبیة بعدما إرتفع عن هذا المقام غیر أنه کان

طالباً لحصول ذلک المقام بالتفصیل لبعض أتباعه حتی یکون ذلک التفصیل معدوداً فی کمالہ بناءً علی أن کمالات الإتباع نبذمن کمال المتبوع قال العلماء من اهل سنة بالإجماع فی کتب اصول الدین کرامات الأولیاء معجزات لنبیه الخ

(تفسیر مظہری جلد دوم، صفحہ ۴۶۳ مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: لیکن بسبب بلندی مقام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام خلّت میں استقرار نہ تھا، اور مقام محبوبیت اپنی بلندی کی وجہ سے مقام خلّت کا اقتضاء نہیں کرتا لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعض متبعین کے لیے تفصیلی مقام خلّت کے طلب گار اور دعا گو تھے، تاکہ ان متبعین کے تفصیلی کمالات کا شمار آپ کے کمال میں ہو جائے کیونکہ متبعین کے کمالات رہبر و راہنما کے کمال کا کچھ حصہ ہوتے ہیں، جیسا کہ علماء اہل سنت کا (کتب اصول دین میں) اجماعی فیصلہ ہے کہ اولیاء کرام کی کرامتیں نبی کے معجزات ہوتی ہیں۔

آگے لکھتے ہیں قال علیہ السلام:

من سنّ سنة جسنة فله أجرها وأجرمن عمل بها من غیر آن ینقص من أجورهم شئ (رواہ الترمذی)

یعنی جس نے کوئی اچھا طریقہ ایجاد کیا اس کو بھی اس طریقہ پر چلنے کا ثواب ملے گا اور جو لوگ اس طریقہ پر عمل کریں گے ان کا بھی ثواب ملے گا مگر ان لوگوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی

وقال علیه الصلاة والسلام الدال علی الخیر کفاعل (رواہ البخاری)

یعنی نیکی کا راستہ بتانے والا بھی نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

ان روایات سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ویرشدک ماروینا أن أعمال الأمة و کمالا تهم داخلة فی أعمال النبی صلی اللّٰه علیه وسلم و کماله الخ

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۲۶۴، مطبوعہ، بیروت)

یعنی مذکورہ روایات سے ثابت ہوا کہ امت کے اعمال (حسنہ) اور کمالات، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال وکمالات میں داخل ہیں۔

آگے لکھتے ہیں:

ولطلب ذلک التفصیل له ولأتباعه قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فی الصلاة والماثورة: اللّٰهم صلّ علی محمّد وّ ال محمّد کما صلّیت علی ال ابراهیم و علی ال ابراهیم الخ

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۲۶۴، مطبوعہ بیروت)

یعنی ان تفصیلی کمالات کو طلب کرنے کے لیے اپنے لیے اور اپنے متبعین کے لیے اس طرح دعا فرمائی: اے اللہ درود بھیج (حضرت) محمد پر اور ال محمد پر جس طرح درود بھیجا (حضرت) ابراہیم پر اور ال ابراہیم پر

آگے فرماتے ہیں:

فاستجاب اللّٰه تعالی هذا الدعاء وأعطی بعد ألف سنة ذلک للمجدّد رضی اللّٰه عنه فاستقر فی مقام الخلة واتصف بتفصیله الخ (تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۲۶۴)

یعنی اللہ تعالیٰ نے (اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی) اس دعاء کو قبول فرمایا اور ہزار برس کے بعد یہ مقام (خلّت) حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کو عطاء فرمایا۔ اور آپ مقام خلت میں مستقر ہوئے اور تفصیلی خلت سے موصوف ہوئے۔

آگے فرماتے ہیں۔

هذا أمر ثبت بالكشف الصحيح ولا علينا لو أنكره أحد وإنما كلامنا مع من (يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ، اُولٰئِکَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰئِکَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ)

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۲۶۴ مطبوعہ بیروت)

یعنی یہ مقام خلّت (حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کے لیے) صحیح کشف سے ثابت ہے اگر کوئی اس کا انکار کرتا ہے کرے ہماری گفتگو ان لوگوں سے ہے (جن کے بارے میں فرمان الٰہی ہے) جو بات سنتے ہیں اور اچھی بات پر چلتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور یہی لوگ عقلمند ہیں۔

آگے لکھتے ہیں:

إنما ذكرت هذا الكلام لأن بعض قاصري الأفهام كانوا يعترضون على كلام المجدد رضي الله عنه في هذا المقال ويزعمه مستحيلاً، وكفراً، والإنسان عدو لما جهل وبما ذكرنا لك اتّضح أن هذا القول دعوى أمر ممكن يقتضي الحسن الظن بالأكابر قبوله أو السكوت عنه الخ

(تفسیر مظہری جلد اول، صفحہ ۲۶۴، مطبوعہ بیروت)

یعنی میں نے (مذکورہ بالا) بات اس لیے ذکر کی کہ بعض کم فہم لوگ حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کے کلام پر اعتراض کرتے ہیں اس مقام پر آپ نے جو کچھ فرمایا اسے محال اور کفر قرار دیتے ہیں (معاذ اللہ) اور ہم نے جو ذکر کیا ہے اس سے یہ بات واضح ہوئی کہ حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے جو کچھ اس مقام پر ذکر فرمایا وہ ناممکن اَمر کا دعوٰی نہیں ہے، اکابرین سے حسن ظن کا تقاضا یہی ہے کہ اس کو تسلیم کیا جائے یا سکوت اختیار کیا جائے (نہ کہ اس پر طعن، اعتراض کیا جائے)

آگے لکھتے ہیں:

وما ذکرنامن استقرار المجدد رضی اللّٰہ عنہ فی مقام الخلۃ لاینافی ترقیاتہ من ذلک المقام و سیرہ و عبورہ بالتبعیۃ والوراثۃ الی مقام المحبوبیۃ الصرّفۃ فإن السیر والعبور غیر الاستقرار والمقام، واللّٰہ و اعلم

(تفسیر مظہری جلد دوم، صفحہ ۴۶۵)

یعنی ہم نے جو اوپر ذکر کیا کہ حضرت مجدد رضی اللہ عنہ مقام خلّت پر مستقر تھے اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ آپ اس مقام سے آگے ترقی نہیں کر سکتے کیونکہ آپ کی سیر و گزر بالتبع اور بالواسطہ مقام محبوبیت کی طرف تھی۔

آخر میں صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ علیہ اس بات کی بھی وضاحت فرما رہے ہیں:

قال: ولایلزم من رسوخ بعض أکابر الصحابہ، وائمۃ أھل البیت فی مقام المحبوبیۃ الصرّفۃ فضلھم علی ابراھیم علیہ السلام لأن وصول الصحابۃ والأئمۃ إلی مقام المحبوبیۃ کان بالتبعیۃ والوراثۃ، وما کان لابراھیم علیہ السلام کان بالأصالۃ، وشتان لما بینھما

یعنی بعض جلیل القدر صحابہ کرام اور ائمہ اہل بیت مقام محبوبیت پر فائز تھے اس سے یہ بات ہرگز ثابت نہیں ہوتی کہ ان کا مقام حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اونچا ہے کیونکہ ان حضرات کو جو مقام ملا وہ بالتبع اور بالواسطہ ملا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جو مقام ملا وہ بالذات اور بلا واسطہ تھا ان دونوں میں بڑا فرق ہے

(تفسیر مظہری جلد دوم، صفحہ ۴۶۵، مطبوعہ بیروت)

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

تمام اولیاء کرام اور صحابہ کرام مقام ولایت میں حضرت علی کے تابع ہیں:

قولہ تعالیٰ: (أَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ، الآية (۱۷، سورۃ ھود پارہ ۱۲)

ترجمہ: کیا تو جو ہو اپنے پروردگار کی طرف سے روشن دلیل پر اور بیان کرتا ہو اس کو اللہ کی طرف سے آیا ہوا گواہ۔

صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت مبارکہ میں لفظ شاہد کے تشریحی مراد میں چند اقوال نقل فرمائے ہیں۔

(۱)..... ابن جریر، ابن المنذر، ابوالشیخ، اور ابن مردویہ، نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ شاہد سے مراد حضرت جبریل امین علیہ السلام ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کردہ کتاب تلاوت کرتے تھے۔

(۲)..... حضرت حسن بصری، اور حضرت قتادہ، کے قول کے مطابق شاہد سے مراد خود ذات رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

(۳)..... بعض مفسرین ومحدثین کا یہ بھی قول ہے کہ شاہد سے مراد سیدنا علی رضی اللہ عنہ ہیں، جیسا کہ امام بغوی رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا۔

قال علی رضی اللّٰہ عنہ مامن رجل من قریش إلا وقد نزلت فیہ آیۃ من القرآن، فقال: لہ رجل و أنت أی شیٔ نزل فیک قال: (وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ)

یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہر قریشی کے متعلق کوئی نہ کوئی آیت ضرور نازل ہوئی ہے، کسی نے پوچھا حضرت آپ کے متعلق کون سی آیت نازل ہوئی ہے فرمایا (یہ آیت) وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ

(تفسیر مظہری، جلد چہارم، صفحہ ۳۸۳، مطبوعہ بیروت)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شاہد ہونے کی وجہ سے صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے مکتوبات سے اخذ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

فإن قيل فما وجه تسمية علي بالشاهد. قلت: لعل وجه ذلك أنه أول من أسلم من الناس فهو أول من شهد بصدق النبي صلى الله عليه وسلم الأوجه عندي أن يقال: أن علياً رضي الله عنه كان قطب كمالات الولاية، وسائر الاولياء حتى الصحابة رضوان الله عليهم اتباع له في مقام الولاية، وافضلية الخلفاء الثلاثة بوجه آخر، كذا حقق المجدد رضي الله عنه في مكتوب من أواخر مكتوباته الخ.

(تفسیر مظہری، جلد چہارم، صفحہ ۳۸۳، مطبوعہ بیروت)

یعنی اگر کوئی پوچھے کہ حضرت علی کو شاھد کہنے کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟ تو میں نے کہا کہ اس کی توجیہ شاہد یہ ہے کہ لوگوں میں سب سے پہلے آپ ایمان لائے تو اس اعتبار سے آپ نے سب سے پہلے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت پر شہادت دی، میرے نزدیک اور اس سے زیادہ مضبوط وجہ آپ کو شاہد کہنے کی یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تمام کمالات ولایت کے مرکز تھے، تمام اولیاء کرام حتیٰ کہ تمام صحابہ کرام مقام ولایت میں آپ کے تابع ہیں، خلفاء ثلاثہ کی افضلیت آپ پر کسی اور وجہ سے ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

اہل جنت کو اپنے مراتب کے مطابق دیدار اللہ رب العالمین ہوگا:

قولہ تعالیٰ، ﴿وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا﴾

(الآیۃ ۱۰۸، سورۃ ھود، پارہ ۱۲)

ترجمہ: اور جو نیک بخت کیے گئے وہ جنت میں ہیں اور اس میں ہمیشہ رہنے والے۔

حضرت صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ مذکورہ آیت مبارکہ کی تشریحی مراد میں امکان رویت باری تعالیٰ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

میرے نزدیک مختار قول یہ ہے کہ اہل جنت کو بعض اوقات میں وہ بلند مقام عطا کیا جائے گا جو جنت سے بھی اعلیٰ ہوگا۔

وذلک هو الاستغراق فی رؤية الله تعالیٰ و کمال لاتصال بجنابه بلاکیف الخ

(تفسیر مظہری جلد چہارم، صفحہ ۴۲۷، مطبوعہ بیروت)

یعنی وہ مقام اللہ رب العالمین کے دیدار میں استغراق اور ذات اقدس سے کامل اتصال ہے۔ الخ

اس بارے میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے قول سے اکتساب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

وقال المجدد لالف ثانی رضی الله عنه فی تحقیق سرّ إشتغال قلب یعقوب بمحبة یوسف علیهما السلام أن جنة کل رجل عبارة عن ظهور اسم من أسماء الله تعالیٰ الذی هو مبداء التعین ذلک الرجل، وأن ذلک الاسم یتجلی بصورة الأشجار، والأنهار، والقصور، والحور، والغلمان، ویستحکم هذا المکشوف بقوله صلی الله علیه وسلم ان الجنة طیّبة التربة، عذبة الماء، وأنها قیعان وأن غراسها هذه یعنی: سبحان الله، والحمدلله، ولااله الا الله والله اکبر،

(تفسیر مظہر جلد چہارم، صفحہ ۴۲۷، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے یعقوب علیہ السلام کے دل یوسف علیہ السلام کی محبت میں مشغول ہونے کے اسرار کی حقیقت کی تشریح کے ذیل میں لکھا ہے کہ اسماء باری تعالیٰ میں سے جو اسم مبارکہ

جس آدمی کا مبدء تعین ہوتا ہے اس اسم کا ظہور اس آدمی کی جنت ہے، اور اس اسم کی تجلی درختوں، نہروں، محلات اور حوروغلماں کی شکل میں ہوگا، اس بات کی تائید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول مبارک سے ہوتی ہے کہ جنت کی مٹی پاکیزہ ہے اور پانی میٹھا ہے، وہاں (کھلا میدان ہے) اور اس کے پودے سبحان اللّٰہ والحمدللّٰہ ولا الہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر ہیں۔

آگے لکھتے ہیں:

ثم قال المجدد رضی اللّٰہ عنہ ان تلک الأشجار، والأنہار، قدتصیر فی حین من الأحیان علی ہیئۃ الإجرام الزجاجیۃ، فتصیرونسیلۃ الی رؤیۃ اللّٰہ سبحانہ غیر متکیفۃ ثم تعود الی حالہا الذی کانت علیہ فیشغل المؤمن بنفسہار وہکذا إلی أبدا الآبدین (تفسیر مظہری جلد چہارم، صفحہ ۴۲۷، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کبھی یہ درخت اور نہریں زجاجی (شیشہ) اجسام کی شکل اختیار کریں گے اور اللہ رب العالمین کے بے کیف دیدار کے حصول کا ذریعہ ہو جائیں گی پھر اپنی اصلی شکل کی طرف لوٹ آئیں گی اور مؤمن انہیں میں مشغول ہوگا اور ہمیشہ اس طرح ہوتا رہے گا۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

تحدیثِ نعمت کی خاطر اپنے لیے مراتب کا ذکر کرنا خودستائی نہیں:

قولہ: (وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِیْ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ)

(آیت ۳۸، سورہ یوسف، پارہ ۱۲)

اور میں نے باپ دادا ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے دین کی اتباع کی ہے۔

حضرت صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ علیہ نے اس آیت مبارکہ میں اس وہم کا ازالہ کیا ہے کہ یوسف علیہ السلام کی یہ بات خودستائی کے ذیل میں نہیں آتی کیونکہ اعمال کا دارومدار نیت پر موقوف ہے، ویسے بھی انبیاء کرام کو تحدیث نعمت کا حکم دیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔

(وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّکَ فَحَدِّث) (تفسیر مظہری، جلد پنجم، صفحہ ۳۵، مطبوعہ بیروت)

آگے فرماتے ہیں:

فویل للذین یطعنون علی أولیاء اللّٰہ تعالیٰ مثل المجدد للالف الثانی رضی اللّٰہ عنہ حیث ذکر و اترا قیاتھم و مدارج قربھم من اللّٰہ تعالیٰ و ماأفضل اللّٰہ تعالیٰ علیھم حسداً و جھلاً (تفسیر مظہری جلد پنجم، صفحہ ۳۵، مطبوعہ بیروت)

یعنی افسوس ہے ان لوگوں پر جو بطور نادانی یا حسد کی وجہ سے اولیاء اللہ پر اس وقت طعن کرتے ہیں جب یہ اولیاء اللہ اپنے مراتب قرب، اور مدارج کا ذکر کیا کرتے ہیں (جیسا کہ حضرت مجدد الف ثانی پر طعن کرتے ہیں) کیونکہ حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کا اپنے لیے مراتب قرب مدارج کا ذکر کرنا خودستائی کی وجہ سے نہیں بلکہ تحدیث نعمت کی وجہ سے ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

نیک مومن مرد وعورت کو پاکیزہ زندگی اور نیک کاموں کا اجر وثواب ملتا ہے:

قولہ: (مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَ ھُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْیِیَنَّهٗ حَیٰوةً طَیِّبَةً وَلَنَجْزِیَنَّھُمْ اَجْرَھُمْ بِاَحْسَنِ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

(آیت ۹۷، پارہ ۱۴، سورۃ النحل)

ترجمہ: جس نے کام کیا لیاقت والے کا مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان والا ہے تو ضرور ہم اسے زندہ رکھیں گے پاکیزہ زندگی کے ساتھ اور ضرور ہم دیں گے انہیں ان کا ثواب ان کے سب سے اچھے کام کے لائق۔

حیات طیبہ کے بارے میں مختلف اقوال ذکر کرنے کے بعد صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ اپنا

مؤقف اس طرح بیان کرتے ہیں:

قلت: والأ ولی ان یقال إن العبد إذا أحب اللّٰہ تعالٰی فکل ماوصل الیہ من المحبوب من حلاوۃ،أومرارۃ یلتذبہ

(تفسیر مظہری جلد پنجم، صفحہ ۲۲۵، مطبوعہ بیروت)

یعنی میرے نزدیک حیات طیبہ کے بارے میں پسندیدہ قول یہ ہے جب بندہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے تو محبّ کو محبوب کی طرف سے جو کچھ پہنچتا ہے خواہ وہ تلخی ہو یا شیرینی وہ اس سے لذت اندوز ہوتا ہے۔

اس بارے میں حضرت امام ربانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

قال المجدد رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ إیلام المحبوب ألذّللمحب من إنعامہ فإن المراد فی الإنعام کان کائن علی مرادہ، و فی الإیلام کائن علی مراد المحبوب و مراد المحبوب أحب عندہ من مراد نفسہ (تفسیر مظہری، جلد پنجم، صفحہ ۲۲۵، مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ محبّ کو محبوب کی طرف سے جو تکلیف پہنچتی ہے وہ محبوب کی طرف سے آنے والی خوشی سے زیادہ لذیذ ہوتی ہے کیونکہ تکلیف تو صرف محبوب کی رضا ہوتی ہے اور خوشی میں ذاتی مقصد ہوتا ہے اور محبّ کو محبوب کی مرضی ہی سب سے پیاری ہوتی ہے۔

مولانا رومی قدس سرہ نے فرمایا:

عاشقم برلطف و بر قہرت بجد
اے عجب من عاشقم برہر دو ضد
ناخوش از وے خوش بود در جانِ من
جانفرائے یار جانِ رنجانِ من

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خلّت اور دوستی:

قولہ:(وَاٰتَیْنٰہُ فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً اِنَّہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ) (آیت ۱۲۲، پارہ ۱۴، سورۃ النحل)

ترجمہ: اور ہم نے (ابراہیم علیہ السلام کو) دنیا میں بھلائی دی تھیں اور بے شک وہ آخرت میں ضرور لیاقت والوں میں سے ہیں۔

حسنۃ کی تفسیر میں حضرت صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

یعنی الرسالۃ و الخلۃ یعنی رسالت اور خالص دوستی۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حسنۃ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

قال المجدد رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ المراد بھا الخلّۃ فإن کل أحد یظھر علی خلیلہ کل سرّلہ بمحبّہ أو محبوبہ، ولأجل ذلک طلب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم صلاۃ مثل الصلاۃ علیہ فقال اللّٰھم صل علٰی محمد و آل محمد کما صلیت علٰی ابراھیم و آل ابراھیم

(تفسیر مظہری جلد پنجم، صفحہ ۲۲۵، مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا حسنہ سے مراد خلّت (خالص دوستی) ہے کیونکہ ہر شخص اپنے خلیل پر ان اسرار کو ظاہر کرتا ہے جو محبّ یا محبوب سے تعلق رکھتے ہیں اس وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لیے اور اپنی آل کے لیے نزول رحمت کی دعا کی تھی جو حضرت ابراہیم اور ان کی آل پر نازل ہوئی آپ نے دعا فرمائی۔

اللّٰھم صلی علیٰ محمّد صلی اللّٰہ علیہ وسلم اللّٰھم صل علٰی محمد و آل محمد کما صلیت علٰی ابراھیم و آل ابراھیم. الخ

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

تہجد کی نماز مقامِ شفاعت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ:

قولہ: (عَسٰی أَن یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَاماً مَّحْمُوْداً)

(آیت ۷۹ سورہ بنی اسرائیل، پارہ ۱۵)

ترجمہ: عنقریب تمہاری جگہ بنائے گا تمہارا پروردگار مقام محمود کو۔

مذکورہ آیت کریمہ کی تفسیر وتشریح میں شفاعت انبیاء علیہم السلام کے بارے میں متعدد احادیث مبارکہ مفصل بیان کی گئی ہیں اس بحث میں صاحب تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ حصول مقام شفاعت کے لیے حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے قول سے اکتساب کرتے ہیں:

قال المجدد للالف الثانی رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ تعقیب قولہ تعالٰی (عَسٰی أَن یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَاماً مَّحْمُوْداً) بعد قولہ (ومن اللیل فتھجدبہ نافلۃ لک) یشعر بال لصلاۃ التھجد مدخلاتاما فی قیام الرجل مقام الشفاعۃ واللّٰہ اعلم

(تفسیر مظہری، جلد پنجم، صفحہ ۳۲۶، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ رب العالمین نے پہلے ومن اللیل فتھجد الخ فرمایا اس کے بعد عسی ان یبعثک الخ فرمایا مذکورہ ترتیب سے معلوم ہوتا ہے کہ تہجد کی نماز کو مقام شفاعت حاصل کرنے میں کامل دخل ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

حضرت موسیٰ علیہ السلام اہل محبت کے پیشوا اور

ہمارے نبی علیہ الصلوۃ والسلام محبوبوں کے سردار:

قولہ: (وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّی)

(سورۃ طٰہٰ، پارہ سولہ، آیت ۳۹)

ترجمہ: اور ڈال دی میں نے تم پر اپنی محبت۔ (یعنی میں نے تجھ پر اپنی محبت ڈال دی تجھ سے محبت کی اور ظاہر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے محبت کی تو لوگوں کے دلوں میں بھی آپ کی محبت پیدا ہوگئی)

مذکورہ آیت مبارکہ کی تشریح میں حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کا قول نقل کرتے ہیں:

قال المجدد للالف الثانی رضی اللّٰہ کان مبداتعین الکلیم صلوات اللّٰہ علیہ المحبیۃ الصرفۃ ومبداء تعین الحبیب محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم المحبوبیۃ الصرفۃ فلاجل ذلک کان الکلیم علیہ السلام رأس المحبیب والحبیب صلی اللّٰہ علیہ وسلم رأس المحبوبین.

(تفسیر مظہری، جلد ششم، صفحہ ۶۷، مطبوعہ بیروت)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کلیم اللہ کا مبداء تعین خالص محبت ہے اس وجہ سے (حضرت موسیٰ علیہ السلام) اہل محبت کے پیشوا ہوگئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبداً تعین خالص محبوبیت ہے اس وجہ سے آپ محبوبوں کے سردار قرار پائے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

حضرت مجدد الف ثانی کی تخلیق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خمیر سے ہوئی ہے:

قولہ تعالیٰ: مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَ فِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى الآیۃ (سورۃ طٰہٰ، پارہ سولہ، آیت ۵۵)

ترجمہ: اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا فرمایا اور اسی میں دوبارہ کریں گے ہم تمہیں، اور اسی سے نکالیں گے ہم تمہیں دوبارہ۔

صاحب تفسیر مظہری مذکورہ آیت کریمہ کی تفسیر وتشریح میں وہ احادیث مبارکہ نقل کرتے ہیں جن سے یہ بات بخوبی واضح ہوتی ہے کہ بعض افراد کی تخلیق انبیاء کرام علیہم السلام کے خمیر سے ہوتی ہے، صوفیائے کرام کی اصطلاح میں اس کو اصالۃ الطینۃ کہا جاتا ہے بلکہ بعض کاملین کی تخلیق خصوصیت کے ساتھ رسول

کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خمیر کے ساتھ ہوتی ہے، صوفیائے کرام کی اصطلاح میں اسے اصالۃ الکبریٰ کہا جاتا ہے، آگے فرماتے ہیں:

وقدادعی الاصالة الکبریٰ الشیخ احمد مجدد للالف الثانی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه بمکشوفه واعتراض بذلک الدعویٰ علیه رضی اللّٰہ عنه بعض الناس اماجهلاً او عناداً فویل لمن عاند اولیاء اللّٰہ ولم یذهب علیحسن الظن فی شانهم واللّٰہ اعلم

(تفسیر مظہری، جلد ششم صفحہ ۴۷)

یعنی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے اپنی کشف کے ذریعہ اصلت کبریٰ کا دعویٰ کیا ہے اس پر بعض لوگوں نے اعتراض کیا، یا جہالت (کم علمی) کی وجہ سے یا بطور عناد کی وجہ سے، افسوس ہے ان لوگوں پر جو اولیاء اللہ سے عناد کرتے ہیں اور ان کے بارے میں حسن ظن سے کام نہیں لیتے۔

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ بالصواب

ولایت انبیاء نبوت سے افضل ہے:

قوله تعالیٰ: (قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَکَ مِنْ بَعْدِکَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ) (سورۃ طٰہٰ آیت ۸۵ پارہ سولہ)

ترجمہ: ہم نے آزمایا تمہاری قوم کو تمہارے بعد اور انہیں سامری نے گمراہ کر دیا ہے۔

اس آیت مبارکہ کی تفصیل وتشریح میں صاحب تفسیر مظہری صوفیائے کرام کے اس قول کو نقل فرماتے ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ ولایت انبیاء ان کی نبوت سے افضل ہے کیونکہ ولایت کا تقاضی استغراق فی اللہ اور توجہ الی اللہ ہے اور نبوت کا تقاضی دعوت الی اللہ ہے مخلوق کی طرف توجہ کرنا (اور ظاہر ہے مخلوق کی طرف توجہ کرنے سے خالق کی طرف توجہ کرنا افضل ہے) اس بارے میں حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کا قول نقل کرتے ہیں۔

والتحقيق ماحقق المجدد للالف الثانی رضی اللّٰہ عنہ، ان النبوة هی الافضل من الولاية مطلقاً اذالولاية عبارة عن التجليات الصفاتية والنبوت عن التجليات الذاتية فاين لهذا من ذلک

(تفسیر مظہری، جلد ششم صفحہ ۸۵)

یعنی تحقیق وہ ہے جو حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبوت ولایت سے مطلقاً افضل ہے کیونکہ ولایت تجلیات صفاتی سے تعبیر ہے اور نبوت تجلیات ذاتیہ سے لہٰذا ان دونوں میں بڑا فرق ہے۔

مذکورہ بات کو مزید سہل کرتے ہوئے حضرت مجدد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبوت اور ولایت دونوں کے دو رخ ہیں (۱) عروج (۲) نزول، مرتبہ عروج میں دونوں کی توجہ خالصۃً اللہ کی طرف ہوتی ہے تاکہ خود ان کو کمال ذاتی اور ترقی مرتبہ حاصل ہو، اور مرتبہ نزول میں دونوں کی توجہ مخلوق کی طرف ہوتی ہے تاکہ اوروں کو کامل بنا سکیں اور ان کو اکتساب فیض کا موقع مل سکے۔

(تفسیر مظہری جلد ششم صفحہ ۸۵)

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

☆.....☆.....☆




وتقبل منا إنك أنت السميع العليم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

افکارِ حضرت مجدد الف ثانی اور تفسیر روح المعانی

پروفیسر حافظ قاری محمد رفیق مسعودی

☆☆

''تفسیر رُوح المعانی'' کے مصنف کا نام علامہ ابوالفضل شہاب الدین السید محمود الآلوسی البغدادی ہے[1] آپ کے والد گرامی کا نام عبداللہ صلاح الدین ہے اور آلوسی اس خاندان کا نام ہے جس میں بہت متبحر علماء شامل تھے۔ اور یہ خاندان حسنی اور حسینی سید افراد پر مشتمل ہے۔ علامہ سید محمود آلوسی کی تاریخ پیدائش ۱۲۱۷ھ/۱۸۰۲ء اور تاریخ وصال ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء ہے۔ کئی سال تک بغداد کے مفتی رہے اور شعبہ تدریس سے وابستہ رہے[2] نامور معلم مفکر اور مناظر اسلام تھے۔

مندرجہ ذیل کتب آپ کی یادگار ہیں:

(۱) تفسیر روح المعانی

(۲) الاجوبۃُ العِرَاقیّہ عَنِ الاسئلۃ الایرانیّہ

(۳) علم نحو اور علم عَرُوض کی کُتب کی شرحیں

(۴) نشوۃ الشمول فی الذھاب الیٰ استانبول

(۵) نشوۃ المدام فی العود الیٰ دارالسلام

(۶) غرائب الاغتراب ونُزھۃُ الالُباب

علامہ سید محمود آلوسی کے بڑے بھائی عبداللہ بہاؤ الدین (۱۲۴۸ھ تا ۱۲۹۱ھ۔ ۱۸۳۲ تا ۱۸۷۴ء) قاضی بصرہ، علم نحو، منطق کی کتابوں کے مصنف تھے۔ جبکہ دوسرے بھائی عبدالرحمٰن (م ۱۲۸۴ھ/۱۸۶۷ء) بغداد کے خطیب اور علامہ ابن جوزی کے ہم پلہ عالم دین تھے[3]

تاریخی جائزہ:۔

صاحب ''تفسیر روح المعانی'' علامہ سید محمود آلوسی بغدادی علیہ الرحمۃ نے جن حالات میں علمی خدمات سرانجام دیں اور تفسیر لکھی، اس وقت عالم اسلام میں سلطنت عثمانیہ کا دور دورہ تھا۔ عثمانی حکمرانوں نے کم و بیش چھ سو سال تک شان و شوکت سے حکومت کی۔ سلطنت عثمانیہ، (۶۸۷ھ/۱۲۸۸ء تا ۱۳۸۰ھ/۱۹۶۰ء) تین براعظموں پر دو سمندروں اور متعدد باجگزار (ٹیکس دہندہ) مملکتوں پر مشتمل تھی۔ جس میں بیس مختلف نسلوں کے لوگ آباد تھے۔ مصر، شام، حجاز، حرمین شریفین، بغداد کے علاقے اس سلطنت عثمانیہ کے حصے تھے۔ حرمین شریفین کی خدمت کا شرف ترکوں کو حاصل تھا، علامہ سید محمود آلوسی علیہ الرحمۃ کے دور میں مندرجہ ذیل چار حکمران خلافت عثمانیہ کے حوالے سے تخت حکومت پر فائز ہوئے:

۱۔ سلیم ثالث (۱۲۰۳ھ/۱۷۸۹ء تا ۱۲۲۲ھ/۱۸۰۷ء)

۲۔ مصطفٰے رابع (۱۲۲۲ھ/۱۸۰۷ء تا ۱۲۲۳ھ/۱۸۰۸ء)

۳۔ محمود ثانی (۱۲۲۳ھ/۱۸۰۸ء تا ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء

۴۔ سلطان عبدالمجید خاں اول (۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء تا ۱۲۷۷ھ/۱۸۶۱ء) [۴]

تعارفِ تفسیر:۔

علامہ سید محمود آلوسی بغدادی علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر کا آغاز ایک فصیح و بلیغ، عربی ادب کے اعلیٰ ترین، اور بلند علمی مرتبہ پر مشتمل الفاظ والے خطبہ سے کیا۔ جس کا ایک، ایک لفظ سلکِ مروارید اور سلسلۃ الذہب ہے۔ جس سے ان کی علمی بلندی کا اندازہ ہو جاتا ہے اور خطبہ کے بعد اپنے خواب کا تذکرہ کرتے ہیں:

> میں نے ۱۲۵۲ھ رجب، شب جمعہ واضح طور پر خواب دیکھا کہ مجھے حالت خواب میں دیدار خداوندی حاصل ہوا۔ اور مجھے رب کریم نے آسمانوں اور زمین کو ملانے اور لپیٹنے کا حکم دیا، اور ان کے درمیان جو فاصلہ ہے اسے لمبائی اور چوڑائی میں جوڑنے اور اکٹھا کرنے کا حکم دیا۔ میں نے اپنا ایک ہاتھ آسمان کی طرف بلند کیا اور دوسرا ہاتھ تحت الثری جہاں پانی ہے، وہاں تک جھکا دیا۔ پھر میں بیدار ہوا میں اپنے خواب کی وجہ سے عظمت محسوس کر رہا تھا۔ چنانچہ میں اس خواب کی

تعبیر کو تلاش کرنے لگا تو میں نے بعض کتابوں میں دیکھا کہ اس سے
قرآن مجید کی تفسیر لکھنے کا اشارہ ہے۔

آغاز:۔

چنانچہ ۳۴ سال کی عمر میں ۱۶ رشعبان المعظم/۱۲۵۲ھ کو تفسیر قرآن مجید لکھنے کا آغاز کیا۔ عالمانہ اور محبت سے لبریز خطبہ کے بعد مصنف کی شخصیت اور ان کی کمال عاجزی اور حد درجہ انکساری کا اندازہ مندرجہ عبارت سے ہوتا ہے، جو خطبہ کے فوراً بعد آپ نے تحریر فرمائی۔

عبارت:۔

(امابعد) فیقول عیبة العیوب وذنو ب الذنوب افقر العباد الیه عز شانُه.

اپنے آپ کو سراپا معصیت اور مجسمہ خطا اور اللہ کے تمام بندوں سے بڑھ کر اس کی رحمت کا محتاج قرار دیا۔ ایسی کمال عاجزی و انکساری سے یہ حقیقت ظاہر ہو رہی ہے۔ ''نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمین''۔ کہ جو ٹہنی، جس قدر پھل دار ہوتی ہے وہ اسی قدر زیادہ جھکی ہوتی ہے۔

مصنف کے مطابق تفسیر کا نام مولانا علی رضا پاشا نے تجویز کیا[۵] مقدمہ میں علم تفسیر کا معنیٰ و مفہوم۔ اس کی فضیلت۔ تفسیر کی اقسام۔ اسماء قرآن مجید۔ ترتیب و تدوین قرآن مجید۔ اعجاز قرآن مجید یعنی قرآن مجید کا معجزہ ہونا، اور قرآن مجید کی سات قرأتوں کا تذکرہ درج کرنے کے بعد، سورہ فاتحہ کی تفسیر شروع کی اور ربیع الثانی ۱۲۶۷ھ کو ۳۹۰۴ صفحات پر مشتمل تفسیر ۱۵ سال کے عرصہ میں مکمل فرمائی۔ جو کہ پہلے استنبول (ترکی) سے شائع ہوئی اور اب پاکستان میں مکتبہ امدادیہ ملتان نے ۱۵ جلدوں میں شائع کی۔ مصنف نے تفسیر مکمل اس نکتے پر کہ ''قرآن مجید کا آغاز بسم اللہ شریف کے حرف ''با'' سے ہوا اور اختتام سورۃ الناس کی ''سین'' پر ہوا''۔ فرماتے ہیں کہ ''ب'' اور ''س'' کو ملائیں تو بس کا لفظ بنتا ہے، اور بس کا معنیٰ فارسی میں ہے: کافی۔ حسب۔ اس میں اشارہ ہے کہ قرآن مجید ہر معاملے کے حل کے لیے ہر ایک کی ہر دور میں کفایت کرنے والا ہے۔ پھر اپنے ابتدائی خواب کا ذکر اس طرح فرمایا، فهذا والحمدلله تأويلُ رؤياى مِنْ قبلُ قَدْ جَعَلَهَا ربى حقاً[۶] یہ میرے خواب کی تعبیر ہے جسے میرے رب کریم نے سچا کیا۔ اس کے بعد ایک رقت آمیز دعا پر اختتام فرمایا۔

اپنی تفسیر کی تکمیل ۴۹ سال کی عمر میں کی، اور چار سال بعد دارِ فانی سے دار بقا کی طرف سفر اختیار کیا، اور ۵۳ سال کی عمر میں وصال فرمایا۔

زندہ ہوجاتے ہیں جو مرتے ہیں حق کے نام پر
اللہ اللہ موت کو کس نے مسیحا کردیا
اقبال کس کے عشق کا یہ فیضِ عام ہے
رُومی فنا ہوا، حبشی کو دوام ہے

صاحب تفسیر روح المعانی علامہ آلوسی کا علمی مرتبہ:۔

تفسیر کے مطالعہ سے مصنف کی علمی جلالت اور برتری کا اندازہ مختلف انداز سے سامنے آتا ہے۔ جس کی ایک مثال یہ ہے کہ بسم اللہ شریف کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کا آغاز اس سے کیوں کیا؟ پھر اس کی دو وجوہات لکھتے ہیں:

پہلی وجہ یہ کہ بسم اللہ شریف کے بعد پورے قرآن مجید میں جس قدر تفصیلات ہیں، ان سب کا اجمالی بیان فقط اسی ایک آیت میں موجود ہے۔ یہ ایک عظیم آیت کریمہ ہے عارف کامل کے لیے بڑی نعمت ہے، جس کے فوائد کی کوئی انتہا نہیں، اور اس میں موجود بے مثل موتیوں کی قیمت کی کوئی حد نہیں ہے۔ اگر اختصار سے بحث کریں تو ہمیں وسیع علوم میں مہارت کی ضرورت ہے، اور پھر خود ہی بسم اللہ شریف کی مختلف جہتوں کے حوالے سے بحث کا آغاز کرتے ہیں کہ بسم اللہ کی ''ب'' حرف جر ہے جب اس حوالے سے اس کے کلمات کو جاننا ہو تو ہمیں علم نحو کی ضرورت ہے۔ اگر اس کے کلمات کی ترتیب اور بناوٹ سے بحث کریں تو علم صرف کی ضرورت ہے۔ اس میں موجود ''قصر'' کی اقسام کو جانچنے کے لیے علم معانی کی ضرورت ہے۔ حقیقت ومجاز کی پہچان کے لیے علم بیان کی ضرورت ہے۔ اس کے کلمات کے لفظی حُسن کو پہچاننے کے لیے علم بدیع کی ضرورت ہے، اور اگر یوں دیکھنا ہو کہ یہ آیت نظم ہے یا نثر موزوں ہے، یا غیر موزوں تو علم عروض وقوافی درکار ہے۔ اور اگر اس کے الفاظ کے لغوی مدلولات کو پہچاننا ہو تو علم لغت کی حاجت ہوگی، اور اگر یہ جانچنا ہو کہ اس کے الفاظ کن اقسام کے لیے وضع کیے گئے ہیں تو علم وضع کی ضرورت ہے، اور اس کے لکھنے کے طریقہ کو پہچاننے کے لیے علم الخط کی ضرورت ہے، اور یہ جاننے کے لیے کہ یہ قفیہ کی کون سی قسم، یا یہ غیر

قضیہ ہے تو علم منطق کی ضرورت ہے۔ اور اس میں موجود اسماء کی کنہ اور حقیقت کے فہم کے لیے علم کلام کی ضرورت ہے۔ اور اگر یہ جاننا ہو کہ بسم اللہ شریف کہاں کہاں پڑھنی ہے تو علم فقہ کی ضرورت ہے اور ظاہر ونص کے حوالے سے علم اصول کی ضرورت ہوگی اور اس کے تواتر کو جاننے کے لیے اس کے مخصوص علم کی ضرورت ہے، اور اعراض کا کون سا مقولہ ہے یہ جاننے کے لیے علم حکمت درکار ہے۔ اور طبائع حروف کی پہچان کے لیے علم الحرف کی ضرورت ہے۔ اس میں موجود اللہ کی رحمت کی اقسام جاننے کے لیے علم الافلاک علم تشریح اعضاء، اور خواص الاشیاء درکار ہے۔ اور اگر یہ جاننا ہو کہ اس کے الفاظ جن خوبیوں پر دلالت کرتے ہیں اس سے کون سی خوبیوں کی تخلیق ممکن ہے تو علم الاخلاق کی ضرورت ہے۔ ان ۲۰ علوم کے تذکرہ کے بعد لکھتے ہیں کہ اگر بسم اللہ شریف کے جملہ اسرار ورموز کو جاننا ہو تو وہ لامحدود ہیں کیونکہ یہ کلام الٰہی ہے۔[۷]

وعلیٰ تفنن واصفیہ بوصفہ یفنی الزمانُ وفیہ مالم یُوصَفُ

تیرے اوصاف کا اک باب بھی پورا نہ ہوا
زندگیاں ختم ہوئیں اور قلم ٹوٹ گئے

محاسن تفسیر:۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ کو ''اَحْسَنَ الْقَصَص'' سب سے حسین واقعہ قرار دیا[۸] اور اس کا آغاز خواب سے ہوا۔ جو یوسف علیہ السلام نے دیکھا تھا۔ علامہ آلوسی کی تفسیر کا آغاز بھی خواب کے بعد ہوا جو آپ نے دیکھا، اور تمام واقعہ کی تکمیل کے بعد جو الفاظ قرآنی، حضرت یوسف علیہ السلام کی زبان پر آئے مصنف نے اپنی تفسیر کی تکمیل انہیں الفاظ سے کی۔ اس تعلق سے واقعہ یوسف اور مصنف کی تفسیر میں گہرا ربط ہے۔ یعنی جس طرح یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں کمال حسن ہے، یونہی مصنف کی تفسیر میں بے شمار خوبیاں اور محاسن ہیں۔ ان میں چند ایک درج ذیل ہیں:

(۱) جامعیت:۔

ہر لفظ قرآنی کی مناسبت سے اس کے تمام جزئیات کا احاطہ کیا گیا ہے مثلاً ''حمد'' کے حوالے سے یہ امور بیان کیے: محمود بہ۔ محمود علیہ۔ حامد۔ محمود۔ محمود کی صفت کمال کا اظہار۔ حمد اور مدح میں فرق، حمد اور شکر میں فرق:۔ اقسام حمد۔ اسرار ورموز۔

(۲) مدلل انداز:۔

کسی بھی اہم موضوع پر تمام ائمہ کرام کے نقطہ نظر کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں۔ مثلاً: بسم اللہ شریف، سورۃ فاتحہ یا ہر سورۃ قرآنیہ کا جز ہے۔ اس پر دیگر ائمہ کرام کے ۱۳ دلائل کا ذکر کر کے پھر ان کی توجیہ کی، اور اپنے موقف کو مدلل طریقے سے ثابت کیا۔

(۳) عربی ادب کا وسیع ذخیرہ:

قرآن مجید کی تقریباً ہر آیت مبارکہ کے الفاظ کی لغوی تشریح، نحوی ترکیب، ائمہ قرات، ائمہ نحو کے اقوال کا حوالہ (چنانچہ حضرت جبریل علیہ السلام کے تلفظ کی ۱۳ قرأتوں یعنی ۱۳ انداز تلفظ بمعہ اعراب کے بیان کیے گئے) موقع کی مناسبت سے عربی اشعار اور امثال کا استعمال کیا گیا، اور ایک لفظ قرآن مجید میں جہاں، جہاں استعمال ہوا انہیں یکجا کر دیا گیا۔

(۴) دیگر ائمہ تفسیر سے تقابل:۔

بعض مواقع پر دیگر ائمہ تفسیر سے اختلاف کر کے مصنف اپنی رائے کا اظہار فرماتے ہیں۔ مثلاً سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۲۱ میں لعلکم تتقون میں فرماتے ہیں کہ: یہاں حضرت عبداللہ بن عباس اَلشرک کا لفظ محذوف مانتے ہیں۔ وَاَظنکَ لاتقدر شیئًا اور میری رائے یہ ہے کہ یہاں کسی لفظ کو پوشیدہ تسلیم کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور پھر آگے اس کی توجیہ کی ہے۔[۹]

(۵) سابقہ تفاسیر سے استدلال:۔

مصنف سابقہ تفاسیر سے استدلال فرماتے ہیں، اور ان کے مصنفین کے نام ادب و احترام سے تحریر فرماتے ہیں، مثلاً حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو ترجمان القرآن کہہ کر پکارتے ہیں۔ امام رازی قدس سرہٗ امام غزالی قدس سرہٗ اور امام بیضاوی کو دعائیہ کلمات سے یاد کرتے ہیں۔

(۶) آیت کی آیت اور لفظ کی لفظ سے مناسبت:۔

ایک آیت کی سابقہ آیت سے مناسبت اور تعلق بیان کرتے ہیں، اور لفظ کا لفظ سے تعلق بھی بیان فرماتے ہیں مثلاً سورۂ بقرہ میں اللہ تعالیٰ نے نماز سے پہلے صبر کا حکم دیا۔ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں لانھا لاتکمل الابہ[۱۰] نماز سے پہلے صبر اس لیے ضروری ہے کہ بغیر صبر کے نماز کی تکمیل ناممکن ہے۔

چند خوبصورت نکات اور انمول نمونے

(۱) بسم اللہ شریف میں اللہ تعالیٰ کی دو صفات رحمٰن اور رحیم کا ذکر ہے، مصنف نے صفت رحمٰن کو پہلے اور صفت رحیم کو بعد میں ذکر کرنے کی حکمتوں کا بیان کیا اور دیگر ائمہ کرام کے حوالہ جات بیان کیے اور اپنی طرف سے ایک وجہ یہ بیان کی کہ رحیم حضور صلی اللہ کی صفت بھی ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: بالمؤمنین رؤف رحیم [11] جس طرح لفظ رحیم کے ذریعے بسم اللہ کی تکمیل ہوئی، یونہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ وجود کائنات کی تکمیل ہوئی۔ کائنات کی ابتدا اور انتہا آپ کے دم قدم سے ہے۔ [12]

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا، وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی)

بارش کے حوالے سے گرج، چمک، بادلوں، آسمان کے مختلف طبقات اور ان کے احوال کا فاضلانہ انداز سے تذکرہ اور مختلف اقوال کا رد کرتے ہوئے حدیث نبوی درج کی۔ کہ ہر شئے پر ایک فرشتہ مقرر ہے وانَّ کُلَّ قَطْرَةٍ من المَطَرات یَنْزِلُ مَعَهامَلَک" کہ بارش کے ہر قطرہ کے ساتھ فرشتہ نازل ہوتا ہے۔ [13]

(۳) کائنات میں غور وفکر کے حوالے سے اور اس میں اللہ تعالےٰ کی قدرت کی نشانیوں کا مشاہدہ کے سلسلے میں فرماتے ہیں کہ زمین کی پیداوار (اناج، پھل، سبزیاں وغیرہ) کی مثال اولاد کی طرح ہے جو شکم مادر سے جنم لیتی ہے۔ زمین سے پیداوار کا انداز، قدرت نے اس لیے اختیار کیا تا کہ بندگان خدا کی عقلیں انس ومحبت حاصل کریں اور انہیں کیفیت تخلیق سے آشنائی ہو اور انہیں اس چیز کی بھی پہچان ہو جائے کہ جس طرح اولاد کا خالق اللہ تعالیٰ ہے مگر اس کے وجود کے لیے والدہ کو سبب بنایا، اسی طرح تمام پھلوں اور پیداوار کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے۔ پھلوں کو درختوں سے پیدا فرمایا، اور درختوں کو زمین سے وجود میں لایا۔ اس طرز فکر سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی عبادت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

تَامَّلْ فِی رِیَاضِ الْاَرضِ وَانْظُرْ. الیٰ اٰثَارِمَا صَنَعَ المَلِیک
عُیُون مِنَ لُجَیْن شَاخِصَات. عَلیٰ اَهدَابِهَا ذَهَب سَبِیک
علیٰ قُضُب الوجد شَاهِدَات. بِاَنَّ اللهَ لَیْس لَهٗ شریک [14]

(۱) زمین کے باغات میں غور وفکر کرو اور ان نشانیوں کو دیکھو جو بادشاہ حقیقی (اللہ تعالیٰ نے اپنی کاریگری سے پیدا کی ہیں۔)
(۲) بلند درختوں کے درمیان بہنے والے چشموں میں جن کے اطراف میں چاندی کی طرح سفید پانی بہ رہا ہے۔
(۳) زبرجد (سبز قیمتی پتھر) کی کٹی ہوئی شاخیں گواہی دے رہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے۔

فرعون کا پانی میں غرق ہونا:۔ فرعون تاریخ کا ایک بڑا حوالہ، قرآن مجید کا ایک اہم موضوع، ہزاروں انسانوں کا قاتل، بادشاہ مصر، چار سو سال سے زائد عمر پانے والا[15] پانی میں غرق کیوں ہوا؟ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: ''چونکہ پانی میں ڈوب کر مرنا شدید ترین تکلیف والی موت ہے، اس لیے اگر مسلمان پانی میں ڈوب کر فوت ہو تو وہ شہید ہوتا ہے۔ ایک وجہ تو فرعون کی پانی میں غرق ہونے کی یہ تھی۔

دوسری وجہ یہ کہ اس نے ربوبیت کا دعویٰ کیا تھا اس کی بے بسی کا اظہار کرنا مقصود تھا۔

اور تیسری وجہ یہ کہ اپنے رب ہونے اور صاحب اقتدار ہونے کی دلیل کے اظہار کے لیے اس نے پانی پر غرور کیا تھا جیسے قرآن مجید میں اللہ تعالےٰ نے اس سے حکایت کیا:

ارشاد باری تعالیٰ ہے اَلَیْسَ لِیْ مُلْکُ مصرو هٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِیْ ۔ کیا مصر کی سلطنت میرے پاس نہیں ہے؟ اور یہ نہریں جو میرے (محل کے) نیچے بہ رہی ہے[16] اللہ تعالےٰ نے اسی پانی کو اسی کے ملک میں ہلاکت کا ذریعہ بنایا[17] (لہٰذا کسی نعمت پر غرور وتکبر نہ کرنا چاہیے، ورنہ وہی چیز ہلاکت کا سبب ہو سکتی ہے)۔

انقلابات جہاں واعظ رب ہیں
ہر تغیر میں صدا ہے فافہم

افکار حضرت مجدد الف ثانی اور تفسیر روح المعانی:

تفسیر روح المعانی کے حسن وکمال کا ایک عظیم پہلو یہ بھی ہے کہ علامہ آلوسی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے افکار عالیہ کی بھرپور ترجمانی کرتے ہیں۔ چند نمونے ملاحظہ ہوں:

(۱) اولیاء کرام کی فضیلت و برتری کا اظہار:۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ اولیاء کرام کے بارے میں فرماتے ہیں:

''یہ لوگ زمین والوں کے لیے امان اور زمانہ کے لیے غنیمت ہیں۔ ان محبوبوں کے طفیل لوگوں کو رزق دیا جاتا ہے، اور انہیں کے طفیل بارشیں برسائی جاتی ہیں۔ ان کی گفتگو دوا ہے، ان کی نظر شفاء ہے، یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ہم جلیس اور ہمنشین ہیں۔[۱۸] علامہ آلوسی قرآن مجید کے اسرار و رموز کے حوالے سے صوفیہ کرام کی بصیرت کا اعتراف یوں فرماتے ہیں۔ انصاف اور مکمل انصاف یہی ہے کہ حضرات صوفیہ کرام کے حضور سر تسلیم خم کر دیا جائے **الذین ھم مرکز الدائرۃ المحمدیہ**. وہ دائرہ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرکز ہیں، اگر تو ان کے بارے میں الزام تراشی کرتا ہے تو یہ تیرے بیمار اور ناقص ذہن کی وجہ سے ہے جو دنیاوی حرص اور خواہشات کی محبت کے اسباب میں گرفتار ہونے کے سبب ان کے مقام رفیع کو نہیں پہنچ سکتا۔

واذلَمْ تَرِ الھِلالَ فَسَلِّمْ لِاُ نَاسٍ رَأَ وْہُ بِالْاَ بْصَارْ[۱۹]

''جب تو چاند کو نہ دیکھ سکے تو ان لوگوں کو تسلیم کر جنہوں نے اسے آنکھوں سے دیکھا ہے۔''

(۲) نسبت نقشبندیہ کا اظہار:۔

لفظ ''اللہ'' کی تشریح اور مفہوم میں ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ اسم اعظم اس ذات کے لیے وضع کیا گیا ہے جو تمام اوصاف و کمالات کی جامع ہے اور اسی کی طرف ہمارے سادات (سردار) نقشبندیہ، جن کی برکتوں سے اللہ تعالیٰ وقوف قلبی کی ہماری ہر آرزو کو پورا فرمائے، کا کلام اشارہ کرتا ہے کہ ذکر الٰہی کرنے والا جب لفظ اللہ کا بار بار تکرار کرتا ہے تو وہ اپنے دل میں اس نام اقدس ذاتی کے سرور، نشہ اور مستی کا مشاہدہ کرتا ہے۔[۲۰]

(۳) نسبتوں کی بہار:۔

سورۃ فاتحہ میں آیت مبارکہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ کا نکتہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: ''یہاں جمع کا لفظ کیوں لایا گیا یعنی ہم عبادت کرتے ہیں حالانکہ نمازی جب تنہا نماز پڑھتا ہے تو وہ اکیلا ہوتا ہے اسے اَعْبُدُ۔ میں عبادت کرتا ہوں۔ کہنا چاہیے تھا تو نَعْبُدُ جمع کا لفظ لانے میں کیا راز ہے؟ فرماتے ہیں

ھو الاشارۃ الیٰ حال العبدِ ۔اس میں بندے کی حالت کی طرف اشارہ ہے گویا کہ وہ دوران عبادت اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ میں تنہا، یہ عبادت نہیں کر رہا، کیونکہ مجھ اکیلے کی عبادت میں کمی اور کوتاہی کی آمیزش ہے وَلٰکِنْ اَخْلِطُھَابعبادۃ جمیع العابدین ۔ بلکہ میں اپنی ناقص عبادت کو تیرے جُملہ عبادت گزار بندوں کی عبادت میں شامل کر رہا ہوں ۔ اس مجموعہ عبادت گزاروں میں اپنے آپ کو شامل کرنے کی غرض سے جمع کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔[۲۱] اور پھر آگے محبوبانِ حق کی نسبت اور ان سے تعلق کی خوبی کا فائدہ یوں لکھتے ہیں اور اس میں یہ بھی راز ہے من تَشَبَّہَ بقوم فھو منھم ۔ جو آدمی جس قوم سے مشابہت رکھتا ہے اس کا شمار اسی قوم سے ہوتا ہے یعنی عبادت گزار، جب کسی قوم کے مسلک و مشرب کو اختیار کرتا ہے اور اپنی عبادت ان کی عبادات سے ملا دیتا ہے اور ان کی زبان و عادات کو اختیار کر لیتا ہے امید ہے۔ اس کا شمار انہیں میں سے ہوگا۔

ان لم تکونو ا منھم فَتَشَبَّھُوْا. اِنَّ التَّشَبُّہ بِالکِرَام فَلاَحٌ[۲۲]

''اگر تم اُن (نیکوکاروں) میں سے نہیں ہو تو ان کی مشابہت ہی اختیار کر لو کیونکہ ایسے کریم لوگوں سے مشابہت بھی کامیابی ہے۔''

(۴) چمن ابوحنیفہؒ کی رنگینی:۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ''امام ابوحنیفہ فقہ کے بانی ہیں تین، چوتھائی فقہ ان کے لیے مسلم ہے جبکہ باقی ائمہ ایک چوتھائی میں سارے شریک ہیں۔ فقہ میں صاحب خانہ ابوحنیفہ ہیں اور باقی سب ان کے بال بچے ہیں۔ دوسرے ائمہ مجتہدین کو وافر علم اور کمال۔[۲۳]

تقوٰی کے باوجود امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ کے سامنے بچوں کی طرح دیکھتا ہوں۔ علامہ آلوسی سورۃ فاتحہ میں ولا الضَّآلِّین کے بعد آمین کی تشریح کرتے ہوئے حدیث نبوی درج کرتے ہیں۔

کہ جب امام نماز میں ولا الضَّآلین کہے، تو مقتدی آمین کہے اور اس کے بعد لکھتے ہیں وَاِخْفَاءُ ھَا مذھب ساداتنا الحنفیہ[۲۴] اور آمین آہستہ کہنا، ہمارے سادات حنفیہ کا مذہب ہے۔ یونہی بسم اللہ کے مباحث میں اختلاف ائمہ کے بعد مسلک احناف کے دلائل دیتے ہوئے لکھتے ہیں: وھو الامام الاعظم والمجتھد الاقدم ۔ امام ابوحنیفہ امام اعظم اور مجتہد اقدم ہیں۔[۲۵] اور ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ میں امام شافعی علیہ الرحمۃ کے اقوال اور ان کے نظریات سے بے حد متاثر تھا، اور ان کے اقوال کی روشنی کا قبضہ

میرے دل پر قیس لیلیٰ عامری کے شعر کے مطابق تھا۔

؎اَتانی ھواھا قبل ان اعرِفَ الھوٰی فَصَادَفَ قلبًا خالیًا فتمکنا

''میں اس کی محبت وشوق میں گرفتار ہوا حالانکہ میں ابھی عشق ومحبت سے ناواقف تھا محبت سے خالی دل نے جب اچانک اسے دیکھا تو اس کی محبت کا اسیر ہوگیا۔''

یہ فقہ شافعیہ سے میرا تعلق تھا، یہاں تک کہ میں احناف کے اقوال کے مطالعہ میں جب مشغول ہوا اور حضرت امام ابوحنیفہ نعمان کے روشنیوں والے باغات میں ہمیشہ رہنے لگا تو آپ کے مسلک کی محبت کے غلبے کا یہ حال ہوا:

مَحَاجُبُّھا حُبُّ الاُلیٰ کُنَّ قبلھا. وحُلَّتْ مَکانًا لَمْ یکُنْ حَلَّ من قبل ۲۶

''اس کی محبت نے پہلی محبت کو محو کردیا، اور اس مقام تک سرایت کرگئی جہاں پہلے نہ تھی''

(۵) جمالِ ہم نشین صحبت کا ملاں:۔

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے فرمایا: ''مجاہدوں کے ہزار چلوں سے خاصان خدا کی صحبت کی ایک ساعت بہتر ہے۔''[۲۷]

علامہ آلوسی علیہ الرحمۃ اسی فکر مجدد کی ترجمانی کرتے ہیں، حضرت میکائیل علیہ السلام کے مقابلے میں جبریل امین کی فضیلت اور برتری پر دوسرے ائمہ نے جو استدلال کیا اسے لکھتے ہیں: انہوں نے کہا کہ حضرت جبریل وحی اور علم لیکر اُترتے ہیں، اور وہ روح کی غذا ہے۔ اور میکائیل بارش برسانے کے ذمہ دار ہیں، اور بارش سے جسم کی غذا اور خوراک کی پیداوار ہوتی ہے۔ چونکہ روحانی غذا جسمانی غذا سے افضل ہے، اس لیے جبرئیل، میکائیل سے افضل ہیں۔ اس استدلال کو رد کرتے ہوئے اپنی دلیل یوں دیتے ہیں وانَا اقول بالا فضلیّۃ ولیس عندی اقوٰی دلیلاً علیھا من مزید صحبتہ لحبیب الحق بالا تفاق وسید الخلق علی الاطلاق و کثرۃ نُصْرَتہ وَحُبّہ لہ وَلا مّتہ۔

میرے نزدیک حضرت جبریل امین کی فضیلت وبرتری کی سب سے قوی دلیل یہ ہے کہ انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادہ صحبت اور قُرب نصیب ہوا، اور انہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادہ مدد کرنے،

آپ اور آپ کی اُمت سے محبت کا شرف حاصل ہوا۔[۲۸]

جس طرف چشمِ محمد کے اشارے ہوگئے
جتنے ذرے سامنے آئے ستارے ہوگئے

(۶) رِفعتِ مُصطفی صلی اللہ علیہ وسلم:۔

(ا)۔ وجہ تخلیق کائنات:۔ حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنے محبوب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ارشاد فرمایا لولاک لما خلقت الافلاک لولاک لما اظهرت الربوبية۔ یعنی "اے محبوب اگر تم کو پیدا کرنا منظور نہ ہوتا تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا۔ اگر تمہارا پیدا کرنا مجھے مقصود نہ ہوتا تو میں اپنا رب ہونا بھی ظاہر نہ کرتا۔[۲۹]

علامہ آلوسی تخلیق آدم علیہ السلام کے حوالے سے یہی نکتہ درج کرتے ہیں: وَاِذْ قَالَ رَبُّکَ[۳۰] میں آدم علیہ السلام کی تخلیق کا بیان ہے مگر "رَبُّکَ" میں "ک"۔ ضمیر متصل خطاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے۔ کیونکہ فهو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على الحقيقة الخليفة الاعظم فى الخليقة والامام المقدم فى الارض والسّموٰت العُلىٰ ولولاه ما خُلِقَ اٰدمُ بَل (ولا' ولا) دراصل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی تخلیق کے حوالے سے اللہ تعالےٰ کے نائب ہیں اور بلند آسمانوں اور زمین کے اولیں پیشوا ہیں۔

اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا، نہ آدم علیہ السلام پیدا ہوتے نہ کچھ اور پیدا ہوتا۔

(ب):۔ نورانیتِ مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

"فخرِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جسم عنصری رکھنے کے باوجود اللہ کے نور سے پیدا ہوئے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے نور سے پیدا فرمایا ہے۔[۳۱]

علامہ آلوسی اس تصور کو مزید تقویت یوں دیتے ہیں:

بَلْ مامن ذرّةٍ نُور شعت فى العلمين الاتصدقت بها شمس
ذاتِه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولله سبحانه دَرّا لبُو صيرى

حیث یقول: کُلَّ آیٍ اَتی الرُّسُلُ الکرامُ بھا فانما اتصلَتْ من نورہ بھم

''یعنی سارے جہانوں میں نور کی کوئی کرن جو چمک رہی ہے وہ آفتاب محمدی کا صدقہ ہے۔ اور علامہ بوصیری نے کیا خوب فرمایا ہے کہ اللہ کے معزز و مکرم رسولوں کو جو معجزہ بھی ملا ہے وہ درحقیقت آپ کے نور کا فیضان ہے''۔[۳۲]

(ج) علمِ غیب:

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں: ''جو علم غیب اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے اس پر وہ اپنے خاص رسولوں کو مطلع فرما دیتا ہے''۔[۳۳]

دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں: ''انبیاء و اولیاء کی پاک روحوں کو عرش سے فرش تک ہر جگہ برابر نسبت ہوتی ہے کوئی چیز ان سے نزدیک و دور نہیں۔[۳۴] تفسیر روح المعانی سورۃ آل عمران آیت ۱۷۹ کے تحت ہے کیونکہ منافقین کی پہچان بہ ذریعہ وحی حضور اکرم صلی اللہ علیہ کو ہی کرائی گئی تھی۔ اس لیے اس کے بعد فرمایا کہ غیب پر مطلع ہونا ہر کسی کے اختیار کی بات نہیں اور نہ ہر ایک میں اس کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ عام لوگوں کا ذریعہ علم تو دلائل اور ظاہری علامات ہیں، اور غیب پر صرف رسولوں کو آگاہ کیا جاتا ہے۔ کیونکہ ان میں ہی غیب پر مطلع ہونے کی استعداد پائی جاتی ہے اور اولیاء کرام کو یہ نعمت حضور فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی سے میسر ہوتی ہے۔ اور حضور کے وسیلہ کے بغیر یہ چیز حاصل نہیں ہو سکتی[۳۵] اور سورہ الجن کی آیت فلا یُظْھِرُ عَلیٰ غیبہ اَحَدًا الا من ارتضیٰ من رسول کے تحت ہے فیظھرہ علیٰ بعض غیبہ حتی یکون اخبارہ بہ معجزۃ۔ اللہ تعالیٰ اپنے بعض علوم غیبیہ اپنے رسول کو عطا فرما دیتا ہے تاکہ ان علوم سے جب وہ لوگوں کو آگاہ کرے تو وہ اس رسول کا معجزہ قرار پائے۔[۳۶]

(د) مقامِ شفاعت:۔

آبروئے ما زنام مصطفیٰ است۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ''انبیاء و صلحاء علیہم الصلوٰت والتسلیمات کی شفاعت باذن اللہ قیامت کے روز اہل ایمان کے لیے ثابت ہے۔ پہلے انبیاء کی، پھر صلحاء کی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ''میری شفاعت اہل کبائر کے لیے ہے''۔[۳۷] تفسیر روح المعانی میں آیت لاتجزی نفس عن نفس شیئا ولا یُقبلُ منها شفاعة کے تحت ہے۔ یہ خطاب کفار کے لیے ہے اور ان کے بارے میں آیت نازل ہوئی ہے۔ قیامت کے روز ٹھہرنے کے مقامات اور اس کے زمانے (وقت) کی مقدار میں طوالت اور وسعت ہے۔ شاید اس آیت میں وقوع قیامت کی ابتدائی حالت اور شدت کا تذکرہ ہے ثم یاذن بالشفاعة. پھر اذن شفاعت حاصل ہوگا۔ اور شفاعت کے بارے احادیث صحیحہ جو کہ حد تواتر تک پہنچتی ہیں موجود ہیں۔ اور آیت مبارکہ (واستغفر لذنبک وللمؤمنین) بھی شفاعت کی طرف اشارہ کرتی ہے جو ہمارا موقف ہے اور پھر یہ دُعا مانگتے ہیں رَزَقَنَا اللهُ تعالیٰ الشفاعة وَحَشَرَنَا فی زُمْرَةِ اَهْلِ السُنَّةِ والجماعة۔ اللہ تعالیٰ ہمیں شفاعت کی سعادت عطا فرمائے اور ہمارا حشر اہل سنت و جماعت کے ساتھ فرمائے۔[۳۸]

وسیلہ محمد کا کام آ گیا ہے
زباں پر محمد کا نام آ گیا ہے

علامہ آلوسی حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ کی قبولیت کے باب میں فرماتے ہیں۔ رای مکتوبًا علیٰ ساقِ العرشِ محمدٌ رَّسُوْلُ الله فَتَشَفَّع به آپ نے ساق عرش پر محمد رسول اللہ لکھا ہوا دیکھا تو نام محمد کا وسیلہ بارگاہِ خداوندی میں پیش کیا۔[۳۹] اور آیت ۸۹ کے ماتحت لکھتے ہیں کہ یہ آیت یہود کے قبائل بنوقریظہ اور بنونظیر کے بارے نازل ہوئی ہے جو کہ بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اوس اور خزرج قبائل سے جنگ کے وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے فتح کی دعا مانگتے تھے۔ پھر حضرت ابن عباس حضرت قتادہ اور سدی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ ''جب یہود اور مشرکین کی جنگ شدت اختیار کرتی تو یہود تورات کھولتے اور جن صفحات پر نام محمد درج ہوتا وہاں اپنے ہاتھ رکھ کر ان الفاظ سے دُعا مانگتے اللّٰهم انا نسأ لُکَ بحقِ نَبِیّکَ الذی و عدتنا ان تبعثه، فِی اخرَ الزمان ان تَنصُرُنَا الیومِ علٰی عَدُوِنا فَیُنصَرُوْنَ. یا اللہ ہم تیرے اس نبیؐ کے وسیلے اور اس کی عظمت کے واسطے تجھ سے سوال کرتے ہیں جسے تو نے آخر زمانے میں مبعوث فرمانے کا ہمارے ساتھ وعدہ کیا ہے آج ہمارے دشمنوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ چنانچہ ان کی مدد کر دی جاتی (اور فتح حاصل کر لیتے)[۴۰]

طریقہ مجددی کے حوالے سے قلب ذکر الٰہی اور صحبت عارف کی اہمیت :۔

علامہ آلوسی بعض مقامات پر تصوف اور معرفت کی باتیں (الاشارہ) کے نام سے کرتے ہیں مندرجہ ذیل اقتباس نسبت مجددیہ کی تائید کر رہا ہے۔ سورۃ بقرہ آیت ۵۰ فرعون کے غرق ہو جانے اور موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کی نجات کے بعد لکھتے ہیں:

i۔ رواہ ابن السنی فی کتاب عمل الیوم واللیلۃ، عن ابوامامۃ الباھلی رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث 124۔

ii۔ رواہ الطبرانی، فی الکبیر، عن ابوامامۃ رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث 7532 جلد 8۔

iii۔ رواہ النسائی، عن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ۔

iv۔ رواہ ابن حبان، عن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ

(بلوغ المرام صفحہ نمبر 85 حصہ اوّل، طبع 1344ھ) ۔

266۔ ہر نماز کے بعد 33 بار سبحان اللہ۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1306، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

رواہ الترمذی، ابواب الصلوٰۃ باب ماجاء فی التسبیح، عن ابن عباس رضی اللہ عنہ۔

267۔ ایک بار یہ کلمہ پڑھیں:۔

لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ۔الخ

رواہ ابن السنی فی کتاب عمل الیوم واللیلۃ، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث 36

268۔ سبحان اللہ وبحمدہ ہر دن اور رات 100 بار پڑھیں۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1307، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

رواہ ابن السنی فی کتاب عمل الیوم واللیلۃ، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث 74

269۔ اللھم ما اصبح لی من نعمۃ ۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1307، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

رواہ ابن السنی فی کتاب عمل الیوم واللیلۃ، عن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، رقم الحدیث 41۔

270۔ روزہ آتش دوزخ سے ڈھال ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1307، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

رواہ ابن ماجۃ، ابواب ماجاء فی الصیام، باب ماجاء فی فضل الصیام، عن عثمان بن ابی العاص ثقفی رضی اللہ عنہ۔

271۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔

حج اپنے سے پہلے کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1308، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

i۔ رواہ الترمذی، باب ماجاء فی ثواب الحج والعمرۃ، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ المسلم، باب فضل الحج والعمرۃ، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

iii۔ رواہ ابن ماجۃ، باب فضل الحج والعمرۃ، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

iv۔ رواہ الدارمی، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، باب نمبر 501 (مترجم)۔

v۔ رواہ البخاری، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، باب فضل حج المبرور، کتاب المناسک۔

272۔ من مات فقد قامت قیامتہ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1308، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

دیکھیے حدیث نمبر 143۔

273۔ علماء کی نیند عبادت ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1310، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 17)۔

نوم العالم عبادۃ۔

(الموضوعات الکبریٰ صفحہ نمبر 255)۔

درج ذیل احادیث اس کی مؤید ہیں

نوم علیٰ علم خیر من صلوٰۃ علیٰ جہل۔

رواہ ابونعیم فی الحلیۃ، صفحہ نمبر 429 جلد نمبر 4، عن سلمان رضی اللہ عنہ۔

نوم الصائم عبادۃ۔

رواہ ابونعیم فی الحلیۃ، صفحہ نمبر 96 جلد نمبر 5، طبع ملتان۔

274۔ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ ستر ہزار آدمی بغیر حساب و کتاب کے میری امت میں سے جنت میں جائیں گے۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1315، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 21)۔

رواہ الدارمی، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، ابواب صفۃ القیامۃ باب 1194 مترجم

275۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی کے گھر سے کھانا کھایا۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1316، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 22)۔

رواہ الدارمی، عن جابر رضی اللہ عنہ، باب نمبر 11 (مترجم)۔

276۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مشرک کے برتن سے وضو کیا۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1316، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 22)۔

عن عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم و اصحابہ توضوا من مزادۃ امراۃ مشرکۃ (متفق علیہ)۔

(بلوغ المرام صفحہ نمبر 10 از ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ) (فی حدیث طویل)۔

277۔ میری امت میں سے میری امت پر سب سے زیادہ مہربان ابوبکر (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1326، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 24)۔

i۔ رواہ احمد فی المسند، عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ الترمذی، عن انس رضی اللہ عنہ، مناقب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، الخ (جلد نمبر 2، مترجم)۔

278۔ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر (رضی اللہ عنہ) ہوتے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1326، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 24)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 114۔

279۔ اللہ تعالیٰ نے بدر والوں پر جھانکا اور کہا جو چاہو عمل کرو یقیناً میں نے تمہیں بخش دیا

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1330، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 24)۔

i۔ رواہ ابوداؤد، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ (جمع الفوائد صفحہ نمبر 72 جلد نمبر 2)۔

ii۔ رواہ الدارمی، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، باب نمبر 1157 (مترجم)۔

iii۔ رواہ البخاری، کتاب المغازی، باب فضل من یشھد بدراً۔

280۔ بدر کے موقع پر حضرت عثمان (رضی اللہ عنہ) کو اپنی بیوی کی تیمارداری کیلئے چھوڑنا۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1331، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 24)۔

رواہ الترمذی مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، عن عثمان بن عبداللہ رضی اللہ عنہ،

281۔ میرے صحابہ (رضی اللہ عنہم) کے متعلق اللہ سے ڈرو۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1332، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 24)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 119۔

282۔ اللہ تعالیٰ کے نور کے پردے۔ الخ

(مکتوبات صفحہ نمبر 1339، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 26)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 24۔

283۔ جو آدمی مر گیا اس کی قیامت قائم ہوگی۔

.. (مکتوبات صفحہ نمبر 1350، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 31)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 143۔

284۔ اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جس کے بعد کفر نہیں۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1356، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 33)۔

رواہ الترمذی، ابواب الدعوات، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما۔

285۔ حدیث میں ہے کہ کوئی بھی آدم کا بیٹا نہیں جس کے ساتھ ایک جن ساتھی نہ ہو۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1356، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 33)۔

رواہ المسلم باب تحریش الشیطان وبعثہ (صفحہ نمبر 376 جلد نمبر 2 مترجم)۔

286۔ تفترق امتی ..... ایک کے علاوہ سب دوزخ میں جائیں گے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1365، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 38)۔

رواہ الترمذی، باب افتراق ھذا الامۃ، عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، ابواب الایمان۔

287۔ فقراء اغنیاء سے پانچ سو برس پہلے جنت میں جائیں گے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1366، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 38)۔

i۔ رواہ ابن ماجۃ، ابواب الزہد، باب منزلۃ الفقراء، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ الترمذی، ابواب الزہد، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

288۔ میری امت میں شرک چیونٹی کی اندھیری رات میں سیاہ پتھر پر چلنے کے نشان سے بھی زیادہ مخفی ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1369، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

رواہ ابن السنی، فی کتاب عمل الیوم واللیلۃ، رقم الحدیث 286، عن ابی بکرہ حذیفۃ رضی اللہ عنہما،

289۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

چھوٹے شرک سے بچو، صحابہ نے پوچھا چھوٹا شرک کیا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ریا

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1369، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

i۔ رواہ احمد فی المسند، عن محمود بن لبید رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان، عن محمود بن لبید رضی اللہ عنہ۔

(احیاء علوم الدین صفحہ نمبر 435 جلد نمبر 3)۔

290۔ روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1371، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

i۔ رواہ الترمذی، باب ماجاء فی فضل الصوم، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ ابن ماجۃ، باب ماجاء فضل الصوم، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

iii۔ رواہ البخاری، باب ھل یقول انی صائم اذا شتم، کتاب الصیام، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

iv۔ رواہ المسلم، کتاب الصیام، باب فضل الصیام، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

v۔ رواہ النسائی، باب فضل الصیام، کتاب الصیام، عن علی رضی اللہ عنہ۔

291۔ نماز کا چور۔ الخ

(مکتوبات صفحہ نمبر 373، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

رواہ احمد فی المسند، عن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ۔

292۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اے آدمیوں کے گروہ زنا سے پرہیز کرو۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1374، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

i۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔

ii۔ رواہ ابو نعیم فی الحلیۃ۔

293۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

آنکھوں کا زنا محرمات کو دیکھنا ہے۔

اور ہاتھ کا زنا محرمات کو پکڑنا ہے۔

اور پاؤں کا زنا محرمات کی طرف چلنا ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1374، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

رواہ المسلم، کتاب القدر، باب قدر علی ابن ادم حظہ من الزنا، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

294۔ حج اپنے سے پہلے تمام گناہوں کو کاٹ دیتا ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1376، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 271۔

295۔ ملاک دینکم الورع۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1376، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 44۔

296۔ نہ کوئی بدشگونی اور نہ کوئی متعدی مرض۔ الخ

(مکتوبات صفحہ نمبر 1377، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 41)۔

رواہ المسلم، کتاب السلام، عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔

297۔ لایرد القضاء الا الدعاء۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1390، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 47)۔

رواہ الترمذی۔ ابواب القدر، باب ماجاء لا یرد القدر الا الدعاء، عن سلمان الفارسی رضی اللہ عنہ۔

298۔ فقیر مہاجرین کے توسل سے دعا مانگنا۔

(مکتوبات صفحہ نمبر 1390، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 47)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 41۔

299۔ فقر دونوں جہانوں میں روسیاہی کا باعث ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1390، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 47)۔

درج ذیل احادیث اس کی مؤید ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

i۔ آدمی ہمیشہ سوال کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ قیامت کے دن ایسی صورت میں آئے گا کہ اس کے منہ پر گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہ ہوگا۔

(سنن نسائی صفحہ نمبر 141 جلد نمبر 2، مترجم)۔

ii۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہیں معلوم ہوتا کہ سوال کرنا کتنا عیب ہے تو کوئی شخص دوسرے کے پاس مانگنے کیلئے نہ جاتا۔

(سنن نسائی صفحہ نمبر 141 جلد نمبر 2، مترجم)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

iii۔ مالدار اور بنے کے شخص کیلئے جائز نہیں کہ وہ صدقہ لے (جو محنت مزدوری کر سکے)۔

(سنن نسائی صفحہ نمبر 142 جلد نمبر 2، مترجم)۔

300۔ شہیدوں کے خون کو علماء کی سیاہی سے وزن کرنا۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1390، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 47)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 215۔

301۔ لا یسعنی ارضی ولا سمائی ۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1393، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 48)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 34۔

302۔ المرء مع من احب ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1397، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 50)۔

دیکھیے حدیث نمبر 10۔

303۔ خیار کم فی الجاهیلة خیار کم فی الاسلام ۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1400، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 52)۔

دیکھیے حدیث نمبر 129۔

304۔ میں بھی تمہارے جیسا بشر ہوں مجھے بھی اسی طرح غصہ آتا ہے جیسے دوسرے لوگوں کو آتا ہے (انما انا بشر مثلکم اغضب ۔الخ)۔

رواہ البخاری والمسلم، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ (باختلاف الفاظ) اصل موجود ہے۔

(احیاء علوم الدین صفحہ نمبر 248 جلد نمبر 3، طبع لاہور)۔

305۔ المؤمن القوی خیر من المؤمن الضعیف ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1409، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 56)۔

i۔ رواہ المسلم، کتاب القدر، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ ابن حبان، عن ابی ہریرۃ صفحہ نمبر 490 جلد نمبر 1۔

306۔ حدیث قدسی میں آیا ہے:۔

جو میری تقدیر پر راضی نہ ہوا اور میری مصیبت پر صبر نہ کرے وہ میرے سوا اور رب بنالے اور میرے آسمان کے نیچے سے نکل جائے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1417، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 59)۔

یہ حدیث درج ذیل الفاظ سے منقول ہے۔

i۔ من لم یرض بقضاء اللہ ویومن بقدر اللہ فلیلتمس الھا غیر اللہ۔

(رواہ الطبرانی فی الاوسط، عن انس رضی اللہ عنہ)۔

ii۔ لم یرض بقضائی فلیتخذ ربا سوائی۔

(رواہ الطبرانی فی الکبیر، رقم الحدیث 807 جلد نمبر 22)۔

iii۔ من لم یرض بقضائی ویصبر علی بلائی فلیلتمس ربا سوائی انسادہ ضعیف۔

(احیاء علوم الدین صفحہ نمبر 335 جلد نمبر 4)۔

307۔ حدیث قدسی میں آیا ہے اپنے نفس سے دشمنی رکھو۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1419، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 60)۔

دیکھیے حدیث نمبر 19۔

308۔ النظرۃ الاولیٰ لک (پہلی نگاہ تیرے لئے فائدہ مند ہے)۔

النظر الثانیہ علیک (دوسری نگاہ تجھ پر وبال ہے)۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1421، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 61)۔

i۔ رواہ الترمذی، باب ماجاء فی نظرۃ الفجاءۃ، عن ابن بریدۃ رضی اللہ عنہ، ابواب الاستیذان۔ الخ (تغیر بالفاظ قلیل)۔

ii۔ رواہ الداری، باب نمبر 1055 (مترجم)۔

309۔ ماجعل اللہ سبحانہ فی الحرام شفاء۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1422، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 61)۔

دیکھیے حدیث نمبر 131۔

310۔ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1433، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 66)۔

دیکھیے حدیث نمبر 107۔

311۔ تخلقوا باخلاق اللہ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1440، دفتر سوم، حصہ ہشتم، مکتوب نمبر 68)۔

دیکھیے حدیث نمبر 80۔

312۔ اوّل ما خلق اللہ العقل ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1475، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 76)۔

امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ہمارے شیخ علامہ عسقلانی نے فرمایا:۔

والوارد فی اوّل ماخلق حدیث، اوّل ماخلق اللہ القلم

وھو اثبت من حدیث العقل (الموضوعات الکبریٰ صفحہ نمبر 82)۔

i۔ رواہ ابوداؤد، ان اوّل ماخلق اللہ القلم الخ (جمع الفوائد صفحہ نمبر 236 جلد نمبر 2)

ii۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر، عن ابن عباس رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث 12227 جلد 11۔

iii۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ، صفحہ نمبر 281 جلد نمبر 5، عن عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

313۔ اوّل ما خلق اللہ نوری ۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1475، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 76)۔

درج ذیل علماء نے اس کو نقل کیا ہے۔

i۔ ملا علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ (م 1014ھ) شرح قصیدہ امالی۔

ii۔ علامہ زرقانی علیہ الرحمۃ شرح مواہب۔

iii۔ تفسیر نیشاپوری صفحہ نمبر 55 جلد نمبر 8۔

درج ذیل حدیث اس کی تائید کرتی ہے۔

ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ۔ الخ

رواہ عبدالرزاق فی المصنف، عن جابر رضی اللہ عنہ (مواہب الدنیہ صفحہ نمبر 9 جلد نمبر 1)، مصنف عبدالرزاق، رقم الحدیث 18 قلمی۔

314۔ ان للہ سبعین الف حجاب ۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1476، 1477، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 76)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 24۔

315۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر جا اللہ تعالیٰ نماز پڑھ رہا ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1480، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 77)۔

(الیواقیت والجواہر صفحہ نمبر 35 جلد نمبر 2 للامام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ)۔

316۔ ما اوذی نبی۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1502، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 88)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 4۔

317۔ الاطال شوق الابرار الی لقائی و انا الیھم۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1502، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 88)۔

یہ حضرت ہرم بن حیان کا قول ہے کہ ایماندار اپنے رب کو پہچان لیتا ہے تو وہ حق تعالیٰ سے محبت کرنے لگتا ہے اور جب وہ محبت حق تعالیٰ سے کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

(احیاء علوم الدین صفحہ نمبر 539 جلد نمبر 4)

نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے یہ الفاظ اس کی تصدیق کرتے ہیں اے اللہ جو کوئی مجھ پر ایمان لایا اور میری تصدیق کی اور جو لایا تیرے پاس سے (قرآن) اسے حق جانے تو اس کے مال اور اولاد کو کم کر دے اور اسے اپنی ملاقات کا شوق دے۔

(ابن ماجہ صفحہ نمبر 542 جلد نمبر 2، مترجم)۔

318۔ فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1503، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 88)۔

قال الصغانی انہ موضوع۔

کذا فی الخلاصۃ لکن معناہ صحیح۔

درج ذیل احادیث اس کی مؤید ہیں۔

فقد روی الدیلمی عن ابن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً واتانی جبریل فقال یا محمد لولاک ماخلقت الجنۃ ولولاک ما خلقت النار وفی روایت ابن عساکر لولاک ماخلقت الدنیا۔

(الموضوعات صفحہ نمبر 194)۔

حضرت آدم علیہ السلام کی بارگاہ الٰہی میں التجاء کرنے والی حدیث مبارکہ میں ہے اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو میں تم کو پیدا نہ کرتا نہ کائنات کو۔

رواہ الحاکم والبیہقی والطبرانی فی الصغیر وابونعیم وابن عساکر، عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث 4228، فی المستدرک۔

(الخصائص الکبریٰ صفحہ نمبر 18 جلد نمبر 1، مترجم)۔

319۔ لولاک لما أظهرت الربوبية۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1523، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 93)۔

یہ حدیث صوفیاء کی کتابوں میں اکثر پائی جاتی ہے جو کہ مفہوماً صحیح ہے۔

320۔ من سن سنۃ۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1527، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 94)۔

دیکھیے حدیث نمبر 98۔

321۔ جس کے دونوں دن برابر ہوں وہ خسارہ میں ہے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1531، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 94)۔

رواہ الدیلمی، عن علی رضی اللہ عنہ

من استوی یوماہ فھو مغبون۔ (الدرر المنتثرہ للسیوطی صفحہ 83 طبع لاہور، مترجم)

(الموضوعات الکبریٰ صفحہ نمبر 218)۔

322۔ تم میرے لئے وسیلہ کا سوال کرو۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1531، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 94)۔

i۔ رواہ المسلم، کتاب الصلوٰۃ، عن عبداللہ ابن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ ابن السنی فی کتاب عمل الیوم واللیلۃ باب کیف مسئلۃ الوسیلۃ، عن عبداللہ رضی اللہ عنہ۔

323۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غریب مہاجرین کے وسیلہ سے دعا مانگا کرتے تھے۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1531، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 94)۔

دیکھیئے حدیث نمبر 41۔

324۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

کہ بہشت میں تسبیح وتہلیل وتحمید سے درخت لگاؤ۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1543، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 100)۔

i۔ رواہ الترمذی، ابواب الدعوات، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ۔

ii۔ رواہ ابن ماجۃ، باب فضل التسبیح، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

325۔ خلقت من نور اللہ۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1553، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 100)۔

درج ذیل احادیث اس کی مؤید ہیں۔

i۔ انا من اللہ والمؤمنون منی۔

رواہ الدیلمی بلا اسناد، عن عبد بن جراد (مرفوعاً)

(الموضوعات الکبریٰ صفحہ نمبر 72)۔ (الدرر المنتثرہ صفحہ نمبر 15، مترجم)۔

ii۔ ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیا نور نبیک من نورہ۔ الخ

رواہ عبدالرزاق فی المصنف، عن جابر رضی اللہ عنہ۔

326۔ ان اللہ تعالیٰ جمیل و یحب الجمال۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1554، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 100)۔

i۔ رواہ المسلم، کتاب الایمان تحریم الکبر و بیانہ، عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

ii۔ رواہ الترمذی، ابواب البر والصلہ جلد نمبر 2 (مترجم)۔

iii۔ رواہ الطبرانی، فی الکبیر عن عثمان بن محمد بن قیس، رقم الحدیث 936 جلد 18۔

327۔ اپنی پھوپھی کھجور کی عزت کرو۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1557، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 100)۔

دیکھیے حدیث نمبر 85۔

328۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے بھائی یوسف علیہ السلام زیادہ صبیح تھے اور میں (صلی اللہ علیہ وسلم) زیادہ ملیح ہوں۔

i۔ (مدارج النبوۃ جلد اوّل، مترجم)۔

ii۔ حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور اب کوئی زمین پر سوا میرے آپ کو دیکھنے والوں میں کوئی نہیں رہا جویری نے کہا میں نے پوچھا تم نے دیکھا کیسے تھے انہوں نے کہا آپ سفید رنگ تھے اور ملیح تھے درمیانہ قد تھا۔

رواہ المسلم، کتاب الفضائل، عن ابی الطفیل رضی اللہ عنہ۔

329۔ اور جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے قطع ہذا بلعوم فرمایا تھا۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1559، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 100)۔

رواہ البخاری، کتاب العلم، باب حفظ العلم، عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ۔

330۔ حدیث میں آیا ہے کئی آدمیوں کے دل خدا کی بارگاہ کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1562، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 103)۔

دیکھیے حدیث نمبر 317۔

331۔ جو شخص سنت کو زندہ کرے بعد اس کے کہ اس سنت سے عمل اٹھ چکا ہو۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1564، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 105)۔

دیکھیے حدیث نمبر 232۔

332۔ قرآن کریم کی جو بھی آیت اتری ہے اس کا ایک ظاہر اور ایک باطن ہے۔الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1589، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 118)۔

حدثنا شیخنا ابوالنجیب السہروردی قال انبانا الرئیس ابوعلی بن نبہان قال انا الحسن بن شاذان قال انا وعلج بن احمد قال انا ابوالحسن ابن عبدالعزیز البغوی قال انا ابوعبید بن القاسم بن سلام قال حدثنا حجاج عن عماد بن سلمۃ عن علی بن زید عن الحسن یرفعہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مانزل من القرآن آیۃ الا ولہا ظہر و بطن۔الخ

(عوارف المعارف برحاشیہ احیاء علوم الدین صفحہ نمبر 237 جلد نمبر 1 طبع مصر)،

333۔ اوّل ما خلق اللہ نوری۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1608، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 122)۔

دیکھیے حدیث نمبر 313۔

334۔ میں اللہ کے نور سے پیدا ہوا ہوں اور مومن میرے نور سے پیدا ہوئے ہیں۔

(مکتوبات صفحہ نمبر 1608، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 122)۔

قال السخاوی ھو عند الدیلمی بلا اسناد عن عبد بن جراد۔ مرفوعاً

انا من اللہ والمؤمنون منی۔

(الموضوعات الکبریٰ صفحہ نمبر 72)۔

335۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اے کاش رب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پیدا نہ کرتا۔

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1620، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 122)۔

درج ذیل احادیث اس کی مؤید ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

بخدا تمہاری نسبت میں اللہ تعالیٰ کا خوف زیادہ رکھتا ہوں۔

رواہ البخاری، کتاب النکاح، باب الترغیب فی النکاح، عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ۔

نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (کاش) میں ایک درخت ہوتا جو کبھی کٹ جاتا۔

(رواہ الترمذی، ابواب الزہد، عن ابی ذر رضی اللہ عنہ)۔

336۔ جتنی مجھے ایذا دی گئی ہے۔ الخ

..... (مکتوبات صفحہ نمبر 1620، دفتر سوم، حصہ نہم، مکتوب نمبر 122)۔

دیکھیے حدیث نمبر 4۔

۱۲ ربیع الاوّل شریف
۳ رمئی ۲۰۰۴ء

الحمد للہ رب العالمین
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ ؐ
ابوکلیم فانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حضرت مجدد الف ثانی اور تحفظ ناموسِ رسالت

ڈاکٹر سید ریاض الحسن گیلانی

☆☆

امام ربانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ عنہ یقیناً مجدد الف ثانی ہیں کیونکہ مقصودِ کائنات اور سرورِ کائنات محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا شرعی و روحانی مقام جرأت اور وضاحت کے ساتھ کسی رعایت اور ابہام کے بغیر نہ صرف علمی لحاظ سے متعین فرمایا ہے، بلکہ شریعت اور طریقت کے مؤثر طبقات کے دل و دماغ میں اُسے مستحکم کیا ہے۔

اگر کوئی مجھے کہے کہ امام ربانی کے اس مہتم بالشان کام کو ایک جملے میں بیان کریں تو میں یہ کہوں گا کہ آپ نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی مدارِ نجات ماننے والوں کی ''بھی'' کی ''ب'' کو دلائل و براہین کے تیروں سے اُڑا دیا ہے اور ''بھی'' کو ''ہی'' میں بدل دیا ہے..... یعنی مدارِ نجات صرف اور صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی ذات بابرکات ہے..... آپ کی تشریف آوری کے بعد ہدایت و نجات کے تمام چشمے نہ صرف سوکھ گئے بلکہ شرعاً و قانوناً معدوم ہو گئے ہیں..... حضرت مجدد دیگر تمام شرائع و ادیان کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ ''منسوخ ہو چکے ہیں''..... مکتوبات شریفہ کے دفتر دوم مکتوب نمبر ۶۷ میں فرماتے ہیں:۔

> ''تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے خاتم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اور آپ کا دین تمام گزشتہ دینوں کا ناسخ ہے، اور آپ کی کتاب تمام گزشتہ کتابوں سے بہترین ہے..... آپ کی شریعت منسوخ نہ ہوگی بلکہ قیامت تک قائم رہے گی۔ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نزول فرما کر آپ کی شریعت پر عمل کریں گے اور آپ کے اُمتی ہو کر رہیں گے۔

حضرت مجدد اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ تمام ادیان کو برحق، اور مدارِ نجات ماننے والے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تاج ختم نبوت کے اوصاف، اور تخت ناموس رسالت کے لوازم کا کما حقہ شعور نہیں رکھتے۔ سرکار کے خاتم النبیین ہونے کا مطلب ہی یہ ہے کہ دیگر تمام ادیان منسوخ یعنی کالعدم ہو چکے ہیں، اور قصۂ ماضی بن چکے ہیں۔ اب ان کی پیروی شرعاً وقانوناً بے سود اور نجات کے معاملے میں غیر مؤثر ہے۔ اور آئندہ کے لیے آسمانی ہدایت کے دروازے بند ہو چکے ہیں۔ لہٰذا اب صرف اور صرف آپ کی ذات سرچشمۂ ہدایت اور مدار نجات ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ تورات کے چند اوراق لگ گئے۔ وہ ان کا مطالعہ کرتے ہوئے حضور کے ہاں آئے، سرکار نے اس کو ناپسند فرمایا اور آپ کا چہرہ مبارک غصے سے سُرخ ہو گیا..... حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمر فاروق کو متنبہ کیا تو وہ نادم ہوئے، اور تورات کے اوراق پھینک دیے..... سرکار نے فرمایا:

''اگر موسیٰ علیہ السلام موجود ہوتے تو میری اتباع کے سوا انہیں کوئی چارہ نہ ہوتا۔''

دوسرے ہزار سال کا آغاز ہوتے ہی کارکنان قضاء وقدر نے سرکار ہمہ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے موثر اثبات اور ناموس رسالت کے قائدانہ تحفظ کے لیے امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی اور سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کو چُن لیا، جس کے سالار اعظم حضرت ابوبکر صدیق ہیں..... جب بھی جھوٹی نبوت نے سر اُٹھایا صدیق اکبر کی تلوار نقشبندی مجددی مجاہد کی صورت میں میان سے نکل آئی..... تحفظ ختم نبوت کے ہر فیصلہ کن معرکے کی قیادت سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے حصے میں آئی..... میں یہاں اس امر کی وضاحت کر دینا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں دوسرے سلاسل کے مشائخ اور علماء کی مساعی کو میں نظر انداز نہیں کر رہا، میں صرف یہ گزارش کر رہا ہوں کہ اس سلسلے میں قیادت کا سہرا سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے سر ہے۔

مرزا غلام احمد قادیانی نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا اُسے سلطنتِ برطانیہ کی سرپرستی اور پُشت پناہی حاصل تھی..... حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ غیرت مدعیِ نبوت سے ہوتی ہے..... آپ کو سب سے زیادہ اذیت دعویٰ نبوت سے ہوتی ہے..... ختم نبوت کے پروانے اور ناموس رسالت کے دیوانے مرزا غلام احمد قادیانی کے خلاف سرگرم عمل ہو گئے..... اُسے اُس کے منطقی انجام تک پہنچانے میں قائدانہ

کردار سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کی مشہور و معروف شخصیت امیر ملت پیر جماعت علی شاہ صاحب کے حصے میں آیا۔

۱۸۹۹ء میں مرزا غلام احمد قادیانی نے اعلیٰ حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑہ شریف کو للکارا مگر وہ لاہور نہ آیا لہٰذا میدان نہ سجا..... بادشاہی مسجد میں تمام سرکردہ علماء و مشائخ کا اجلاس ہوا..... مرکزی خطاب امیر ملت پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوری کا تھا۔ اردو اختتامی دُعا حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑہ شریف نے کی۔

۱۹۰۸ء میں لاہور میں فیصلہ کن معرکہ برپا ہوا..... حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف سے تشریف لائے اور حضرت پیر جماعت علی شاہ صاحب حیدر آباد دکن سے پہنچ گئے۔ مرزا غلام احمد قادیانی لاہور میں برانڈرتھ روڈ پر قیام پذیر ہوا..... اُسکی رہائش گاہ کے بالمقابل خالی میدان تھا۔ جہاں آج اسلامیہ کالج ہے..... امیر ملت پیر جماعت علی شاہ صاحب نے اپنے ایک نمبر مرچنٹ مرید کو فرمایا کہ وہ مرزا کی رہائش گاہ کے بالمقابل ایک بلند اسٹیج بنائے۔ جہاں بعد نماز عشاء روزانہ علماء و مشائخ خطاب فرماتے تھے۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب نے امیر ملت پیر جماعت علی شاہ صاحب سے گولڑہ شریف واپسی کی اجازت چاہی..... اس پر حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب نے فرمایا کہ

''میں مرزا کے شکار کے لیے آیا تھا مگر مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ یہ شکار میرے مقدر میں نہیں آپ کے مقدر میں ہے''.....

ایک روز حضرت امیر ملت نے اپنے رات کے خطاب کے آخر میں فرمایا کہ ''میں پیش گوئیاں نہیں کیا کرتا مگر آج پیش گوئی کیے بغیر نہیں رہ سکتا..... آج طلوع آفتاب سے پہلے اس جھوٹے مدعی نبوت سے نجات ہو جائے گی'' چنانچہ حضرت امیر ملت کا خطاب ختم ہوتے ہی مرزا غلام احمد قادیانی ہیضے کے مرض میں مبتلا ہو کر طلوع آفتاب سے پہلے موت کی نیند سو گیا..... صبح اخباروں میں شہ سرخیاں لگی ہوئی تھیں کہ ''مرزا ہیضے سے مر گیا ہے''..... بے شمار اہل لاہور۔ حضرت امیر ملت کے ہاتھ پر بیعت ہو کر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں داخل ہوئے۔

اس وقت جو شخص آپ کے سامنے کھڑا ہے اور آپ سے مخاطب ہے اس کا تعلق بھی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ سے ہے بلکہ دوہرا تعلق ہے..... حضرت خواجہ غلام مرتضےٰ قلعہ والے میرا مرشد خانہ ہے، اور مشائخ آلو مہار شریف میرے ننھیال ہیں..... اب میری تحدیث نعمت سنیے:

تقریباً ایک صدی پر محیط امت محمدیہ کی پر جوش اور مسلسل جد و جہد کے نتیجے میں مرزا غلام احمد قادیانی

کی امت کو پارلیمنٹ نے آئینی ترمیم کر کے کافر قرار دیا، اور مزید قانون سازی کر کے قادیانیوں کا تعلق مساجد اور اسلامی شعائر سے ختم کر دیا گیا..... مگر کوئی آئینی ترمیم اور قانون سازی اُس وقت تک مستحکم نہیں ہوتی جب تک اُس پر اعلیٰ عدالتوں کی مہر ثبت نہ ہو جائے..... لہٰذا اس ضمن میں جنوبی افریقہ میں کیپ ٹاؤن کی سپریم کورٹ، پاکستان کی فیڈرل شریعت کورٹ، یو۔این۔او کے ہیومن رائیٹس کمشن اور آخر میں سپریم کورٹ آف پاکستان میں جب عدالتی معرکہ آرائیاں ہوئیں تو مرزا قادیانی اور امتِ مرزائیہ کے مقابلے میں مجھے منتخب کیا گیا اور مجھے اس میدان میں خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ عنایت سے کامیابی نصیب ہوئی۔

☆.....☆.....☆



بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حضرت مجدد اور عشق رسول ﷺ

ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

☆☆

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ مولانا حمد صالح کولابی کے نام ایک مکتوب میں فرماتے ہیں:

محبوب در نظر محب بلکہ در نفس امر ہمہ وقت محبوب است وہمہ حال محبوب است۔ اگر ایلام فرماید محبوب است واگر انعام نماید محبوب۔ نزد اکثر مردم کہ بدولت محبت مشرف گشتہ اند در وقت انعام از دیاد محبت محبوب است از وقت ایلام او یا در ہر دو وقت مساوات است۔ ونزد اقل عکس این معاملہ است وایلام از دیاد محبت بخش است از انعام او۔[1]

''محبوب محب کی نظر میں بلکہ نفس الامر میں ہر وقت میں اور ہر حال میں محبوب ہوتا ہے۔ خواہ محبوب درد پہنچائے یا انعام دے وہ محبوب ہی ہوتا ہے۔ اکثر لوگ جو مقام محبت پر فائز ہیں ان کے نزدیک ایلام کے مقابلے میں محبوب کی طرف سے انعام کے وقت محبوب کے ساتھ زیادہ ہوتی ہے۔ یا پھر دونوں حالتوں میں محبت مساوی ہوتی ہے۔ لیکن کچھ اہل محبت کے نزدیک معاملہ اس کے برعکس ہوتا ہے۔ ان کے نزدیک محبوب کی طرف سے درد پہنچنے کی حالت میں حالت انعام کے مقابلہ میں محبوب سے محبت زیادہ ہوتی ہے۔''

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس عبارت اور اس کے بعد والے جملوں میں اس حقیقت کو سمجھانا چاہا ہے کہ محبّ کو چاہیے کہ وہ محبوب کے ہر کام کو اپنے لیے مفید سمجھے اپنی چاہت محبوب کی چاہت کے تابع کر دے لہٰذا اس کا کوئی حکم یا طریقہ بھی محبّ کے نزدیک ناپسندیدہ نہیں ہوگا اور محبّ محبوب کی ہر ادا کا بھی محبّ ہوگا چنانچہ حضرت مجدد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا معنیٰ ہی اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

آپ فرماتے ہیں:

انس محبان بمشاهد محبوب است وانس محبوباں بہ بندگی کی محبوب دریں انس ایشاں را بایں دولت میر ساند وبایں نعمت سرفراز زند شہسوار یکہ نازایں میدان آں سرور دنیا ودین وسید اولین وآخرین حبیب رب العالمین است علیہ من الصلوٰۃ اتمہا من التحیات اکملہا۔[۲]

''محبین کی محبت کا شدید تقاضا محبوب کا دیدار ہے اور محبوبوں کی محبت کا تقاضا اپنے محبوب کی بندگی ہے محبوب اپنے محبوں کو بندگی کے ساتھ پیار کی دولت عطا کر دیتے ہیں اور اس نعمت سے ان کو سرفراز کر دیتے ہیں۔ اس میدان کے سب سے بہادر وہ سرور دنیا ودین سید اولین وآخرین حبیب رب العالمین ہیں جن پر اکمل صلوٰۃ اور تحیات ہوں''۔

عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم افکار مجدد علیہ الرحمۃ کے آئینے میں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق کی شان یہ ہے کہ آپ کے محبّ اللہ تعالیٰ کے محبوب بنتے ہیں ملاحظہ ہو حضرت مجدد فرماتے ہیں:

آں سرور محبوب رب العالمین است متابعان او بواسطۂ متابعت مرتبہ محبوبیت می رسند چہ محبّ در ہر کہ از شمائل واخلاق محبوب خودی بیند آنکس محبوب خودی دارد ومخالفاں را ازیں جا قیاس باید کرد۔

محمد عربی کابروی ہر دوسرا ست
کسی کے خاک درش نیست بر سر اوست۳

''آپ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور آپ کے پیروکار آپ کی متابعت سے محبوبیت کے مرتبہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ کیونکہ محبّ اپنے محبوب کے اخلاق وعادات جس میں دیکھتا ہے اسے بھی محبوب بنالیتا ہے۔ مخالفین کو یہاں سے سبق لینا چاہیے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو دونوں جہانوں کی عزت ہیں جو آپ کے در کی خاک نہیں اس کے سر پر خاک ہو۔''

شیخ درویش کے نام ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔

جب تک آدمی تعلقات غیر کے میل سے گندہ رہے گا محروم مہجور رہے گا حقیقت کے آئینے کو اللہ تعالیٰ کے ماسوا کی محبت کے زنگ سے صاف کرنا بڑا ضروری ہے۔ اس آئینے کو چمکانے والی سُنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔[۴]

اس لیے آپ کے نزدیک نبوت کے عہد سے دوری فساد کا سبب ہے فیض نبوت کا قرب ہی اصلاح ہے کتاب اثبات النبوہ میں فرماتے ہیں۔

لوگوں کے اعتقاد بگڑے اور ایماں کمزور ہونے کی وجہ صرف یہی ہے کہ یہ ''عہد نبوت'' سے دور ہوے۔[۵]

چنانچہ بار بار آپ نے علاج بھی یہی بتایا کہ واپس اس بارگاہ کی طرف بندہ متوجہ ہوتا کہ قرب ایزدی میسر آجائے۔

حضرت مجدد بحیثیت عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم:

۱... حضرت شیخ فرید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نام جب ایک خط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف پر مشتمل لکھا تو اس کے آغاز میں لکھا۔

آن سعادت نامہ را وسیلہ نجات اخروی خود سازد نہ آنکہ مدّاحی او علیہ الصلوٰۃ والتحیہ نماید بلکہ مقولہ خود بآں ستاید۔

ما ان مدحت محمدا بمقالتی
لکن مدحت مقالتی محمد صلی اللہ علیہ وسلم[۶]

''اس خط کو فقیر اخروی نجات کا وسیلہ بنا رہا ہے نہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی کر رہا ہے بلکہ اپنے مقولہ کو ان کے ذکر سے تعریف دلوا رہا ہے''۔

''میں نے اپنی بات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف نہیں کی بلکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم شریف سے اپنی بات کو عظمت دی ہے''۔

۲.....رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاملات کو ہر لحاظ سے بلند و بالا سمجھنا چاہیے یہاں تک کہ آپ کے سہو کا مرتبہ اتنا بڑا ہے کہ ہم اس کا اندازہ بھی نہیں کر سکتے فرماتے ہیں۔

ابوبکر طلب سہو پیغمبری نماید کہ یالیتنی کنت سھو محمد صلی اللہ علیہ وسلم[۷]

''حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سہو کی جستجو میں ہیں کاش کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بھول بن جاتا''

۳.....عمدۃ المقامات میں خواجہ فضل اللہ لکھتے ہیں:

آپ فرماتے ہیں کہ رمضان شریف کے آخری عشرہ میں تراویح کے بعد تھکان محسوس کی تو میں گیا کہ بستر پر آرام کروں۔ لیٹتے وقت بے خبری سے میں یہ بھول گیا کہ سنت کے مطابق دایاں پہلوں پہلے زمین پر رکھوں۔ لمبے پڑ جانے کے بعد مجھے آیا کہ میں ترک سنت کر بیٹھا ہوں۔ نفس نے بوجہ غفلت یہ بہانا بنایا کہ یہ بوجہ سہو کے ہوا ہے۔ لیکن مجھ پر ترک سنت کا خوف طاری ہوا بس فوراً اٹھا اور دائیں پہلو پر لیٹ گیا۔ اس کے فوراً بعد اللہ تعالیٰ کے کرم سے

انوار وتجلیات اور فیوضات کا غیر متناہی سلسلہ ظہور کو پہنچا اور مجھے اللہ تعالیٰ نے آواز دی تم نے جو سنت کا لحاظ کیا اس وجہ سے آخرت میں تجھ کو عذاب نہیں دونگا بلکہ اس وجہ سے تمہارے خادم جو تمہارے پاؤں مل رہا تھا معاف کر دونگا۔ [8]

ذات باری تعالیٰ اور عشق حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام:

حضرت مجدد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نور الخلائق میں فرماتے ہیں حدیث قدسی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

یامحمد انا وانت وماسواک خلقت لاجلک فقال محمد علیہ وعلیٰ الہ الصلوٰۃ والسلام اللّٰھم ماانت ومّاانا وماسواک ترکت لاجلک [9]

اے محبوب میں اور آپ اور جو کچھ آپ کے سوا ہے میں نے آپ کے لیے پیدا کیا بس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اے اللہ آپ نہ کہ میں اور جو تیرے سوا ہے میں نے تیرے لیے چھوڑ دیا۔

☆.....☆.....☆

حواشی

۱.....مکتوبات شریف جلد۲ مکتوب ۳۳

۲.....مکتوبات شریف اول، مکتوب ۱۸

۳.....مکتوبات شریف اول، مکتوب ۱۳

۴.....مکتوبات شریف اول، مکتوب ۵

۵.....اثبات نبوۃ: ص ۳

۶.....مکتوبات شریف اول مکتوب ۱۰

۷.....مبداء معاد، ص: ۷۵

۸.....عمدۃ المقامات: ۱۶۳

۹.....مکتوبات شریف جلد۲ نور الخلائق مکتوب: ۲۵

☆.....☆.....☆


وسلم
صلى الله عليه
١٤٠٧هـ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

کشورِ پنجم

شمع رہِ عرفاں ہیں مجدد الف ثانی
ایماں کے نگہباں ہیں مجدد الف ثانی

(حفیظ قادری)


إن الله لا يغير ما بقوم حتى يغيروا ما بأنفسهم
ذكر عز وجل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حضرت مجدد الف ثانی اور ترویجِ شریعت

پروفیسر محمد احسان احمد

(صدر، شعبہ علوم اسلامیہ، ولایت حسین اسلامیہ کالج، ملتان)

☆☆

اولیاء، صالحین، اقطاب وابدال کی زندگی کا اگر صحیح تجزیہ کیا جائے، اور ان کی تعلیمات کو تحقیقی مراحل سے گزارا جائے تو براہینِ قاطعہ سے معلوم ہوگا کہ ترویجِ شریعت اور اتباعِ رسول کا وہ کام جو حضرت قبلہ مجدد الف ثانی کی تعلیمات نے کیا ہے وہ صرف آپ کا ہی حصہ رہا ہے۔ اولیاء سلف نے روحانی عرفان اور وجدانی علوم کو بلاشبہ حاصل کیا ہے، اور ان معارف کی اشاعت وتبلیغ میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ لیکن ان معارف کے اصل الاصول یعنی شریعت کے احیاء اور حقیقت کی تہ تک جو رسائی حضرت مجدد الف ثانی نے کی ہے۔ اور اس میں جو انقلابی رنگ آپ کی کوششوں نے بھرا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔

اکبر کے دور میں عبادت خانوں کی تلخ اور ناعاقبت اندیش بحثوں اور ملاؤں نے جو ناپسندیدہ صورتحال اختیار کر لی تھی، وہ شریعت کی توہین کے مترادف تھی۔ اور خوشامدی ملاؤں نے جو جدت طرازیاں پیدا کر لی تھیں، انہیں روکنے کے لیے متعدد علماء وصوفیہ نے کارہائے نمایاں سرانجام دیے۔ لیکن جو کردار حضرت باقی باللہ اور حضرت کے مرید خاص بلکہ مراد خاص حضرت مجدد الف ثانی کا تھا وہ انتہائی موثر اور انقلابی نوعیت کا علمبردار تھا۔

ہندومت کا جارحانہ احیاء دارالخلافہ سے بڑھ کر پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے چکا تھا، الناس علی دین ملوکھم کے تحت لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر ہوتے ہیں، ہندوانہ تہذیب وتمدن ارتقاء پذیر تھا۔ مسلمانانِ ہند اپنے عقائد کو بچانے میں انتہائی مضطرب تھے۔ شعائرِ اسلام کی تضحیک ہو رہی تھی، ان

حالات میں حضرت مجدد الف ثانی کی کاوشوں اور مسلسل شبانہ روز محنت نے وہ کام کر دکھایا کہ صدیوں تک محیط دنیوی قائدین اور سیاسی بزرجمہروں سے نہ ہونے پائے۔

آپ نے اپنی تعلیمات کے ذریعے امرا اور سلطنت میں اعلیٰ عہدیداروں اور مملکت میں موثر مناصب پر فائز لوگوں کے اذہان بدلے، اور ان کے افکار میں تلاطم پیدا کیا، اور اس کے ساتھ ساتھ صوفیہ کرام اور علماء کرام کی بھی اصلاح فرمائی، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ حضرت مجدد الف ثانی کی کوششوں نے جو تمام تر دنیوی سہولیات اور مادی اسباب سے عاری تھیں، معاشرے میں وہ رنگ بھر دیا کہ ان صبغۃ اللّٰہی کوششوں نے اور آپ کے اخلاص سے مالا مال کارہائے نمایاں نے اکبری شان وشوکت اور شاہانہ کرّ وفر کے ذریعے پھیلنے والی بدعات کو بھسم کر کے رکھ دیا۔ حضرت مجدد کی ایک اہم خدمت یہ بھی ہے کہ آپ نے اُن تصوف کے سلاسل کی بھی اصلاح کی جن کے زعماء کے ذہن میں بھی یہ نہ تھا کہ تصوف کے میدان میں شناوری میں شریعت مطہرہ کا بھی عمل دخل ہے۔ وہ لوگ ولایت اور اس کی جُزیات کو صرف اور صرف طریقت اور تلوینات ومواجید سے زندہ کیے ہوئے تھے جبکہ آپ نے تمام تر قدیم روحانیت کے سلسلوں کو چھوڑ کر ایک ایسے سلسلہ کو ترویج دی جس کی بنیاد شریعت مصطفوی اور اتباع رسول پر قایم ہو۔

''جواہر مجددیہ'' کے مصنف لکھتے ہیں کہ:۔

> ''اس طریقہ کے تمام اُصول وفروع میں اتباع سنت اور اجتناب بدعت بدرجۂ کمال ہے، یعنی اصحاب کبار کا سالباس مشروط ہے، انہیں کی معاشرت ایسی ہی کم ریاضتیں اور فیضان کثیر ہے، نہ اس میں چلہ کشی ہے نہ ذکر بالجہر کی اجازت ہے نہ سماع بالمزامیر جائز ہے، نہ ہجوم عورت نہ سجدہ تعظیمی!۔

نہ توحید وجودی اور نہ دعوی اناالحق!، نہ مریدوں کی پیروں کی قدم بوسی، نہ مرید عورتوں کی پیر سے بے پردگی۔ سبحان اللہ! یہ انقلابی طریقہ اور اس کے سمندروں جیسی وسعت رکھنے والے اثرات کا ایسے دور میں پیدا ہونا جو فتنہ پرستی اور الحاد کا دور ہو، پیغام مسیحائی نہیں تو اور کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے آپ ایک قابل عالم شیخ طریقت تھے، جو تاویل وتشریح سے اور مخالف شرع احوال واقوال سے اپنے متبعین کو نکال کر احکام شریعت کی قید میں لے آئے۔ اس سے تصوف کی بنیادیں مزید مستحکم ہوئیں اور طریقت وشریعت کے اختلافات کم ہوئے۔

جب آپ نے احوال ومواجید کی طغیانی میں بہ کر صوفیہ کو شریعت وحقیقت کو ترک کرتا دیکھا تو آپ نے برملا کہا کہ احوال ومواجید تلوینات مسکرات شریعت کے تابع ہیں نہ کہ شریعت ان احوال ومواجید کے تابع۔

شریعت کی حمایت اور ترجمانی کے علاوہ آپ کا بڑا کام ردّ بدعت تھا۔ نئے طریقوں اور نت نئے فرقوں سے نہ صرف دین میں رخنے پیدا ہو رہے تھے، بلکہ اسلامیان ہند کے اجتماعی نظام میں بھی بڑا خلل واقع ہو رہا تھا۔ آپ نے رد بدعت میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا، اس زمانہ میں صفویوں کی وجہ سے شیعیت ایران میں عروج پر آئی ہوئی تھی۔ چونکہ مغلیہ دور میں ایران سے گہرے روابط پیدا ہو چکے تھے، اس لیے ہندوستان میں اس فرقۂ باطلہ کا اثر حلول کر رہا تھا، آپ نے اپنی تقریر وتحریر سے امراء وسلاطین کو اس فرقہ باطلہ کی ریشہ دوانیوں سے آگاہ کیا، اور ''رسالہ ردروافض'' لکھ کر اس فتنہ کی سرکوبی کی۔ شرع کی ترویج اور سلسلہ نقشبندیہ کی اشاعت، شریعت وطریقت میں تطبیق نے شعائر اسلام کی جڑیں مضبوط کیں اور آپ کی کوششوں نے ان دینی قوتوں کو مہمیز لگائی جو دیندار تو تھیں لیکن بادشاہ کی زندیقیت اور الحاد پھیلانے میں مداہنت کا لبادہ اوڑھ رہی تھیں۔ لہٰذا ان دینی قوتوں نے آپ کے طریقہ مبارکہ پر عمل کر کے رخصت کو چھوڑ کر عزیمت کو اپنایا اور پورے ہندوستان میں اکبری یلغار کو تہ وبالا کر دیا۔ اس طرح آپ کے صدہا خلفاء نے، اور آپ کے فرزندان ارجمندان نے طریقت میں شریعت کا رنگ بھر دیا، اور ہندوستان اور بیرونی دنیا میں ایک ایسی انقلابی تحریک اٹھی جس نے مفاسد کو زیروزبر کر دیا اور پیروان اسلام کو شیر وشکر کر دیا۔

اس وقت کے الحادی دور اور اس کی فتنہ پردازیوں کے متعلق حضرت مجدد اپنے صاحبزادگان کو مخاطب کر کے لکھتے ہیں

> ''قیامت قریب ہے، اور ظلمتوں کی گھٹائیں چھا رہی ہیں کہاں خیریت اور کہاں نورانیت۔ شاید حضرت مہدی رضوان اللہ علیہ خلافت ظاہر کی تائید پا کر اس کو رواج دیں گے''۔[۲]

آپ شریعت کی بالادستی بیان فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

> شریعت کے تین اجزاء ہیں: علم، عمل اور اخلاص ان کا حصول اللہ کی رضا کا حصول ہے، اور یہی رضا دین اور آخرت کی تمام سعادتوں

سے بڑھ کر ہے۔ کوئی ایسا مطلب نہیں جس کے حاصل کرنے کے لیے شریعت کے سوا کسی اور چیز کی ضرورت پڑے احوال و مواجید جو صوفیہ کو اثنائے راہ میں حاصل ہوتے ہیں، اصل مقصود نہیں ہیں، بلکہ وہم وخیالات ہیں جن سے طریقت کے بچوں کی تربیت کی جاتی ہے۔[۳]

اسی مکتوب میں آگے چل کر فرماتے ہیں:

''جو لوگ شریعت کو پوست خیال کرتے ہیں، اور حقیقت کو مغز کہتے ہیں، وہ اصل معاملہ سے بے خبر ہیں، اور صوفیہ کی بے ہودہ باتوں پر مغرور اور ان کے معاملہ سے بے خبر ہیں، ان حضرات کا طریقہ صراطِ مستقیم نہیں ہے۔''

اس طرح بنام شیخ درویش مکتوب میں لکھتے ہیں:

''اپنے ظاہر کو ظاہر شریعت سے اور اپنے باطن کو باطن شریعت یعنی حقیقت سے آراستہ کریں، شریعت اور حقیقت دونوں شریعت ہی کی حقیقت ہیں نہ کہ شریعت اور ہے اور طریقت اور ان کو علیحدہ کرنا الحاد اور زندیقیت ہے''۔[۴]

اتباعِ اصول پر مزید زور دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''سیر انفسی اور سیر آفاقی حصول سید اولین و آخرین کی اتباع پر منحصر ہے جب تک اپنے آپ کو شریعت میں گم نہیں کریں گے، اور اوامر کو بجالانے اور نواہی سے بچنے میں کامیاب نہ ہو جائیں، اس دولت کا حصول ناممکن ہے۔ شریعت کی اتباع کے بغیر احوال و مواجید کا پایا جانا استدراج ہے۔''[۵]

آپ کی سنت پر حد درجہ متابعت کا یہ حال تھا کہ ایک مرتبہ لیٹنے لگے۔ بستر پر پہلو رکھ کر پھر اٹھ بیٹھے۔ مریدین نے عرض کی: ''حضرت دوبارہ اٹھنے کی کیا وجہ تھی'' تو آپ نے فرمایا کہ ''میں نے سوتے ہوئے پہلے خلاف سنت بایاں پہلو بستر پر لگا دیا۔'' اس لیے میں دوبارہ اٹھا اور پھر دایاں پہلو بستر پر پہلے لگا کر سوؤنگا۔

آپ فرماتے ہیں کہ "منصور حلاج کو حسن احوال کی بناء پر سولی پر لٹکایا گیا اگر ہمارے دور میں ہوتے تو ہم ان کو ان احوال و مواجید سے نکال دیتے۔"

☆.....☆.....☆

حواشی

۱.....جواہر مجددیہ۔ رُود کوثر۔ شیخ محمد اکرام، صفحہ ۲۸۵

۲.....مکتوبات مجدد الف ثانی دفتر سوم مکتوب ۹۶

۳.....مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۲۶

۴.....مکتوب دفتر اول نمبر ۴۲ بنام شیخ درویش

۵.....مکتوب دفتر اول، ۲۹، بنام سید محمود

☆.....☆.....☆



الحمد للہ

O

مکتوب شریف بنام عبدالرحیم خان خاناں

وزیر جہانگیر بادشاہ

آپ کا مرحمت نامۂ گرامی جس سے آپ نے ہم فقیروں کو نوازا تھا اس کے مطالعہ سے مشرف ہوا آپ نے مولانا محمد قلیج موفق کے خط میں تحریر فرمایا تھا کہ طالب علموں اور صوفیوں کیلئے کچھ خرچ بھیجا گیا ہے۔ طالب علموں کے ذکر کو صوفیوں (کے ذکر) پر مقدم کرنا آپ کی بلند ہمتی ہے بہت ہی اچھا معلوم ہوا۔ اَلظَّاهِرُ عُنْوَانُ الْبَاطِنِ (ظاہر باطن کا عنوان ہوتا ہے) کے مضمون کے مطابق امید ہے کہ آپ کے باطن شریف بھی اس بزرگ جماعت کو (صوفیوں پر) مقدم کرنا پیدا ہو گیا ہوگا كُلُّ اِنَاءٍ يَتَرَشَّحُ بِمَا فِيْهِ (ہر برتن سے وہی چیز نکلتی ہے جو اس کے اندر ہوتی ہے) ع

زکوزہ بروں تراود کہ دروست (نکلتا ہے وہی برتن سے جو کچھ اس کے اندر ہے)

اور طالب علموں کے مقدم کرنے میں شریعت کو رواج دینا ہے (کیونکہ) شریعت کے اٹھانے اور قائم کرنے والے یہی لوگ ہیں اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلی آلہ الصلوٰت والتسلیمات کا مذہب وملت انہی کے ساتھ قائم ہے۔ کل قیامت کے روز شریعت کی بابت پوچھیں گے تصوف کے متعلق نہیں پوچھیں گے۔ جنت میں داخل ہونا اور دوزخ سے بچنا شریعت کے احکام بجالانے پر منحصر ہے۔ انبیاء صلوٰت اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہم نے جو کہ تمام کائنات میں سب سے بہتر ہیں (اپنی اپنی) شریعتوں کی طرف دعوت دی ہے، اور نجات کا انحصار اسی پر رہا ہے اور ان بزرگوں کی پیدائش سے مقصود شریعتوں کی تبلیغ ہے پس سب سے بڑی نیکی شریعت

کے رواج دینے اور اسکے حکموں میں سے کسی حکم کے زندہ کرنے میں کوشش کرنا ہے خصوصاً ایسے زمانے میں جبکہ اسلامی شعائر (نشانات وارکان) بالکل مٹ گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ عزوجل کے راستہ میں کروڑوں روپیہ خرچ کرنا بھی شرعی مسائل میں سے کسی ایک مسئلہ کو رواج دینے کے برابر نہیں ہے کیونکہ اس فعل (شرعی مسائل کی ترویج) میں انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اقتدا (پیروی کرنا) ہے جو کہ مخلوقات میں سب سے زیادہ بزرگ ہیں اور اس فعل میں ان بزرگوں کے ساتھ شریک ہونا ہے۔ اور یہ بات ثابت ہے کہ سب سے کامل نیکیاں انہی بزرگوں کو عطا ہوئی ہیں اور کروڑوں روپیہ خرچ کرنا تو ان بزرگوں کے علاوہ دوسروں کو بھی میسر ہے۔

اور (ایک دلیل) یہ بھی ہے کہ احکامِ شریعت کے بجالانے میں نفس کی پوری پوری مخالفت ہوتی ہے کیونکہ شریعت نفس کے مخالف وارد ہوئی ہے اور اموال کے خرچ کرنے میں تو کبھی نفس بھی موافقت کرلیتا ہے ہاں البتہ اموال کا خرچ کرنا اگر شریعت کی تائید اور مذہب کی ترویج کیلئے ہو تو اس کا بہت بڑا درجہ ہے اور اس نیت کے ساتھ ایک حبتل (دام) کا خرچ کرنا کسی اور نیت سے کئی لاکھ (روپیہ) خرچ کرنے کے برابر ہے۔

یہاں کوئی یہ سوال نہ کرے کہ (ماسواء اللہ میں) گرفتار طالب علم (ماسواء اللہ سے) آزاد صوفی سے کس طرح مقدم ہوگا۔ ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اس (آزاد صوفی) نے بات کی حقیقت کو حاصل نہیں کیا اور طالب علم باوجود (ماسوااللہ کی) گرفتاری کے خلقت کی نجات کا سبب ہے کیونکہ احکام شرعی کی تبلیغ اس کو حاصل ہے اگرچہ وہ خود اس سے نفع حاصل نہیں کرتا اور صوفی نے (ماسوااللہ سے) آزادی کے باوجود اپنے نفس کو خلاص کرلیا ہے۔ (اس لئے) خلقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں رہا ہے اور یہ بات ثابت ہے کہ جس شخص کے ساتھ بکثرت

لوگوں کی نجات وابستہ ہو وہ اس شخص سے بہتر ہے جو صرف اپنی نجات کے درپے ہو۔ ہاں البتہ جس صوفی کو فنا و بقا اور سیر عن اللہ و باللہ کے بعد دنیا (مخلوق) کی طرف لوٹا دیا گیا ہو اور خلقت کی دعوت (یعنی مخلوق کو راہ راست کی طرف لانے کا فریضہ انجام دینے) کے مقام میں لے آئے ہوں، اس کو مقام نبوت سے حصہ حاصل ہے اور شریعت کی تبلیغ کرنے والوں میں داخل ہے وہ بھی علمائے شریعت کا حکم رکھتا ہے، (یعنی وہ بھی عالم شریعت ہے) ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ (جمعہ ۶۲۔ آیت ۴)

(یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)

(مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۴۸، ترجمہ اردو، مطبوعہ کراچی، ص ۱۷۴۔۱۷۶)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مکتوب امام ربانی بنام شیخ فرید بخاری

☆☆

ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَلٰی جَادَّۃِ اٰبَاءِ کُمُ الکرامِ (اللہ سبحانہ، آپ کو بزرگ آباواجداد کے راستہ پر ثابت قدم رکھے) سنا گیا ہے کہ بادشاہِ اسلام (جہانگیر) نے مسلمانی کی نیک فطرت پر ہونے کی وجہ سے جو کہ وہ اپنی ذات میں رکھتا ہے آپ سے فرمایا ہے کہ ''دیندار علماء میں سے چار شخص (علماء) مہیا کریں جو کہ دربارشاہی میں حاضر رہ کر شرعی مسائل بیان کیا کریں تا کہ (بادشاہ سے) خلافِ شرع کوئی امر واقع نہ ہو۔'' اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ (اس پر اللہ سبحانہٗ کی حمد وثنا ہے)

مسلمانوں کے لیے اس سے بڑھ کر اور کونسی خوشی ہوگی اور ماتم زدوں کو اس سے بہتر اور کونسی خوشخبری ہوگی، لیکن چونکہ یہ فقیر بھی اسی (دینی) غرض کے لیے آپ کی خدمتِ عالیہ کی طرف متوجہ ہے جیسا کہ کئی مرتبہ اس امر کا اظہار کیا جاچکا ہے اس لیے اس بارے میں کہنے اور لکھنے سے اپنے آپ کو ہرگز معاف نہیں رکھ سکے گا، امید ہے کہ مجھے معذور قرار دیں گے کیونکہ صَاحِبُ الْغَرْضِ مَجْنُوْنٌ (غرض مند دیوانہ ہوتا ہے)، (یہ فقیر) عرض کرتا ہے کہ ایسے دیندار عالم حُبِّ جاہ وریاست سے خالی ہوں اور شریعت کی ترویج اور ملتِ (اسلامیہ) کی تائید کرنے کے علاوہ اور کچھ مطلب نہ رکھتے ہوں بہت کم بلکہ کم سے کم ہیں۔ حُبِّ جاہ ہونے کی صورت میں ان علماء میں سے ہر ایک اپنی ایک الگ لائن اختیار کرے گا اور اپنی بزرگی کا اظہار کرے گا اور اختلافی باتیں درمیان میں لاکر اس کو بادشاہ کے قریب کا وسیلہ بنائے گا لامحالہ دین کی مہم ضائع ہوجائے گی..... گزشتہ زمانہ (عہدِ اکبری) میں بھی علماء کے اختلافات نے دنیا کو بلاومصیبت میں ڈال دیا تھا اور (اب بھی) وہی برے علماء کی صحبت کا اندیشہ درپیش ہے، اس صورت میں (شریعت کی) ترویج کی کیا گنجائش ہے، بلکہ (یہ) دین کی خرابی کا باعث ہوگا۔ وَالْعِیَاذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ مِنْ ذٰلِکَ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْعُلَمَاءِ السُّوْءِ (اللہ تعالیٰ سبحانہٗ اس امر سے اور برے علماء کے فتنہ سے بچائے)..... اگر اس غرض کے

لئے (صرف) ایک عالم (دین) کا انتخاب کرلیں تو بہتر معلوم ہوتا ہے اور اگر علمائے آخرت میں سے (یعنی جو دنیا سے بے رغبت ہو) کوئی دستیاب ہو جائے تو بہت بڑی سعادت ہے کیونکہ اس کی صحبت سرخ گندھک یعنی اکسیر کی مانند) ہے اور اگر (ایسا عالم) نہ مل سکے تو صحیح غور وفکر کے بعد اس قسم کے علماء (یعنی علماء سوء) میں سے کسی بہتر کا انتخاب کرلیں، مَالَا یُدْرَکُ کُلُّهٗ لَایُتْرَکُ کُلُّهٗ (جو چیز پورے طور پر حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل نہیں چھوڑ دینا چاہیے، یعنی جس قدر بھی حاصل ہو سکے حاصل کر لی جائے)۔

میں نہیں سمجھتا کہ (اس کے سوا اور) کیا لکھوں (کہ) جس طرح مخلوق کی نجات علماء کے وجود کے ساتھ وابستہ ہے دنیا کا خسارہ بھی انہی پر موقوف ہے، علماء میں سے بہترین عالم تمام دنیا کے انسانوں میں سب سے بہتر ہے اور علماء میں سے بدترین عالم تمام دنیا کے انسانوں میں سے بدتر ہے۔ (کیونکہ) ہدایت اور گمراہی ان ہی کی ذات کے ساتھ وابستہ ہے..... کسی بزرگ نے ابلیس لعین کو دیکھا کہ فارغ و بیکار بیٹھا ہے، اس نے اس (بیکاری) کا سبب پوچھا۔ اس (ابلیس) نے جواب دیا کہ اس وقت کے علماء (سوء) میرا کام کر رہے ہیں اور بہکانے و گمراہ کرنے میں وہ کافی ہیں۔

عالم کہ کامرانی و تن پروری کند
او خویشتن گم است کرا رہبری کند

ترجمہ:

عالم جو کامرانی و تن پروری کرے
بھٹکا ہوا ہے آپ وہ کیا رہبری کرے

غرض (امید ہے کہ) اس بارے میں صحیح و کامل غور وفکر سے کام لے کر کوئی قدم اٹھائیں گے، جب کام ہاتھ سے جاتا رہے تو پھر اس کا کوئی علاج نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ شرم آتی ہے کہ اس قسم کی باتیں صحیح دانائی و عقلمند حضرات کے سامنے ظاہر کرے لیکن (فقیر) اس مقصد کو اپنی سعادت کا وسیلہ جانتے ہوئے آپ کو تکلیف دیتا ہے۔ (مکتوبات امام ربانی، جلد اول، مکتوب نمبر ۵۳)

☆.....☆.....☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

شریعت، طریقت، حقیقت حضرت مجدد کی نظر میں

پروفیسر قاری مشتاق احمد نقشبندی مجددی

☆☆

شریعت:

شریعت کا مادہ شرع سے ماخوذ ہے جس کے معنی: ''راستہ'' کے ہیں۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے:

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَاوَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَابِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ط (۴۲/الشوریٰ/۱۳)

''تمہارے لیے دین کی وہ راہ ڈالی جس کا حکم اُس نے نوح کو دیا، اور جو ہم نے تمہاری طرف وحی کی، اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا کہ ''دین ٹھیک رکھو اور اس میں پھوٹ نہ ڈالو۔''

مزید ارشاد ہے کہ:

لِكُلٍّ جَعَلْنَامِنْكُمْ شِرْعَةً وَّ مِنْهَا جًا (۵/المائدۃ/۴۸)

''ہم نے تم سب کے لیے ایک، ایک شریعت اور راستہ رکھا۔''

ایک اور جگہ ارشاد ہے:

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (۴۵/الجاثیہ/۱۸)

''پھر ہم نے اس کام کے عمدہ راستہ پر تمہیں کیا، تو اسی راہ پر چلو اور نادانوں کی خواہشوں کا ساتھ نہ دو۔''

جمہور مفسرین کے نزدیک بغیر کسی اختلاف کے بالاتفاق یہاں دین سے مُراد اسلام ہے، اور واضح مفہوم یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی اطاعت اور اس پر، اور اس کے رسولوں اور اس کی کتابوں پر، اور یوم آخرت پر اور جُملہ ضروریاتِ دین پر ایمان لانا لازمی ہے۔ اور یہ کہ یہ سبھی امور تمام انبیاء کی امتوں کے لیے یکساں لازم ہیں یعنی اصول دین میں تمام مسلمان خواہ وہ کسی عہد و زمانے یا کسی امت کے ہوں، برابر ہیں۔ اور ان میں کوئی اختلاف نہیں۔ البتہ احکام میں امتیں اپنے احوال و خصوصیات کے حوالے سے جداگانہ ہیں یعنی فروع و اعمال ہر ایک کے مخصوص ہیں، اور اصول دین میں سب ایک ہیں۔ مؤخر الذکر آیہ مبارکہ سے واضح ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راستہ عمدہ اور منتہائے کمال ہے، اور اسی پر چلنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس لیے کہ آپ کی شریعت شرائع ماضیہ کے اصولوں کی جامع اور کامل و اکمل ہے، اور ناسخ بھی ہے کہ اب اصول دین ہوں یا فروع اعمال اس شریعت محمدیہ کے سوائے ہرگز مقبول و منظور نہیں۔ لہٰذا شریعت محمدیہ ہی قُربِ الٰہی اور نجات اُخروی کی مکمل ضامن اور کفیل ہے۔ اور جو اس راہ سے ہٹا تو وہ راہ حق سے نہ صرف دور ہوا بلکہ ہلاکت میں پڑ گیا۔ اور اُس کے لیے کوئی خیر ممکن ہی نہیں۔ لہٰذا سب لوگ شرع محمدی کے محتاج ہیں، اور اس کے بغیر مقصود حقیقی تک رسائی محال ہے۔ مخدوم ابوالحسن علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کشف المحجوب میں فرماتے ہیں کہ انسان کے لیے ضروری ہے کہ اسے معرفت الٰہی اور امور الٰہی کا علم ہو، اور یونہی انسان پر مصلحت وقت کا علم بھی فرض ہے، اور وہ علم جو وقت ضرورت کام آتا ہے اس کا ظاہر و باطن دو قسم ہے: ایک علم اصول اور دوسرا علم فروع، علم اصول کا ظاہر حکم شہادت ہے، اور باطن معرفت الٰہی کی تحقیق ہے۔ اور علم فروع کا ظاہر دینی معاملات پر عمل ہے، اور اس کا باطن نیت کی مکمل صحت یعنی لوجہ اللہ کام کرنے کا پختہ ارادہ۔ لیکن ان میں سے ہر ایک کا قائم کرنا دوسری قسم کے بغیر محال ہے۔ حقیقت کا ظاہر باطن کے بغیر کھلی منافقت ہے اور باطن ظاہر کے بغیر بے دینی اور دھوکا ہے۔ اور شریعت کا ظاہر باطن کے بغیر خسارا اور باطن بغیر ظاہر کے محض ہوس ہے۔ تو علم حقیقت کے تین رکن ہوئے:

اول: ذاتِ الٰہی، اس کی توحید اور اس سے تشبیہ کی نفی کا علم

دوم: صفاتِ الٰہی اور اس کے احکام کا علم

سوم: افعال الٰہی اور ان کی حکمتوں کا علم

اسی طرح علم شریعت کا علم بھی تین رکن ہیں:

اوّل: اللہ کی کتاب کا علم
دوم: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت کا علم
سوم: اجماع امت کا علم

شریعت کے احکام کے اثبات کی دلیل یہ ہے کہ ایمان لائے اور یقین رکھے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے اس کے رسول معجزات وآیات وبیّنات لے کر آئے۔ اور جو کچھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوشیدہ اور ظاہر امور کی خبریں دی ہیں حق ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے ملا حاجی محمد لاہوری کو اپنے مکتوب ۳۶ میں یہی تفصیل اپنے انداز سے تحریر کی ہے، جو شریعت کو واضح کرتی ہے آپ فرماتے ہیں:

''شریعت تین جزو ہیں: اول علم دوم عمل سوم اخلاص۔ جب تک یہ تینوں جزو نہ پائے جائیں امر شریعت متحقق نہیں ہوتا۔ اور جب شریعت متحقق ہوجائے یعنی یہ تینوں امور پائے جائیں تو رضائے الٰہی جو تمام دنیوی و اخروی سعادتوں پر فائق واعلیٰ ہے خود بخود متحقق ہوگئی..... جیسا کہ ارشاد باری ہے: رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکْبَرُ اللہ کی تھوڑی رضامندی بھی بہت بڑی ہے..... شریعت تمام دنیوی واخروی سعادتوں کی ضامن اور کفیل ہے اور کوئی ایسا مطلوب ومقصود نہیں جو شریعت سے الگ یا جدا ہو، اور انسان کو اس کی ضرورت ہو، طریقت وحقیقت جو صوفیہ کی امتیازی شان ہے یہ دونوں شریعت کی خادم ہیں۔ ان دونوں سے شریعت کے تیسرے جزو اخلاص کی تکمیل ہوتی ہے، لہٰذا دونوں کا مقصد تکمیل شریعت ہے۔ اور کوئی دوسرا امر ہے جو شریعت کے علاوہ ہو۔''

حضرت مجدد ربانی رحمۃ اللہ علیہ سیّد محمود کے نام مکتوب میں رقمطراز ہیں:

''آپ نے فائدہ مند اور نصیحت کے امور کا کہا ہے مخدوم گرامی! نجات ابدی حاصل کرنے کے لیے آدمی کو تین چیزوں کے بغیر گزارہ نہیں۔ وہ تین چیزیں ہیں: علم، عمل اور اخلاص۔ پھر علم دو قسم ہے، ایک وہ علم جس سے مقصود عمل ہے، اس علم کے بیان کی کفیل فقہ ہے۔

دوسری قسم وہ ہے جس سے مقصود صرف اعتقاد اور یقین قلبی ہے۔ اس علم کی تفصیل اہل سنت و جماعت کے ائمہ کے مطابق علم کلام میں آ چکی ہے، اور اہل سنت ہی ناجی فرقہ ہے۔ اور ان ائمہ ہدیٰ کی اتباع کے بغیر نجات کا کوئی تصور نہیں۔ اگر بال برابر بھی مخالفت ہے تو خطرہ ہی خطرہ ہے، اور یہ بات کشف صحیح اور الہام صریح سے یقین کے درجہ تک پہنچ چکی ہے۔ اور اس میں غلطی کا احتمال نہیں تو کس قدر مبارک ہے وہ شخص جسے ان کی متابعت اور تقلید کا شرف حاصل ہو گیا۔''

شیخ یوسف برکی کے نام رقمطراز ہیں:

''دوسری نصیحت یہ ہے کہ آپ شریعت پر استقامت اختیار کریں، اور اپنے احوال کو علوم و اصول شریعہ کے مطابق درست کریں۔ اگر عیاذاً باللہ کسی قول و فعل میں شریعت کے خلاف پیدا ہو تو اس میں اپنی خرابی سمجھنی چاہیے، استقامت والوں کا یہی طریق ہے''۔

طریقت:

طریقت کا مادہ ''طرق'' سے ماخوذ ہے جس کے معنی ''راستہ'' کے ہیں۔ سڑک وغیرہ کے ہیں۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے:

یَھْدِی اِلیٰ طریق مستقیم (۴۶/الاحقاف/۳۰)

''یہ قرآن حکیم سیدھی راہ کی طرف ہدایت دیتا ہے''

طریقت دراصل شریعت کی عملی صورت کا نام ہے..... حضرت مجدد ربانی رحمۃ اللہ علیہ خضر خان لودھی کو اس ضمن میں لکھتے ہیں۔

''حق سبحانہ وتعالیٰ شریعت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کے طریقہ پر استقامت نصیب فرمائے، وہ جو چیز اہم ہے۔ اور اس کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں، وہ یہ ہے کہ اوّلاً مطابق آرائے صحیحہ اہل سنت و جماعت جو فرقہ ناجیہ ہے، اپنے عقائد درست کرنے چاہیں۔

پھر احکام فقہ کے موافق فرائض، سنتیں، واجبات، مستحبات، حلال وحرام اور مکروہ ومشتبہ سب ضروری احکام کا علم حاصل کرنے کے بعد اُن پر عمل پیرا ہونا چاہیے..... جب یہ دونوں اعتقادی اور عملی بازو میسر آ جائیں اور توفیق الٰہی مددگار ہو تو ممکن ہے عالم حقیقت کی طرف پرواز نصیب ہو جائے۔ ان دونوں بازوؤں کے حصول کے بغیر عالم حقیقت کی طرف پرواز ناممکن اور محال ہے۔

محال است سعدی کہ راہِ صفا
تواں رفت جُز در پئے مُصطفیٰ

''اے سعدی یہ بات ناممکن ہے کہ صفائی اور ہدایت کا راستہ حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلے بغیر نصیب ہو جائے۔''

اصطلاح قرآنی میں اس امر طریقت کا دوسرا نام ''اتباع واطاعت رسول ہے'' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت اللہ ہی کی اطاعت ہے۔

جیسا کہ ارشاد باری ہے:

مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ اَطَاعَ اللهَ

شیخ درویش کے نام تحریر فرمایا:

''نجات کا طریق اور خلاصی کا راستہ اعتقادی اور عملی طور پر صاحب شریعت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مکمل متابعت اور پیروی ہے۔ طریقت یعنی اہل اللہ سے تعلق صرف اسی لیے ہے کہ وہ امور شریعت کی طرف رہ نمائی کریں، اور اس کی پیروی کی ہدایت کریں..... ارشاد باری ہے: اِنَّ هٰذا صراطی مستقیما فاتبعوہ ولا تتبعُوا السبل'' ''بے شک یہی میرا سیدھا راستہ ہے تو اس کی ہی پیروی کرو اور اس کے علاوہ دوسرے مختلف راستے اختیار نہ کرو'' اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت کو صراط مستقیم فرمایا۔ آپ کی ملت کے

سوا دوسرے تمام راستوں کو مختلف راستے قرار دیا، اوران کی
اتباع وپیروی سے منع فرمایا۔

امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے خان خاناں کو ہدایت فرمائی:

''مَالَا یُدرک کُلّہ لایترک کلّہ کے موافق اپنی چندروزہ
زندگی کو صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تابعداری میں بسر
کرنا چاہیے۔ کیونکہ آخرت کے عذاب سے بچنا اور ہمیشہ کی نعمتوں
سے کامیاب ہونا اسی تابعداری کی سعادت پر وابستہ ہے۔''

صوفی قربان کو تحریر فرماتے ہیں:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کا ایک ذرہ تمام دنیوی لذتوں اور اُخروی
نعمتوں سے بدرجہا بہتر ہے۔ فضیلت روشن سنت کی متابعت کے ساتھ
وابستہ ہے، اور بزرگی آپ کی شریعت کی بجاآوری کے ساتھ مربوط ہے۔
مثلاً دوپہر کا قیلولہ جو متابعت سنت کی نیت سے ہو، کروڑ ہا راتوں کے نوافل سے اولیٰ اور افضل ہے،
جو بے نیت متابعت ہوں۔''

حقیقت:

احکام الٰہی کے علم کو علم شریعت اور اس پر عمل کو طریقت اور ذات وصفات الٰہی کے علم کو علم حقیقت کہتے ہیں۔ شریعت کے اصول' اقرار توحید ورسالت ہیں اور فروع حقوق اللہ اور حقوق العباد ہیں۔ اور علم حقیقت کے اصول' ذات وصفات کی معرفت ہے، اور فروع خلوص، احسان، اور تطہیر قلب ہے۔ اور یہ دونوں علوم باہم لازم وملزوم ہیں۔ چنانچہ علم ظاہر باطن کے بغیر جہالت اور نفاق ہے اور علم باطن' ظاہر کے بغیر شیطانی وساوس میں پڑ کر راہ حق سے بھٹک جانا ہے۔

ابوسعید احمد بن عیسی الحراز کتاب الصدق میں اور ابوالقاسم قشیری رسائل میں لکھتے ہیں:

''شریعت عبودیت کا التزام ہے اور حقیقت ربوبیت کا مشاہدہ ہے۔
پس ہر شریعت جس کی تائید حقیقت سے نہ ہو غیر مقبول بلکہ مردود
ہے۔ اور ہر حقیقت جو مقید بالشریعت نہ ہو غیر محصول ہے۔''

امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ شیخ درویش کے نام لکھتے ہیں:

''یاد رکھو کہ باطن ظاہر کو تمام وکمال تک پہنچانے والا ہے۔ ظاہر و باطن آپس میں بال برابر بھی ایک دوسرے کے ساتھ مخالفت نہیں رکھتے۔ مثلاً زبان سے جھوٹ نہ بولنا شریعت ہے، اور دل سے جھوٹ کا خیال دور رکھنا طریقت اور حقیقت ہے۔ اگر دل سے یہ نفی تکلف اور مشقت سے ہے تو طریقت ہے، اگر بے تکلف میسر ہے تو حقیقت ہے''

شیخ فرید بخاری کی طرف صادر فرمایا:

''کل حقیقة ردته الشریعة فهو زندقه'' اور جس حقیقت کو شریعت نے رد کر دیا وہ زندقہ ہے، شریعت کو اپنی جگہ پر قائم رکھ کر حقیقت کو طلب کرنا بہادروں کا کام ہے''۔

سید احمد قادری کے نام تحریر فرمایا:

'شریعت و حقیقت ایک دوسرے کا بالکل عین ہیں' اور حقیقت میں ایک دوسرے سے الگ اور جدا نہیں۔ فرق صرف اجمال و تفصیل، کشف و استدلال، غیبت و شہادت اور تکلف و عدم تکلف ہے''

اسی مکتوب میں مزید ہے کہ بعض مشائخ کا قول ہے:۔

'شریعت حقیقت کا پوست اور چھلکا ہے' اور حقیقت شریعت کا مغز ہے۔''

شیخ محمد چتری کو اسی حوالے سے تفصیلاً فرماتے ہیں:

''شریعت حقہ تین جزو علم، عمل اور اخلاص ہے، تو طریقت اور حقیقت دونوں اس جزو اخلاص کو کمال تک پہنچانے میں شریعت کی خادم ہیں۔ اصل بات یہی ہے، لیکن ہر شخص کا فہم و ادراک یہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔ اکثر مخلوق خواب و خیال میں خوابیدہ محو آرام ہے، اور اخروٹ و ناریل جیسی معمولی چیزوں پر اکتفا کر چکی ہے۔ شریعت کے کمالات کو کیا جانے، طریقت و حقیقت کی ماہیت کو کیا پائے۔ اکثر لوگ شریعت کو

پوست اور حقیقت کو مغز خیال کرتے ہیں۔ یہ نہیں جانتے ہیں کہ اصل معاملہ (حقیقت) نفس الامری کیا ہے۔ صوفیوں کے سُکر و مستی میں نکلی ہوئی باتوں کے دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور احوال و مقامات سے فتنہ میں پڑ چکے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ انہیں راہ راست پر چلنے کی ہدایت و توفیق عطا فرمائے، ہم اور جملہ صالحین پر سلامتی کا نزول ہو"۔

آخر میں امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے فرمودہ کو جو بہادر خان کی طرف صادر فرمایا نقل کرتا ہوں جو سارے عنوان کا ماحصل ہے:

"شریعت و حقیقت' اپنے ظاہر و باطن کی جمعیت کو' شریعت و حقیقت کے ساتھ جمع کرنے پر ابھارتے ہیں۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ متفرق تعلقات سے نجات عطا کر کے مکمل طور پر اپنی جناب قدس کا گرفتار کرے۔ بحرمۃ سید المرسلین علیہ وعلیٰ الہ من الصلوات افضلہا و من التسلیمات اکملہا۔

ہر چہ جز عشق خدائے احسن است
کہ شکر خوردن بود جاں کندن ست

"خدائے احسن کے عشق کے سوا جو کچھ بھی ہے اگر چہ شکر ہی کھانا ہو، درحقیقت جان کو ہلاک کرنے والی بات ہے۔ ظاہر کو ظاہر شریعت غرا (روشن شریعت) سے آراستہ و پیراستہ کرنا، اور باطن کو ہمیشہ حق تعالیٰ کے ساتھ رکھنا بہت بڑا کام ہے۔ دیکھیے کس صاحب قسمت کو ان دونوں عظیم نعمتوں سے مشرف کرتے ہیں۔ آج ان دونوں نسبتوں کا جمع ہونا بلکہ صرف ظاہر شریعت پر استقامت نہایت ہی نادر بات ہے۔ یہ چیز کبریت احمر سے بھی بڑھ کر نایاب ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے کمال کرم سے ظاہراً باطناً حضور سید الاولین والآخرین کی متابعت پر استقامت نصیب فرمائے علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات"۔

☆.....☆.....☆

O

مکتوب شریف حضرت مجدد الف ثانی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

پوشیدہ نہ رہے کہ عبارت ''ہمہ اوست'' اگرچہ متقدمین صوفیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم میں متعارف نہ تھی لیکن اَنَا الْحَقُّ ۔ سُبْحَانِیْ اور لَیْسَ فِیْ جُبَّتِیْ سِوَی اللّٰہِ وغیرہ کے مانند بہت سی باتیں سرزد ہوئی ہیں لہٰذا اس کلمہ کا اور اس قسم کی دوسری عبارتوں کا حاصل ایک ہی ہے۔ ع

آب از سر چوں گذشتہ است چہ یک نیزہ چہ صد (ترجمہ) سر سے پانی ہوگیا اونچا تو ایک نیزہ ہو یا سو نیزے۔ یہ مثل موزوں اور مشہور ہے اور متاخرین صوفیہ میں یہ عبارت شائع اور عام ہے اور وہ بے تکلف ''ہمہ اوست'' کہتے ہیں اور اس قول پر اصرار کرتے ہیں۔ اگرچہ ان میں سے بہت کم ایسے ہیں جو اس عبارت اور اس جیسی عبارتوں میں تردد رکھتے ہیں بلکہ اس کے انکار کی صورت کا اظہار کرتے ہیں اور جو کچھ کہ یہ فقیر ان کے اطلاقات یعنی ''ہمہ اوست'' سے سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ تمام حادث متفرق جزئیات ایک ہی ذات تعالیٰ وتقدس کا ظہور ہیں جیسے کہ زید کی صورت مختلف آئینوں میں منعکس ہو اور وہاں اس کا ظہور پیدا کرے تو کہیں گے ''ہمہ اوست'' یعنی یہ تمام صورتیں جنہوں نے مختلف آئینوں میں اپنا ثبوت پیدا کرلیا ہے زید کی ایک ذات کا ظہور ہیں۔ اس مقام میں کون سی جزئیت اور اتحاد ہے اور کون سا حلول وتلون ہے۔ ان تمام صورتوں کے باوجود ذاتِ زید اپنی اصلی حالت کی صرافت پر ہے اور ان صورتوں نے اس میں نہ کوئی اضافہ کیا اور نہ کوئی کمی کی، بلکہ جہاں زید کی ذات ہے وہاں ان صورتوں کا نام ونشان تک نہیں ہے تاکہ اس کے ساتھ کوئی بھی جزئیت، اتحاد، حلول اور سریان کی نسبت پیدا کرسکیں۔ اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ (وہ اب بھی ویسا ہی جیسا

کہ پہلے تھا) کا راز اس مقام میں تلاش کرنا چاہئے، کیونکہ جس مرتبہ میں حق تعالیٰ ہے وہاں جیسا کہ ظہور سے پہلے عالم کی کوئی گنجائش نہ تھی اسی طرح ظہور کے بعد بھی عالم کی وہاں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ پس لازمی طور پر وہ اب بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ پہلے تھا۔

عجیب معاملہ ہے کہ متقدمین صوفیہ میں سے بہت سے اکابرین نے اس عبارت کے توحید آمیز معنی حلول واتحاد سمجھے ہیں اور اس عبارت کے ماننے والوں کی تکفیر اور تضلیل کی ہے اور ان میں سے بعض نے ان عبارتوں کی اس طرح توجیہ کی ہے جو قائلین کے مذاق سے کوئی نسبت اور مناسبت نہیں رکھتی۔

صاحب عوارف المعارف فرماتے ہیں کہ "منصور کا اَنَا الحَق' (میں حق ہوں) کہنا، اور بایزید بسطامی کا سُبْحَانِی (میں پاک ہوں) کہنا، حق جل سلطانہٗ کی طرف سے حکایت کے طور پر تھا، اور اگر بطریق حکایت نہ ہوتا بلکہ اس میں حلول واتحاد کا شائبہ بھی درمیان میں ہوتا تو ہم ان اقوال کے کہنے والوں کا رد کرتے جیسا کہ ہم نصاریٰ کا رد کرتے ہیں جو کہ حلول واتحاد کے قائل ہیں۔"

(مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، (ترجمہ اردو) مطبوعہ کراچی، مکتوب نمبر ۸۹۔ ص۔ ۲۵۸۔۲۵۹)

O

مکتوب شریف حضرت مجدد الف ثانی بنام شیخ محمد طاہر بندگی، (خلیفۂ امام ربانی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)۔۔۔ مکتوب شریف موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا۔ دوستوں کی لذت وحلاوت کے بارے میں جو کچھ آپ نے تحریر کیا

تھا بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا۔

اے بھائی! حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو یہ منصب عطا فرمایا ہے لہٰذا اس نعمت عظمیٰ کا شکر پوری طرح بجالائیں اور اس بات کی احتیاط رکھیں کہ کوئی ایسا امر صادر نہ ہو جو مخلوقات کی نفرت کا باعث بنے اور وبالِ عظیم ہو۔ (کیونکہ) مخلوق کی نفرت ملامتیہ جماعت کے حال کے مناسب ہے کہ وہ شیخی اور دعوت سے کوئی تعلق نہیں رکھتے، بلکہ ملامت کا مقام، شیخی کے مقام کے خلاف ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ان دونوں مقاموں کو (آپس میں) خلط ملط کر دیں اور عین شیخی میں ملامت کی آرزو کرنا بہت بڑے ظلم کی بات ہے۔ اور مریدوں کی نظروں میں اپنے آپ کو "متجمل" (آراستہ وپیراستہ) رکھیں اور مریدوں کے ساتھ بہت زیادہ شیروشکر اور بے تکلف نہ ہوں کیونکہ یہ سبکی اور حقارت کا باعث ہے جو کہ "افادہ واستفادہ" (فائدہ پہنچانا اور فائدہ حاصل کرنا) دونوں کے منافی ہے اور حدودِ شرعیہ کی محافظت میں بہت زیادہ احتیاط رکھیں۔ جہاں تک ممکن ہو سکے رخصت پر عمل نہ کریں کہ یہ بھی طریقۂ عالیہ کے منافی ہے اور روشن سنت کی متابعت کے دعوے کے مخالف ہے۔

ایک بزرگ نے فرمایا ہے: رِيَاءُ الْعَارِفِيْنَ خَيْرٌ مِّنْ اِخْلَاصِ الْمُرِيْدِيْنَ (عارفوں کی ریا مریدوں کے اخلاص سے بہتر ہے)۔ کیونکہ عارفوں کی ریا (دکھاوا) طالبوں کے دلوں کو حق جل سلطانہٗ کی جناب میں کھینچنے کیلئے ہوتا ہے لہٰذا لازماً (عارفوں کی ریا) مریدوں کے اخلاص سے بہتر ہوئی۔ اور اسی طرح عارفوں کے اعمال خاص طالبوں کے لئے اعمال کی بجاآوری میں تقلید کا باعث ہیں۔ اگر عارف خود عمل نہیں کریں گے تو طالبین بھی محروم رہیں گے۔ لہٰذا عارف اس لئے (ریا) کرتے ہیں تاکہ طالبین ان کی اقتدا کریں۔ یہ ریا عین اخلاص ہے بلکہ اُس اخلاص سے بھی بہتر ہے جو اپنے نفع کے لئے ہو۔ اس بات سے کوئی شخص یہ گمان نہ کرلے کہ عارفوں کا عمل صرف طالبوں کی تقلید کے لئے ہے اور عارفوں کو عمل کی ضرورت نہیں ہے، عِيَاذًا بِاللهِ سُبْحَانَهٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ) یہ بات خود عین الحاد وزندقہ ہے، بلکہ عارف اعمال کی بجاآوری میں تمام طالبوں کے ساتھ

برابر ہیں، اور اعمال کی بجا آوری میں کوئی شخص بھی مستثنیٰ نہیں ہے۔۔۔خلاصۂ کلام یہ ہے بسا اوقات عارف کے اعمال میں طالبوں کا نفع بھی مدنظر ہوتا ہے جو ان کی تقلید پر مربوط ہے، اس اعتبار سے وہ اس کو ریا کا نام دیتے ہیں۔

غرض کہ اپنے قول و فعل میں بہت زیادہ محتاط رہیں کیونکہ اس زمانے میں اکثر لوگ فساد و ہنگامے کے درپے ہیں، کوئی کام بھی ایسا سرزد نہ ہو جو اس مقام کے منافی ہو اور جاہل لوگوں کو بزرگوں پر طعن کرنے کا موقعہ ہاتھ آئے، اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے استقامت طلب کرتے رہیں۔۔ دوسرے یہ کہ مشائخ کی نسبتوں کے حاصل کرنے کے بارے میں آپ نے لکھا تھا، اس کی وجہ کئی مرتبہ آپ سے بالمشافہ بیان ہو چکی ہے، اس کے علاوہ اور کچھ نہ سمجھیں کہ اس میں خیریت نہیں ہے، زیادہ کیا تحریر کیا جائے۔ والسلام

(مکتوبات امام ربانی، (ترجمہ اردو) جلد اول، مکتوب نمبر ۲۲۷، ص ۱۳۱۔۱۳۳)



مکتوب شریف حضرت مجدد الف ثانی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

وسعتِ قلب اطلاقِ اول (حقیقت جامعہ) کو لازم ہے اسی وجہ سے **حضرت جنید و بایزید** قدس اللہ تعالیٰ اسرارہما نے قلب کی وسعت و فراخی کی خبر دی ہے اور عرش و مافیہ کو قلب کی عظمت کے مقابلے میں حقیر جانا ہے اور تنگی قلب اطلاقِ ثانی (مضغہ) کو لازم ہے۔۔اس مقام میں قلب کی تنگی اس طرح پر ہے کہ جزء لایتجزی (وہ جزء جس کا مزید جز بننا ممکن نہیں) کو کہ تمام اشیا سے حقیر و صغیر چیز ہے اس میں اس کی کچھ بھی گنجائش نہیں۔بعض اوقات (بنظرِ کشفی) جب تنگی قلب کو جزء لایتجزی کے ساتھ نسبت دی جاتی ہے وہ تو حقیر جزء (جزء لایتجزی) قلب کے مقابلے میں آسمان و زمین کے طبقات کے مانند (عظیم) ظاہر ہوتا ہے اور یہ معاملہ عقل کی نظر سے بلند تر ہے۔پس تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہو۔

جب یہ مقدمہ معلوم ہو گیا تو جاننا چاہئے کہ وہ ظہور جو حقیقتِ جامعہ کے ساتھ وابستہ ہے اس میں شک نہیں کہ وہ عرش کے ظہورِ تامہ کے مقابلے میں ایک لمعہ ہے اور اس مقام میں کلی فضیلت صرف عرش ہی کو ہے۔۔اور **شیخ بایزید و شیخ جنید** (رضی اللہ عنھما) جنہوں نے قلب کو سب سے وسیع تر کہا ہے اور عرش و مافیہ کو قلب کے مقابلے میں کمتر جانا ہے، یہ بات شے کو اس کے اپنے نمونے کے ساتھ مشتبہ ہونے کی قسم سے ہے، انہوں نے عرش و مافیہ کے نمونوں کو جامعیت قلب کے مقابلے میں حقیر جان کر اس کا حکم عرش و مافیہ کے حقائق پر کر دیا ہے۔اس اشتباہ کا منشا اس فقیر نے اپنی مختلف کتب و رسائل میں بار بار تحریر کیا ہے۔۔اور جو کچھ کہ حدیثِ قدسی میں آیا ہے وہ انبیاء علیہم الصلوٰت والتسلیمات کی زبان (ولغت) کے موافق ہے اور اس قلب سے مراد یہی مضغہ ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ ظہورِ اتم اسی جگہ ہے اور اس ذات مجردہ تعالیٰ کو احدیت کا آئینہ بننا اسی کیلئے مسلم ہے۔

(مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، (ترجمہ اردو) مطبوعہ کراچی، مکتوب نمبر ۲۱، ص۔۷۲)

O


مکتوب شریف حضرت مجدد الف ثانی بنام شیخ محمد طاہر بندگی

(خلیفۂ امام ربانی)

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَنُسَلِّمُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الْکِرَامِ (ہم اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں اور اس کے نبی پر درود بھیجتے ہیں اور آپ پر آپ کی بزرگ اولاد پر سلام بھیجتے ہیں۔۔۔آپ کے پے در پے بھیجے ہوئے گرامی نامے موصول ہوئے اور طالبعلموں کی گرما گرمی اور ان کا ذوق وشوق اور جمعیت کا حال معلوم ہوکر خوشی پر خوشی حاصل ہوئی۔۔۔حاصل کلام یہ ہے کہ چونکہ اس طریقے کی ابتدا ہی میں اس کی انتہا درج ہے لہٰذا اس طریقۂ عالیہ کے مبتدیوں کو شروع میں اس قسم کے احوال ظاہر ہوتے ہیں جن پر منتہی حضرات کے احوال کا شبہ ہوتا ہے۔اس حیثیت سے دونوں قسم کے احوال کے درمیان سوائے اس عارف کے جس کی نظر بصیرت تیز ہو کوئی فرق نہیں کرسکتا۔۔۔پس محض اعتماد کرتے ہوئے ان احوال پر جو احوال انہوں نے حاصل کرلئے ہیں ان کو طریقہ سکھانے کی اجازت نہیں دینی چاہئے کیونکہ ایسی صورت میں اس صاحبِ احوال کا نقصان اس کے طالبوں کے نقصان سے زیادہ ہے (اور اس بات کا) احتمال ہے کہ اس کا اپنے خیال کے مطابق کامل ہونا اس کی ترقی کو روک دیگا اور بہت ممکن ہے کہ جاہ ومرتبہ جو ''مقامِ ارشاد'' کے لوازمات سے ہے اس کو کسی مصیبت میں گرفتار کردے کیونکہ اس کا نفسِ امارہ ابھی تک اپنے کفر پر قائم ہے اور اس کا تزکیہ نہیں ہوا ہے۔خیر جو کچھ ہوا سو ہوا، جس جماعت کو آپ نے اجازت دی ہے اس کو نرمی اور محبت سے سمجھائیں کہ اس طرح کی اجازت کمال پر منحصر نہیں ہے ابھی بہت کام کرنا باقی ہے۔اس قسم کے احوال جو شروع میں ظاہر ہوتے ہیں ''اندراجِ نہایت در بدایت'' (ابتدا میں

انتہادرج ہونے) کی قسم سے ہیں۔ اور مناسب نصیحتیں جو ان کے مناسب حال ہوں اختیار کریں اور ان کے نقائص سے ان کو مطلع کرتے رہیں۔۔۔۔ اب چونکہ آپ نے ان کو اجازت دیدی ہے اس لئے طریقہ کی تعلیم سے ان کو منع نہ کریں۔ ممکن ہے کہ آپ کی توجہ کی برکت سے ''مقامِ ارشاد'' کی حقیقت تک پہنچ جائیں۔۔ دوسرے یہ کہ جب آپ نے اس عظیم القدر کام کو شروع کر دیا ہے تو مبارک ہو۔ اس کام میں بڑی سعی وکوشش کریں اور سرگرم رہیں تا کہ طالبوں کی زیادہ سے زیادہ ترقی کا باعث ہو۔ والسلام

(مکتوبات امام ربانی (ترجمہ اردو)، جلد اول، مکتوب نمبر ۲۲۵، مطبوعہ کراچی، ص۔ ۱۲۹۔۱۳۰)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

توحید شہودی و وجودی

چوہدری غلام غوث صمدانی

☆☆

توحیدِ شہودی و وجودی — ہر دو حالت وارداتِ دل بود

شور بازار است دین را مرکزے — اہلِ عرفان و یقیں را مرکزے

حضرتِ مُلا مرا ارشاد کرد — فکر تم را قصرِ نو بنیاد کرد

تا بگویم شرح توحیدِ شہود — و ز شہودی فرق توحید وجود

منظرش یک ہست، طرزِ دید دو — تو غلط پنداشتی توحید دو

فرق عین است ایں، نہ فرقِ نصبِ عین — شمس یک در مشرقین و مغربین

در مظاہر نیک دیدن عینِ ذات — یا شہودش از مقاماتِ صفات

ہر دو حالت وارداتِ دل بود — دیگران را فہم آں مشکل بود

در شود اصلِ طریقت بنگرند — در وجودِ اصل حقیقت بنگرند

ہر دو عینک راست بر چشمِ ولی — منظرش گردد زہر دو منجلی

(چوہدری غلام غوث صمدانی ''مثنوی صمدانی''، مطبوعہ لاہور، ص ۱۳۵)

☆.....☆.....☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

امامِ ربّانی اور تنفیذِ شریعت

علامہ محمد ذاکر اللہ نقشبندی افغانی

☆☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَائِلُ فِیْ کِتَابِہٖ اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓءُ ○ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا خَیْرَ الرُّسُلِ وَالْاَنْبِیَاءِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الْکُرَمَاءِ وَعَلٰی اَوْلِیَاءِ اُمَّتِہِ الْاُمَنَاصَلٰوۃً وَسَلَامًا یَّکُوْنَانِ لَنَا فِیْ اَھْوَالِ الْمَحْشَرِ نَعْمَ الْاَمَلِ وَالرَّجَاءِ ○

امابعد!

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے اپنی معرفت سے غیر کو روشناس کرانے کی خاطر مخلوق کو پیدا فرمایا، پھر سب مخلوقات سے صرف اور صرف انسان کو اشرف المخلوقات بنایا، پھران ہی اشرف المخلوقات کی مزید ہدایت اور راہنمائی کے لیے کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام مبعوث فرمائے، انہوں نے اپنی نبوت ورسالت کی تعلیمات کے ذریعے سے گم کردگان راہ مستقیم کو ہدایت اور اپنے برے اعمال کے سبب اللہ تعالیٰ جل جلالہ سے دور شدگان کو قرب الٰہی سے نوازا۔ ہادیین اور مہدیین کا یہ سلسلہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سلسلے کی آخری کڑی ہیں، فرق صرف اتنا ہے کہ زمانہ قدیم میں ایک پیغمبر کے تشریف لے جانے کے بعد دوسرا نبی آکر وہ خلاء پُر کر دیتا تھا، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ سلسلہ آپ کی امت کے اولیاء کرام کے سپرد ہوا۔ اور علماء حق نے یہ ذمہ داری بطریق احسن نبھالی۔ پس جس کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے جتنی قوی رہی اتنا فیض وبرکت حاصل کر

گئے۔ کیونکہ ہر ولی کے کمالات ولایت اس کے نبی کے کمالات کے مرہون منت ہیں، جیسا کہ امام ملا علی بن سلطان محمد الافغانی المعروف بہ ملا علی قاری "شرح فقہ اکبر" (تصنیف امام اعظم ابوحنیفہ) میں فرماتے ہیں:

والکرامات الاولیاء حق .....ھی کرامۃ للولی و علامۃ صدق للنبی فان کرامۃ التابع کرامۃ المتبوع

(شرح فقہ اکبر ص ۷۹)

"اور اولیاء کرام کی کرامت ثابت ہے۔ یہ ولی کی کرامت اور نبی کی سچائی کی نشانی ہوتی ہے۔ اس لیے کہ تابع فرمان کی کرامت دراصل مقتداء اور پیشوا کی کرامت ہوتی ہے۔"

جب یہ معلوم ہوا کہ غلام مطیع اور تابع فرمان کے کمالات سب کے سب مطاع آقا اور متبوع کی برکت سے ہوتے ہیں تو جو انسان وسیلہ جلیلہ اور انسان کامل واکمل حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت مطہرہ کا جتنا پابند ہو تو اتنا ہی رفیع القدر ولی اور صاحب کرامت انسان ہوگا، اس سربستہ راز کو حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی کابلی ثم السرہندی نے اس طرح کشف فرمایا ہے:۔

لا جرم شریعت ہر پیغمبر مناسب ولایت او باشد و اتباع آن شریعت مستلزم وصول است بآن ولایت، واگر سوال کنند کہ بعضی متابعان شریعت آن سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام را از ولایت آن سرور نصیبی نسبت بلکہ بر قدم انبیاء دیگر ند واز ولایت ایشان نصیبی دارند جواب گوئیم کہ شریعت پیغمبر ما علیہ الصلوٰۃ والسلام جامع جمیع شرائع است وکتابیکہ بروے منزل شدہ است شامل تمام کتب سماوی است۔ پس اتباع این شریعت گویا اتباع جمیع شرائع است پس باندازہ خود مناسبتیکہ بہ نبی از انبیاء دارد کہ ولایت را اخذ میکند ولا محذور فیہ۔[1]

اور اسی مفہوم کو ایک اور مکتوب شریف میں یوں فرمایا ہے:۔

"شریعتی کہ آن سرور را عطاء فرمودہ اند زبدہ جمیع شرائع ما تقدم است واعمالیکہ بمقتضائے این شریعت حقہ است منتخب اعمال شرائع سابقہ است۔[2]

مسطورہ بالا دو مکتوبات قدسی آیات سے واضح ہوا کہ ولایت اور کرامت ولی کو عمل بالشرع کی وجہ سے ملتی ہے۔ اور شرع محمدی پر عمل کرنے سے انسان اور جان عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک کے درمیان قوی تعلق پیدا ہو جاتا ہے۔ چونکہ اس سلسلے کے اصل واصول حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے تو آپ کی برکت سے دیگر انبیاء کی نسبتیں بھی انسان کو حاصل ہو جاتی ہیں۔

دیکھنے والوں نے شاید اس حقیقت کا مشاہدہ ضرور کر لیا ہوگا، امام مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلۃ الذہب سے وابستگان ولایت کی پُر خار وادیوں کو دوسرے مقدس سلاسل مطہرہ کی بہ نسبت سہولت اور نہایت سرعت کیساتھ عبور کرتے ہیں حتیٰ کہ ڈاکٹر اقبال لاہوری نے دوسرے سلسلوں کی نسبت سلسلہ نقشبندیہ کو ڈائنمک (Dynamic) قرار دیا ہے۔ غور وخوض بحث واقتراح کے بعد انسان کو یہ فارمولا اور نسخہ مکتوبات شریف میں نمایاں ہو جاتا ہے۔ کہ وہ عمل بالشرع شریف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دوسرے لوگ کوئی اپنے ارادتمند کو حصول دنیا حلال کی دعا دیتے ہیں، تو کوئی کرامت اور ولایت۔ لیکن حضرت مجدد رحمتہ اللہ علیہ عمل بالشریعت کی دعا دیتے ہیں۔ کیونکہ انہیں یہ حقیقت واضح ہو چکی ہے۔ کہ تمام اشیاء خود بخود حاصل ہو جاتی ہیں۔ جیسے آپ درج ذیل مکتوبات میں شریفہ میں ملاحظہ فرمائینگے:۔

وفقنا اللہ وایاکم بمتابعۃ الشریعۃ المصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ [۳]

''اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو شریعت مصطفوی کی تابعداری کی توفیق دے۔''

اور جناب مرزا قلیج اللہ بن قلیج خان کے نام صادر ایک مکتوب شریف میں آپ فرماتے ہیں:۔

''حق سبحانہ تعالیٰ بر جادۂ شریعت سنیہ مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ و التسلیمات السرمدیۃ استقامت ارزانی فرماید۔ [۴]

''اللہ تعالیٰ آپ کو شریعت مصطفویہ (اسکے صاحب پر ہمیشہ صلوٰۃ وسلام ہو) کی مستقیم راہ پر استقامت عطا فرمائے۔''

نیز فرمایا ہے کہ:

شریعت متکفل جمیع سعادات است ومطلبی نیست کہ بما وراء شریعت بآن احتیاج افتد۔ [۵]

''شریعت تمام سعادتوں کی ضامن ہے، اور کوئی ایسا مطلب نہیں جسمیں ماوراء شریعت کی ضرورت پڑے''۔

حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ ایک مرید کے مکتوب کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

حق سبحانہ وتعالیٰ بر جادہء شریعت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام التحیۃ استقامت ارزانی فرماید مصرع: کارانیست وغیرایں ہمہ ہیچ۔[۶]

''اللہ تعالیٰ شریعت کی سیدھی راہ پر مستقیم رکھے، اصل کام (ولایت یا کرامت) یہی ہے، اور اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں''۔

آپ رضی اللہ عنہ نے نہ صرف مریدین اور فقراء کے نام مکتوب لکھے ہیں، بلکہ خوانین اور مالدار لوگوں کو بھی عمل بالشرع کی طرف اپنے مکاتیب شریف کے ذریعے سے آگاہ فرمایا ہے۔ چنانچہ آپ نے جناب خان خاناں کے نام متعدد مکتوب میں شریعت مطہرہ اور حاملین شریعت کی طرف ان کی توجہ مبذول کرائی ہے، جیسا کہ آپ تحریر فرماتے ہیں:

''بمقتضائے "مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ" زندگانی چندروزہ را بروفق اتباع صاحب شریعت علیہ وآلہ الصلوٰۃ والتحیۃ باید بسر برد کہ رستگاری از عذاب اخروی وفوز بنعمات سرمدی وابستہ بسعادت این اتباع است[۷]

''اگر کوئی چیز پوری حاصل نہیں ہوسکتی ہے تو مکمل طور اسے ترک بھی نہیں کیا جاتا ہے، چاہیے کہ چند دن کی زندگی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں گزاری جائے۔ (کیونکہ) جہنم کی آگ سے آزادی اور جنت کی دائم نعمتوں کا حصول اسی اتباع سے وابستہ ہے''۔

پھر اپنے مرید کو زکوٰۃ دینے کی ترغیب دیتے ہیں، اور پوری زندگی علماء سے ہر کام کے حوالے سے فتوی اور مشورہ لینے کا درس دیتے ہیں، چنانچہ اسی خان خاناں صاحب کو لکھتے ہیں،

''علی ہذا القیاس در جمیع امور بمقتضائے فتوی علمائے دیندار کہ راہ عزیمت را اختیار نمودہ اند واز رخصت اجتناب کردہ زندگانی باید کرد۔

وسیلہ نجات ابدی باید دانست ما یفعل اللہ بعذ ابکم ان شکرتم و امنتم۔ ۸

''اسی طرح تمام امور میں ضروری ہے کہ آپ ان علماء کرام کے فتوی کے مطابق اپنی زندگی گذاریں جو دین پر عمل پیرا ہونے کے ساتھ ساتھ عزیمت کی راہ پر گامزن ہیں، اور رخصت اور آسانیاں تلاش کرنے سے اجتناب کرتے ہیں۔ اور اسی کو (قیامت کے دن عذاب خداوندی سے) ذریعہ نجات دائمی سمجھا جائے۔ اگر آپ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے شکر کو ادا کر کے ایمان لائیں، تو کیوں کر اللہ تعالیٰ تمہیں عذاب دے گا''۔

چونکہ حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کی غرض طریقت اور ارادت سے مرید کو اللہ تعالیٰ جل جلالہ سے وابستہ کرنا ہے، لہذا اُن جہلاء کی طرح نہیں کہ طریقت اور برائے تصوف کو عیش معاش کا ذریعہ بنائے ہوے ہیں، اور ان کی کوشش ہوتی ہے کہ مریدین کو علمائے حق و دانشوران ملت سے دور رکھا جائے۔ مبادا کہیں حق اور علم کی کرن ان کے دل میں اتر جائے۔ کیونکہ خود پیر صاحب جو لباس فقر میں بے تاج بادشاہ ہیں، کیلئے وبال جان نہ بنیں، لیکن چونکہ جو شخص چور نہیں تو ڈرتا بھی نہیں۔ تو حضرت مجدد رضی اللہ عنہ ہر مسئلے میں علمائے حق کی طرف مریدین کو راغب فرماتے ہیں۔

مکتوبات شریف کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے، کہ آپ نے ترویج شریعت اسلامیہ کے لیے ہر صوفی و پیر و مرید و فقیر و امیر سے رابطہ کے لیے فرمایا ہے، بلکہ اراکین مملکت و اساطین دولت ہند اور اعضاء پارلیمان کے نام بیشتر مکتوبات بھیجے ہیں۔ اس بات سے بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔ کہ آپ شریعت اسلامیہ کی کس حد تک ترقی و فروغ اور ترویج و تنفیذ کرنا چاہتے ہیں، اراکین دولت شاہی میں سے آپ نے شیخ فرید بخاری صاحب کو یہ پیغام دیا ہے:

مکتوب پنجاہ و یکم نیز بسیادت پناہ شیخ فرید صدور یافت در ترغیب بترویج شریعت غراء علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام، از حق سبحانہ وتعالیٰ

خواستہ می آید کہ بتوسل وجود شریف آن سلالہ عظام ارکان شریعت و احکام ملت زہراء قوت گیرند ورواج پذیرند۔ ۸

''اکاون واں مکتوب بھی سیادت پناہ شیخ فرید بخاری علیہ الرحمۃ، کے نام صادر ہوا، تا بندہ شریعت کی ترویج کی طرف ان کو رغب کرنے میں صاحب شریعت پر صلوۃ وسلام ہو، اللہ تعالیٰ سے چاہتا ہوں کہ حکومت کے اندر آپ کے خاندان مقدسہ کے افراد کی موجودگی سے شریعت کے ارکان اور ملت اسلامیہ کے احکام قوی اور مضبوط ہوکر رواج پذیر ہو جائیں''۔

پتا چلا کہ سرزمین ہندوستان پر نظام شریعۃ مطہرہ نافذ کرنے کے حوالے سے جو بھی محنت بار آور ثابت ہورہی ہے آپ رضی اللہ عنہ موقع سے استفادہ کر کے اسے بروئے کار لائے ہیں۔ فجزاء کم اللّٰہ عن اھل الشرع خیر الجزاء.

ایک اور مقام پر آپ فرماتے ہیں:۔

مقصود از بعثت این اکابر تبلیغ شرائع است پست بزرگ ترین خیرات وسعی در ترویج شریعت است ۹

''ان اکابرین ملت کی بعثت غرض صرف اور صرف شریعت اسلامیہ کے قوانین کو دوسروں تک پہنچانا ہے، تو تمام اچھے کاموں میں سے اچھا کام اسلامی شریعت کو قانون ملک بنا کر رعیت پر نافذ کرنا ہے۔''

افسوس صد افسوس! کہ آج کل شریعت اسلامیہ کی تنفیذ کی راہ آزاد خیال سیاستدانوں کے علاوہ ایک گروہ دعوی کنندگان علم وتقوی بھی ہیں۔ جو سلاطین وقت کے خلاف شرع قوانین اور فیصلوں کے لیے راہ ہموار کرتے ہیں، اور راہ جہاد سے روک کر لوگوں کو چند ابتدائی نیکیوں میں مصروف کرتے ہیں۔

اور اللہ ورسول اور مجدد الف ثانی جیسے واصل حق افراد کے فرامین شریعت اور جذبہ جہاد کو فراموش کیے ہوئے ہیں۔ یقیناً ایسے بادشاہ اور حکمران کی اطاعت حرام ہے جو اپنی عقل وخرد کو اسلامی قوانین سے بالاتر

سمجھتا ہو، اور حدود شرع قصاص، قطع ید سارق کو ظلم سے تعبیر کرتے ہوں۔ اور حکومت کے نظام کو دین سے الگ کرنا چاہتے ہوں۔ درحقیقت یہ کافروں کے نمائندے ہیں۔ فرق ہے فقط یہ کہ نام مسلمانوں کے اور ملک مسلمانوں کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صالح باشرع مومن قیادت عطا فرمائے۔

ایک اور مقام پر خواجہ جہان علیہ الرحمۃ کے نام مکتوب صادر فرما کر لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کو ترک دنیا کرنا چاہیے۔ ایک یہ کہ حقیقتاً زاھد بنے اور ترک دنیا کردے۔ دوسرا یہ کہ حکماء بنے، تو حکماء تارکِ دنیا کی تشریح یوں فرماتے ہیں:

> وترک حکمی عبارت از آنست کہ در امور دنیویہ بمقتضائے حکم شریعت غراء محکوم باید شد و در مطاعم و مشارب و مساکن حدود شرعیہ را مراعات باید نمود و تجاوز زان حدود تجویز نباید کرد۔[۱۰]
>
> ''اور ترک حکمی کا مطلب یہ ہے کہ دنیاوی کاموں میں شریعت غراء کے فیصلے کے مطابق حکم کیا جائے، اور خورونوش اور رہائش سہائش میں شرعی حدود اور پابندیوں کا لحاظ رکھا جائے، اور اس حدود سے چاہیے کہ آگے نہ بڑھیں۔''

پھر آگے فرماتے ہیں:۔

> ''وچون تجلی باحکام شرعیہ میسر شد از مضرت دنیا نجاتی حاصل گشت۔''
>
> ''اور جب انسان شریعت اسلامی کے زیور سے آراستہ ہو جائے تو دنیا کے ضرر سے اسے نجات حاصل ہوگئی۔''

اور اسی مکتوب شریف کے آخر میں دعا فرماتے ہیں:۔

> وفقنا اللہ وایاکم بمتابعۃ الشریعت المصطفویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیۃ.
>
> اللہ ہمیں اور تمہیں مصطفوی شریعت کی تابعداری کی توفیق مرحمت فرماویں، اور صاحب شریعت پر صلوۃ وسلام اور تحیۃ ہوں۔''

اورایک مکتوب میں شکرواجب کی ادائیگی کا طریقہ خان خانان کے فرزند کو یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

''مکتوب ہفتا دویکم بمیرزا داراب ابن خانخاناں صدور یافتہ در بیان آنکہ شکر منعم بر منعم علیہ واجب است وحصول شکر باتیان شریعت لاغیر ایدکم اللہ سبحانہ وتعالیٰ ونصرکم''۔[۱۱]

''اکہترواں مکتوب مرزاداراب خان ولد خانخان کے نام صادر ہوا۔اس بات کی وضاحت میں کہ نعمت دینے والے (اللہ تعالیٰ) کا شکر انسان پر واجب ہے،اور شکر صرف اور صرف شریعت پر عمل کرنے سے ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ جل جلالہ تمہاری تائید اور معاونت فرمائیں''۔

یہاں سے اس بات کی طرف اشارہ ملتا ہے۔کہ بچے کی ولادت،شادی وغیرہ اللہ کی نعمتیں ہیں۔

ایک اور مقام پر اصلاح اعمال بروفق شرع شریف کے ساتھ اصلاح عقاید کا بھی توصیہ فرماتے ہیں، چنانچہ ایک مکتوب شریف میں آپ نے اسی خانخاناں صاحب کو لکھا ہے:۔

بالجملة طريق النجاة متابعت اهل سنت والجماعت كثرهم الله سبحانه فى الاقوال والافعال و فى الاصول والفروع فانهم الفرقة الناجية وما سواهم من الفرق فهم فى معرض زوال و شرف الهلاك علم اليوم أحد اولم يعلم اما فى الغد فيعلم كل أحد ولاينفع[۱۲]

''بالجملہ نجات کا راستہ صرف اور صرف اھل سنت والجماعت کا ہے، اللہ انہیں زیادہ فرمائے۔اقوال اور افعال اور عقائد و اعمال میں مندرج ہے۔اس لیے کہ یہی فرقہ ناجیہ (خلاصی پانے والا گروہ ہے قیامت میں) اور ان کے علاوہ فرقے ختم ہونے اور ہلاکت کے قریب ہونے کی حالت میں ہیں۔خواہ آج اس بات کو کوئی مانے

یا نہ مانے لیکن کل (بروز قیامت) اس بات کا علم ہو جائے گا، لیکن
اس وقت فائدہ نہیں دے گا۔''

معلوم ہوا کہ جیسے آپ فروع میں حنفیت کو پسند فرماتے ہیں، اور اسی پر زور دیتے ہیں۔ اس طرح عقاید میں بھی اہل سنت و جماعت کی تلقین فرماتے ہیں۔ اور بدعقیدہ لوگوں سے دور رہنے کا حکم دیتے ہیں۔

آپ نے اپنے مکتوبات شریفہ میں ہر کفر ارتداد زندیقیت و گمراہی کی تردید و تنقید فرمائی ہے، یہاں تک کہ خام خیال اور نام نہاد متصوفین کا بھی رد فرمایا ہے جو طریقت کو الگ اور حقیقت و شریعت کو جدا تصور کرتے ہیں۔ بلکہ آپ نے فرمایا ہے کہ (کل حقیقة ردة الشریعة فهو زندیته) [13] یعنی جس حقیقت کو شریعت اسلامیہ رد فرماتی ہے، وہ حقیقت نہیں بلکہ زندیقیت اور لادینیت ہے۔''

آپ نے ایک مکتوب شریف میں اپنے معتقد شیخ محمد یوسف کو یہ فرمان لکھا ہے:۔

''مکتوب پنجاہ و ہفتم بشیخ محمد یوسف صدور یافت در نصیحت رہ حق سبحانہ و تعالیٰ بر جادہ آباء کرام خود استقامت ارزانی فرماید بحرمت سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم من الصلوت افضلہا ومن التسلیمات اکملہا، بزرگی در خاندان شما موروثی است برنجی زندگانی نمایند کہ استحقاق این وراثت میسر گردد وظاہر را بظاہر شریعت و باطن را بباطن شریعت کہ عبارت از حقیقت است متحلی و متزین دارند چہ حقیقت و طریقت عبارت از حقیقت شریعت است و طریقت آن حقیقت نہ آنکہ شریعت امری دیگر است و طریقت و حقیقت دیگر کہ آن الحاد و زندقہ است [14]

''ستاونواں مکتوب شیخ محمد یوسف صاحب کی طرف صادر ہوا، ایک خیر خواہی اور نصیحت کے متعلق اللہ تعالیٰ آپ کو تمہارے آباؤ اجداد کے راستے پر ڈٹ کر رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے۔ عظمت اور بزرگی آپ کے خاندان میں موروثی (وراثت میں ملی ہوئی) ہے۔ آپ کو ایسے طریقے کے مطابق زندگی گزارنی چاہیے۔ کہ اس وراثت کے سچے وارث ہو جائیں۔ اور اپنے ظاہر کو شریعت کے ظاہر سے اور باطن کو باطن شریعت سے کہ حقیقت ہے، آراستہ اور مزین فرمائیں۔ اس لیے حقیقت اور طریقت حقیقت شریعت سے عبارت ہے، اور طریقت یہی حقیقت

ہے۔ایسانہیں کہ شریعت الگ اور طریقت وحقیقت الگ۔کہ ایسا کہنا الحاد اور زندیقیت ہے۔''

ایک اور مقام پر فسادات دورا کبری بیان فرمانے کے بعد اسلامی حکومت بنانے کا عندیہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

''امروز کہ نوید زوال مانع دولت اسلام وبشارت جلوس پادشاہ اسلام بگوش خاص وعام رسیدہ اہل اسلام برخود لازم دانستند کہ ممد ومعاون پادشاہ باشند ورتروتج شریعت وتقویت ملت''۔ [17]

''آج کے اسلامی حکومت قایم کرنے اور مسلمان بادشاہ بیٹھنے کے سامنے رکاوٹیں ختم ہونے کی خوش خبری ہر خاص و عام انسان کے کانوں تک پہنچتی ہے۔اہل اسلام نے اپنے اوپر فرض کیا ہے کہ ملت اسلامیہ کی تقویت میں بادشاہ اسلام کے مدد گار اور معین ہوں گے''۔ [18]

مذکورہ بالا مکتوبات صرف مشت نمونہ خروار ہیں، اسکے علاوہ کثیر تعداد کے مکاتیب شریفہ میں آپ رضی اللہ عنہ نے یہی حکم دیا ہے کہ شریعت کی پابندی کرنی چاہیے۔اپنے گھر مدرسے، مسجد، خانقاہ، ادارے اور دفاتر اور حتی کہ حکومتی، سطح پر بھی تنفیذ شریعت کی محنت فرمائی ہے۔اللہ تعالیٰ ان کے مساعی قبول فرمائیں اور ہمیں قدم بقدم حضرت مجدد الف ثانی امام ربانی قدس سرہ العزیز کی اقتداء، اقتضاء، پیروی، کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

☆.....☆.....☆

مآخذ ومراجع:

۱.....مکتوبات شریف جلد اول مکتوب نمبر ۷۷

۲.....مکتوبات شریف جلد اول مکتوب نمبر ۷۹

۳.....مکتوبات شریف جلد اول مکتوب نمبر ۷۲

۴.....مکتوبات شریف جلد اول مکتوب نمبر ۷۳

۵.....مکتوبات شریف جلد اول مکتوب نمبر ۳۶ نیز یہی مطلوب مکتوب نمبر ۷۰ میں بھی موجود ہے۔

۶.....مکتوبات شریف جلد اول مکتوب نمبر ۸۰

۷.....مکتوبات شریف جلداول ۱۵۷،مکتوب نمبر۷۰

۸.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۵۱

۹.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۴۸

۱۰.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۷۱

۱۱.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۷۲

۲.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۶۹

۱۳.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۴۳

۱۴.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۵۷

۱۵.....مکتوبات شریف جلداول مکتوب نمبر۴۷

☆.....☆.....☆





مشق ج وع ۔ بخط ثلث (بچوں کے لیے اللہ کا شکر ادا کرنا)





مرقعات

بسم الله الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

۱.....عکس مخطوطہ،شرح التعریف لمذھب التصوف

۲..... المکتوبات المجددیہ

۳.....مکتوبات امام ربانی،دفتر اول

۴..... دراسة تحلیلیہ

۵.....Analytical Indexes

۶..... تھذیب المواھب السرمدیہ



عکس اوراق

مخطوطہ شرح التعرف لمذهب التصوف

مخزونہ سردار بھنڈر یری لائبریری، ملتان، پنجاب، پاکستان

(بنگر پیشکش حسین قادری ہوشی)

متن عربی:


ابوبکر محمد بن ابو اسحاق محمد بن ابراہیم بن یعقوب کلاباذی بخاراوی (م۔۳۸۰ھ / ۹۹۰ء)۔

شرح فارسی:

ابو ابراہیم اسماعیل بن محمد بن عبداللہ بن احمد بن سہل بن ابو سعد مستملی بخاراوی (م۔۴۳۴ھ / ۱۰۴۳ء)۔

وقف کتب:

یہ مخطوطہ خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ (م۔۱۰۱۰ھ / ۱۶۰۳ء) کے مطالعہ میں رہا، اس کے بعد ان کے صاحبزادے خواجہ عبداللہ المعروف خواجہ خورد (م۔۱۰۴۳ھ / ۱۶۳۳ء) کے مطالعہ میں آیا جیسا کہ مخطوطہ کے ایک صفحہ سے ظاہر ہے۔



بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله المحتجب بكبريائه عن درك العيون الخ قال الشيخ الفقيه ابو القاسم اسماعيل بن محمد بن عبد الله البخاري خداي عزوجل را محتجب شايد گفتن ومحجوب نشايد گفتن زيرا كه محجوب آن باشد كه حجابي او را منع كند وحجاب آن باشد كه بذات خويش خود را منع كند پس محتجب قاهر باشد ونه مقهور باشد وخداي عزوجل قاهر است ومقهور نيست. واما آنك گفت عز درك العيون از بنجا ديدار خواست اندر دنيا نه اندر عقبي زيرا كه مومنان اندر عقبي خداي را بينند اگر ازين سخن اندر يافتن خواست الله هر دو جهان يكي باشد زيرا كه مومنان اندر ان جهان خداي را بينند اما اندر نيابند زيرا كه اندر يافت را كيفيت بايد وروايت را وجود پس خداي عزوجل موجود است بتوان ديد ومر او را كيفيت نيست نتوان اندر يافتن وروايت اندر ان جهان چنان است كه علم اندرين جهان اندرين جهان شناختيم بي چون اندر ان جهان به بينيم بي چون وبي چگونه ام. المتعزز بجلاله وجبروته عن لواحق الظنون الخ قال الشيخ متعززان باشد كه بخود عزيز باشد نه بغير خود پس خداي عزوجل بخود عزيز است وما بغير عزيم او را رسد كه خود را بستايد كه بخود عزيز است وما را رسد كه خود را بستاييم كه عز ما مستعار است الخ عن لواحق الظنون خداي تو را بهيچ ظن نتوان يافتن زيرا كه يك حرف ظن شك است ويكحرف شك جهل

وخدایرا نتوان بشناختن مگر بیقین محض و دیگر معنی آنست که اگر خدای عزوجل
ما را معرفت خویش عطا نکردی کان هیچ خلق بوی نرسیدی زیرا که خدای
عزوجل نهایت نیست و وجود او را اول نیست و بقاء او را آخر نیست و
صفات او را غایت نیست و بی نهایت و بی غایت را کجا توان اندریافتن
بعقل لیکن بیدا کرد از صفات خویش ما را بحدّ آنک طاقت ماست تا بشناسیم
او را بتعریف او نه بقدرت خویش المنزّه بذاته عن شبه ذوات
المخلوقین ش قال الشیخ خدای تعالی فرد است از مانندگی مخلوقان زیرا که
ذات مخلوق یا جسم است یا جوهر و خدای تعالی جسم و جوهر نیست یا متحرک
بود یا ساکن و خدای تعالی متحرک و ساکن نیست یا اندر هر زمان اندر یا اندر
مکان و خدای ما نه اندر زمانست و نه اندر مکان از بهر آنک هر چه بچیزی
نماند از وجهی مشارک باشد او را اندر حکمش بدان وجه پس اگر خدای
عزوجل بچیزی ماندی و یا چیزی بدو ماندی او هم چون آن چیز محدث
بایستی یا آن چیز هم چون او قدیم پس خدای تعالی قدیم است بهمه رویها
و غیر خدای همه محدث است بهمه رویها دانستی که خدای تعالی هیچ کس نماند
و هیچ کس بدو نماند المنزّه بصفات عن صفات المحدثین ش قال الشیخ
پاک است بصفات خویش از صفات محدثان زیرا که صفات محدثان
همه عرض است و عرض مستحیل البقا باشد زیرا که هر عرض را بدو وقت
بقا نباشد و صفات خدای عزوجل قدیم است و قدیم واجب البقا
باشد پس مستحیل البقا واجب البقا کی ماند و معنی دیگر آنست که وی
چیزی نیست بصفات خویش از صفات محدثان زیرا که خود هیچ محدث
او را وصف نکرد بلکه او خود را خود وصف کرد و بر زبان محدثان گفتند او را بگفت

بسم الله الرحمن الرحيم


المكتوبات المجددية

التي انشأها الإمام الرباني

المجدد للألف الثاني

السرهندي الفاروقي قدس سره

في العربية



جمعها ورتبها وقدم لها

فضيلة الشيخ المفتي

محمد عليم الدين

النقشبندي المجددي

حامِدًا وَّمُصَلِّيًا

دفتر اوّل مکتوباتِ امامِ ربّانی حصہ اوّل

حضرت مجدد الف ثانی الشیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ

سعادتِ طباعت

بفیضِ مجددانہ نیابت بر سعیدِ اوّل، نائب رسول، کوہ استقامت، حبیب الرحمٰن، حضرت اعلیٰ،

و حضور قبلۂ عالم حضرت مولانا **سید محمد حبیب اللہ شاہ** صاحب قدس سرہٗ العزیز

ببرکتِ ظلِ اصالت :- خلف الصدق حضرت صاحبزادہ سید محمد مسعود احمد صاحب انور حبیبی مدظلہ العالی

ترتیب و اہتمام - محمد انتظار حسین حبیبی

آستانہ عالیہ حبیبیہ گجرات (شریف) پاکستان

- سوانح - محبِ حبیب، قرطاس لیب، مکی ہ

دفتر اول **مکتوباتِ امامِ ربّانیؒ** حصہ اول

حضرت مجدّد الف ثانی الشیخ احمد فاروقی سرہندی قدس سرہٗ السامی

محشی و مصحح:۔ حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ پسروری ثم امرتسری

عکس نسخہ:۔ در مطبع "مجددی" امرتسر غرہ محرم ۱۳۲۷ھ مطبوع گردید
از کتب خانہ حضرت مولانا نصیر الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(مکتوباتِ بنام):۔ حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحبؒ

ترجمہ:۔

(حواشی):۔ ✿ صوفی محمد علی نقشبندی ✿ حافظ محمد اشرف مجددی
(دار العلوم لاہور طبع ثانی گوجرانوالہ) (مدینۃ العلم جامعہ مجددیہ نور آباد ساہیوال)

تخریج احادیث:۔ ✿ ڈاکٹر محمد بابر بیگ مطاقی (ایسوسی ایٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ)

اسلوبِ تادیب ✿: ہر مکتوب شریف کے "حواشی اور بین السطور" عبارات کے تراجم بھی متعلقہ مکتوب شریف کے اردو ترجمہ کے ساتھ ہی فارسی متن کے صفحات کے حصہ کے اور علامات (-) کی مطابقت میں دیے گئے ہیں۔

✿ متن (فارسی) ۱ تا ۱۰۴ صفحات ✿ تراجم (اردو) ۱۰۵ تا ۲۵۱ صفحات

✿ تخریج احادیث ۲۵۶ تا ۲۷۹ صفحات۔ (مجموعی تعداد صفحات ۔ ۳۱۳)

تاریخ اشاعت:۔ ۲۸ صفر المظفر ۱۴۲۵ھ

سعادتِ معاونت:۔ حاجی غلام رسول وحاجی خلیل احمد عفی عنہما پسران حاجی معراج دین رحمہ اللہ

عام ہے یارانِ نکتہ داں کیلئے۔

مطبع — محصیل ضلع ملحوظ خوشی قصبہ حصن زمستان جانو
پسرور — کوٹ سیال — سیال کوٹ

الجامعة الوطنيه للغات الحديثة بإسلام اباد
قسم اللغة العربية و ادابها

حصة الدحب لنيل شهادة الماجستير في اللغة العربية
المعنون بـ

دراسة تحليلية و نقدية لمكتوبات الشيخ أحمد السرهندي العربية

تحت إشراف

الدكتور سيد علي انور

(رئيس قسم اللغة العربية)

الإعداد

محمد عتيق الرحمن

مايو 2005 الميلادي

ANALYTICAL INDEXES
FOR THE
COLLECTED LETTERS
OF
AHMAD SIRHINDI

Arthur F. Buehler

IQBAL ACADEMY PAKISTAN

٤٩٢

تهذيب المواهب السرمدية

في

إجلاء السادة النقشبندية

تأليف

الشيخ محمد أمين بن فتح الله زاده
الكردي الإربلي الشافعي النقشبندي
المتوفى ١٣٣١ هـ

اعتنى به

الشيخ الدكتور عاصم إبراهيم الكيالي
الحسيني الشاذلي القادري

منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

٤٤٧٦



مختصر تعارف

جہان امام ربانی

اقلیم ہشتم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اقلیم ہشتم

☆☆

۞ .....نعت شریف — امام احمد رضا محدث بریلوی

۞ .....مناقب — خواجہ عبداللہ ابن خواجہ باقی باللہ

محمد جان سرہندی، غلام غوث، صمدانی، محمد سلیم جان مجددی

۞ .....ابتدائیہ — ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

۞ .....تاثرات

کشور اول

۞ .....امام ربانی مجدد الف ثانی — محمد صادق قصوری

۞ .....حضرت مجدد بحیثیت فقیہ اسلام — علامہ محمد صدیق ہزاروی

۞ .....مسئلہ اشارۂ سبابہ — مولوی سید احمد علی نقشبندی

۞ .....حضرت مجدد پر اعتراضات اور جوابات — ابوالرضا مفتی محمد نیر مجددی

کشور دوم

۞ .....قطعات تاریخ طبع مکتوبات امام ربانی — عبداللہ نقشبندی مجددی

۞ .....تاریخ مکتوبات امام ربانی — ابوالسرور محمد مسرور احمد

۞ .....جواہر مکتوبات مقدسہ — پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

۞ .....نرمی و آسانی
(مکتوب امام ربانی کی روشنی میں) — پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

۞ .....مسلک اہل سنت اور مکتوبات امام ربانی — علامہ عبدالحکیم شرف قادری

۞ .....احمد بن عبدالاحد کے نزدیک عقائد اہل سنت — ڈاکٹر محمود احمد غازی
مترجم: پروفیسر عبدالرسول

کشور سوم

۞ .....امام ربانی کا سلسلہ نسب — سید زوار حسین شاہ

۞ .....حضرت مجدد کا شجرہ طریقت قادریہ صابریہ — مرزا غلام جیلانی پشاوری

۞ .....حضرت مجدد کے سلسلہ ہائے طریقت — سید محمد عبداللہ قادری

۞ .....حضرت مجدد کے اربعہ سلاسل طریقت — ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

۞ .....مشائخ نقشبندیہ
(ماہ و سال کے آئینہ میں) — محمد یوسف مجددی

کشور چہارم

۞ .....شیخ احمد سرہندی اور مستشرقین — ڈاکٹر محمد سلطان شاہ

۞ .....عہد حاضر اور حضرت مجدد الف ثانی — پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
(کام کی رفتار کا سرسری جائزہ)

۞ .....دور حاضر میں درپیش چیلنجز اور ان کا مقابلہ
(حضرت مجدد کی دعوت حق اور طرز تبلیغ و ارشاد کی روشنی میں) — پروفیسر محمد عامر بیگ

۞ .....حضرت مجدد اور ذرائع ابلاغ — صوفی غلام سرور نقشبندی

کشور پنجم

- حضرت مجدد کا کارنامہ (علماء سوء کے کردار و عمل کے حوالے سے) — صاحبزادہ محمد عبدالسلام
- طالبان علم کے لیے مینارۂ نور — صاحبزادہ محمد بدرالاسلام صدیقی
- حضرت مجدد کا حسن ادب — پروفیسر غلام مصطفیٰ مجددی
- مجدد الف ثانی کا پیغام — مفتی علی احمد سندیلوی
- مرقعات
- مختصر تعارف اقلیم نہم

☆.....☆.....☆

سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی


HAMDARD FOUNDATION
KARACHI
2004
1425
ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN